Exercise 1. 1. pains. 2. attack of nature. 3. avoided. 4. great food shortages. 5. died. 6. population count. 7. end.

Exercise 2. 1. thinking. 2. serious. 3. rule. 4. not enough. 5. much less than needed. 6. containers. 7. quite full. 8. are related to (کے ساتھ تعلق ہوتا ہے). 9. give food to. 10. hunting illegally (غیر قانونی طور پر). 11. goods. 12. cut-off.

Exercise 3. 1. very big. 2. slowly. 3. great. 4. discoloured patches (بے رنگ دھبے). 5. misshaped. 6. extensive (or large-scale). 7. puzzle. 8. comparatively. 9. represented. 10. get (or earn) with effort. 11. mere (only محض). 12. especially (or specially). 13. changes (or shifts). 14. effect (or influence).

Exercise 4. 1. mortality (the number of deaths). 2. starvation (death from hunger). 3. cope with (deal with). 4. rapidly (fast). 5. decline (reduction). 6. depressed (sad and hopeless). 7. subsistence (money to live on). 8. subject to (open to).

Exercise 5. 1. Anna McKenzie. 2. the problems. 3. pangs (sudden feelings of pain). 4. enough. 6. serious. 7. distributed. 8. starvation (inability to eat any food). 9. increasing. 10. die. 11. decline (continuous disease). 12. death rate شرح اموات. 13. penicillin. 14. low. 15. under-developed. 16. gap. 17. war. 18. reduce their birth rate.

10. The Jewel of the World دنیا کا ہیرا

by Philip K. Hitti فلپ کے ہٹی

(A) Introduction to the essay مضمون کی تمہید

Philip K. Hitti, a modern historian, describes the grand progress that Muslim Spain made from the 8th to 15th century. The long Muslim rule over Spain makes us think why Muslim countries do not rise to great heights now.

فلپ کے ہٹی جو ایک جدید تاریخ دان ہیں، آٹھویں سے پندرھویں صدی کے درمیان مسلم سپین کی شاندار ترقی بیان کرتے ہیں۔ سپین پر مسلمانوں کی طویل حکومت ہمیں یہ سوچنے پر اکساتی ہے کہ اب مسلمان ممالک عظیم بلندیوں کو کیوں نہیں چھوتے۔

(B) The title of the essay مضمون کا عنوان

The title refers to Cordova, the capital of Spain (when Muslims ruled over Spain twelve hundred years ago). It was called the Jewel of the world by a nun (راہبہ) in Germany.

عنوان کا حوالہ قرطبہ کی طرف ہے جو اندلس کا دارالخلافہ تھا (جب بارہ سو سال قبل مسلمان اس پر حکومت کر رہے تھے)۔ جرمنی کی ایک راہبہ نے اسے دنیا کا ہیرا کہہ کر پکارا تھا۔

(C) Detailed explanatory summary (consisting of long questions لمبے سوالات پر مشتمل)

"The Jewel of the World" is a wonderful description of Muslim rule over Spain. This rule continued from 8th to the 15th century. The writer describes the great deeds of Abd-al-Rahman I, Abd-al-Rahman III, and Al-Hakam clearly and effectively. It was during Abd-al-Rahman III's rule over Spain that a German nun called Cordova (the capital of Spain) "the Jewel of the World." During Al-Hakam's rule "nearly everyone (in Spain) could read and write."

”دنیا کا ہیرا“ مسلمانوں کی سپین پر حکمرانی کا شاندار بیان ہے۔ یہ حکومت آٹھویں سے پندرھویں صدی تک جاری رہی۔ مصنف نے عبدالرحمٰن اول، عبدالرحمٰن سوئم اور الحاکم کے عظیم کارناموں کو بڑے واضح اور موثر انداز میں بیان کیا ہے۔ یہ عبدالرحمٰن سوئم کا دورِ حکومت تھا جب ایک جرمن راہبہ نے کورڈوہ کو ”دنیا کا ہیرا“ کہا۔ الحاکم کے دورِ حکومت میں کورڈوا میں تقریباً ہر شخص لکھ اور پڑھ سکتا تھا۔

In 750, the Umayyed rulers in Damascus (دمشق) were overthrown (تخت سے اتار دیا گیا) by the Abbasids. The Abbasids (بنوعباس میں سے) started killing any Umayyed whom they could lay their hands on. A young man, Abd-al-Rahman, who belonged (جس کا تعلق) to the Umayyeds, escaped from the Abbasids. He stayed in a Bedouin (بدو) camp on the left bank of the river Euphrates (دریائے فرات).

750ء میں بنوعباس نے دمشق میں بنوامیہ کا تختہ الٹ دیا۔ بنوعباس نے بنوامیہ کے کسی بھی فرد کو جس پر ان کا ہاتھ پڑا قتل کرنا شروع کر دیا۔ ایک نوجوان عبدالرحمٰن جو کہ بنوامیہ سے تعلق رکھتا تھا عباسیوں سے بچ نکلا۔ وہ دریائے فرات کے کنارے ایک بدو کیمپ میں ٹھہرا۔

One day the horsemen (equestrians) of the Abbasids suddenly appeared. Abd-al-Rahman and his younger brother jumped into the river to run away from them. Abd-al-Rahman got away safely, but his brother was killed. He reached Palestine. From Palestine, Abd-al-Rahman started towards the west. When he reached North Africa, the governor of the province tried to kill him. He wandered from tribe to tribe. The spies (secret agents) of the government were after him. Five years later, he reached Ceuta in Morocco. Afterwards, he reached the Syrian troops in the south of Spain. They accepted him as their leader. He conquered all Spain and became the ruler.

ایک دن بنوعباس کے گھڑسوار اچانک وہاں آ گئے۔ عبدالرحمٰن اور اس کا چھوٹا بھائی ان سے بھاگنے کے لیے دریا میں کود گئے۔ عبدالرحمٰن بحفاظت نکل گیا لیکن اس کا بھائی مارا گیا۔ وہ فلسطین جا پہنچا۔ فلسطین سے عبدالرحمٰن مغرب کی سمت روانہ ہوا۔ جب وہ شمالی افریقہ پہنچا تو صوبہ کے گورنر نے اسے قتل کرنے کی کوشش کی۔ وہ ایک قبیلے سے دوسرے قبیلے میں گھومتا پھرا۔ حکومت کے جاسوس اس کے پیچھے لگے ہوئے تھے۔ پانچ سال بعد وہ مراکش سے سیوٹا پہنچا۔ بعد میں وہ سپین کے جنوب میں شامی فوجیوں کے پاس پہنچ گیا۔ انہوں نے اسے اپنے لیڈر کے طور پر تسلیم کر لیا۔ اس نے سپین فتح کر لیا اور وہ ملک کا حکمران بن گیا۔

Abd-al-Rahman I—ameer (756-788) His achievements

عبدالرحمٰن اول ـــــ امیر (756-788) اس کے کارھائے نمایاں

1. Describe Abd-al-Rahman I's achievement.

عبدالرحمٰن اوّل کے کارہائے نمایاں کو بیان کریں۔

Abdul-al-Rahman I developed a well-trained army of about 40,000 Berbers to face his opponents. He gave them attractive salaries. He rejected the authority of the Abbasid caliph at Baghdad and himself adopted the title "ameer."

عبدالرحمٰن نے اپنے مخالفین سے مقابلہ کرنے کے لیے 40,000 کے قریب بربروں کی اعلیٰ تربیت یافتہ فوج تیار کی۔ انہیں دلکش تنخواہیں دیں۔ اس نے بغداد کے عباسی خلیفہ کی حکمرانی کو رد کر دیا اور خود امیر کا لقب اختیار کیا۔

(i) Abd-al-Rahman I beautified (made beautiful) the cities of Spain. He made arrangements for the supply of pure water to Cordova through a channel and got a wall constructed round it. He got a grand palace built for himself and got foreign plants and fruit trees planted in the palace garden. He got a grand mosque built in Cordova. He got a bridge constructed across the river. He wanted his people to become prosperous (خوشحال). In fact, he made Islamic Spain the centre of world culture.

عبدالرحمٰن اوّل نے سپین کے شہروں کو خوبصورت بنایا۔ اس نے کورڈوا میں صاف پانی کی محرابی نالے کے ذریعے بہم رسانی کیلئے انتظامات کیے اور شہر کے گرد دیوار تعمیر کروائی۔ اس نے اپنے لیے شاندار محل تعمیر کروایا اور محل کے باغ میں غیر ملکی پودے اور پھلوں کے درخت لگوائے۔ اس نے کورڈوا میں ایک عالی شان مسجد تعمیر کروائی۔ دریا پر پل تعمیر کروایا۔ وہ اپنے عوام کو خوشحال بنانا چاہتا تھا۔ اس نے ایک تہذیبی اور دانشورانہ تحریک کا آغاز بھی کیا۔ حقیقت میں اس نے اسلامی سپین کو دنیا کی تہذیب کا مرکز بنا دیا۔

(ii) **Ameer Abd-al-Rahman I's court and the capital**

امیر عبدالرحمٰن اول کا دربار اور دارالحکومت

Ameer Abd-al-Rahman's court was splendid (very grand). Envoys (سفیر) from other countries attended it. Cordova, where the Ameer held his court and which was the capital, had a population of five hundred thousand. It had seven hundred mosques and three hundred public baths. The Ameer kept thousands of slaves as bodyguards in his palace. He also kept an army of one hundred thousand soldiers. With their help, he kept peace and order (discipline) and kept in check the old lords in the country.

امیر عبدالرحمٰن کا دربار بہت پرشکوہ تھا۔ دوسرے ممالک کے سفیر اس میں حاضر ہوتے۔ کورڈوا جہاں خلیفہ اپنا دربار لگاتا اور جو دارالحکومت تھا پانچ لاکھ کی آبادی پر مشتمل تھا۔ یہ سات سو مسجدیں اور تین سو عمومی حمام رکھتا تھا۔ امیر نے ہزاروں غلام حفاظت کیلئے محل میں رکھے ہوئے تھے۔ اس کے پاس ایک لاکھ سپاہیوں پر مشتمل فوج بھی تھی۔ ان کی مدد سے اس نے امن وامان قائم کر رکھا تھا اور ملک کے پرانے نوابوں پر قابو پایا ہوا تھا۔

(iii) **General progress**

عام ترقی

Commerce and agriculture progressed tremendously (excellently). The income of the country increased (rose) surprisingly. The Ameer spent the income on public works and the army, and kept the remaining money in reserve (in the public treasury). He made the country really powerful and advanced, and as important in Europe as the US is in the world today. Similarly Spain made exemplary progress during the rule of Abdul Rahman III and Al-Hakam.

سپین میں صنعت وزراعت نے بہت زیادہ ترقی کی۔ ملک کی آمدنی میں حیران کن اضافہ ہو گیا۔ امیر آمدنی عوامی منصوبوں اور فوج پر خرچ کرتا اور باقی رقم خزانے میں جمع رکھتا۔ اس نے ملک کو حقیقی طور پر خوشحال اور ترقی یافتہ بنایا اور اسے یورپ میں اتنا اہم مقام دلایا جتنا موجودہ دور میں امریکہ کو حاصل ہے۔ اسی طرح عبدالرحمٰن سوئم اور الحاکم کے ادوار حکومت میں سپین نے بے مثال ترقی کی۔

(iv) **Abd-al-Rahman III—ameer (912-929), caliph (929-961)**

عبدالرحمان سوئم ـــــ امیر (912-929)، خلیفہ (929-961)

Abd-al-Rahman III was a man of high intelligence and strong determination (عزم). He remained ameer from 912 to 929 and caliph from 929 to 961.

عبدالرحمٰن سوئم مضبوط عزم اور بے پناہ ذہانت کا مالک تھا۔ وہ 912ء تک امیر اور 929ء سے 961ء تک خلیفہ رہا۔

2. Describe Abd-al-Rahman III's achievements

عبدالرحمٰن سوئم کے کارہائے نمایاں بیان کریں۔

(i) Cordova

Cordova became the most cultured city in Europe. It had beautiful suburbs (outer developed areas مضافات). It had seventy libraries and many bookshops, and a large number of mosques and grand places besides (ان کے علاوہ). The streets in Cordova were well lit at night. Rulers of other countries called surgeons, architects (building planners), singers and dressmakers from Cordova.

قرطبہ

قرطبہ یورپ کا انتہائی مہذب شہر بنا۔ اس کے بہت خوبصورت مضافات تھے۔ اس میں ستر کتب خانے اور بے شمار کتابوں کی دکانیں تھیں، اور بڑی تعداد میں مساجد اور کشادہ محلات ان کے علاوہ تھے۔ رات کو قرطبہ کی گلیاں خوب روشن رہتی تھیں۔ دوسرے ممالک کے حکمران قرطبہ سے جراح، معمار، گلوکار اور ملبوسات بنانے والوں کو اپنے یہاں بلایا کرتے تھے۔

(ii) Industry

Cordova had flourishing (growing and developing) cloth and leather industries. Wool and silk were woven there and in other Spanish cities. The Muslims of Spain began keeping silkworms like the Chinese. They also began producing glassware (شیشے کے برتن), fine pottery (مٹی کے برتن), things of brass (پیتل), etc. The country had fine gold and silver mines. Cordova was famous for its iron and lead (سیسہ) and Malaga (a city of Spain) for its rubies (لعل). Toledo was known far and wide for its swords. The art of tanning (کچے چمڑے کو استعمال کے قابل بنانا) and of making designs on leather was introduced in Spain, and was taken to other countries from here. The art of fixing gold and silver on steel and other metals, and of decorating them with flower designs was also promoted in Spain. Thus, a vast network of industry guaranteed progress and prosperity of Muslim Spain.

صنعت

قرطبہ میں کپڑے اور لیدر کی صنعتیں پھل پھول رہی تھیں۔ اُون اور سِلک سپین کے دوسرے شہروں میں تیار ہو رہے تھے۔ سپین کے مسلمان چینیوں کی طرح ریشم کے کیڑے رکھنے لگے۔ وہ شیشے کے برتن، عمدہ مٹی کے برتن، پیتل کی اشیاء وغیرہ بھی ساخت کرنے لگے۔ ملک میں سونے اور چاندی کی کانیں تھیں۔ قرطبہ لوہے اور سیسہ کی دھاتوں کی وجہ سے مشہور تھا اور ملیگا (سپین کا شہر) لعل یا یاقوت کے لئے۔ ٹیلیڈو دور دراز علاقوں میں تلواروں کی وجہ سے جانا جاتا تھا۔ چمڑے پر نقش و نگار بنانا اور کچے چمڑے کو استعمال کے قابل بنانے کو سپین میں متعارف کروایا گیا اور دوسرے ممالک میں یہاں سے لے جایا گیا۔ سٹیل اور دوسری دھاتوں پر سونے اور چاندی کا پانی چڑھانے کے فن اور اُن پر پھولوں کے نقش و نگار بنانے کو بھی سپین میں ترقی حاصل رہی۔ چنانچہ ایک وسیع صنعتوں کا جال مسلم سپین کی ترقی اور خوشحالی کی ضمانت تھا۔

(iii) Agriculture

Spain introduced the agricultural methods of Western Asia in Europe. The Spanish Arabs dug canals, grew different kinds of fruit trees, sugarcane and saffron (زعفران). Farmers grew grains in the fields. They took their share of grains from the owners of the fields.

The Spanish Arabs were famous for their gardens. The gardens had flowery trees, fountains, streams (ندیاں), etc. The Arabs made full use of the agricultural resources of the country making it self-sufficient (self-supporting) in food and a great exporter of farm produce and fruits. To this day, Spanish saffron (زعفران), fruits and wood of the finest quality are in extensive use the world over.

زراعت

سپین نے یورپ میں مغربی ایشیاء کے زرعی طریقے متعارف کروائے۔ سپین کے عربوں نے نہریں کھودیں، زعفران، گنے اور دوسرے مختلف قسم کے پھلوں کے درخت اُگائے۔ کسانوں نے میدانوں میں اناج بویا۔ انہوں نے زمینوں کے مالکان سے اناج میں اپنا حصہ لیا۔

سپین کے عرب اپنے باغات کے لئے مشہور تھے۔ باغات میں پھول دار درخت، چشمے اور ندیاں تھیں۔ عربوں نے ملک کے زرعی وسائل کا پورا پورا استعمال کرتے ہوئے خوراک، پھلوں اور اجناس کی برآمدات میں ملک کو خود کفیل بنا دیا۔ موجودہ دور تک سپین کی زعفران، پھل، اور اعلیٰ ترین لکڑی دُنیا بھر میں بہت زیادہ استعمال میں لائی جاتی ہے۔

(iv) Trade

Muslim Spain started exporting agricultural and industrial products to other countries through its seaports. The trade of Spain with the Muslim and other countries expanded greatly. The Spanish Arabs introduced many Arabic words into the nautical (جہازرانی سے تعلق of ships) language on account of their business and sea contacts with other nations and the supremacy of their language. Examples of such words and figures, developed in the Muslim world in general, are "admiral," "cable," "alchemy," "alcohol" and the Arabic numerals 0 to 9. The supreme advances in mathematics, chemistry, physics, astronomy and other sciences today are directly or indirectly based on Arab research efforts.

تجارت

مسلم سپین نے اپنی بندگاہوں کے ذریعے زرعی اجناس اور صنعتی مصنوعات دیگر ممالک میں برآمد کرنا شروع کر دیں۔ سپین کی تجارت مسلم اور دیگر ممالک کے ساتھ بہت زیادہ پھیل گئی۔ سپین کے عربوں نے کئی عربی الفاظ جہاز رانی سے متعلق زبان میں اپنی تجارت دوسری اقوام کے ساتھ روابط اور زبان کی کمال برتری کی بنا پر متعارف کروائے۔ ایسے الفاظ اور اشکال کی مثالیں جو مُسلم دُنیا میں پختہ ہوئی ہیں: "ایڈمرل (امیر البحر)"، "کیبل"، "الکیمی (الکیمیا)"، "الکوحل" اور عربی اعداد جو 0 سے 9 تک ہیں۔ ریاضی، کیمیاء، طبیعات اور علمِ فلکیات اور دوسری سائنس کی شاخوں میں ترقی بلاواسطہ یا بالواسطہ عربوں کی تحقیقی کاوشوں کی مرہونِ منت ہے۔

(v) Postal service and currency

The Spanish government had a dependable postal service. It introduced gold and silver coins. The "dinar" was the gold and the "dirham" the silver unit. Arab money was in use even in the Christian kingdoms.

ڈاک کی سہولت

سپین کی حکومت میں ڈاک کی ترسیل قابلِ اعتماد تھی۔ اُس نے سونے اور چاندی کے سکے متعارف کروائے۔ دینار سونے کا اور درہم چاندی کا یونٹ تھا۔ یہاں تک کہ عربوں کی کرنسی عیسائی سلطنتوں میں بھی استعمال میں تھی۔

Al-Hakam's rule—caliph (961-976)—son of Abd-al-Rahman III

3. Describe the progress of learning in Al-Hakam's rule.

الحاکم کے دورِ حکومت میں علمی ترقی کو بیان کریں۔

Learning made tremendous progress during the period of Muslim rule over Spain. The ruler of Spain after Abd-al-Rahman III, that is, Al-Hakam was a scholar, and he encouraged (حوصلہ افزائی کی) scholars. He established twenty-three free schools in Cordova. The university of Cordova, in the main mosque of the city (earlier established by Abd-al-Rahmn I), touched sublime (grand) heights during the rule of Al-Hakam. Al-Hakam enlarged the mosque. He invited professors to the university from the East and offered them special salaries.

مسلمانوں کے دورِ اقتدار میں سپین نے بے پناہ علمی ترقی کی۔ عبدالرحمٰن سوئم کے بعد سپین کا حاکمِ اعلیٰ، الحاکم ایک سکولر تھا۔ اُس نے سکولرز کی حوصلہ افزائی کی۔ اُس نے قرطبہ میں 27 فری سکول تعمیر کروائے۔ قرطبہ یونیورسٹی شہر کی اہم مسجد میں واقع تھی (جسے شروع میں عبدالرحمٰن اوّل نے تعمیر کیا تھا)۔ یونیورسٹی نے الحاکم کے دور میں پُر جلال بُلندیوں کو چھوا۔ الحاکم نے مسجد کو وسیع کیا۔ اُس نے مشرق سے پروفیسرز کو یونیورسٹی میں مدعو کیا اور بہترین تنخواہوں کی پیشکش کی۔

Cordova had a grand library. It contained about nine hundred thousand books brought from distant places like Alexandria (in Egypt) and Baghdad. Muslim Spain became highly advanced in the cultural field. Nearly everyone could read and write (in Spain). At that time, the people of Christian countries of Europe were backward in matters of learning, and were said to be living in the Dark Ages.

قرطبہ میں ایک بہت وسیع لائبریری تھی۔ اس میں تقریباً چار لاکھ کتب دستیاب تھیں جو دور دراز علاقوں یعنی الگزنڈریا (مصر میں) اور بغداد سے لائی گئی تھیں۔ مُسلم سپین سماجی میدان میں بہت زیادہ جدید ہوگیا۔ قریب قریب ہر شخص سپین میں پڑھ لکھ سکتا تھا۔ اس دور میں یورپ کے عیسائی ممالک تعلیمی معاملات میں پس ماندہ تھے اور تاریکی میں زندگی گذار رہے تھے۔

General review of the Spanish advancement

سپین کی عام ترقی کی نظرِ ثانی

4. What do you learn about the advancement of Spain during Muslim rule?

مسلمانوں کی حکومت کے دوران سپین کی ترقی کے بارے میں آپ کیا آگاہی حاصل کرتے ہیں؟

Abd-al-Rahman I developed a very powerful army. He made the country really strong and completely independent. He, of course, administered it ably. He beautified the cities and had mosques, palaces and bridges constructed. He made four hundred arrangements for the supply of pure water in Cordova. Under Abd-al-Rahman I, the people of Spain were prosperous and satisfied. Commerce and agriculture were in fine shape.

عبدالرحمٰن اوّل نے بہت طاقتور فوج بنائی۔ اُس نے ملک کو حقیقی طور پر مضبوط اور مکمل خود مختار بنایا۔ اُس نے قرار واقعی اس کا نظم و نسق قابلیت سے چلایا۔ اس نے شہروں کو خوبصورت بنایا اور مساجد، محلات اور پُل تعمیر کروائے۔ قرطبہ میں صاف پانی کی سپلائی کے لئے اس نے خاطر خواہ انتظامات کروائے عبدالرحمٰن اوّل کے دور میں سپین کے لوگ خوشحال اور مطمئن تھے۔ زراعت اور معاشیات بہتر حالت میں تھیں۔

Under Abd-al-Rahman III, Cordova became the most cultured city in Europe. Its streets were well-lit. Its surgeons, architects, singers and dressmakers were in great demand in other countries. Commerce, industry and agriculture all progressed well. The Spanish government had an efficient postal service.

عبدالرحمٰن سوئم کے دور میں قرطبہ یورپ کا انتہائی مہذب شہر بن گیا۔ اس کی گلیاں خوب روشن تھیں۔ اس کے سرجنز، ماہرِ تعمیرات، گلوکار اور ملبوسات تیار کرنے والوں کی دوسرے ممالک میں بہت مانگ تھی۔ زراعت، صنعت اور معاشیات سب خوب پھل پھول رہی تھیں۔ حکومت سپین کی ڈاک سروس متاثر کن تھی۔

During Al-Hakam's rule learning made exceptional (extraordinary) progress. There were many free schools. The university of Cordova attracted professors from the East.

الحاکم کے دور میں تعلیم کے میدان میں غیر معمولی ترقی ہوئی۔ بہت سے فری سکول موجود تھے۔ قرطبہ کی یونیورسٹی نے مشرقی پروفیسرز کو اپنا گرویدہ بنالیا۔

Spain became the most advanced country in Europe during Muslim rule. In administration (نظم و نسق) and defence, it had no match (no parallel or equal) anywhere in the West. In agriculture, industry, science and education all Europe took it as a model. The cities and towns of Spain were the most advanced in Europe. Cordova was so very modern and developed that all other countries looked to it for help and guidance. It provided able doctors and surgeons, engineers and architects, artists and singers, decorators and dressmakers, etc. to other countries. It enjoyed world fame (popularity). It was for these reasons that a German nun called it "the jewel of the world" during Abd-al-Rahman III's rule.

مسلم دورِ اقتدار میں سپین یورپ کا جدید ترین ملک بن گیا۔ دفاع اور نظم و نسق چلانے میں مغرب میں کہیں بھی اس کا کوئی مقابلہ نہیں تھا۔ زراعت، صنعت، سائنس اور تعلیم کے میدان میں سارا یورپ سپین کو ایک موڈل کے طور پر لیتا تھا۔ سپین کے شہر اور قصبے یورپ میں جدید ترین تھے۔ قرطبہ اتنا جدید اور ترقی یافتہ تھا کہ دوسرے ممالک اس سے مدد اور رہنمائی حاصل کرتے تھے۔ قابل ڈوکٹر، سرجن، انجنئر اور ماہرِ تعمیرات، فنکار، گلوکار، ماہرِ آرائش اور ملبوسات بنانے والے وغیرہ سپین سے دوسرے ممالک میں مہیا کئے جاتے تھے۔ اُس نے دُنیا میں بہت شہرت حاصل کی۔ اسی بنا پر جرمنی کی ایک راہبہ نے عبدالرحمٰن سوئم کے دور میں سپین کو "دُنیا کا جوہر" قرار دیا۔

The Arabs ruled Spain from the 8th to the 15th century ably, wisely and bravely. They changed a backward country into the most advanced in Europe. (Their rule ended in 1492 completely because of internal disunity.)

عربوں نے سپین پر آٹھویں صدی کے وسط سے پندرھویں صدی کے اختتام تک بہادری، دانشمندی اور قابلیت سے حکومت کی۔ اُنھوں نے اسے یورپ کے پس ماندہ مُلک سے ایک جدید مُلک میں بدل دیا۔ (اندرونی نااتفاقی کی وجہ سے اُن کا دورِ اقتدار 1492ء میں مکمل طور پر اختتام پذیر ہوگیا۔)

(D) The text, its complete translation, word pronunciation & meanings

It was in 750 that the Umayyad **dynasty** in Damascus was overthrown (brought down) by the Abbasid family; and **accession** (تخت نشینی) of the Abbasids to the caliphate was **signalized** (نمایاں کردیا گیا) by a ruthless **extermination** (بے رحمانہ خاتمہ) of every member of the defeated (شکست خوردہ) house (family) on whom the victors could lay their hands.

یہ 750ء کا سال تھا کہ بنوامیہ کی حکومت کا تختہ بنو عباس نے الٹ دیا۔ اور عباسیوں کے خلافت پر متمکن ہونے کا اظہار شکست خوردہ گھرانے کے ہر اُس فرد جس پر بھی فاتحین ہاتھ ڈال سکے بے رحمانہ خاتمے سے کیا گیا۔

Words	How we speak	Meanings in English & Urdu
dynasty (*n.*)	di'nu-stee ڈِنَسٹی	line of rulers from the same family شاہی سلسلہ
accession (*n.*)	ak-sesh'un اَیک سے شَن	succession, coming to power تخت نشینی
signalized (*v.*)	sig'nu-liiz'd سِگنَلائزڈ	made noticeable نمایاں کردیا گیا
ruthless (*adj.*)	rooth'lis رُتھ لِس	very cruel, pitiless بہت ظالمانہ، بے رحمانہ
extermination (*n.*)	ek-stur'mu-nae-shun ایکس ٹرمینیشن	killing, rooting out قلع قمع کرنا

Among the very few who escaped was a youth of twenty. Abd-al-Rahman, a striking (جاذب نظر) young man, tall, lean (چھریرا), with sharp, aquiline (eagle-like عقاب کے سے) features and red hair-a youth of **exceptional** nerve (unusual courage (غیر معمولی حوصلہ) and ability. It was he who made his way to Spain, fought his way to mastery, and kept in power there the Umayyad **dynasty** which was wiped out in the East.

چند ایک جو بچ نکلے ان میں ایک بیس سالہ نوجوان عبدالرحمٰن تھا، جاذب نظر جوان آدمی، لمبا، چھریرا، تیکھے نقوش، عقابی ناک اور سرخ بالوں والا، غیر معمولی حوصلے اور صلاحیت کا مالک نوجوان تھا۔ یہ وہ شخص تھا جس نے سپین کی راہ لی، جدو جہد سے غلبہ حاصل کیا اور وہاں بنوامیہ کے حکومتی اقتدار کو قائم کیا جس کا مشرق میں صفایا کردیا گیا تھا۔

exceptional (*n.*)	ak-sepsh'unul اَیک سے پشَنَل	uncommon غیر معمولی
dynasty (*n.*)	dii'nu-stee ڈائی نَسٹی	rulers of one family شاہی سلسلہ

The story of his escape (فرار) is dramatic. He was in a **Bedouin** camp on the left bank of the Euphrates River one day when horsemen carrying the black standards of the Abbasids suddenly appeared. With his thirteen-year old brother, Abd-al-Rahman dashed into the river. The younger brother, **evidently** (واضح طور پر) a poor swimmer, became **frightened**, **heeded** (پر دھیان دیا، مثبت انداز میں سنا) the **reassurances** (بار بار کی حفاظت کی یقین دہانیاں) shouted from the bank that he would be unharmed if he returned; and swam back. He was killed. The older boy kept on and gained (reached) the opposite bank.

اس کے فرار کی کہانی بڑائی ڈرامائی ہے۔ وہ ایک دن دریائے فرات کے کنارے ایک بدوؤں کے کیمپ میں تھا، جب سیاہ جھنڈے اٹھائے ہوئے اچانک عباسیوں کے گھڑ سوار نمودار ہوئے۔ اپنے تیرہ سالہ بھائی کے ساتھ عبدالرحمٰن دریا میں کود گیا۔ چھوٹا بھائی ظاہر ہے اچھا تیراک نہ تھا، خوفزدہ ہوگیا، کنارے سے پکاری جانے والی یقین دہانیوں پر دھیان دیا اور انہیں مثبت انداز میں سنا کہ اگر وہ واپس آجائے تو اسے کوئی نقصان نہیں پہنچایا جائے گا، اور وہ واپس آگیا۔ اسے قتل کردیا گیا۔ بڑا لڑکا تیرتا گیا اور مخالف کنارے پر پہنچ گیا۔

Bedouin (*n.*)	Bed'oo-in بیڈُوان	a member of an Arab tribe
evidently (*adv.*)	av'u-dunt-lee اَیوَ ڈَنٹلی	clearly واضح طور پر
frightened (*v.*)	friit'n-ed فرائیٹَنڈ	afraid
heeded (*v.*)	heed-ed ھی ڈِڈ	paid attention to, positively دھیان دیا، مثبت انداز میں سنا
reassurances (*n.*)	ree-ushoor-unsis وعدے کیے	repeated promises to someone بار بار کی یقین دہانیاں

Afoot, friendless and penniless, he set out south-westward, made his way after great hardships to Palestine, found one friend there and set off again towards the west.

پیدل، بے یارو مددگار اور تہی دست وہ جنوب مغرب کی جانب چل پڑا، بہت مصائب برداشت کرکے وہ فلسطین پہنچا، وہاں ایک دوست کو ملا اور دوبارہ مغرب کی جانب روانہ ہوگیا۔

In North Africa he barely escaped **assassination** (بمشکل قتل ہونے سے بچا) at the hands of the governor of the province. Wandering from tribe to tribe, always **pursued** (پیچھا ہوتے ہوئے) by the **spies** of the new dynasty, he finally reached Ceuta (*syoo´tu n.*), five years later. He was a grandson of the tenth caliph of Damascus, and his maternal uncles were Berbers from that district of North Africa. They offered him refuge.

شمالی افریقہ میں صوبے کے گورنر کے ہاتھوں بمشکل قتل ہونے سے بچا۔ قبیلے سے قبیلے میں گھومتا ہوا، نئے خاندان کے جاسوس ہمیشہ اس کا ہمیشہ پیچھا کرتے رہے، آخرکار پانچ سال بعد وہ سیوٹا پہنچ گیا۔ وہ دمشق کے دسویں خلیفہ کا پوتا تھا اور اس کے ماموں شمالی افریقہ کے اس ضلع کے بربر تھے۔ انہوں نے اسے پناہ مہیا کی۔

assassination (*n.*)	u-sas´u-nae´shun ایسیس نیشن	political murder	سیاسی یا مذہبی قتل
pursued (*v.*)	pur-soo´ed پرسُڈ	followed closely, chased	تعاقب کیا
spies (*n.*)	spiis سپائس	secret agents of a government	جاسوس

In the south of Spain, across the strait from Ceuta, were stationed Syrian troops (شامی فوجی) from Damascus. He made his way to them and they accepted him as leader. One southern city after another opened its gates to him. It took him some years more to bring all of Spain to subjection (under control ماتحتی میں), but he **persisted** (continued to struggle جدوجہد کرتا رہا). The Abbasid caliph in Baghdad appointed a governor of Spain to **contest** his rule; two years later that caliph received a gift from Abd-al-Rahman: the head of his governor, **preserved** in salt and camphor and wrapped (لپٹا ہوا) in a black flag and in the letter of appointment (تقرری کاغذ). "Thanks be to Allah for having placed the sea between us and such a **foe** (دشمن)!" was the caliph's fervent (very emotional جذباتی) rejoinder (answer).

سپین کے جنوب میں آبنائے سیوٹا کے پار دمشق کے شامی فوجیوں کا پڑاؤ تھا۔ وہ ان تک پہنچ گیا اور انہوں نے اسے اپنا لیڈر تسلیم کر لیا۔ ایک بعد دوسرے جنوبی شہر نے اپنے دروازے اس کیلئے کھول دیئے۔ پورے سپین کو اپنے ماتحت لانے میں اسے چند مزید سال لگے، لیکن وہ مستقل مزاجی سے لگا رہا۔ عباسی خلیفہ نے اس حکومت کے خلاف مقابلے کیلئے ایک گورنر مقرر کیا، دو سال بعد اُس خلیفہ کو عبدالرحمٰن کی طرف سے ایک تحفہ موصول ہوا۔ کالے جھنڈے میں نمک اور کافور کے اندر محفوظ کیا گیا اس کے گورنر کا سر اور تقرری کا خط لپٹا ہوا تھا۔ خلیفہ کے منہ سے تپتا ہوا جواب نکلا "ہمارے اور ایسے دشمن کے درمیان سمندر حائل کرنے پر خدا کا بہت شکریہ۔"

persisted (*v.*)	pur-sist´ed پر سِسٹڈ	continued ot make efforts	کوششیں جاری رکھیں
contest (*v.*)	kun-test کَن ٹیسٹ	question, struggle against	کے خلاف جدوجہد کرے
preserved (*v.*)	pri-zurv´d پری زروؐڈ	kept in original condition	محفوظ کیا گیا
foe (*n.*)	فو	enemy	دشمن

In the **process** of **subduing**(قابو پانے کے عمل میں) his **adversaries** (مخالفین) Abd-al-Rahman developed a well-disciplined (بہت منظم), highly trained army of 40,000 or more Berbers. He knew how to keep their favour by generous (فراخدلانہ) pay. In 773, he discontinued the Friday sermon hitherto delivered in the name of the Abbasid caliph, but did not assume the caliph's title himself. He and his **successors** (جانشین) down to Abd-al-Rahman III **contented** (مطمئن رہے) themselves with the title "ameer." Under Abd-al-Rahman I, Spain had thus been the first province to shake off the authority of the **recognised** caliph in Islam.

اپنے مخالفین کو دبانے کے عمل میں عبدالرحمٰن نے چالیس ہزار یا اس سے اوپر بربروں کی ایک بہت منظم اور انتہائی تربیت یافتہ فوج تیار کی۔ وہ جانتا تھا کہ فراخدلانہ تنخواہوں سے کیسے ان کی وفاداری قائم رکھی جا سکتی ہے۔ 733ء میں اس نے عباسی خلیفہ کے نام پر دیا جانے والا جمعہ کا خطبہ بند کر دیا، لیکن خلیفہ کا خطاب خود اختیار نہ کیا۔ وہ اور عبدالرحمٰن سوم تک اس کے جانشین امیر کے خطاب پر مطمئن رہے۔ اس طرح عبدالرحمٰن اول کے تحت سپین پہلا صوبہ تھا جس نے اسلام میں تسلیم شدہ خلیفہ کا اتار پھینکا۔

process (*n.*)	pros´es´ *or* proe´ses´ پروسس	course of action	کا عمل۔ کارروائی
subduing (*v.*)	sub-dyoo´ing سب ڈیوئنگ (*or*)sub-doo´ing سب ڈُئنگ	bringing under control, overcoming	زیر کرتے ہوئے

adversaries (*n.*)	advur-ser´ees ایڈور سیرِیس	opponents	مخالفین
successors (*n.*)	suk-ses´urs سَک سیسَرس	those succeeding to or inheriting	جانشین
contented (*v.*)	kun-ten´tid کَن ٹینٹِڈ	satisfied	مطمئن
recognised (*v.*)	rek´ug-niiz´d ریکگ نائزڈ	acknowledged	تسلیم شدہ

With his **realm consolidated** (مستحکم کرنے کے بعد), Abd-al-Rahman turned to the arts of peace, in which he showed himself as great as in the art of war. He beautified the cities of his **domain**, built an **aqueduct** (محرابی نالہ) for the supply of pure water to the capital, ordered the construction of a wall round it and erected (تعمیر کیا) for himself a palace and garden outside Cordova in imitation of (کی طرز پر) the palace built by an **ancestor** (آباواجداد میں سے ایک) in north-eastern Syria. To his villa he brought water and introduced **exotic** (غیر ملکی) plants, such as peaches and pomegranates. To a lonely palm-tree in his garden said to be the first imported from Syria, he addressed some tender (gentle, loving) verses of his own composition.

اپنے اقتدار کے مستحکم ہونے کے ساتھ عبدالرحمٰن امن کے فنون کی طرف پلٹا جس میں اس نے اپنے آپ کو فنونِ جنگ جتنا ہی عظیم ثابت کیا۔ اس نے اپنی سلطنت کے شہروں کو خوبصورت بنایا، دارالحکومت کو شفاف پانی مہیا کرنے کیلئے پانی کا ایک نالہ تعمیر کروایا، شہر کے گرد دیوار کی تعمیر کا حکم دیا، اور اپنے لئے قرطبہ سے باہر شمال مشرقی شام میں اپنے آباواجداد میں سے ایک کے تعمیر کردہ محل کی طرز پر ایک محل اور باغ تعمیر کروایا۔ اپنے پودوں سے گھرے ہوئے محل میں وہ پانی لے کر آیا اور ناشپتیوں اور اناروں جیسے غیر ملکی پودے متعارف کروائے۔ اس کے باغ کا اکلوتا کھجور کا درخت جس کو مخاطب کر کے اس نے کچھ خود مرتب کردہ خوبصورت اشعار کہے، کے بارے کہا جاتا ہے کہ اسے شام سے درآمد کیا گیا تھا۔

realm (*n.*)	relm رِیلم	kingdom	اقتدار۔ بادشاہت
consolidated (*v.*)	kun-sol´u-daetd کن سولِیٹڈ	made strong, solidified	مستحکم
domain (*n.*)	doe-maen´ ڈومین	kingdom or territory under control	مملکت
aqueduct (*n.*)	ak´wu-dukt´ ایکوَ ڈکٹ	channel or pipe to transport water from a far-off place by gravity (کشش زمین)	محرابی نالہ
ancestor (*n.*)	an´ses´tur این سَسٹَر	forefather	آباؤاجداد میں سے ایک
exotic (*adj.*)	eg-zot´ik اگزوٹک	coming from other countries	غیر ملکی

Two years before his death in 788 Abd-al-Rahman founded the great Mosque of Cordova as a rival to the two mosques of Islam in Jerusalem and Makkah. Completed and enlarged (expanded توسیع شدہ) by his successors, it soon became the shrine (holy place of visit زیارت گاہ) of western Islam. With its forest of stately columns (grand round pillars پُرشکوہ ستون) and its spacious outer court, this noble structure, transformed into a Christian cathedral (*ku-thee´drul n.*–main church) in 1236, has **survived** to the present day under the popular name "La Mezquita," the mosque. Besides the great mosque the capital could already boast a bridge, over the Guadalquivir (corrupted from an Arabic name meaning "the great river"), later enlarged to seventeen arches (محرابیں). Nor were the interests of the founder of the Umayyad regime limited to the material welfare of his people. In more than one sense he **initiated** (ابتدا کی) the intellectual movement (فکری تحریک) which made Islamic Spain from the ninth to the eleventh centuries one of the two centres of world culture.

788ء میں اپنی وفات سے دو سال قبل اس نے یروشلم اور مکہ کی دو مساجد کے مدِ مقابل قرطبہ کی عظیم مسجد کی بنیاد رکھی۔ اس کے جانشینوں نے اسے مکمل اور وسیع کیا تو جلد ہی یہ مغربی اسلامی ممالک کی زیارت گاہ بن گئی۔ اپنے پُرشکوہ ستونوں کے جنگل (لاتعداد رکھتے ہوئے) اور اپنے وسیع بیرونی صحن کے ساتھ یہ پاکیزہ عمارت 1236ء میں عیسائی گرجے میں تبدیل کر دی گئی۔ آج بھی یہ عمارت اپنے مقبول نام "لامیزکوتا" یعنی مسجد کے نام سے قائم ہے۔ مسجد کے علاوہ دارالحکومت "گوادلکور" (عربی کے نام سے بگڑا ہوا جس کا مطلب "عظیم دریا" ہے) پر بنائے گئے پل پر فخر کرتا ہے۔ جسے بعد میں سترہ محرابوں تک بڑا کیا گیا۔ بنو امیہ کے بانی کی دلچسپیاں صرف اپنی عوام کی مادی بہبود تک محدود نہ تھیں بلکہ کئی ایک لحاظ سے اس نے فکری تحریک کی ابتدا کی جس نے اسلامی سپین کو نویں سے گیارہویں صدی تک دنیا کے دو تہذیبی مراکز میں سے ایک کا درجہ دیا۔

survived (v.)	sur-viiv´d سروائیوّڈ	continued to exist	باقی رہا ہے
initiated (v.)	i-nish´ee-aet´d اِنی شیے ٹِڈ	began	ابتدا کی

Caliph Abd-al-Rahman's court was one of the most glorious (شان وشوکت والا) in all Europe. It received envoys from the Byzantine emperor as well as from the monarchs of Germany, Italy and France. Its seat, Cordova, with half a million inhabitants, seven hundred mosques and three hundred public baths, **yielded** (کم تھا) in **magnificence** (عظمت) only to Baghdad and Constantinople. The royal palace, named al-Zahra, with four hundred rooms and apartments housing thousands of slaves and guards, stood northwest of the town overlooking the Guadalquivir River. Abd-al-Rahman started its construction in 836. Marble was brought from Numidia and Carthage; columns as well as basins with golden statues were imported or received as presents from Constantinople; and 10,000 workmen with 1,500 beasts of burden (بار برداری کے جانور) laboured on it for a score of years. Enlarged and beautified by later caliphs, al-Zahra became the **nucleus** (مرکز) of a royal **suburb** whose remains (remaining parts باقیات), partly **excavated** (جذوی طور پر کھودی گئیں) in and after 1910, can still be seen.

خلیفہ عبدالرحمٰن کا دربار یورپ کے درباروں میں سب سے زیادہ شان وشوکت والا تھا۔ اس میں بازنطینی شہنشاہ کے علاوہ جرمنی، اٹلی اور فرانس کے بادشاہوں کے سفیر آتے تھے۔ اس کا دارالحکومت قرطبہ پانچ لاکھ کی آبادی سات سو مساجد اور تین سو عوامی حماموں کے ساتھ بغداد اور قسطنطنیہ سے کم نہ تھا۔ شاہی محل جس کا نام "الزہرا" تھا اپنے چار سو کمروں اور رہائش گاہوں کے ساتھ جن میں ہزاروں غلام اور پہرے دار رہتے تھے شہر کے شمال مغرب میں "گواداالکویر" دریا کے کنارے پر واقع ہے۔ عبدالرحمٰن نے اس کی تعمیر 836ء میں شروع کی تھی۔ اس کیلئے سنگ مرمر نومیدہ اور کارتھیج سے منگوایا گیا۔ ستون اور سونے کے مجسموں والے حوض قسطنطنیہ سے منگوائے گئے یا تحفہ کے طور پر وصول کئے گئے، اور 10,000 کارکنوں اور 1500 باربرداری کے جانوروں نے اس پر بیس سال تک محنت کی۔ "الزہرا" جسے بعد کے خلفا نے وسیع اور خوبصورت بنایا اردگرد کی شاہی عمارات میں مرکزی حیثیت اختیار کر گیا تھا۔ جس کی باقیات 1910ء میں جزوی طور پر کھودی گئیں اب بھی دیکھی جا سکتی ہیں۔

yielded (v.)	yeeld-ed یی لڈِڈ	was inferior	سے کم یا ادنیٰ تھا
magnificence (n.)	mag-nif´i-suns میگنی فی سَنس	impressiveness, glory	عظمت
nucleus (n.)	noo´klee-us *or* nyooklee-us نُک لی اس یا نیوک لی اس	central part	مرکزی حصہ
suburb (n.)	sub´urb سَبَ ارب	outer area of a city	نواحی بستی
excavated (v.)	ek´sku-vaet´d اکَسکا ویٹِڈ	dug out	کھودے گئے

In al-Zahra the caliph surrounded himself with a bodyguard of "Slaves" which numbered 3,750 and headed his standing army of a hundred thousand men. With their aid the caliph not only kept **treason** (غداری، بغاوت) and brigandage (*brig´un-dij*–robbery راہزنی) in check but reduced the influence (اثر) of the old Arab **aristocracy** (روسا، امرا). Commerce and agriculture **flourished** (پھلے اور پھولے) and the sources of income for the state were multiplied. The royal revenue amounted to 6,245,000 dinars, a third of which **sufficed** (کافی تھے) for the army and a third for public works, while the balance was placed in reserve. Never before was Cordova so **prosperous** (خوشحال), Andalusia so rich and the state so **triumphant** (کامیاب وبامراد). All this was achieved through the genius of one man. He died at the ripe age of seventy-three. And he left a statement, we are told, which said that he had known only fourteen days of happiness.

الزہرا میں خلیفہ اپنے ذاتی محافظوں "غلاموں" میں گھرا ہوتا تھا جن کی تعداد 3750 تھی اور سینکڑوں ہزار آدمیوں پر مشتمل اپنی فوج کی کمان بھی کرتا تھا۔ ان کی مدد سے خلیفہ نہ صرف غداری یا بغاوت اور راہزنی پر قابو رکھتا بلکہ پرانے عرب روسا کے اثر کو بھی کم رکھنے میں مدد لیتا تھا۔ تجارت اور زراعت پھلے اور پھولے اور مملکت کے ذرائع آمدنی میں کئی گنا اضافہ ہوگیا۔ شاہی آمدنی 6,245,000 دینار تک پہنچ گئی، جس کا ایک تہائی فوج کے ایک تہائی عوامی کاموں کے لئے کافی تھے جبکہ باقی ماندہ خزانے سے رکھ لی جاتی تھی۔ اس سے پہلے قرطبہ کبھی بھی اتنا خوشحال، اندلس اتنا دولتمند اور مملکت اتنی کامیاب وبامراد نہ تھی۔ یہ سب کچھ ایک شخص کی فراست سے حاصل ہوا تھا۔ وہ ستر سال کی پختہ عمر میں فوت ہوا۔ اور اس نے ایک بیان چھوڑا، ہمیں بتایا گیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ اسے خوشی اور مسرت کے صرف چودہ دن ملے تھے۔

treason (*n.*)	tree´zun	ٹری زن	disloyalty to one's country or ruler	غداری۔بغاوت
aristocracy (*n.*)	ar´is-tok´ru-see	ایرس ٹوکرسی	the class of the most highly placed people	طبقہ امراء
flourished (*v.*)	flur´ish-ed	فلرشڈ	grew and developed	پھلی پھولی
sufficed (*v.*)	su-fiis´d	سفائسڈ	was enough	کافی تھی
prosperous (*adj.*)	pros´pur-us	پروس پرس	rich and successful	خوشحالی
triumphant (*adj.*)	trii´umf-ant	ٹرام فینٹ	successful and established	کامیاب، بامراد

As always, under any **dynasty**, **sovereignty** (اقتدار اعلیٰ) in the Muslim world, West or East, was **unstable**. In Spain the Umayyad dynasty kept the **nominal** (برائے نام) rule from the time Abd-al-Rahman I imposed it; but by the time of the ascension (rise to the ruler's position) of the next outstanding figure in the dynasty, Abd-al-Rahman III, in the year 912, civil disturbances (disorder شہری ہنگامے یا گڑبڑ) and tribal revolts (uprisings or rebellion of tribes قبیلوں کی بغاوتیں) had reduced the Muslim state of Spain to the city of Cordova and its neighbourhood.

جیسا کہ معمول تھا، کسی بھی خاندان کے تحت مسلم دنیا میں خواہ مغرب یا مشرق ہو، اقتدار غیر مستحکم رہا۔ عبدالرحمٰن اوّل نے جس وقت حکومت قائم کی اس وقت سے خاندان بنوامیہ نے سپین میں برائے نام حکومت قائم رکھی، لیکن جب 912ء میں خاندان کی دوسری نامور شخصیت عبدالرحمٰن سوم نے عنان حکومت سنبھالی تو عوامی انتشار اور قبائلی بغاوتوں نے سپین کی مسلم مملکت کو قرطبہ شہر اور اسکے گردونواح تک محدود کر دیا تھا۔

dynasty (*n.*)	di´nu-stee	ڈی نسٹی	group of rulers from the same family	شاہی سلسلے
sovereignty (*n.*)	sov´ur-un-tee	سوورنٹی	complete power and authority	اقتدار اعلیٰ
unstable (*adj.*)	un´stae´bul	اَن سٹے بَل	unsteady	غیر متمکن
nominal (*adj.*)	nom´u-nul	نومُ نَل	in name only	برائے نام

The third Abd-al-Rahman, like his **illustrious predecessor** (نامور پیشرو), was a young man when he took office, being only twenty-three: and like him also was a youth of intelligence and determination. One by one he reconquered (دوبارہ فتح کئے) the lost provinces, reduced them to order and administered them with **sagacity** (فراست) and ability. His **reign** lasted for fifty years, from 912 to 961, an **exceptionally** (غیر معمولی) long time for that day; it was signalised (made prominent), politically, by the **proclamation** (باضابطہ اعلان) by the ameer of himself as caliph. With him the Umayyad caliphate in Spain begins. His reign and that of his two immediate successors mark (show prominently نمایاں طور پر ظاہر کرتے ہیں) the height of Muslim rule in the West.

عبدالرحمٰن سوم جب برسر اقتدار آیا تو اپنے نامور پیشرو کی طرح صرف تیئیس سال کا ایک نوجوان آدمی تھا، اور اسی کی طرح ذہین اور پرعزم نوجوان تھا۔ اس نے ایک ایک کر کے تمام چھینے ہوئے صوبے دوبارہ فتح کئے اور ان کو حکم کے طابع کیا اور فراست اور قابلیت کے ساتھ ان کا نظم و نسق چلایا۔ اس کا اقتدار 912ء سے 961ء تک پچاس سال قائم رہا جو کہ اس وقت کے مطابق ایک غیر معمولی طور پر لمبا عرصہ تھا۔ اس کے عہد کی نمایاں سیاسی خصوصیت "امیر" کا اپنے لئے خلیفہ کے خطاب کا اعلان تھا۔ اس کے ساتھ سپین میں بنوامیہ کی خلافت کا آغاز ہوتا ہے۔ اس کا دور حکومت اور اسکے دو جانشینوں کا عہد مغرب میں مسلمانوں کی حکومت کے عروج کی علامت ہے۔

illustrious (*adj.*)	i-lus´tree-us	اِلسٹری اس	successful and famous	کامیاب اور نامور
predecessor (*n.*)	pred´u-ses´ur *or* pree´du-ses´ur	پریڈ سے سَر یا پری ڈسے سَر	one holding his office earlier	اس سے پہلے کا عہدہ دار
sagacity (*n.*)	su-gas´u-tee	سَگ سَٹی	intelligence and wisdom	ذہانت اور دانشمندی
reign (*n.*)	raen	رے ن	rule	حکومت
exceptionally (*adv.*)	ek-sep´shun-ul	ایک سیپ شَنل	unusually	غیر معمولی طور پر
proclamation (*n.*)	proc´lu-mae´shun	پروک لیشن	official announcement	باضابطہ اعلان

In this period, roughly the tenth century, the Umayyad capital of Cordova took its place as the most cultured city in Europe and, with Constantinople and Baghdad, as one of the three cultural centres of the world. With its one hundred and thirteen thousand homes, twenty-one suburbs, seventy libraries and numerous bookshops, mosques and palaces it acquired (gained حاصل کرلی) international fame and **inspired awe** and **admiration** in the hearts of travellers. It enjoyed miles of paved (پختہ) streets **illuminated** (منور، روشن) by lights from the bordering houses, whereas "seven hundred years after this time there was not so much as one public lamp in London," and "in Paris, centuries **subsequently** (صدیوں بعد), whoever stepped over his threshold (گھر کی دلیز) on a rainy day stepped up to his ankles in mud." Whenever the rulers of Leon, Navarre or Barcelona needed a surgeon, an architect, a master singer, or a dress-maker, it was to Cordova that they applied. The fame of the Muslim capital **penetrated** (پھیل گئی) to distant (far-off) Germany, where a Saxon nun styled (named نام دیا) it "the jewel of the world."

اس دور میں بھی دسویں صدی کے لگ بھگ اموی دارالحکومت قرطبہ نے یورپ کے انتہائی تہذیب یافتہ شہر قسطنطنیہ اور بغداد کے ساتھ دنیا کے تین تہذیبی مراکز میں سے ایک کی حیثیت اختیار کرلی تھی۔ اپنے ایک سو تیرہ ہزار مکانوں، اکیس مضافات، 70 لائبریریوں اور بے تحاشا کتابوں کی دکانوں کے ساتھ اس نے بین الاقوامی شہرت حاصل کرلی تھی اور سیاحوں کے دلوں میں دبدبہ اور مدح سرائی کے جذبات پیدا کرتا تھا۔ اس میں میلوں لمبی پختہ گلیاں تھیں جو اطراف میں بنے ہوئے گھروں کی روشنیوں سے منور تھیں، جبکہ اس سے سات سو سال بعد لندن میں ایک بھی سرکاری لیمپ نہ تھا، اور پیرس میں صدیوں بعد یہ حال تھا کہ جو بھی بارش والے دن اپنے گھر کی دلیز سے باہر قدم رکھتا وہ ٹخنوں تک کیچڑ میں دھنس جاتا تھا۔ جب بھی لیئن، نوار یا بارسلونا کے حکمرانوں کو کسی ماہر سرجن، ماہر تعمیرات، ماہر گلوکار، یا ملبوسات تیار کرنے والے کی ضرورت ہوتی تھی وہ اس کے لئے قرطبہ سے درخواست کرتے تھے۔ مسلم دارالحکومت کی شہرت دور دراز کے ملک جرمنی تک پہنچ گئی تھی۔ جہاں ایک جرمن راہبہ اسے "دنیا کے ہیرے" کے لقب سے یاد کرتی تھی۔

inspired (v.)	in-spiir	اِن سپائر	filled others with	روح پھونکنا
awe (n.)	oe	آو	fear	خوف۔ ہیبت
admiration (n.)	ad´mu-rae´shun	ایڈمَ ریے شَن	praise	تعریف
illuminated (v.)	i-loo´mu-naet´d	اِلّمنیٹڈ	brightened	روشن کیا
subsequently (adv.)	sub´su-kwent-li	سَبْ سُکینٹلی	afterwards	بعد میں
penetrate (v.)	pen´u-traet´	پے نا ٹریٹ	spread to other areas	پھیل گئی

Spain under the caliphate was one of the wealthiest (امیر ترین) and most thickly populated lands of Europe. The capital boasted some thirteen thousand weavers and-a flourishing leather industry. From Spain the art of **tanning** and **embossing** (رنگنے اور ابھارنے کا فن) leather was carried to Morocco and from these two lands it was brought to France and England, as the word morocco indicates. Wool and silk were woven not only in Cordova but in Malaga, Almeria and other centres. The raising of silkworms, originally a **monopoly** (اجارہ داری) of the Chinese, was introduced by Muslims into Spain, where it **thrived** (پھلا اور پھولا). Almeria also produced glassware and brass work. Paterna in Valencia was the home of pottery. Jaen and Algarve were noted for their mines of gold and silver, Cordova for its iron and lead and Malaga for its rubies. Toledo, like Damascus, was famous all over the world for its swords. The art of inlaying steel and other metals with gold and silver and decorating them with flower patterns, an art introduced from Damascus, flourished in several Spanish and other European centres.

خلافت کے تحت سپین یورپ کی امیر ترین اور سب سے زیادہ آباد سرزمین تھی۔ دارالحکومت کیلئے تیرہ ہزار کپڑا بننے والوں اور پھلتی ہوئی چمڑے کی انڈسٹری قابل فخر تھی۔ سپین سے چمڑا رنگنے اور اس پر نقوش ابھارنے کا فن مراکش پہنچا اور ان دو ممالک سے فرانس اور انگلینڈ لایا گیا جیسا کہ لفظ "مروکو" سے ظاہر ہوتا ہے۔ اون اور ریشم کے کپڑے صرف قرطبہ میں ہی نہیں بنے جاتے تھے بلکہ ملیگا، آلمیر اور دوسرے مراکز میں بھی بنے جاتے تھے۔ ریشم کے کیڑوں کو پالنے کا عمل جو دراصل چین کی اجارہ داری تھی۔ سپین میں مسلمانوں نے متعارف کروایا۔ جہاں یہ بہت پھلا اور پھولا۔ المیریا میں شیشے کی اشیاء اور پیتل کی اشیاء بھی بنائی جاتی تھیں۔ ویلنیشیا میں واقع شہر پیترنا مٹی کے برتن بنانے کا گھر تھا۔ جاآین اور الگارو اپنی سونے اور چاندی کی کانوں کی وجہ سے مشہور تھے، قرطبہ اپنے لوہے اور سیسے اور ملیگا اپنے لعل و جواہر کی وجہ سے جانے جاتے تھے۔ دمشق کی طرح ٹلیڈو تمام دنیا میں اپنی تلواروں کی وجہ سے مشہور تھا۔ فولاد اور دوسری دھاتوں میں سونے اور چاندی کی کھدی ہوئی مرصع کاری اور ان کو پھول پتیوں کے نقش سے خوبصورت بنانے کا فن دمشق سے متعارف ہوا اور بہت سے ہسپانوی اور یورپی مراکز میں پھیلا اور پھولا۔

tanning (v.)		ٹیننگ	changing hide into leather	کھال کو چمڑے میں تبدیل کرنا
embossing (v.)	em-bos'ing	ایمبوسنگ	putting a raised design on paper, leather, etc.	کندہ کاری کرنا
monopoly (n.)	mu-nop'u-lee	منوپلی	complete control of it	اجارہ داری
thrived (v.)	thriiv-ed	تھرائیوڈ	developed and progressed well	خوب پنپے

The Spanish Arabs introduced agricultural methods practised (مروجہ، رائج) in Western Asia. They dug canals, cultivated grapes and introduced, among other plants and fruits, rice, apricots, peaches, pomegranates, oranges, sugar cane, cotton and saffron. The south-eastern plains of the peninsula, especially favoured by climate and soil, developed important centres of **rural** and urban activity. Here wheat and other grains, as well as olives and other fruits, were raised by a peasantry who worked the soil on shares with the owners.

ہسپانوی عربوں نے مغربی ایشیاء میں مروجہ کھیتی باڑی کے طریقوں کو متعارف کروایا۔ انہوں نے نہریں کھودیں، انگوروں کی کاشت کی اور دوسرے پودوں اور پھلوں میں سے چاول، خوبانی، آڑو، انار، سنترے، گنا، کپاس اور زعفران متعارف کروائے۔ جزیرہ نما کے جنوب مشرقی میدانوں، خاص طور پر موافق موسم اور مٹی کی وجہ سے اہم دیہاتی اور شہری مراکز کو جنم دیا۔ یہاں کسانوں نے جو کھیتوں میں کام کرتے تھے مالکوں کے ساتھ حصہ داری پر گندم اور دوسری اجناس جیسے زیتون اور دوسرے پھل پیدا کیے۔

This agricultural development was one of the **glories** of Muslim Spain and one of the Arabs' lasting gifts to the land, for Spanish gardens have preserved to this day a "Moorish" character. One of the best-known gardens is the Generalife—a word which comes from the Arabic, Jannat-al-arif, "the inspector's paradise." This garden, "proverbial for its extensive shades (گھنے سایوں), falling waters and soft breeze," was in the form of an amphitheatre (گول تھیٹر) and irrigated (آبپاشی ہوتی تھی) by streams which, after forming numerous cascades (بے شمار آبشاریں), lost themselves among the flowers, shrubs and trees represented today by a few gigantic cypresses and myrtles.

یہ زرعی ترقی مسلم سپین کا ایک مایہ ناز کارنامہ تھا۔ اور عربوں کا اس سرزمین کیلئے ایک دائمی تحفہ تھا، کیونکہ ہسپانوی باغات میں آج بھی مورش صفات کی جھلک نظر آتی ہے۔ وہاں کے مشہور باغات میں سے ایک جنرالیفے ہے۔ یہ لفظ عربی کے لفظ جنت العارف سے لیا گیا ہے۔ جس کا مطلب "عارفین کی جنت" ہے۔ اپنے وسیع گھنے سایوں، آبشاروں اور ہوا کے نرم جھونکوں کی وجہ سے مشہور یہ باغ ایک گول تھیٹر کی طرح کا تھا اور اسکی آبپاشی ندیوں کے ذریعے کی جاتی تھی جو کہ بے شمار آبشاریں بنانے کے بعد پھولوں، جھاڑیوں اور درختوں کے درمیان کھو جاتی تھیں۔ جس کی نمائندگی آج چند دیوہیکل سرو اور آس کے درخت کر رہے ہیں۔

rural (adj.)	roo'rul	رُرَل	of the villages	دیہی
glories (n.)	glor'ees	گلوریز	proud achievements	فخریہ کارنامے

The industrial and agricultural products of Muslim Spain were more than sufficient for domestic consumption (مقامی کھپت). Seville, one of the greatest of its river ports, exported cotton, olives and oil. The exports of Malaga and Jaen included saffron, figs, marble and sugar. Through Alexandria and Constantinople, Spanish products found markets as far away as India and Central Asia. Especially active was the trade with Damascus, Baghdad and Makkah. The international nautical vocabulary (جہازرانی سے متعلق الفاظ) of the modern world contains not a few words which testify to the former Arab **supremacy** (حکمرانی) on the seas—admiral, arsenal, average, cable.

مسلم ہسپانیہ کی صنعتی اور زرعی پیداوار مقامی کھپت سے کہیں زیادہ تھی۔ اس کی دریائی بندرگاہوں میں سے سب سے بڑی بندرگاہ سوِل سے کپاس، زیتون اور تیل برآمد کیا جاتا تھا۔ ملاغہ اور خائن کی برآمدات میں زعفران، انجیر، سنگ مرمر اور شکر شامل تھی۔ سکندریہ اور قسطنطنیہ کے ذریعے ہسپانوی مصنوعات ہندوستان اور وسط ایشیا جیسی دور دراز منڈیوں میں پہنچ جاتی تھیں۔ دمشق، بغداد اور مکہ کے ساتھ تجارت خاص طور پر زوروں میں تھی۔ جدید دنیا کی جہازرانی سے متعلق بیشتر الفاظ مثلاً ایڈمرل (امیر البحر) آرسنل (اسلحہ خانہ) ایورج اور کیبل، سمندروں پر عربوں کی سابقہ حکمرانی کی گواہی دیتے ہیں۔

The government maintained a regular postal service. It modelled its coinage on Eastern patterns, with the dinar as the gold unit and the dirham as the silver unit. Arab money was in use in the Christian kingdoms of the north, which for nearly four hundred years had no coinage other than Arabic or French.

حکومت نے ڈاک کی ترسیل کا باقاعدہ انتظام کیا ہوا تھا۔ اس نے اپنے سکے مشرقی طرز پر یعنی دینار کو سونے کی اکائی کے طور پر اور درہم کو چاندی کی یونٹ کے طور پر بنائے۔ عرب کا زر شمالی عیسائی بادشاہتوں میں زیر استعمال تھا۔ جن کے پاس تقریباً چار سو سال سے عربی اور فرانسیسی سکوں کے علاوہ کوئی سکے نہ تھے۔

The real glory of this period, however, lies in fields other than political. Al-Hakam, Abd-al-Rahman's successor, was himself a scholar and **patronised** (کی سرپرستی کرتا تھا) learning. He was generous to scholars and established (قائم کئے) twenty-seven free schools in the capital. Under him the University of Cordova, founded in the principal mosque by Abd-al-Rahman III, rose to a place of **pre-eminence** (فضلیت) among the educational institutions of the world. It preceded (بازی لے گئی) both al-Azhar at Cairo and the Nizamiyah of Baghdad, and attracted students, Christian and Muslim, not only from Spain but from other parts of Europe, Africa and Asia. Al-Hakam enlarged the mosque which housed the university, conducted (delivered پہنچایا) water to it in lead pipes and decorated it with mosaics brought by Byzantine artists. He invited professors from the East to the university and set aside (kept in reserve الگ رکھتا) **endowments** (وقف کردہ املاک اور پیسہ) for their salaries.

When he was a child, every time he was naughty, his fostermother (woman caring for child like mother منہ بولی ماں) used to threaten to send him to Timbuktu (an ancient city in central Mali, North Africa. The Sahara desert extends into it). Instead of (کے بجائے) alarming him, the idea aroused in him a keen desire to see this distant place.

جب وہ چھوٹا بچہ تھا ہر دفعہ جب وہ شرارت کرتا تھا اس کی رضاعی ماں اسے ٹمبکٹو (فرانسیسی افریقہ کے وسط میں ایک قدیم شہر) بھیجنے کی دھمکی دیا کرتی تھی۔ اسے خوفزدہ کرنے کے بجائے یہ خیال اس کے دل میں اس دور افتادہ جگہ کو دیکھنے کی شدید خواہش پیدا کرتا تھا۔

By the time he was a young man he was firmly **gripped** (attracted کشش میں تھا) by the **wanderlust** (شوق رہ نوردی، سفر کرنے کی زبردست خواہش). His first adventure was to go round the world at the cost of eighty dollars (about £28). After this, he determined that his next journey should be to travel right across the Sahara from Algiers, on the north coast of Africa, to Timbuktu, which is near the River Niger in the extreme south of the great desert.

جب وہ جوان ہوا شوق رہ نوردی اس پر پوری طرح غالب آچکا تھا۔ اس کی پہلی مہم صرف 80 ڈالر (28 پونڈ) میں دنیا کے گرد چکر لگانا تھی۔ اس کے بعد اس نے پختہ ارادہ کرلیا تھا کہ اس کا اگلا سفر صحارا کے بالکل آر پار افریقہ کی شمالی ساحل پر واقع شہر الجیرز سے ٹمبکٹو تک ہونا چاہیے۔ جو کہ عظیم صحرا کے انتہائی جنوب میں دریائے نجر کے نزدیک ہے۔

hitchhiking (n.)	hich'hiik'ing ہیچ ہائیکنگ	travelling by getting lifts	لفٹ لے کر سفر کرنا
gripped (v.)	gripd گرپڈ	was under the influence of	زیر اثر تھا
wanderlust (n.)	won'dur-lust' وونڈر لسٹ	strong desire to travel	سفر کرنے کی زبردست خواہش

The trans (across)-Sahara journey began at a little town, Boussaada, known to the **natives** as the "Port of the Sahara," for it is here that the desert really starts. Christopher discovered (found پتا چلا) that a desert truck was leaving for the south shortly, and he arranged (settled طے کرلیا) with the driver to be given a lift as far as it went.

صحارا کے پار سفر چھوٹے سے قصبے بوساعدا سے شروع ہوا، جو مقامی لوگوں میں "صحارا کی بندرگاہ" کے طور پر جانا جاتا ہے کیونکہ یہ وہ مقام ہے جہاں سے حقیقتاً صحرا شروع ہوتا ہے۔ کرسٹوفر کو پتا چلا کہ ایک صحرائی ٹرک جلد ہی جنوب کی طرف روانہ ہو رہا ہے، اور اس نے ڈرائیور کے ساتھ طے کرلیا کہ جہاں تک اس نے جانا ہے اسے اپنے ساتھ بٹھالے۔

The conditions were **agonising** (اذیت ناک). Three men—driver, greaser and passenger—sat side by side in the front seat, travelling at a bare 32 kilometres an hour, while the temperature rose steadily (continuously مسلسل). In two hours a flask of cold water became hot enough to make tea.

حالات اذیت ناک ہوتے جا رہے تھے۔ تین آدمی، ڈرائیور، گریزر اور مسافر سامنے والی سیٹ پر پہلو بہ پہلو بیٹھے، محض 32 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے سفر کر رہے تھے جبکہ درجہ حرارت بتدریج بڑھتا جا رہا تھا۔ دو گھنٹوں میں ٹھنڈے پانی کی فلاسک اتنی گرم ہو گئی تھی کہ چائے بنائی جاسکے۔

natives (n.)	nae'tivs نے ٹِوز	the people of the place	جگہ کے رہائشی
agonising (adj.)	ag'u-niiz'ing ایگنائزنگ	highly painful	اذیت ناک

Presently (soon, after a short time) a fast-moving weapons' carrier overtook (passed) them. Christopher stopped it and begged (درخواست کی) the lieutenant in charge to relieve (save بچالے) him from the misery (suffering اذیت) of slowly baking to death at twenty miles an hour. The lieutenant pointed out that strict military regulations forbade (disallowed منع کرتے ہیں) the carrying of civilians. Christopher replied by producing a permit from the War Ministry giving him permission to join the French Foreign Legion (military organization) for a short period in order to collect material for an article. The permission had later been withdrawn (cancelled واپس لے لی گئی تھی), but fortunately (by good luck) the lieutenant did not turn the paper over and see the "cancelled" stamp.

تھوڑی دیر میں ایک تیز رفتار اسلحہ بردار گاڑی نے انہیں آلیا۔ کرسٹوفر نے اسے روکا اور انچارج لفٹیننٹ سے درخواست کی کہ اسے بیس میل فی گھنٹہ کی رفتار سے بھن کر مرجانے کی اذیت سے بچالے۔ لفٹیننٹ نے بتایا کہ سخت فوجی قواعد وضوابط سویلینز کو گاڑی میں بٹھانے سے منع کرتے ہیں۔ جواب میں کرسٹوفر نے وزارت جنگ کا ایک اجازت نامہ پیش کیا۔ جس میں اُسے ایک مضمون کیلئے مواد جمع کرنے کیلئے مختصر مدت کیلئے "فرنچ فورن لیجن" میں شامل ہونے کی اجازت دی گئی تھی۔ یہ اجازت بعد میں واپس لے لی گئی تھی۔ لیکن خوش قسمتی سے لفٹیننٹ نے کاغذ کو پلٹ کر نہ دیکھا جہاں منسوخی کی مہر لگی ہوئی تھی۔

He was dropped at the town of Ghardaia, a typical (representative نمائندہ) desert city, except that the flies are even more numerous and stickier (more clinging زیادہ چمٹنے والی) than they are anywhere else.

کرسٹوفر کو غردیہ کے شہر میں اتار دیا گیا۔ یہ ایک نمائندہ صحرائی شہر تھا، سوائے اس کے کہ یہاں کسی بھی دوسری جگہ کی نسبت مکھیاں بہت زیادہ تعداد میں اور زیادہ چمٹنے والی تھیں۔

"Anything that has the **remotest** (دور ترین) relationship with food," Christopher states (says), "is constantly (all the time) and completely covered with flies....... They have no **hesitation** (ہچکچاہٹ) in following the food right into your mouth, and I had to be **vigilant** (چوکنا) until each mouthful was safely behind my teeth. I saw many children on the streets, but I got only a vague idea (unclear) of what they looked like, for they all wore a mask of flies."

"کوئی بھی چیز جس کا کھانے پینے سے دور کا بھی تعلق تھا۔" کرسٹوفر بیان کرتا ہے "وہ مسلسل اور مکمل طور پر مکھیوں سے ڈھکی ہوتی تھی۔ انہیں خوراک کا پیچھا کرتے ہوئے سیدھا آپ کے منہ میں جانے میں کوئی ہچکچاہٹ نہ تھی، اور جب تک ہر لقمہ بحفاظت دانتوں کے پیچھے نہیں پہنچ جاتا تھا مجھے چوکنا رہنا پڑتا تھا۔ میں نے گلیوں میں بہت سے بچے دیکھے لیکن ان کی شکلوں کے بارے میں محض میں ایک مبہم سا تصور پیدا کر سکتا تھا کیونکہ وہ سب مکھیوں کا نقاب چڑھائے ہوئے تھے۔"

remotest (*adj.*)	ri-moet´est	ریموٹسٹ	most distant	بہت دور کا
hesitation (*n.*)	hez-u-tae´shun	ہیزٹی شن	uncertainty	تامّل
vigilant (*adj.*)	vij´u-lunt	ویجلنٹ	very careful	چوکنا

He was able to continue his hitch-hike to the south in the **leisurely** manner (relaxed, easy way فرصت کے انداز میں) that was so typical of the desert. On the day of his arrival he discovered that there was a truck due to leave at once for El Golea. This truck was a new and powerful one, and carried all kinds of goods—pins and needles, sewing-machines, pots and pans, machine parts. It weighed ten tons.

وہ جنوب کی جانب پرائی سواریوں کے ساتھ اپنا سفر فرصت کے انداز میں جاری رکھنے کے قابل تھا جو کہ صحرا کیلئے مخصوص انداز ہے۔ اپنے پہنچنے کے دن اسے پتا چلا کہ ایک ٹرک فوراً الگولیا کیلئے روانہ ہونے والا ہے۔ یہ ٹرک نیا اور طاقتور تھا اور اس پر ہر قسم کا سامان—پنیں، سوئیاں، سلائی مشینیں، برتن، سینیاں، مشینوں کے پرزے لدے ہوئے تھے۔ اسکا وزن دس ٹن تھا۔

For about ten miles outside the town the road continued. Then it stopped. The route lay across an apparently (outwardly ظاہرا طور پر) trackless desert. Nonetheless (however تاہم), the driver (named Hantout) picked his way with **uncanny** skill (strange, unexplainable ability).

شہر سے باہر تقریباً دس میل تک سڑک چلتی گئی۔ پھر یہ ختم ہوگئی۔ اس سے آگے کا راستہ ظاہری طور پر ایک بے نشان صحرا تھا۔ تاہم ڈرائیور (جس کا نام ہینٹ آؤٹ تھا) نے ایک ماورائی مہارت سے اپنے راستے کا انتخاب کرلیا۔

It was difficult travelling. At times the sand became too soft to bear (*baer v.* stand برداشت) the weight of the heavy truck. It was then necessary (ضروری) to stop at once. If the wheels had been allowed to spin they would have dug themselves deeper. Ten-foot strips (long narrow pieces) of steel mesh (net جال) were dragged (pulled) from the truck and placed together to make a runway for the wheels to bite on (fix in) as the truck moved. When it reached harder ground the strips were collected up and dragged forward (آگے کھینچے جاتے) to the waiting truck. Christopher performed useful service in helping the greaser with this **arduous** operation (مشقت طلب عمل).

یہ ایک مشکل سفر تھا۔ بعض اوقات اتنی نرم زمین آجاتی تھی کہ وزنی ٹرک کا بوجھ نہیں اٹھا سکتی تھی۔ اس وقت فوری طور پر رکنا ضروری ہوجاتا تھا۔ اگر پہیوں کو گھومنے دیا جاتا تو وہ زیادہ گہرے دھنس جاتے۔ ٹرک سے دس فٹ کی فولادی جال کی پٹیاں کھینچ کر نکالی جاتی تھیں اور انہیں ساتھ ساتھ رکھ کر پہیوں کے چلنے کیلئے راستہ بنایا جاتا تھا تاکہ جب ٹرک حرکت کرے پہیے اپنی پکڑ بنا سکیں۔ جب یہ سخت زمین پر پہنچتا تو پٹیاں اکٹھی کرلی جاتیں اور انتظار کرتے ہوئے ٹرک میں دوبارہ دھکیل دی جاتی تھیں۔ کرسٹوفر نے اس مشقت طلب عمل سے گریزر کی مفید خدمت سرانجام دی۔

leisurely (*adj.*)	lee´zhur-lee	لی زہرلی	slow and easy-going	آرام کے ساتھ
uncanny (*adj.*)	un´kan´ee	اَن کَے نی	strange and difficult	پراسرار اور مشکل
arduous (*adj.*)	aar´joo-us	آرجواس	very difficult	مشقت طلب

The driver added to the discomfort (trouble تکلیف) of the journey by relating (giving) details of a recent case in which three English people had attempted to cross a part of the desert in a car with only one day's water-supply.

ڈرائیور نے حال ہی میں پیش آنے والے ایک واقعہ کی تفصیلات بیان کرکے سفر کی تکلیف میں مزید اضافہ کردیا، جس میں تین انگریزوں نے پانی کی صرف ایک یوم کی رسد کے ساتھ صحرا کے ایک حصے کو پار کرنے کی کوشش کی تھی۔

Their car had become stuck in a sand dune (mound ریت کا ٹیلا), and three days later their bodies were found dried up like leaves. They had drained (taken the water out of خالی کر دیا تھا) the radiator in their **desperate** (شدید) thirst, and one of them tried to drain the oil from the crank-case. Hantout had been one of the search party, and he spared his listener (held back from, withheld) none of the **grim** (افسردہ گن) details.

کار ایک ریت کے ٹیلے میں پھنس گئی تھی اور تین دن بعد ان کے جسم پتوں کی طرح سوکھے ہوئے پائے گئے تھے۔ انہوں نے اپنی شدید پیاس میں ریڈی ایٹر بھی خالی کر دیا تھا، اور ان میں سے ایک نے کرینک شافٹ سے تیل نکالنے کی کوشش کی تھی۔ ہنٹ آؤٹ تلاش کرنے والی پارٹی میں شامل تھا اور اس نے اپنے سامع سے بھیانک تفصیلات میں سے کچھ بھی دبا کر یا چھپا کر نہیں رکھا۔

desperate (adj.)	des'pur-it	ڈیس پَرِٹ	extreme in hopelessness	مایوسی میں شدید
grim (adj.)		گرِم	unpleasant and depressing	ناخوشگوار اور افسردہ گن

The story came **vividly** (واضح طور پر) to Christopher's mind on the second morning. The greaser announced that one of the two goatskin bags of water had burst (پھٹ گیا) during the night. Even if every thing went well, the rest of the journey would not be pleasant.

دوسری صبح یہ کہانی کرسٹوفر کے ذہن میں بڑی وضاحت سے تازہ ہو گئی۔ گریزر نے بتایا کہ بکرے کی کھال کے پانی کے دو مشکیزوں میں سے ایک پھٹ گیا ہے۔ اگر سب کچھ ٹھیک بھی رہے تو باقی ماندہ سفر خوشگوار نہ ہوگا۔

An outpost (small military base فوجی چوکی) with a water-supply was found on one of Christopher's maps, and they set off (started) towards it. By dawn they had gone fifty miles and dug out of five more sand dunes (mounds ٹیلے). Christopher was sick with thirst (پیاس سے نڈھال); and to add to his misery (suffering اذیت) he had jumped bare-footed from the driver's cabin on one occasion (at one time ایک موقع پر), not realising (understanding اندازہ نہ کرتے ہوئے) the intense (extreme) heat (شدید تپش) of the sand. It was as if he had jumped into a bed of hot coals. With a **scream** (چیخ) of pain he hopped (jumped with two feet) back into the truck.

کرسٹوفر کے نقشوں میں سے ایک پر پانی کی رسد کے ساتھ فوجی چوکی کا پتا چلا، اور وہ اس طرف روانہ ہو گئے۔ سحر ہونے تک وہ پچاس میل جا چکے تھے اور ریت کے پانچ مزید ٹیلوں میں ہو کر گزرے تھے۔ کرسٹوفر پیاس سے نڈھال ہو رہا تھا اور اس اذیت میں مزید اضافہ ہو گیا جب وہ ایک موقع پر ریت کی شدید تپش کا اندازہ نہ کرتے ہوئے ڈرائیور کیبن سے ننگے پاؤں نیچے کود گیا۔ یہ ایسا تھا گویا اس نے دہکتے ہوئے کوئلوں کی تہہ پر چھلانگ لگائی ہو۔ درد سے چیختے ہوئے وہ دوبارہ ٹرک پر کود کر واپس آ گیا۔

vividly (adv.)	viv'id-li	وی وِی ڈلی	clearly	واضح طور پر
scream (n.)	skreem	سکریم	fearful and painful cry	خوف اور درد بھری چیخ

Meanwhile, his thirst grew fiercer (much stronger).

اس دوران اس کی پیاس شدید تر ہو گئی۔

"Everything was dead and dry and hot ...... My mind was foggy (confused ماؤف ہو گیا). I was on fire, the inside of my head felt dried up, and my lungs hurt from the hot air ...... There were times when I tried to make myself faint (unconscious بے ہوش), but my head was **pounding** (hammering, hitting me hard دھمک رہا تھا) with such pain that it kept me conscious awake and in senses."

"ہر چیز مردہ، خشک اور گرم تھی۔ میرا دماغ ماؤف ہو گیا تھا۔ میں جل رہا تھا، میرے سر کا اندرونی حصہ خشک محسوس ہو رہا تھا۔ اور میرے پھیپھڑے گرم ہوا سے زخمی ہو گئے تھے۔ ایسے لمحات بھی آئے جب میں نے اپنے آپ کو بیہوش کرنے کی کوشش کی، لیکن میرا سر ایسے درد سے دھمک رہا تھا کہ اس نے مجھے ہوش میں رکھا۔"

The outpost was discovered at last and it contained a well full of cool water. They drank until they could drink no more.

آخر کار فوجی چوکی مل گئی اور اس میں ٹھنڈے پانی سے بھرا ہوا کنواں میں موجود تھا۔ انہوں نے پانی پیا یہاں تک وہ مزید نہیں پی سکتے تھے۔

They certainly needed it. The heat was **incredible** (ناقابل یقین). In the shade of the mud house the temperature reached 130°F, while out on the sand the thermometer registered 165°F, which is nearly thirty degrees higher than the highest temperature officially recorded.

انہیں یقیناً اس کی ضرورت تھی۔ گرمی ناقابل یقین تھی۔ مٹی کے گھر سائے میں درجہ حرارت 130° فارن ہائٹ تھا جبکہ باہر ریت پر 165° فارن ہائٹ تھا جو کہ سرکاری طور پر زیادہ سے زیادہ ریکارڈ کیے گئے درجہ حرارت سے تقریباً تیرہ درجے زیادہ تھا۔

pounding (v.)	pound-ing	پائونڈِنگ	feeling a beating inside	اندر ضرب لگنا محسوس ہو رہا تھا
incredible (adj.)	in-kred´u-bul	اِن کریڈَبل	unbelievable	ناقابلِ یقین

El Golea, a hundred miles on, was reached without further **mishap** (unlucky accident حادثہ). It was a fascinating (charming محسور کن) little town, a true **oasis** (نخلستان), with so much water available that they hardly knew what to do with it. Every day of the week that he was there Christopher spent hours bathing in a little pool half a kilometre from the centre of the town, shaded by palm trees and fruit trees, or lying on the cool grass beside the pool, watching the birds feasting on (feeding heartily خوب کھل کر کھانے) the dates. What a contrast (difference) from the desert all around it!

سو میل آگے ایل گولیا تک بغیر کسی مزید حادثہ کے پہنچ گئے۔ یہ ایک مسحور کن چھوٹا سا قصبہ تھا، ایک حقیقی نخلستان، یہاں اتنا زیادہ پانی دستیاب تھا کہ وہ بمشکل سمجھ پا رہے تھے کہ اس کا کیا کریں۔ کرسٹوفر نے ایک ہفتہ جو وہاں گزارا شہر کے مرکز سے آدھ کلو میٹر دور کھجوروں کے درختوں اور پھلدار درختوں کے سائے تلے ایک تالاب کے کنارے پر ٹھنڈی گھاس پر لیٹ کر کھجوریں کھاتے ہوئے پرندوں کا نظارہ کرتے ہوئے بسر کیا۔ چاروں طرف پھیلے ہوئے صحرا سے یہ ایک عجیب تضاد تھا!

The journey from El Golea to In Salah was not without its **excitements** (passionate joys جوش و ہیجان). It was made in a heavy truck carrying ten tonnes of ammunition, driven by a particularly (especially خاص طور پر) able and experienced his way across the apparently (outwardly) trackless (pathless بے راستہ) desert was a source of constant amazement (great surprise) to Christopher.

ال گلیا سے ان صالح تک سفر اپنے جوش و خروش کے بغیر نہیں تھا۔ یہ ایک وزنی ٹرک میں کیا گیا جو دس ٹن گولہ بارود اٹھائے ہوئے تھا۔ جسے ایک خاص طور پر قابل اور تجربہ کار ڈرائیور چلا رہا تھا جس طرح وہ ظاہری طور پر بے راستہ صحرا میں سے اپنے راستے کا انتخاب کر رہا تھا وہ کرسٹوفر کیلئے مسلسل حیرت کا سبب تھا۔

mishap (n.)	mis´hap´	مِس ھے پ	unlucky accident	افسوسناک حادثہ
oasis (n.)	oe-ae´sis	او اے سِس	fertile green spot in a desert	نخلستان
excitement (n.)	ek-siit´munt	ایک سائِٹ مَنٹ	passion, interest and pleasure	جوش و ہیجان

During the next day Christopher suffered one of his worst experiences. Bahemed assured him that it would be a good thing to mix a little wine with his water. Christopher was doubtful, but he risked it (took the risk, faced the danger خطرہ مول لے لیا).

اگلے دن کرسٹوفر کو اپنے بدترین تجربات میں سے ایک سے گزرنا پڑا۔ بہمد نے اسے یقین دلایا کہ اپنے پانی میں تھوڑی سی شراب ملا لینا اچھی بات ہوگی۔ کرسٹوفر کو شک تھا لیکن اس نے خطرہ مول لے ہی لیا۔

The result was **disastrous** (terrible خوفناک). During the heat of the day they were lying in the shade of the truck, the two Arabians asleep. Wanting something from the driver's cabin, he got up to get. it. As he was climbing up he was suddenly overcome (overpowered قابو کر لیا) by a strange sickness (عجیب نقاہت). His head started to pound, and he found himself **shivering violently** (trembling severely شدت سے کانپتے ہوئے). He knew he was going to **collapse**, so he made a desperate effort (rash effort بے دھڑک کوشش) to avoid the blazing (burning, too hot جلتی ہوئی) sand. His fall as he **blacked out** (بیہوش ہو گیا), fortunately, woke the other two, and they dragged (pulled with difficulty گھسیٹا) him completely into the shade.

نتیجہ تباہ کن نکلا۔ دن کی تپش میں وہ ٹرک کے سائے میں لیٹے ہوئے تھے۔ دونوں عربی سوئے ہوئے تھے۔ ڈرائیور کے کیبن سے اُسے کوئی چیز چاہیے تھی جسے لینے کیلئے اٹھا۔ جیسا کہ وہ اوپر چڑھ رہا تھا اچانک اسے ایک عجیب سے نقاہت نے قابو کر لیا، آن لیا۔ اس کا سر دھک دھک کرنے لگا اور اس نے اپنے آپ کو شدت سے کانپتے ہوئے پایا۔ وہ سمجھ گیا کہ وہ (بے ہوشی میں) گرنے والا ہے۔ لہٰذا اس نے دہکتی ہوئی ریت سے بچنے کی بے دھڑک کوشش کی۔ اس کے گرنے نے جیسے وہ بیہوش ہوا، خوش قسمتی سے دوسرے دو آدمیوں کو جگا دیا، جنہوں نے اسے گھسیٹ کر پوری طرح سائے میں کر دیا۔

shivering (v.)	shiv´ur-ing	شِوَرِنگ	trembling	کانپنے لگا
violently (adj.)	vii´u-lunt-li	وائلَنٹلی	severely	شدت کے ساتھ

disastrous (adv.)	di-zas´trus	ڈی زاسٹرَس	tragic	المناک
collapse (v.)	ku-laps´	کُلے پسَ	fall, drop down	گر پڑنا
blacked out (v.)			became unconscious for some time	کچھ دیر کے لیے بیہوش ہوا

For an hour he could not speak. His two companions took off their turbans (پگڑیاں) and poured water (let water fall پانی ڈالا، انڈیلا) on them, using them to rub his body gently in order to keep his temperature down. When he recovered (regained) his senses (became conscious), they gave him as much water as he could drink.

ایک گھنٹے تک وہ بول نہ سکا۔ اس کے دو ساتھیوں نے اپنی پگڑیاں اُتاریں، ان پر پانی ڈالا اور اس کے درجہ حرارت کو کم رکھنے کیلئے انہیں آہستہ آہستہ اس کے جسم پر رگڑتے رہے۔ جب اس کے حواس بحال ہوگئے انہوں نے اسے اتنا پانی دیا جتنا وہ پی سکتا تھا۔

The quality of the water is not the only respect (aspect پہلو) in which In Salah differs (is different مختلف) from El Golea. The latter town, with its shady swimming pools and its luxuriant (richly growing خوب پھلتے پھولتے) trees and plants, has triumphed over (defeated, overcome پر فتح حاصل کرلی ہے) the barrenness (waste, dryness بنجرپن) of the desert. In Salah is fighting a desperate battle for **survival** (بقا), and perhaps losing the **contest** (مقابلہ). The sand is constantly **encroaching on** the town.

صرف پانی کا معیار ہی نہیں تھا جس کی بنا پر اِن صالح اِل گلیا سے مختلف ہے۔ موخرالذکر قصبے نے اپنے سایہ دار تیراکی کے تالابوں اور پودوں کے ساتھ صحرا کے بنجرپن پر فتح حاصل کرلی ہے۔ اِن صالح اپنی بقا کی مایوس کن جنگ لڑ رہا ہے، اور شاید مقابلہ ہار رہا ہے۔ ریت مسلسل شہر پر غاصبانہ قبضہ حاصل کررہی ہے۔

survival (n.)	sur´-viiv´-ul	سرّوائی وَل	living, continuity	بقا۔ بچ جانا
contest (n.)	kon´test´	کونَ ٹیسٹَ	fight, struggle	مقابلہ
encroaching on (v.)	en-kroech´ing	این کروچنگ	affecting and occupying	ناجائز تجاوزات قائم کررہا ہے

"Parts of the town are being **swallowed** (نگلے جارہے ہیں) by the desert. It is a frightening thing to see. Man has tried by every means (way ذریعہ) to hold it back, but in spite of his efforts, the desert keeps tightening (تنگ کررہا ہے) its stranglehold (deadly grip شکنجا). Palm trees that once lifted their branches high above the dunes are now like bushes, and some of them are completely covered. I bent down and picked dates off some of them. Many people have had to leave their homes. Storm fences (hedges to resist storms طوفان روکنے والی باڑیں) do little, if any, good."

"شہر کے کئی حصوں کو صحرا کی ریت نگلتی جارہی ہے۔ یہ ایک خوفناک نظارہ ہے۔ انسان نے اسے پیچھے روک رکھنے کا ہر حربہ آزمالیا ہے۔ لیکن اس کی کوششوں کے باوجود صحرا اپنے شکنجے کو تنگ کرتا آرہا ہے۔ کھجور کے درخت جو کبھی ریت کے ٹیلوں پر اپنی شاخیں بلند کئے کھڑے تھے اب جھاڑیوں کی مانند ہیں، اور ان میں سے کچھ مکمل طور پر ڈھکے جاچکے ہیں۔ میں نے نیچے جھک کر ان میں کچھ کی کھجوریں توڑیں۔ بہت سے لوگوں کو اپنے گھر چھوڑنے پڑ رہے ہیں۔ طوفان روکنے والی باڑیں بھی کوئی فائدہ نہیں دے رہیں۔"

A truck was leaving shortly—a big, dirty, **clumsy-looking** (بھدا دکھائی دینے والا) oil truck. This time the driver and greaser seemed **reluctant** (غیر رضامند) to take him. Although they finally agreed, they did their best to go without him. It turned out (was found) that they believed him to be a Frenchman, and they disliked the French. When they found that he was American they became friendly at once.

ایک بڑا، گندا اور بھدا سا دکھائی دینے والا ٹرک جلد ہی روانہ ہونے والا تھا۔ اس دفعہ ڈرائیور اور گریزر اسے اپنے ساتھ لے جانے پر رضامند نظر نہیں آتے تھے۔ اگرچہ آخرکار وہ رضامند ہوگئے، انہوں نے اس کے بغیر جانے کی پوری کوشش کی۔ بعد میں پتا چلا کہ وہ اسے فرانسیسی سمجھ رہے تھے اور وہ فرانسیسیوں کو پسند نہیں کرتے تھے۔ جب انہیں پتا چلا کہ وہ امریکن ہے تو ان کا رویہ فوراً دوستانہ ہوگیا۔

swallowed (v.)	swaa-lod	سوالوڈ	eaten up	نگلے جانا
clumsy-looking (adj.)	klum´zee lo͝ok´ing		awkward-looking	بھدا لگنے والا
reluctant (adj.)	ri-luk´tunt	ریک لکّ ٹنٹ	hesitant, unwilling	غیر رضامند

It was **unbearably stifling** (ناقابل برداشت گھٹن تھی) in the driver's cabin. Christopher was completely **overcome** at one point, and when a midday stop was made at a little mud-building outpost, he **staggered** (لڑکھڑایا) inside, to the astonishment (great surprise حیرانگی) of the French officer quartered (housed) there, and lay down on the floor to be ill. Fortunately, he had recovered by the evening, and was able to continue the truck journey.

ڈرائیور کے کیبن میں ناقابل برداشت گھٹن تھی۔ ایک وقت تو کرسٹوفر پوری طرح بے بس ہوگیا اور جب دوپہر کے وقت ایک چھوٹی سی کچی بنی ہوئی فوجی چوکی پر رکے تو لڑکھڑاتا ہوا اندر داخل ہوا اور نقاہت کی وجہ سے فرش پر لیٹ گیا۔ وہاں متعین فرانسیسی افسر کو بہت حیرانگی ہوئی۔ خوش قسمتی سے وہ شام تک صحت یاب ہوگیا اور ٹرک پر سفر جاری رکھنے کے قابل ہوگیا۔

unbearably (*adv.*)	un'bar'u-buli	ان بیرَبلی	too painfully	بہت تکلیف دہ طور پر
stifling (*adj.*)	stii'ful-ing	سٹائی فلِنگ	making it difficult to breathe	سانس میں رکاوٹ پیدا کرنے والا
overcome (*v.*)	oevur-kum'	اوور کم	helpless, exhausted	بے بس، تھک گیا
staggered (*v.*)	stag'ur-ed	سٹے گرڈ	walked with weak steps	نحیف قدموں کے ساتھ چلا

Tamanrasset was reached at last; and here Christopher made one of his most valuable contacts (relationships تعلقات). This was Professor Claude Balanguernon, a remarkable (notable, unusual قابل ذکر) Frenchman who has devoted (set aside وقف کر دیا ہے) himself to helping the Tuareg people. He succeeded in convincing them (making them believe قائل کرنے میں) that education would be useful to them. Then most wisely, he adapted (adjusted ڈھال لیا) himself to their habits and customs, so that he could help them to get the most from their own natural way of life, rather than **persuade** them (انہیں اس پر قائل کرے) to adopt Western habits unsuited (not fit for جو موزوں نہ ہوں) to their land and traditions (دیس اور روایات).

آخر کار وہ ٹیمنز یسٹ پہنچ گئے اور یہاں کرسٹوفر نے ایک بہت گرانقدر تعلق قائم کیا، یہ پروفیسر کلوڈ بیلینگرنن، ایک قابل ذکر فرانسیسی تھا جس نے ٹورگ لوگوں کی مدد کیلئے اپنے آپ کو وقف کر رکھا تھا۔ وہ انہیں اس بات پر قائل کرنے میں کامیاب ہوگیا تھا کہ تعلیم اُن کیلئے فائدہ مند ہوگی۔ پھر بڑی دانشمندی کے ساتھ اُس نے اپنے آپ کو ان کی عادات اور رسوم کے مطابق ڈھال لیا تاکہ وہ ان کی اپنی فطری طرز زندگی سے مفید پہلو نکال کر ان کی مدد کر سکے۔ بجائے اس کے ان کو مغربی عادات اپنانے کی تلقین کرے جو کہ ان کے دیس اور روایات سے موافقت نہ رکھتی ہوں۔

Balanguernon acted as Christopher's guide, host, and friend while he was in Tamanrasset. With his assistance (help) Christopher was able to spend a week in the encampment (camps and huts for temporary stay عارضی قیام کیلئے تنبو اور جھونپڑیاں) of the Tuareg Amenokal (King), an experience which he found fascinating. The Tuaregs, though their life is **primitive** (قدیمی) are a people of great dignity (glory شان), extreme honesty, high intelligence, and with quite an **ancient** history (قدیم تاریخ). In preparation (تیاری) for this visit Christopher learnt to ride a camel, a task which he found more difficult than it looks. During his first lesson he was thrown over the animal's head three times, and once over its rear.

بیلینگرنن نے ٹیمنز یسٹ میں کرسٹوفر کے قیام کے دوران اس کے گائیڈ، میزبان اور دوست کے طور پر کام کیا۔ اس کے تعاون سے کرسٹوفر کو ایک ہفتہ تورگ امینوکل (بادشاہ) کی عارضی قیام گاہ میں گزارنے کا موقع ملا۔ یہ ایک ایسا تجربہ تھا جسے اس نے مسحور کن پایا۔ تورگ اگرچہ ان کی طرز زندگی قدیم ہے، بڑے پروقار، انتہائی دیانت دار، بہت زیادہ ذہین اور ایک قدیم تاریخ کے حامل لوگ ہیں۔ اس سفر کی تیاری کیلئے کرسٹوفر نے اونٹ پر سواری کرنی سیکھی جو ایک ایسا کام تھا جسے اس نے جتنا نظر آتا ہے اس سے مشکل پایا۔ اپنے پہلے سبق کے دوران وہ تین مرتبہ جانور کے سر سے اور ایک مرتبہ اس کے پیچھے سے نیچے جا گرا تھا۔

persuade (*v.*)	pur-swaed'	پرسوے ڈ	make one do something	کچھ کرنے پر آمادہ کرنا
primitive (*adj.*)	prim'u-tiv	پری مٹِو	of the first (earliest) society	قدیمی۔ ابتدائی دور کی
ancient (*adj.*)	aen'shunt	این شنٹ	of olden times	قدیم وقتوں میں

It was on this **formidable** (powerful مضبوط اور موثر) type of transport that he was to continue his Sahara journey. There were no more trucks.

مضبوط اور موثر قسم کی سواری تھی جس پر اسے صحارا میں اپنا سفر جاری رکھنا تھا۔ اب وہاں کوئی ٹرک نہیں تھے۔

Balanguernon arranged for one of his most educated pupils, a young Tuareg noble (highly placed person) named Boubaker, to act as guide for the first few days of the 1280 kilometres journey from Tamanrasset to Timbuktu. The start was made at dawn, Boubaker and Christopher each on a camel, with a third carrying Christopher's supplies (stocks سامان). It would probably be two or three weeks before the next village was reached, so it was essential (very necessary لازمی) for him to take enough food and drink to last that time. Out in the burning desert there are no villages to turn to if food runs short.

بیلینگرنن نے ٹیمنریسٹ سے ٹمبکٹو تک 1280 کلومیٹر کے سفر کیلئے اپنے سب سے زیادہ تعلیم یافتہ شاگرد ایک بلند مقام تورگ نوجوان، جس کا نام ابوبکر تھا، کو پہلے چندروز بطور گائیڈ کام کرنے کیلئے مقرر کیا۔ سفر کا آغاز سحر کے وقت کیا گیا۔ ابوبکر اور کرسٹوفر دونوں ایک ایک اونٹ پر سوار تھے، تیسرے پر کرسٹوفر کا کھانے کا سامان تھا۔ اگلے گاؤں تک پہنچنے سے پہلے تقریباً دو یا تین ہفتے درکار تھے۔ لہٰذا اس کیلئے ضروری تھا کہ اتنی خوراک اور پانی لے جائے جو اتنے عرصہ کیلئے کافی ہو۔ اگر خوراک کم پڑ جاتی تو اس جلتے ہوئے صحرا میں کوئی گاؤں ایسا نہ تھا جس کا رخ کیا جا سکتا۔

The most difficult and dangerous stage of the journey now had to be endured (tolerated, faced برداشت کرنا پڑتا تھا). It began when Christopher was handed over by the leader of a big caravan to a small group who were willing (ready) to go to Kidal, about 560 kilometres from Timbuktu. The little party, two Tuaregs, a slave, and Christopher, began by setting out (starting) to find a well which was on their route, in order to **replenish** (دوبارہ بھرنے کیلئے) their water-bags. They reached it at last and it was bone-dry.

سفر کا سب سے زیادہ مشکل اور خطرناک مرحلہ اب برداشت کرنا پڑتا تھا۔ اس کا آغاز اس وقت ہوا جب کرسٹوفر کو ایک بڑے قافلے کے سردار نے اسے ایک چھوٹے گروہ کے حوالے کیا جو کہ ٹمبکٹو سے تقریباً 560 کلومیٹر کیڈل جانا چاہتا تھا۔ چھوٹی پارٹی، جس میں دو تورگ اور ایک غلام اور کرسٹوفر تھے، نے اپنے مشکیزے کو بھرنے کیلئے سفر کا آغاز اس کنوئیں کی تلاش میں روانہ ہوتے ہوئے کیا جو ان کے راستے میں تھا۔ آخر وہ اس تک پہنچ گئے وہ مکمل خشک ہو چکا تھا۔

formidable (adj.)	for'm-du-bul	فورْمَ ڈبَل	powerful and effective	مضبوط اور موثر
replenish (v.)	ri-plen'ish	ری پلینش	fill again	دوبارہ بھرنا

There was only one tin of food left in Christopher's pack, and the four of them shared the beans (پھلیاں) it contained. His guides carried no food at all, and very little water. By the time darkness came, Christopher's water supply was down to one litre. At this point twenty large vultures (very large birds eating dead bodies گدھ) were discovered (noticed نظر آئے), and these stood watching the travellers with interest "making up their minds (deciding) whether they wanted white or dark meat for the meal they were sure they would soon be eating."

کرسٹوفر کے بیگ میں صرف خوراک کا ایک ٹین (ڈبہ) رہ گیا تھا۔ اور اس میں موجود پھلیوں کے چاروں حصہ دار تھے۔ اس کے گائیڈوں کے پاس کوئی خوراک نہ تھی اور بہت تھوڑا پانی تھا۔ اندھیرا چھانے کے وقت تک کرسٹوفر کے پاس پانی کی رسد صرف ایک لٹر رہ گئی تھی۔ اس مقام پر بیس بڑے گدھ نظر آئے، یہ بڑی دلچسپی سے مسافروں کو دیکھ رہے تھے "اور سوچ رہے تھے کہ کھانے میں آیا وہ سفید گوشت پسند کریں گے یا کالا، جس کا انہیں یقین تھا وہ جلد کھا رہے ہوں گے۔"

The vultures were to be disappointed (مایوسی کا سامنا کرنا پڑتا تھا). The four men went to sleep early—a desert custom (way of behaving صحرائی رسم) when travellers are hungry or thirsty—and next morning were still alive. They had just enough water left to make one cup of tea each and then set off (started) for the next **waterhole** (پانی سے بھرا گڑھا), about five hours distant (away پانچ گھنٹے کی مسافت پر تھا).

گدھوں کو مایوسی کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ چاروں آدمی جلدی سو گئے۔ (جب مسافر بھوکے یا پیاسے ہوں تو یہ ایک صحرائی رسم ہے۔) اگلی صبح وہ ابھی تک زندہ تھے۔ ان کے پاس محض اتنا پانی تھا جس سے ہر ایک کے لئے چائے کا ایک کپ بن سکتا تھا اور وہ پانی کے اگلے گڑھے کی تلاش میں چل پڑے جو تقریباً پانچ گھنٹے کی مسافت پر تھا۔

When they reached it, just before the hottest part of the day, they found that this too, like the previous hole, was completely dry. The next waterhole was two days away and the travellers now had neither food nor water.

جب وہ دن کے گرم ترین ایام سے ذرا پہلے یہاں پہنچے تو انہوں نے اسے بھی پچھلے گڑھے کی طرح مکمل خشک پایا۔ اگلا پانی کا گڑھا دو دن کی مسافت پر تھا اور اب مسافروں کے پاس نہ خوراک تھی اور نہ پانی۔

The future looked grim (horrible).

There was just one chance of survival (living on زندہ رہنے کا). One of the six camels could be killed. The decision was made—Christopher being asked to pay his share of the cost, to which he willingly (readily بخوشی) agreed. Strangely enough (surprisingly), as soon as a camel was picked for the slaughter (killing for food ذبح کرنے کو) it seemed to know what was to happen and started screaming (crying loudly in fear خوف میں چیخنا شروع کر دیا) at the top of its voice.

When the **victim** (prey شکار) was killed, the liquid in its stomach (معدہ) was caught in a waterbag (مشکیزہ) by the slave. It would be hard to think of a less (worse) drink than the greenish fluid, like thin blood, produced from this source. Even the Tuaregs made faces (disapproved from faces منہ بسورے) as they drank it. Christopher could not **tackle** it, **parched** though he was, until he had boiled it: and even then he had to hold his nose while he drank it. Somehow he got it down. Together with the camel's flesh, the unappetising (with very bad taste بدذائقہ) liquid kept them going for another two days.

مستقبل افسردہ کن نظر آتا تھا۔

زندہ رہنے کا صرف ایک موقع تھا۔ چھ اونٹوں میں سے ایک کو مارا جا سکتا تھا۔ فیصلہ کر لیا گیا — کرسٹوفر کو اپنے حصے کا خرچ ادا کرنے کو کہا گیا جس کے لئے وہ بخوشی راضی ہو گیا۔ بڑی حیرت کی بات تھی کہ جیسے ہی اونٹ ذبح کرنے کیلئے پکڑا گیا ایسا نظر آتا تھا کہ اسے پتا چل گیا تھا کیا ہونے والا ہے اور اس نے اپنی پوری آواز کے ساتھ بلکانا شروع کر دیا۔

جب شکار کو مار دیا گیا اس کے معدے کے سیال مادے کو غلام نے مشکیزے میں ڈال لیا۔ اس ذریعے سے سبزی مائل پتلے خون جیسا جو سیال مادہ حاصل ہوا اس سے کم درجے کا مشروب کا تصور کرنا مشکل تھا۔ حتیٰ کہ تورگ بھی اسے پیتے ہوئے منہ بسور رہے تھے۔ کرسٹوفر نے جب تک اسے ابال نہ لیا اس سے نپٹ نہ سکا (اسے پی نہ سکا) اگرچہ وہ پیاسا تھا اسکے حلق میں کانٹے پڑ رہے تھے اور پھر بھی جب وہ اسے پی رہا تھا اسے اپنا ناک بند کرنا پڑا۔ کسی نہ کسی طرح اس نے اسے اندر انڈیل لیا۔ اونٹ کے گوشت اور بدذائقہ سیال نے انہیں دو دن مزید چلتے رکھا۔

waterhole (*n.*)		ووٹر ھول	hollow place with water for animals	نشیب یا گڑھا
victim (*n.*)	vik´tim	وِکٹِم	the object attacked	جس چیز پر حملہ کیا گیا
tackle (*v.*)	tak´ul	ٹے کَل	handle	نپٹنا
parched (*v.*)	paarchd	پارچڈ	very thirsty	بہت خشک

The region (large area علاقہ) through which they were passing was known as the Land of Thirst and Death, and the name was well chosen. It was an area **notorious** (بدنام) for sandstorms (ریت کے طوفانوں) as well as for dried-up waterholes (پانی کے خشک گڑھے). Christopher soon experienced one of them. Shortly after the midday stop (دوپہر کا قیام) on the following day, the camels all **instinctively** (جبلی طور پر) turned off their course (way راستہ) to the right, making for (going towards) the nearest depression (depth گڑھا) in the waste of sand. The reason presently (soon) became clear to Christopher as he gazed at (looked constantly at) the horizon (*hu-riizun n.* meeting line of earth and sky افق).

وہ علاقہ جہاں سے وہ گزر رہے تھے پیاس اور موت کی سرزمین کہلاتا تھا اور یہ نام بالکل درست منتخب کیا گیا تھا۔ یہ ایک ایسا علاقہ تھا جو ریت کے طوفانوں اور خشک گڑھوں کی وجہ سے بدنام تھا۔ کرسٹوفر کو جلد ہی ان میں سے ایک کا تجربہ ہوا۔ اگلے دن دوپہر کے قیام کے فوراً بعد اونٹوں نے مکمل جبلی طور پر اپنا راستہ دائیں جانب موڑ لیا۔ اور ریت کے بیابان میں قریب ترین گڑھے کا رخ کیا۔ کرسٹوفر نے جیسے ہی افق پر نظر ڈالی وقتی طور پر وجہ اس پر واضح ہو گئی۔

notorious (*adj*)	noe-tor´ee-us	نوٹو ری آس	badly known	بدنام
instinctively (*adv.*)	in´sting´tiv-li	اِنسٹنکٹِوَلی	naturally and readily	جبلی طور پر

"It was incredible (unbelievable ناقابلِ یقین). The dunes seemed to be on fire, the peaks were melting away and the whole horizon was changing shape. Then as it started to get dark I heard a sound like wind blowing through the leaves of a tree."

"یہ ناقابلِ یقین تھا۔ ریت کے ٹیلے جلتے ہوئے نظر آ رہے تھے، چوٹیوں پر برف پگھل رہی تھی اور تمام افق صورت تبدیل کر رہا تھا۔ پھر جیسے اندھیرا چھانا شروع ہوا، میں نے درخت کے پتوں میں چلتی ہوئی ہوا جیسی آواز سنی۔"

His companions made signs for him to hide himself behind his camel and cover his head. He did so, but the force of the storm when it struck was too great to be avoided. Even with the camel's body as a shield, I could feel the impact of the wall of sand that came streaming along the earth. The wind found even the smallest opening in my clothes, and the sand felt like little needles."

اس کے ساتھیوں نے اسے اشارے کئے کہ وہ اپنے آپ کو اونٹ کے پیچھے چھپا لے اور اپنا سر ڈھانپ لے۔ اس نے ایسا ہی کیا، لیکن جب طوفان ٹکرایا تو اس کی طاقت اتنی زیادہ تھی کہ اس سے بچا نہ جا سکا۔ "اونٹ کے جسم کی ڈھال کے باوجود میں ریت کی اس دیوار کے ٹکراؤ کو محسوس کر سکتا تھا جو زمین کے ساتھ بہتی ہوئی آئی تھی۔ ہوا نے میرے کپڑوں میں انتہائی چھوٹے سوراخ کو بھی ڈھونڈ لیا تھا اور ریت چھوٹی سوئیوں کی طرح محسوس ہوتی تھی۔"

There was nothing he could do but crouch down (lower the body in tiredness جھک کر بیٹھنے) waiting for the storm to finish, while the sand steadily piled up (slowly and continuously collected ڈھیر ہوتی گئی) on top of him. He found himself recalling a true story that just such a sandstorm, many years earlier, had completely buried a huge caravan of 1200 camels without leaving a trace (sign نشان) of them.

وہ کچھ بھی نہیں کر سکتا تھا سوائے جھک کر بیٹھنے اور طوفان کے ختم ہونے کی انتظار کرنے کے، جبکہ ریت بتدریج اس کے اوپر ڈھیر ہوتی چلی گئی۔ اسے ایک سچی کہانی یاد آ رہی تھی جب بہت سال پہلے ایسے ہی ایک ریت کے طوفان نے 1200 اونٹوں پر مشتمل ایک بڑے کاروان کو بغیر اس کا نشان چھوڑے مکمل طور پر دفن کر دیا تھا۔

The present storm fortunately (luckily) was less **drastic** (less severe کم شدید), and lasted only half an hour. But they all had seventy five millimetres of sand completely covering them; and it did not need much imagination (تصور) to understand how a party could easily be buried and **suffocated** (choked دم گھٹ کر مرنا).

خوش قسمتی سے موجودہ طوفان کم شدید تھا اور صرف آدھے گھنٹے میں ختم ہو گیا۔ لیکن ان سب پر انہیں مکمل طور پر ڈھانپے ہوئے پچھتر ملی میٹر ریت کی تہہ تھی۔ اور یہ سمجھنے کیلئے کس طرح ایک پارٹی آسانی سے دم گھٹ کر مرنے سے دفن ہو سکتی ہے کسی لمبے چوڑے تصور کی ضرورت نہ تھی۔

drastic (*adj.*)	dras´tik	ڈریسٹِک	extreme, severe	شدید
suffocated (*v.*)	suf´u-kaet´ed	سَفکے ٹِڈ	chocked, killed by stopping to breathe	دم گھٹ کر مر جانا

Kidal was the last town on his route before Timbuktu itself; but there were still over 450 kilometres of grim desert to be crossed. This proved to be the loneliest and most **arduous** (*aar´joo-us* مشقت طلب) stage of the whole desert crossing.

خود ٹمبکٹو سے پہلے کیدل اس کے راستے پر آخری قصبہ تھا، لیکن اب بھی 450 کلو میٹر سے زیادہ افسردہ کن صحرا کو پار کرنا تھا۔ یہ پورے صحرا کو پار کرنے میں سنسان ترین اور سب سے زیادہ خطرناک مرحلہ ثابت ہوا۔

The stress (pressure) of desert travel had affected (متاثر کیا تھا) him physically. His hand had become so cracked (under pressure and strain دباؤ اور تناؤ میں) that he could hardly use his camera. To add to his troubles, he took his camel one day across a huge slab (سِل) of rock on a slight incline (slope ہلکی سی ڈھلان). Then he realised that it was covered with tiny stones (چھوٹے پتھر، کنکر). His camel fell heavily (زور سے گرا), knocking him off its back; and though it was not really injured, it was so shocked (اتنا زیادہ گھبرایا) and frightened (خوفزدہ) that he could not ride it for some time, but had to follow it on foot.

صحرائی سفر کے بوجھ نے اسے جسمانی طور پر متاثر کیا تھا۔ اس کے ہاتھ اس قدر پھٹ گئے تھے کہ وہ بمشکل کیمرہ استعمال کر سکتا تھا۔ اپنے مصائب میں اضافہ کرنے کیلئے وہ ایک دن اپنے اونٹ کو ایک بہت بڑی ہلکی سے ڈھلان چٹانی سِل پر لے گیا۔ پھر اسے پتا چلا کہ وہ چھوٹے چھوٹے کنکروں سے ڈھکی ہوئی تھی۔ اس کا اونٹ اسے اپنی پیٹھ سے دور پھینکتے ہوئے زور سے گرا، اور اگرچہ وہ حقیقی طور پر زخمی نہ ہوا وہ اس قدر گھبرایا اور خوفزدہ ہو گیا کہ وہ کچھ دیر کیلئے اس پر سوار نہ ہو سکا، بلکہ اسے پیدل اس کے پیچھے چلنا پڑا۔

Another little incident served as a reminder (what made him remember باور کرانے والی بات) that the desert has many ways of destroying its victims. Christopher was helping to gather stones to place in the fire, for the kettle or pan to stand on. He picked up one large rock to find a four-foot snake coiled (کنڈلی مارے) under it. It uncoiled rapidly (fast تیزی سے) and struck (attacked حملہ کر دیا), but he managed to jump back just in time to avoid the deadly fangs (poisonous teeth). The guide's slave killed it with a stone, indicating by **gestures** that it was a very poisonous specimen (زہریلا نمونہ).

ایک دوسرے چھوٹے سے واقعے نے یہ باور کروانے میں مدد کی کہ صحرا کے پاس اپنے شکار کو ختم کرنے کے بہت سے طریقے ہیں۔ کرسٹوفر آگ پر کیتلی یا توا رکھنے کیلئے پتھر اکٹھے کرنے میں مدد کر رہا تھا۔ اس نے ایک بڑی چٹان کو اٹھایا۔ اس کے نیچے ایک چار فٹ کا سانپ کنڈلی مارے بیٹھا تھا۔ اس نے تیزی سے کنڈلی کھولی اور حملہ کر دیا لیکن وہ اس کے ہلاکت خیز زہریلے دانتوں سے بچنے کیلئے عین وقت پر پیچھے کو کود گیا۔ گائیڈ کے غلام نے اسے پتھر سے مار دیا، اشارے سے بتایا کہ یہ بہت زیادہ زہریلا نمونہ تھا۔

arduous (adj.)	aar'joo-us	آرجوآس	most difficult, demanding great effort	بہت مشکل، مشقت طلب
gestures (n.)	jes'churs	جیسچرس	movements of the body	اشارے

A day later he caught his first glimpse (view جھلک) of Timbuktu. He had reached his goal at last and his journey had taken him across 3200 kilometres of desert.

ایک دن بعد اسے ٹمبکٹو کی پہلی جھلک نظر آئی۔ آخرکار وہ اپنی منزل تک پہنچ گیا تھا اور اس سفر میں اس نے صحرا کے 3200 کلومیٹر طے کئے تھے۔

This was the end of his main journey; but it was by no means the end of his adventures. The stay in Timbuktu had enabled him (made him able اسے اس قابل کردیا) to recover some of the weight he had lost in the desert, and he was beginning to feel fit and well. He experienced a curious (strange) longing (desire) to see some more of the strange and mighty (great) desert before leaving the country, perhaps for good (for ever).

یہ اس کے اصل سفر کا اختتام تھا، لیکن یہ کسی طور پر بھی اس کی مہمات کا اختتام نہ تھا۔ ٹمبکٹو میں اس کے قیام نے اسے اس قابل کردیا کہ صحرا میں اس کے وزن میں جو کمی ہوئی تھی اسے وہ بحال کر سکے، اور اس نے اپنے آپ کو فٹ اور بہتر محسوس کرنا شروع کردیا تھا۔ ملک کو شاید ہمیشہ کے لئے چھوڑنے سے پہلے اس کے دل میں اس عجیب وغریب اور طاقت ور صحرا کو کچھ مزید دیکھنے کی انوکھی خواہش پیدا ہوئی۔

A sudden decision was made. He sent a telegram to Professor Claude Balanguernon in Tamanrasset, and then flew rapidly eastward by plane, partly across the Land of Thirst and Death across which he had so painfully toiled. From Agades he travelled north to meet Balanguernon, partly in a hired (کرائے کی) jeep with a French Lieutenant, partly by camel.

ایک فوری فیصلہ کیا گیا۔ اس نے پروفیسر کلوڈ بیلینگر نن کو ٹیمنز یسٹ میں تار بھیجی، اور پھر فوراً جہاز کے ذریعے مشرق کی جانب جزوی طور پر پیاس اور موت کی سرزمین کے اوپر سے، جس میں اس نے بڑی جان جوکھوں سے سفر کیا تھا، پرواز کرگیا۔ اگیڈس سے اس نے بیلینگر نن کو ملنے کیلئے شمال کی جانب فرانسیسی لفٹیننٹ کے ساتھ کرائے کی جیپ اور جزوی طور پر اونٹ پر سفر کیا۔

The arrangement (plan بندوبست) was that the Professor would drive south in his jeep from Tamanrasset to a well at In Abbangarit, where Christopher would wait for him. If Christopher had not after all reached it by the appointed day, then Balanguernon would continue south on the primitive (ancient قدیم) road towards Agades.

بندوبست یہ کیا گیا تھا کہ پروفیسر ٹیمنز یسٹ سے اپنی جیپ پر جنوب کی جانب ان ابنگرٹ پر واقع کنوئیں کی جانب آئے گا جہاں کرسٹوفر اس کا انتظار کرے گا۔ اور اگر بہر طور کرسٹوفر مقررہ دن تک نہ پہنچے تو پھر بیلینگر نن قدیمی سڑک پر اگیڈس کی جانب جنوب میں سفر جاری رکھے گا۔

Unfortunately the caravan with which Christopher was travelling **insisted** (اصرار کیا) on making a lengthy **detour** (چکردار راستہ) to water (give water to) their camels at a well, some distance from the road. The American insisted on getting back to the road again as soon as possible, expressing himself **vigorously** (زوردار انداز میں) to the leader by signs as they could not speak each other's language. But by the time they got back to the road two days had been lost.

بدقسمتی سے اس کاروان نے جس کے ساتھ کرسٹوفر سفر کررہا تھا ایک کنوئیں سے اپنے اونٹوں کو پانی پلانے کیلئے سڑک سے کچھ فاصلے پر روکر ایک لمبے چکردار راستے کو اختیار کرنے پر اصرار کیا۔ امریکن نے جتنی جلدی ممکن ہوسکے واپس سڑک پر آنے کیلئے اصرار کیا۔ اور کارواں کے سردار سے اشاروں کے ذریعے جیسا کہ وہ ایک دوسرے کی زبان نہیں بول سکتے تھے زوردار انداز میں اپنی رائے کا اظہار کیا۔ لیکن جس وقت وہ واپس سڑک پر آئے دو دن ضائع ہوچکے تھے۔

insisted (v.)	in-sist'ed	اِن سِسٹِڈ	stressed	اصرار کیا
detour (n.)	dee'toor' ordi-toor'	ڈی ٹور	longer path or route taken	چکردار راستہ
vigorously (adv.)	vigur-us-li	وِگرَسلی	forcefully	زوردار انداز میں

The caravan **presently** (بہت جلد) left the route, but a boy acted as guide to lead Christopher to the well at In Abbangarit. It was reached just at nightfall (the start of night رات پڑنے کے وقت), and the following morning the boy went back, leaving Christopher alone to await the arrival, as he supposed, of the Professor from the north.

کاروان نے وقتی طور پر اپنا راستہ چھوڑ دیا، لیکن ایک لڑکے نے کرسٹوفر کو ان ابنگرٹ پر کنوئیں تک پہنچانے کیلئے گائیڈ کا کام کیا۔ عین رات پڑنے کے وقت وہ وہاں پہنچ گئے اور اگلی صبح لڑکا کرسٹوفر کو، جیسا کہ وہ خیال کرتا تھا، شمال کی جانب سے پروفیسر کی آمد کے انتظار میں، اکیلا چھوڑ کر واپس چلا گیا۔

There is no village at In Abbangarit. The only building is a bordj, which is a simple mud structure consisting of (made up of (پر مشتمل) a roof and four walls, with one hole to serve as a window and another to serve as a door. The well is about 275 metres away.

ان ابنگرٹ کے پاس کوئی گاؤں نہیں ہے۔ وہاں ایک بورج ہے جو کہ چار دیواروں اور ایک چھت پر مشتمل ایک سادہ گارے کا ڈھانچہ ہے جو چھت اور چار دیواروں پر مشتمل ہے جس میں ایک سوراخ کھڑکی کا اور دوسرا دروازے کا کام دیتا ہے۔ کنواں تقریباً 275 میٹر دور ہے۔

When he reached it he had a shock (دھچکا). There was water there all right—but it was a good 46 metres below, and there was neither rope nor bucket!

جب وہ وہاں پہنچا اسے ایک دھچکا لگا۔ درست تھا کہ وہاں پانی تھا، لیکن یہ اچھا خاصا 46 میٹر نیچے تھا اور وہاں نہ کوئی رسی تھی اور نہ کوئی ڈول تھا!

He returned to the bordj and searched his pack. The only possible container to bring up the water was a small metal teapot, which would carry about half a cupful of liquid at a time if a line was tied to the handle and the spout plugged up.

وہ واپس برج میں گیا اور اپنے تھیلے کی تلاشی لی۔ پانی اوپر لانے کیلئے واحد ممکنہ برتن ایک چھوٹی سے دھات کی چائے دانی تھی، جو کہ ایک وقت میں آدھ کپ پانی اٹھا سکتی تھی اگر ایک رسی اس کے دستے کو باندھ دی جائے اور ٹونٹی کو ڈاٹ لگا دی جائے۔

A line tied to the handle .... but where was the line?

دستے سے ایک رسی باندھی جائے ...... لیکن رسی کہاں تھی؟

Fastening (باندھ کر) together all the available bits of cord and articles of clothing he could at first make only 8 metres. On an inspiration (sudden idea) he tore (پھاڑ دیا) the turban he was wearing into four strips. Still the teapot reached no more than half-way down the well.

دستیاب رسی کے تمام ٹکڑوں اور کپڑوں کی اشیاء کو آپس میں باندھ کر شروع میں وہ صرف 8 میٹر بنا سکا، ایک خیال آنے پر اس نے پگڑی، جو اس نے پہنی ہوئی تھی، کو چار پٹیوں میں پھاڑ دیا۔ پھر بھی چائے دانی آدھے راستے سے زیادہ کنوئیں میں نہ جا سکی۔

What else? His sleeping-bag? No, for it was now the winter season, which meant that the nights were bitterly (extremely شدید) cold (سردی تھی), although the days, by normal standards, were still unbearably (intolerably) hot. Without a sleeping-bag or blanket he would freeze to death.

اور کیا باندھا جائے؟ اس کا شب خوابی کا تھیلا؟ نہیں، کیونکہ اب یہ سردی کا موسم تھا۔ جس کا مطلب تھا کہ راتیں انتہائی سرد تھیں، اگرچہ عام معیار کے مطابق دن ابھی تک ناقابل برداشت تھے۔ سونے والے تھیلے یا کمبل کے بغیر وہ جم کے مر جائے گا۔

That night he lay in his sleeping-bag picturing himself dying of thirst and hunger if the Professor did not arrive in the next day or two.

اس رات وہ اپنے شب خوابی کے تھیلے میں لیٹا اپنے تصور میں اپنے آپ کو پیاس اور بھوک سے مرتا ہوا دیکھتا رہا اگر پروفیسر اگلے ایک یا دو دن میں نہ پہنچا۔

He had with him a small recording machine. The **notion** of death (موت کا تصور) suggested to him that it might be a good idea to record his last thoughts for the benefit (advantage فائدہ) of those who found his body. The set was battery-operated (بیٹری سے چلنے والا), with thin wire as the recording medium (means ذریعہ).

اس کے پاس ایک چھوٹی سی ریکارڈنگ مشین تھی۔ موت کے تصور سے اسے خیال آیا کہ اُن لوگوں کے فائدے کیلئے جنہیں نے اس کی لاش کو ڈھونڈنا ہے۔۔ اپنے آخری خیالات ریکارڈ کر دینا ایک اچھا خیال ہوگا۔ یہ سیٹ بیٹری سے چلتا تھا اور ریکارڈنگ ایک باریک تار کے ذریعے ہوتی تھی۔

Wire!

تار!

presently (*adv.*)	prez'unt-li پرے زنٹلی	very soon	بہت جلد
notion (*n.*)	noe'shun نو شَن	idea	خیال

It dawned on him (came to his mind) suddenly that here was the 'rope' he needed to reach the water in the well. The wire was very thin, little thicker than a human hair, but it was about 305 metres long. By putting several strands (لڑیوں) together it should be possible to make a line strong enough to bear (stand برداشت کرے) the weight of a small teapot half-full of water.

اچانک اس پر بات کھلی کہ یہ ہے وہ رسی جس کی اسے کنوئیں میں پانی تک پہنچنے کیلئے ضرورت ہے۔ تار بہت باریک انسانی بال سے تھوڑا سا موٹا تھا، لیکن یہ تقریباً 305 میٹر لمبا تھا۔ اس کی کئی لڑیوں کو باہم ملا کر اتنی مضبوط ایک رسی بنانا ممکن تھا جو آدھی پانی سے بھری ہوئی ایک چھوٹی چائے دانی کا وزن اٹھا سکے۔

The scheme worked. Seven strands (twisted pieces لڑیاں) of wire, laboriously twisted (coiled with effort کوشش سے بٹے ہوئے) together, just reached comfortably (easily) to the water-level in the well.

سکیم کامیاب رہی۔ سات لڑیاں باہم محنت سے بٹی ہوئیں آسانی کے ساتھ کنوئیں میں پانی کی سطح تک پہنچ گئیں۔

The liquid brought up in the teapot was not particularly inviting (attractive پُرکشش) was like a mixture of mud and sulphur—but it was drinkable (پینے کے قابل), and it would save him from dying of thirst. He spent the whole morning drawing up potful after potful, and was able to collect five, 23 litres to take back to the bordj.

چائے دانی میں اوپر لایا گیا پانی کوئی خاص پُرکشش نہ تھا، یہ گارے اور گندھک کے محلول جیسا تھا—— لیکن یہ پینے کے قابل تھا، اور یہ اسے پیاس سے مرنے سے بچا لے گا۔ اس نے صبح کا سارا وقت ایک بھرے ہوئے برتن کے بعد دوسرا ابھرا ہوا برتن نکالنے میں صرف کر دیا۔ اور وہ پانچ گیلن پانی جمع کر کے برج میں لے گیا۔

The following evening as he sat outside the bordj, staring only half-consciously (half-knowingly نیم شعوری طور پر) at the horizon, he noticed a small sandstorm blowing vaguely in his direction. Could it be the dust raised by a car? No, there was too much of it for that.

اگلی شام جب وہ برج سے باہر بیٹھا ہوا محض نیم شعوری طور پر افق پر گھور رہا تھا، اس نے ایک چھوٹا سا ریت کا طوفان اپنی جانب چلتا ہوا دیکھا۔ کیا یہ کسی کار کی اڑائی ہوئی گرد ہو سکتی تھی؟ نہیں یہ اس سے کہیں زیادہ تھی۔

There was indeed too much dust to be raised by a small jeep; but it was a rescue (امدادی) party none the less. Two big Desert Patrol cars came roaring up to the bordj; and Death reluctantly (*ri-luk'tunt-lee adj.* unwillingly بے دلی سے، بادل ناخواستہ) departed (*di-paar'tid v.* left چلی گئی).

یہ حقیقتاً ایک چھوٹی جیپ سے اڑائی گئی گرد سے بہت زیادہ تھی، لیکن تاہم یہ ایک امدادی پارٹی تھی۔ دو بڑی صحرائی گشتی کاریں گرجتی ہوئی برج پر آ گئیں اور موت کو ناچار جانا پڑا۔

Claude Balanguernon and a friend arrived a few hours later in the jeep. What had happened was that they had missed meeting Christopher during the unfortunate two-day detour (لمبا چکر). They had later been misdirected by a native (local مقامی باشندہ) who thought Christopher had returned to Agades (*u-gaa'ds*). When they reached Agades and discovered the native's error, Balanguernon realised that Christopher must have missed them on the road, and that he was probably waiting at In Abbangarit, short of food. He very sensibly (wisely سمجھداری سے) got in touch with the Desert Patrol (*pu-troel'*–party making rounds to watch hte place گشت پارٹی) and they sent out four trucks to cover the desert north from Agades, and in particular to visit In Abbangarit.

1870ء میں پیسٹر جرمنی سے فرانس واپس آیا تھا۔ سٹریس برگ کے مقام پر اس نے سنا کہ فرانس جرمنی کے خلاف جنگ لڑنے والا ہے۔ اس نے فوج میں شامل ہونے کی پیشکش کی مگر اسے جسمانی طور پر ناموزوں پایا گیا۔ (اس پر پہلے فالج کا حملہ ہو چکا تھا۔)

Q. 4 Describe Pasteur's disinterest in studies at school. پیسٹر کی سکول میں تعلیم میں غیر دلچسپی کو بیان کریں۔

Ans. At Arbois Pasteur studied in a school as a child. He was not interested in studies. He went fishing and made sketches. He found that his education was expensive for his family, and he preferred to work.

اربوئے میں پیسٹر نے بچپن میں سکول میں پڑھا۔ اسے پڑھائی میں دلچسپی نہ تھی۔ وہ مچھلیاں پکڑتا تھا اور تصویریں بناتا تھا۔ اس نے تعلیم کو اپنے خاندان کے لیے مہنگا پایا اور کام پر لگنے کو ترجیح دی۔

Q. 5 How did Pasteur annoy his professor of chemistry and what did he tell him?
پیسٹر کس طرح اپنے کیمیسٹری کے پروفیسر کو برہم کرتا تھا اور ایک دن اس نے اسے کیا کہا؟

Ans. Pasteur studied chemistry with interest in college at Besancon (*bi-zaan-soen'*). He asked unanswerable questions from his professor that annoyed him. The professor told him that the teacher should ask questions from the student, and not the student from the teacher.

پیسٹر نے بی زان ثون کے کالج میں کیمسٹری دلچسپی سے پڑھی۔ وہ اپنے پروفیسر سے ناقابل جواب سوال پوچھتا تھا جو اسے برہم کر دیتے۔ پروفیسر نے اسے کہا کہ اُستاد کو طالب علم سے سوال پوچھنے چاہئیں، اور طالب علم کو اُستاد سے نہیں۔

Q. 6 Why did Pasteur go to study at Besancon (*bi-zan-soen'*)? پیسٹر بی زان ثون کیوں پڑھنے گیا؟

Ans. The college at Arbois did not teach philosophy. So Pasteur went to Besancon to study it and other subjects. Besancon was a bigger place with more educational facilities. Pasteur graduated in Science and Arts, and became a teacher here.

اربوئے کے کالج میں فلسفہ نہیں پڑھایا جاتا تھا۔ بی زان ثون زیادہ بڑی جگہ تھی جہاں زیادہ تعلیمی سہولتیں مہیا تھیں۔ پیسٹر نے سائنس اور آرٹس میں گریجویشن کی اور وہ یہیں اُستاد لگ گیا۔

Q. 7 What study did Pasteur start to study and with what results when France and Germany went to war in 1870? جب فرانس اور جرمنی میں 1870ء میں جنگ چھڑ گئی تو پیسٹر نے کیا مطالعہ شروع کیا اور کن نتائج کے ساتھ؟

Ans. Pasteur started the study of brewing (making beer) or of fermentation (*fur'mun-tae'shun* خمیر اُٹھنا). He tried to prepare beer as good as that prepared in Germany. He discovered that fermentation was caused by bacteria.❶

پیسٹر نے جو کی شراب بنانے اور خمیر اُٹھانے کا مطالعہ شروع کیا۔ اس نے ایسی جو کی شراب بنانے کی کوشش کی جو جرمنی کی شراب کے ہم پلہ ہو۔ اس نے یہ دریافت کی کہ خمیر بکٹیریا یا جراثیموں کی وجہ سے اُٹھتا ہے۔

For further use if desired:

❶Pasteur gave the results of his discoveries to England calling her a friend of France. France earned a lot of money from its brewing industry that made her able to pay for her war losses. [**Ferment**=change chemically because of the action of yeast or bacteria کیمیاوی طور پر بدل جانا خمیر کے عمل یا جراثیم کی وجہ سے]

پیسٹر نے ان دریافتوں کو انگلستان کو یہ کہتے ہوئے بہم پہنچایا کہ وہ فرانس کا دوست ہے۔ فرانس نے جو کی شراب کی صنعت سے بہت زیادہ پیسہ کمایا جس نے اسے اپنے جنگی نقصانات کی تلافی کرنے کے قابل کیا۔

Q. 8 What can you say about Pasteur's work as a scientist? پیسٹر کے کام کے بارے میں بطور سائنسدان آپ کیا کہہ سکتے ہیں؟

Ans. *Firstly*, Pasteur proved that no germ or living being could come into life from nothing. *Secondly*, he discovered that brewing or fermentation (making wine or bear was due to germs. *Thirdly*, he discovered germs of different diseases and cured them through injections which had weak germs of those diseases.

اوّل، پیسٹر نے ثابت کیا کہ کوئی جرثومہ یا جاندار خود بخود وجود میں نہیں آ سکتا۔ دوئم، اس نے دریافت کیا کہ خمیر اُٹھانا اور شراب کو کشید کرنا جراثیم کی وجہ سے ممکن ہے۔ سوئم، اس نے

مختلف بیماریوں کے جراثیم دریافت کیے اوران کا ٹیکوں کے ذریعے علاج کیا جوان بیماریوں کے کمزور جراثیم رکھتے تھے۔

Q. 9 What contribution did Pasteur make to the treatment of inflammation of wounds?
پسٹر نے زخموں کی سوجن کے علاج میں کیسے حصہ ڈالا؟

Ans. Pasteur discovered that fermentation (خمیر اُٹھنا) was due to bacteria (germs). This set Lister thinking whether inflammation (سوجن) was not also a kind of fermentation. He found that inflammation was really due to germs. This made operations or amputation (cutting off the limbs) unnecessary in many cases. ❶

پسٹر نے دریافت کیا کہ خمیر اُٹھنا بیکٹیریا (جراثیموں) کی وجہ سے ممکن ہے۔ اس نے لسٹر کو یہ سوچنے پر لگا دیا کہ سوجن بھی ایک قسم کا خمیر اُٹھنا ہی ہے۔ اسے معلوم ہوا کہ سوج اصل میں جراثیموں کی وجہ سے ہوتی ہے۔ اس نے بہت سی حالتوں میں اپریشنوں اور عضو کاٹنے کو غیر ضروری کر دیا۔

For further use if desired:
❶So the cure of inflammation was the exclusion of germs from wounds.
اس لیے سورج کا علاج زخموں میں سے جراثیموں کو خارج کر دینا ہے۔

Q. 10 Why did the death rate in surgical operations fall to only one percent?
جراحی کی اپریشنوں میں شرح اموات صرف ایک فیصد تک کس طرح گر گئی ہے؟

Ans. *Firstly*, Pasteur's discovery that germs caused fermentation helped Lister a lot. Lister found that inflammation was caused by germs. These germs were destroyed. Through the aseptic method the instruments and the doctors' hands were disinfected. The death rate in surgical operations fell to one percent. ❶

اوّل، پسٹر کی دریافت نے کہ جراثیموں سے خمیر اُٹھتا ہے لسٹر کی خوب مدد کی۔ لسٹر کو پتا لگا کہ سوج جراثیموں کی وجہ سے ہوتی ہے۔ یہ جراثیم ختم کر دیئے گئے۔ گرمائی کے جراثیم کش طریقے سے ڈاکٹروں کے ہاتھوں کو جراثیموں سے پاک کر دیا جانے لگا۔ جراحی کے اپریشنوں میں مرنے کی شرح ایک فیصد پر آ گئی۔

For further use if desired:
❶So operations became mostly successful.
اس لیے اپریشن اکثر کامیاب ہونے لگے۔

Q. 11 How did Pasteur bring people to use microscopes (*mii'kru-skoep's*)**?**
پسٹر نے لوگوں کو مائکروسکوپ کو استعمال کرنے پر کس طرح قائل کیا؟

Ans. Pasteur showed that healthy eggs of the silkworms could be separated from the unhealthy eggs through the microscope alone. The microscope could show the very small (microscopic) particles (ذرات) in the bodies of the diseased worms. The eggs of these diseased worms could be set aside. ❶

ریشم کے صحت مند انڈوں کو بیمار انڈوں سے صرف مائکروسکوپ کے ذریعے علیحدہ کیا جا سکتا تھا۔ مائکروسکوپ بہت چھوٹے ذرات کو بیمار کیڑوں کے اجسام میں دکھا سکتا تھا۔ ان بیمار کیڑوں کے انڈوں کو علیحدہ رکھا جا سکتا تھا۔

For further use if desired:
❶The people started using microscopes to find diseased eggs and to separate them.
لوگوں نے مائکروسکوپوں کو استعمال کرنا شروع کر دیا، بیمار انڈے ڈھونڈنے اور انہیں الگ کرنے کے لیے۔

Q. 12 Why did Pasteur forget his wedding ceremony? پسٹر اپنی شادی کی تقریب کو کس طرح بھول گیا؟

Ans. Pasteur was teaching in a French university at the age of 26. He was to marry the daughter of a church officer. On the wedding day, he was very busy with studies and forgot the ceremony. A friend came and took him to it. ❶

پسٹر 26 سال کی عمر میں ایک فرانسیسی یونیورسٹی میں پڑھا رہا تھا۔ اس کی شادی ایک چرچ آفیسر کی لڑکی سے ہونی تھی۔ شادی کے دن وہ اپنی پڑھائی میں بہت مشغول تھا اور وہ اس تقریب کو بھول گیا۔ ایک دوست آیا اور اسے وہاں لے گیا۔

For further use if desired:
❶The above incident happened in 1850.
اوپر کا واقعہ 1850ء میں ہوا۔

Q. 13 Why did Pasteur suffer a stroke and then what did he do? پسٹر پر فالج کا حملہ کیوں ہوا اور پھر اس نے کیا کیا؟

Ans. Pasteur suffered a stroke during his overwork on the silkworm disease. But his mind was not affected. He continued working and researching. In 1877 he started working on the anthrax disease.

ریشم کے کیڑوں پر ضرورت سے زیادہ کام کرتے ہوئے پیسٹر نے فالج کا حملہ جھیلا۔ لیکن اس کے دماغ پر اثر نہ ہوا۔ اس نے کام اور تحقیق جاری رکھے۔ 1877ء میں اس نے انتھرکس کی بیماری پر کام شروع کر دیا۔

Q. 14 Why was Pasteur called a patriot (lover of one's country) more than a scientist?

پیسٹر کو سائنسدان سے زیادہ محبّ الوطن کیوں کہا جاتا تھا؟

Ans. In 1870, France and Germany were at war. Pasteur was a strong lover of France. He returned his degree of doctor of medicine to the university of Bonn (Germany). He also returned his diploma to the German university and asked it to remove his name from its teaching staff. ❶

1870ء میں فرانس اور جرمنی جنگ میں برسرِ پیکار تھے۔ پیسٹر فرانس کا شدت سے چاہنے والا تھا۔ اس نے اپنی ڈوکٹر آوف میڈیسن کی سند بوُن یونیورسٹی جرمنی کو واپس کر دی۔ اس نے جرمن یونیورسٹی کا دیا ہوا ڈپلومہ بھی اسے واپس کر دیا اور اس سے کہا کہ وہ اس کا نام ٹیچرز کی فہرست سے نکال دے۔

For further use if desired:

❶ This shows that he did not care about any gain of fame that affected his love for his country.

پیسٹر کی اوپر کی کارروائیوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ ایسے کسی نفع یا شہرت کی پروا نہیں کرتا تھا جو اس کے اپنے ملک سے محبت پر اثر انداز ہو۔

Q. 15 How did Pasteur's work benefit the silkworm industry of France?

پیسٹر کے کام نے فرانس کی ریشم کے کیڑوں کی صنعت کو کیسے فائدہ پہنچایا؟

Ans. Pasteur suggested that the eggs laid by each healthy worm or moth should be kept separately. The peasants should use the microscope to find the quality of the eggs. The silkworm growers should avoid overcrowding of worms, uncleanliness, overheating and unhealthy conditions. ❶

پیسٹر نے تجویز کیا کہ ہر صحت مند کیڑا جو انڈے دیتا ہے انہیں الگ الگ رکھنا چاہیئے۔ ریشم کے کیڑے پالنے والوں کو چاہیئے کہ وہ کیڑوں کی بھرمار، گندگی، زیادہ گرمی اور غیر صحت مند ماحول سے بچیں۔

For further use if desired:

❶ These instructions resulted in saving the silkworm industry from destruction.

ان ہدایات نے ریشم کے کیڑوں کی صنعت کو تباہی سے بچا لیا۔

Q. 16 What is anthrax? انتھرکس (anthrax) کیا ہے؟

Ans. Anthrax is a disease (that is caught by others) of cattle and sheep caused by the germs of anthrax. Human beings catch it through these germs attacking their bodies. Pasteur began to study anthrax in 1877 at the age of 55.

انتھرکس مویشیوں اور بھیڑوں کی بیماری ہے جس کے موجب انتھرکس کے جراثیم ہیں۔ انسان اس میں مبتلا ہوتے ہیں جب یہ جراثیم ان کے اجسام پر دھاوا بولتے ہیں۔ پیسٹر نے 1877ء میں پچپن سال کی عمر میں اس کا علم حاصل کرنا شروع کیا۔

Q. 17 Tell briefly how a child, who had been bitten by a mad dog (or had rabbis), died in a French hospital.

مختصر بیان کریں کہ فرانس کے ہسپتال میں کیسے ایک بچہ فوت ہو گیا جسے ایک باؤلے کتے نے کاٹ کھایا تھا۔

Ans. When a child of five was admitted to a French hospital after a dog had bitten him, he became very restless. He began trembling at a slight disturbance. He became very thirsty and stopped eating and started flying into anger. Then he died after 24 hours of serious suffering.

ایک پانچ سالہ بچے کو ایک فرانسیسی ہسپتال میں داخل کیا گیا جسے باؤلے کتے نے کاٹ کھایا تھا تو وہ بہت بے چین (restless) ہو گیا تھا۔ اس نے معمولی چھونے سے کانپنا شروع کر دیا اور وہ غصہ میں آنے لگا۔ اسے بہت زیادہ پیاس محسوس ہوئی اور اس نے کھانا بند کر دیا۔ پھر شدید تکلیف اٹھانے کے بعد وہ چوبیس گھنٹے بعد فوت ہو گیا۔

Q. 18 How did Pasteur make preparations for curing a dog bite or rabies?

پیسٹر نے سگ گزیدگی (dog bite) کے علاج کے لئے کیسے تیاری کی؟

Ans. Pasteur made a full examination or investigation of the patients of the disease whose germ had never been found. He took the tissue of the animal which had died of this disease. He performed experiments on rabbits and injected dogs with the germs of the disease of hydrophobia or rabies. The dogs recovered or got better.

پیسٹر نے سگ گزیدگی (dog bite) کے مریضوں کا مکمل معائنہ کیا جن میں اس بیماری کا جراثومہ پہلے کبھی نظر نہیں آیا تھا۔ اس نے جانور کے گوشت کا ایک ریشہ (tissue)

لیا جو اس بیماری سے مرا تھا۔ اس نے سگ گزیدگی پر تجربات کئے اور اس نے سگ گزیدگی کی بیماری کے جراثیم پچکاری کے ذریعے کتوں کے جسموں میں داخل کئے۔ کتے اس سے شفایاب ہو گئے یا ان کی حالت بہتر ہو گئی۔

Q. 19 How did Pasteur cure a boy bitten by a mad dog and other many people?
پسٹر نے سگ گزیدہ بچے اور دوسرے ایسے بہت سے لوگوں کا علاج کیسے کیا؟

Ans. A boy, bitten by a mad dog in a French province, was brought to Paris. Pasteur applied inoculation (injecting human beings with germs of their diseases) for hydrophobia or rabies, the disease caused by the bite of a mad dog. The boy was also cured. Then more than 350 people were treated for hydrophobia.❶
ایک لڑکا جسے فرانس کے ایک صوبے میں ایک باؤلے کتے نے کاٹ کھایا تھا پیرس لایا گیا۔ پسٹر نے سگ گزیدگی کی بیماری کے جراثیم پچکاری کے ذریعے اس بچے کے جسم میں داخل کئے تو لڑکا شفایاب ہو گیا۔

For further use if desired:
❶Later, thousands of people were treated for dogbite and very few of them died.
بعد میں ہزاروں لوگوں کا کتے کے کاٹے کا علاج کیا گیا اور ان میں سے بہت کم کی موت واقع ہوئی۔

Q. 20 How did Pasteur work on anthrax, the cattle disease? پسٹر نے اینتھرکس یعنی مویشیوں کی اس بیماری پر کیسے کام کیا؟

Ans. Pasteur developed the anthrax bacteria (جراثیم) in a less poisonous form. He introduced or injected these germs into an animal's blood. The animal showed some signs of this disease as it happens in smallpox injections in human beings, but later remained healthy.❶
پسٹر نے انتھرکس کے جراثیم ایک کم زہریلی حالت میں بنائے۔ اس نے یہ جراثیم جانور کے خون میں انجکشن کے ذریعے داخل کر دیے۔ جانور نے اس بیماری کی علامات ظاہر کیں جیسے کہ چیچک کے ٹیکے انسانوں میں لگاتے وقت ہوتا ہے، لیکن بعد میں صحت مند رہا۔

For further use if desired:
❶The injection protected the animal from a serious form of the disease.
انجکشن نے جانور کو اس بیماری کی خطرناک حالت میں محفوظ رکھا۔

Q. 21 What was the result of Pasteur's research on anthrax? پسٹر کی اینتھرکس پر تحقیق کا کیا نتیجہ نکلا؟

Ans. Pasteur's research on anthrax made the use of anthrax injections very common. Millions of animals in different countries were saved from anthrax. The death rate from anthrax in France and Hungary fell from 10 percent to 1 percent among sheep and 5 percent among cattle.
پسٹر کی اینتھرکس پر تحقیق نے اینتھرکس کے انجکشنوں کے استعمال کو بہت عام کر دیا۔ ملینوں جانور مختلف ملکوں میں اینتھرکس سے بچا لیے گئے۔ فرانس اور ہنگری میں اینتھرکس سے موت کی شرح بھیڑوں میں دس فیصد سے ایک فیصد پر اور مویشیوں میں پانچ فیصد پر آ گئی۔

Q. 22 Name the major discoveries or achievements of Pasteur. پسٹر کی بڑی بڑی دریافتیں یا کامیابیاں کیا تھیں۔

Ans. He introduced brewing or fermentation for wine-making. He discovered the cure for the silkworm disease. He discovered the cure for puerperal fever. He introduced vaccination or inoculation.
پسٹر نے شراب بنانے والے خمیر سے متعارف کرایا۔ اس نے ریشم کے کیڑوں کی بیماری کا علاج دریافت کیا۔ اس نے ایک خاص قسم کے بخار (puerperal fever) کا علاج دریافت کیا۔ اور لوگوں کو ٹیکہ لگانے سے متعارف کرایا۔

Q. 23 What was Pasteur's discovery of the method of treating diseased birds and animals through inoculation (injection)? پسٹر کا بیمار پرندوں اور جانوروں کو انجکشن کے ذریعے علاج کرنے کا کیا طریقہ تھا؟

Ans. Pasteur took dead or dying germs of bird or animal diseases. Then he injected these germs into the bodies of sick birds or animals. They developed resistance to their diseased germs and got all right. He experimented on fowl-cholera (ہیضے میں مبتلا پرندے) in this way successfully.❶
پسٹر نے مردہ یا مرتے ہوئے پرندے یا جانور کے جراثیم حاصل کیے۔ پھر اس نے ان جراثیموں کو انجکشن کے ذریعے بیمار پرندوں یا جانوروں کے جسموں میں داخل کر دیا۔ انہوں نے بیمار جراثیموں کے خلاف مدافعت پیدا کر لی اور ٹھیک ہو گئے۔ اس نے ہیضے میں مبتلا پرندوں پر اسی طرح کامیابی سے تجربے کیے۔

For further use if desired:
❶Then he started injecting weakened germs of diseases into sick birds.
پھر اس نے بیمار پرندوں میں بیماریوں کے کمزور جراثیم کے انجکشن لگانے شروع کر دیے۔

Q. 24 What was the result of Pasteur's discoveries? پسٹر کی دریافتوں کا کیا نتیجہ نکلا؟

Ans. Pasteur's introduction of brewing or fermentation for wine-making, discoveries of cures for silkworm diseases, his introduction of vaccination and aseptic method, etc. encouraged other scientists to find new cures for other diseases. So between 1880 and 1890 they discovered the germs of consumption (TB), typhoid and other diseases and their cures. Pasteur really brought about a scientific revolution.

شراب تیار کرنے کے لئے کشید یا خمیر اُٹھانے کا طریقہ جو پسٹر نے رائج کیا، اس کا ریشم کے کیڑوں سے پیدا شدہ بیماریوں کا علاج، اس کا دواؤں کے ٹیکے لگانے اور جراثیم سے پاک کرنے کے طریقے کو واضح کرنا وغیرہ نے دوسرے سائنسدانوں کو حوصلہ دیا کہ وہ دوسری بیماریوں کے لئے علاج دریافت کریں۔ اس طرح 1880ء اور 1890ء کے درمیان اُنہوں نے تپ دِق، میعادی بُخار اور دوسری بیماریوں کے جراثیم اور اُن کے علاج دریافت کیے۔ پسٹر واقعی ایک سائنسی انقلاب لے آئے۔

Q. 25 How did Pasteur and Lister revolutionize the theory and practice of medicine?

پسٹر اور لسٹر نے کس طرح طب کے نظریہ اور عمل کو انقلابی طور پر بدل دیا؟

Ans. Pasteur discovered that fermentation (خمیر ہونا) was due to bacteria (simple germs). So also inflammation (سوج) of wounds was caused by germs. Lister researched on inflammation of wounds further. In this way, the aseptic method in surgery was adopted. Its purpose was to keep wounds free of germs. ❶

پسٹر کو پتا لگا کہ جراثیم خمیر کا سبب ہیں۔ اِسی طرح جراثیم سوج کا سبب ہیں۔ لسٹر نے زخموں کی سوج پر مزید تحقیق کی۔ اس طرح جراحی میں جراثیم سے پاک کرنے کے طریقے کو اپنایا گیا۔ اس کا مقصد زخموں کو جراثیم سے پاک رکھنا تھا۔

For further use if desired:

❶ The antiseptic method was given up which "destroyed the tissue as well as the germ" with carbolic acid and iodine. جراثیم کش طریقے کو ترک کر دیا گیا جو کاربولک کے تیزاب اور آیوڈین سے رگوں یا نسوں کو جراثیم کے ساتھ تباہ کر دیتا تھا۔

Q. 26 How did Pasteur discover making wine in a new way? پسٹر نے شراب بنانے کا نیا طریقہ کیسے دریافت کیا؟

Ans. Pasteur did scientific experiments to make wine by brewing (کشید کر کے شراب بنانا) or fermentation (خمیر اٹھانا). This method increased much (added much to) the production of wine.

پسٹر نے کشید کر کے یا خمیر اٹھا کر شراب بنانے کے لئے سائنسی تجربات کئے۔ اس طریقہ سے شراب کی پیداوار میں بہت اضافہ ہوا۔

Q. 27 How did Pasteur discover the cure of inflammation (سوج)? پسٹر نے سوج (inflammation) کا علاج کیسے دریافت کیا؟

Ans. Pasteur discovered that fermentation of wine is due to germs or bacteria. He also concluded that inflammation was the result of germs entering the wound. Thus, Pasteur taught surgeons how to avoid inflammation. ❶

پسٹر نے دریافت کیا کہ شراب کا خمیر جراثیم کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔ وہ اس نتیجہ پر بھی پہنچا کہ سوج بھی ان جراثیم کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے جو زخم کے اندر داخل ہو جاتے ہیں۔ پس پسٹر نے ڈاکٹروں کو بتایا کہ سوج سے کیسے بچا جا سکتا ہے۔

For further use if desired:

❶ Pasteur's cure of inflammation was a major discovery. پسٹر کا سوج کے لیے علاج ایک بہت بڑی دریافت تھی۔

Q. 28 How did Pasteur promote farm production of milk, butter, cheese and meat?

پسٹر نے دودھ، مکھن، پنیر اور گوشت کی پیداوار میں کیسے اضافہ کیا؟

Ans. Pasteur developed some anthrax germs that were slightly poisonous. He introduced or injected these germs into an animal's blood. He found that the animal at first showed some signs of anthrax, but then did not suffer from it. This promoted farm production in terms of milk, butter, cheese and meat.

پسٹر نے کچھ انتھریکس (anthrax) کی بیماری کے جراثیم خود پالے جو کسی قدر زہریلے تھے۔ اس نے ان جراثیم کو جانور کے خون میں داخل کیا۔ اس نے دیکھا کہ پہلے اس جانور پر انتھریکس کی علامات ظاہر ہوئیں لیکن بعد میں وہ اس بیماری سے شفایاب ہو گیا۔ اس طریقہ سے پسٹر دودھ، مکھن، پنیر اور گوشت کی پیداوار کے فروغ کا محرک بنا۔

Q. 29 How did Pasteur help in the cure of puerperal (*pyoo-ur'pur-ul* پیوارپرل–of childbirth)?

پسٹر نے زچہ کی پیدائش کے دوران ہونے والے زچگی کے بخار (puerperal fever) کے علاج میں کس طرح مدد دی؟

Ans. Pasteur found that many women were suffering from a special fever (puerperal fever on a child's birth) because of a "germ." He advised that care be taken that this germ might not be carried to a woman, admitted to a maternity hospital, on clothes or on other things of daily use.

پیسٹر نے دیکھا کہ ایک جراثیم کی وجہ سے زچگی کے دوران بہت سی عورتوں کو ایک خاص قسم کا بخار ہو جاتا ہے۔ اس نے مشورہ دیا کہ اس امر کی احتیاط کی جائے کہ یہ جراثیم زچہ بچہ کے ہسپتال میں داخل ہونے والی عورت تک، اس کے کپڑوں اور روزمرہ استعمال کی دوسری چیزوں کے ذریعے نہ پہنچے۔

Q. 30 Describe the scene in which Pasteur checked a speaker at the Academy of Medicine during discussion on the causes of puerperal (maternity) fever?

وہ منظر بیان کریں جب پیسٹر نے اکیڈمی اوف میڈیسن میں ایک مقرر کو زچگی کے بخار کی وجوہ کے بارے میں بحث کے دوران روک دیا۔

Ans. An important speaker was lecturing on the causes of puerperal fever. Pasteur stopped him and said that only the doctor and his things caused this disease. The germs on the doctor were carried to the healthy woman. He drew the diagram of the germ on the blackboard.

ایک اہم مقرر زچگی کے بخار کے اسباب پر لیکچر دے رہا تھا۔ پیسٹر نے اسے ٹوک دیا اور کہا کہ صرف ڈوکٹر اور اس کی اشیاء اس بیماری کا سبب ہیں۔ ڈوکٹر کے اوپر جراثیم ایک صحتمند عورت تک لے جائے جاتے ہیں۔ اس نے تختہ سیاہ پر جراثیم کا تشریحی خاکہ بنایا۔

Q. 31 What method did Pasteur discover to treat women suffering from puerperal fever?

پیسٹر نے کون سا طریقہ ان عورتوں کے علاج کے لیے دریافت کیا جو زچگی کے بخار میں مبتلا تھیں؟

Ans. Pasteur discovered the method of giving injections to the women suffering from the puerperal fever. He took weakened germs of the disease and injected them into the bodies of the diseased women. The women recovered after developing resistance (مدافعت) to the disease germs.

پیسٹر نے زچگی کے بخار میں مبتلا عورتوں کے انجکشن لگانے کا طریقہ دریافت کر لیا۔ اس نے اس بیماری کے کمزور جراثیموں کو لیا اور انہیں بیمار عورتوں کے جسموں میں انجکشن کے ذریعے داخل کر دیا۔ یہ عورتیں بیماری کے خلاف مدافعت پیدا کرنے کے بعد تندرست ہو گئیں۔

Q. 32 What information for the treatment of malaria was got as a result of Pasteur's work?

پیسٹر کے کام کے نتیجہ میں ملیریا کے علاج کے لیے کیا معلومات حاصل ہوئیں؟

Ans. Pasteur's method of destroying the eggs and germs of a disease was used. Germicides (جراثیم کش) were put into dirty water pools to destroy mosquito eggs. Mosquitoes were stopped from approaching human bodies (through wire-gauze and mosquito nets).❶

پیسٹر کا بیماری کے انڈے اور جراثیم تباہ کرنے کا طریقہ استعمال کیا گیا۔ جراثیم کشوں کو جوہڑوں میں رکھا گیا تاکہ مچھروں کے انڈوں کو تباہ کر دیا جائے۔ مچھروں کو انسانی جسموں تک پہنچنے سے روک دیا گیا (لوہے کی جالیوں اور مچھر دانیوں سے)۔

For further use if desired:

❶Quinine as medicine checked malaria further. کونین نے دوا کے طور پر ملیریا کو مزید روکا۔

Q. 33 What information for the treatment of tetanus (*tet'nus*–neck-and-jaw deadly disease) **did Pasteur provide?**

پیسٹر نے تشنج (tetanus) کے علاج کے لئے کیا معلومات فراہم کی؟

Ans. At the beginning of World War I, tetanus (lock-jaw) was a very common disease that had caused thousands of deaths among the soldiers in Belgium and France. The antitatnus inoculation of soldiers protected most of them from this disease. The inoculation was of an antitatnus serum or liquid that was injected into human bodies.

جنگ عظیم اول کے آغاز میں تشنج (tetanus) ایک عام بیماری تھی جس کی وجہ سے بیلجیم اور فرانس کے ہزاروں فوجی ہلاک ہو گئے۔ بہت سے فوجیوں کو تشنج کے بچاؤ کے (antitatnus) ٹیکہ نے بیماری سے بچا لیا۔ تشنج سے بچاؤ کا یہ ٹیکہ مائع شکل میں تھا جسے انسانوں کے جسموں میں داخل کیا جاتا تھا۔

Q. 34 How did Pasteur help change the people's attitude towards medicine and superstition?

پیسٹر نے ادویات اور توہمات کے بارے میں لوگوں کے رویہ کو کیسے تبدیل کیا؟

Ans. Pasteur helped change the whole attitude of the people towards medical treatment. They stopped to be superstitious. They stopped believing in hidden or supernatural powers like

ghosts that were earlier thought to be the cause of diseases.

پسٹر نے طبی علاج کے بارے میں لوگوں کے رویہ کو بدلنے میں مدد دی۔ ان میں توہم پرستی ختم ہو گئی انہوں نے خفیہ اور مافوق الفطرت (supernatural) قوتوں مثلاً بھوتوں (ghost) کو ماننا ترک کر دیا جنہیں بیماریوں کی وجہ سمجھا جاتا تھا۔

Q. 35 Why and how was Pasteur honoured for his work? پسٹر کی اپنے کام کی وجہ سے کیسے قدر و منزلت ہوئی؟

Ans. Pasteur's work gave rise to numerous medical discoveries that rightly and deservedly brought world-wide honour and fame to him. The Pasteur Institute was built in Paris with subscriptions from all over the world to continue his work. It was opened in 1888.

پسٹر کے کام سے بہت سی طبی دریافتیں منظر عام پر آئیں۔ اسے صحیح اور جائز طور پر دنیا بھر میں عزت اور شہرت ملی۔ پیرس میں پسٹر کے نام پر ایک ادارہ تعمیر کیا گیا اور یہ کام جاری رکھنے کے لئے دنیا بھر سے چندہ لیا گیا۔ اس کا 1888ء میں کام کرنا شروع کیا۔

Q. 36 What do you learn about diphtheria (throat and breathing disease), yellow fever and sleeping sickness? گلے اور سانس کی بیماری، زرد بخار اور نیند (sleeping sickness) کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

Ans. In 1893 the antitoxin which cured diphtheria (a disease of the throat) was discovered. In 1898 it was proved that malaria and yellow fever were conveyed by mosquitoes. In 1903-5 Bruce showed that sleeping-sickness was conveyed by the tsetse fly.

1893ء میں اینٹی ٹوکسن (antitoxin) دریافت ہوئی جن سے گلے اور سانس کی بیماریوں کا علاج کیا گیا۔ 1898ء میں یہ ثابت ہوا کہ زرد بخار اور ملیریا مچھروں کی وجہ سے ہوتے ہیں۔ 1903ء سے 1905ء کے دوران بروس (Bruce) نے بتایا کہ (sleeping sickness) ٹیسٹ سی (tsetse fly) نامی ایک مکھی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔

Q. 37 How did Pasteur's work help in the digging of the Panama (*pan'u-maa'*) Canal?

پسٹر کے کام نے پنامہ نہر کو کھودنے میں کس طرح مدد دی؟

Ans. The French cold into dig the Panama Canal (connecting the two seas on both sides of Central America), and left it unfinished in 1889. Very many Frenchmen had lost their lives because of malaria. The Americans could construct the Canal in early 20th century because they used Pasteur's ways and killed mosquito eggs and germs. Quinine was also of great help.

فرانسیسی پنامہ نہر کو کھود نہ سکے اور اسے 1889ء میں ادھورا چھوڑ کر چلے گئے۔ بہت سارے فرانسیسیوں نے ملیریا کی وجہ سے اپنی زندگیاں گنوا دی تھیں۔ بیسویں صدی کے شروع میں امریکیوں نے پنامہ نہر کو تعمیر کر لیا کیونکہ انہوں نے پسٹر کے طریقوں کو استعمال کیا اور مچھروں کے انڈوں اور جراثیموں کو مار ڈالا۔ کونین نے بھی بڑی مدد دی۔

Q. 38 What is Pasteur's role in freeing medicine from the influence of superstitions?

پسٹر نے ادویات کو توہمات سے آزاد کرانے میں کیا کردار ادا کیا؟

Ans. Pasteur made the scientific method acceptable in the treatment of disease. This method was based on the study of the facts of disease and then its cure according to scientific principles. Before Pasteur disease and death were often understood in terms of superstition (magic and luck).

پسٹر نے سائنسی طریق کار کو بیماری کے علاج میں قابل قبول بنایا۔ یہ طریقہ بیماریوں سے متعلق حقائق پر مبنی تھا اور پھر بیماریوں کا علاج بھی سائنسی اصولوں کے مطابق کیا جاتا تھا۔ پسٹر سے پہلے بیماری اور موت کو توہمات کا نتیجہ سمجھا جاتا تھا۔

Q. 39 How did Pasteur's discovery of the cure of hydrophobia encourage other scientists in their treatment of other diseases?

پسٹر نے کتے کے کاٹنے کی بیماری کے علاج کی دریافت دوسرے سائنسدانوں کی اور بیماریوں کے علاج کرنے کے لیے کیسے حوصلہ افزائی کی؟

Ans. Scientists began trying to find cures for different diseases the way Pasteur found a cure for hydrophobia. In the ten years between 1880 and 1890, they discovered the germs of consumption, diphtheria, typhoid, lock-jaw, cholera and Malta fever. Then injections were prepared for them.

سائنسدانوں نے مختلف بیماریوں کے علاج معلوم کرنے کی کوشش شروع کر دی جس طرح پسٹر نے کتے کے کاٹے کی بیماری کا علاج ڈھونڈ نکالا تھا۔ 1880ء سے 1890ء کے دس سالوں میں انہوں نے تپ دق، خناق، ٹائفائڈ (معیادی بخار)، ونڈل، ہیضہ اور مولٹا بخار کے جراثیموں کی دریافت کر لی۔ پھر ان کے انجکشن تیار کر لیے گئے۔

Q. II Word-substitution mcqs متبادل حروف کے کثیر الانتخابی سوالات (See the hints at end of this lesson.)

Exercise 1

Replace the underlined word or phrase with its synonym.

1. Pasteur's father had been a <u>conscripts</u> (*kon'skript n.*).
police officer, soldier employed forcibly, army officer, gorilla fighter
2. He won a medal on the field of battle for <u>valour</u>.
planning, wisdom, smartness, bravery
3. The son was fortunate in possessing <u>forbears</u> (or forebears آباؤاجداد) of character and strength.
blood relations, nearest relations, relatives, forefathers
4. Pasteur placed his wealth on an <u>altar</u>.
floor for worship, church entrance, meeting place, church holy table
5. At that time France was on a <u>verge</u> (edge, margin or border) of war with Germany.
threatened by, in the process of, on a notice of, close to
6. They refused to enrol Pasteur <u>on the score</u> that a half-paralyzed man was useless.
for the reason, on the basis, on the point, in the situation
7. The questions were to be asked by the teacher from the scholar and not <u>vice versa</u>.
in different ways, the other way round, in extra ways, the first and last
8. The French Academy offered a prize for the solution of the problem whether <u>spontaneous generation</u> was or was not a fact.
birth or coming into being, birth without planning, natural production, production or birth without any cause
9. Pasteur and his <u>adversaries</u> repeated their experiments before a Commission.
enemies, rivals, opponents, competitors (*kum-pet'i-turs n.*)
10. Surgeons were unwilling (not willing or ready) to operate except as <u>a last resort</u>.
the last point, the final idea, the important action, the last action
11. As a result of his brilliant researches inflammation (swelling) was <u>averted</u>.
prevented, stopped, checked, halted
12. The instruments are <u>rigorously</u> disinfected.
fully and exactly, carefully, strongly, forcefully
13. He is best known to <u>the man in the street</u> by his work on disease.
the labourer, the common person, the poor man, the worker
14. Until 1849 the silkworm industry had <u>flourished</u>.
functioned, grown, worked, operated
15. The disease reappeared in the <u>imported</u> worms.
brought from other markets, got from other provinces, newly developed, brought from another country
16. Unhealthy conditions made the insects <u>liable to</u> (or exposed to) the disease.
in danger of, open to the effects of, afraid of, frightened of

Exercise 2

Replace the underlined word or phrase with its synonym.

1. Pasteur was born in quite <u>humble</u> circumstances.
bad, harmful, dangerous, lowly (or ordinary)

2. Pasteur was born in quite humble circumstances.
   situations, conditions, surroundings, quarters
3. The military did not enrol him.
   accept, welcome, enlist (بھرتی کرنا), employ
4. Pasteur grasped the fact about his education.
   tried to understand, knew, understood well, learnt
5. Education was a great drain on the family funds.
   weight on, strain on , loss of, misuse of
6. Pasteur used to embarrass his teachers.
   puzzle (or perplex), anger, discomfort, mislead
7. Pasteur was buried in his work.
   lost, interested, drowned, involved
8. Pasteur's teacher disapproved of saying "I don't know."
   disregarded, rejected, ignored, disfavoured
9. Pasteur entirely forgot his marriage ceremony.
   almost, somewhat, partly, completely
10. Pasteur decided against spontaneous generation.
    sudden, repeated, baseless, automatic
11. Spontaneous generation is not possible.
    growth, birth, development, progress
12. The substance (material) was sufficiently heated.
    adequately (or suitably), carefully, exactly, repeatedly
13. Pasteur asked for arbitration in the dispute.
    a court decision, a referee's decision, decision by discussion, expert decision
14. The weather was unfavourable.
    cruel, unfriendly, unclear, troublesome
15. Pasteur's work stimulated other scientists to study germs.
    made, led, encouraged, caused

Exercise 3

Replace the underlined word or phrase with its synonym.

1. Pasteur had been intensely a lover of France.
   hotly, greatly, unusually, too much
2. Pasteur was full of loathing for Germany.
   dislike, hatred, distaste, bad consideration
3. Pasteur could not become a soldier because of physical incapacity.
   disability, infirmity, weakness, difficulty
4. Pasteur's books had been of tremendous value.
   exceptional, unusual, great, too much
5. Germs were excluded and inflammation was averted (prevented).
   injury, damage, swelling, disablement
6. The mysterious epidemic was devastating the silk industry.

strange, unusual, uncommon, hidden or not understandable

7. The mysterious <u>epidemic</u> was devastating the silk industry.
   common disease, widespread disease, dangerous disease, fatal (مہلک) disease
8. The mysterious epidemic was <u>devastating</u> the silk industry.
   affecting badly, poisoning, destroying, damaging
9. Pasteur cultivated the <u>anthrax</u> bacillus (bacterium جرثومہ).
   disease of cattle, disease of flies, disease of germs, disease of plants
10. Pasteur suffered a <u>stroke</u> during his work.
    great loss, big problem, paralytic attack, defeat
11. He never <u>shook off</u> the effects of his disease.
    got rid of, got away from, threw away, disburdened himself of
12. Pasteur <u>cultivated</u> the anthrax bacillus.
    formed, shaped, developed, made
13. <u>Overcoming</u> his dislike of seeing suffering, Pasteur visited hospitals.
    getting over (قابو پاتے ہوئے), controlling, conquering, restraining
14. <u>Maternity hospitals</u> were devastated by puerperal fever (caused by childbirth).
    hospitals for childbirth, mothercare hospitals, childcare hospitals, female hospitals

Exercise 4

Replace the underlined word or phrase with its synonym.

1. Maternity hospitals were <u>devastated</u> by puerperal (*pyoo-ur'pur-ul adj.*) fever.
   badly affected, endangered, ruined, spoilt
2. Maternity hospitals were devastated by <u>puerperal</u> fever.
   before-birth fever, after-birth fever, yellow, typhoid
3. <u>An appalling</u> number of women died from puerperal fever.
   a large, a shocking, a surprising, an unbelievable
4. Pasteur discovered the method of making <u>vaccines</u>.
   injections of disease germs, injections of regular medicines, injections of preventive medicines, injections of modern medicines
5. Pasteur <u>innoculated</u> various birds with dead or dying germs.
   injected (or vaccinated), treated, cured, provided
6. The innoculated birds produced a <u>mild</u> type of illness.
   light, soft, low, faint
7. <u>Spasms</u> is a characteristic of hydrophobia or rabies (disease caught from wolves, cats and dogs).
   pains, headaches, shivers (کپکپاہٹ), cries
8. Spasms is a <u>characteristic</u> of hydrophobia.
   sign (or mark), quality, factor, warning
9. Spasms is a characteristic of <u>hydrophobia</u>.
   high fever, mental trouble, sleeplessness, rabies (illness from dog-bite, etc.)
10. <u>Shudders</u>, (passionate) a symptom of hydrophobia.
    shivers (کپکپاہٹ), headaches, backaches, muscular pain
11. The dogs were <u>rendered</u> immune to hydrophobia.

left, made, turned, set

12. The dogs were rendered immune to hydrophobia.
safe from disease, safe from ill health, protected from outer effects, safe from poison
13. Pasteur was devoured (*di-vour'd v.*) by fears about the results of his treatment.
troubled, pained, puzzled, affected very much
14. In the 19th century, malaria was rampant in England.
common, present, staying, widespread
15. Malaria was banished by draining the malarial districts (making the water flow out).
sent out, driven out, thrown out, moved away
16. There was enormous loss of life and money owing to malaria and yellow fever.
huge (or very big), extraordinary, unusual, heavy
17. They faced the ravages (*rav'ijis*) of the diseases.
destruction, ill effects, results, pains
18. Pasteur brought disease from the realm of the supernatural into the realm of the natural.
area, field, sphere (دائرہ), body
19. Pasteur brought disease from the realm of the miraculous into the realm of the natural.
the unbelievable, the horrible, the magical, the shocking

Exercise 5

Fill in the blanks with the most suitable words or phrases.

1. He won a medal on the field of battle for ___ (*fi-del'i-tee* or *fii-del'i-tee n.*).
punctuality, regularity, obedience, fiderlity (loyalty)
2. He had a ___ stroke (attack) two years before, in 1868.
on pains, paralytic [of paralysis (inability to move parts of his body)], without ability to act, with loss of feeling in the body
3. Sometimes ___ becomes necessary during an operation.
operation of the legs, operation of the neck, amputation (cutting off of body parts), taking out body liquids
4. Until 1849 the silk industry had flourished ___.
successfully, properly, consistently (steadily), effectively
5. The little girl was quite ___ with the telescope.
knew its meaning, knew its quality, at home (knew how to use it), happy with it
6. He was ___ disappointed.
strangely, exceedingly (very much), improperly, surprisingly
7. This ___ satisfied him.
really, definitely, apparently (outwardly), clearly
8. His marriage was an important ___ in his work.
element, portion, part, factor (influence)
9. The Commission acted ___. properly, suitably, reasonably (sensibly), effectively
10. In 1870 France and Germany were ___ into war.
drifted, plunged (sunk), thrown, pushed
11. The instruments are rigorously ___.

cleaned, disinfected (freed of germs), heated, purified

12. Pasteur collected ___ matter from patients.
diseased, infectious (poisonous), dangerous, harmful

13. Pasteur's discoveries ___ other scientists to try similar methods of cure.
shook up, stirred up (encouraged), lifted up, woke up

Q. III Completion for better understanding of the text نصاب کی بہتر سمجھ کے لئے

Exercise 6

Fill in the blanks with reference to the essay. This is a substitute for the mcqs.

1. "Louis Pasteur" is written by ___.
2. The essay "Louis Pasteur" deals with ___.
3. However directly he ___ the fact that his education was a great drain (that is, burden) on the family funds, he set himself in earnest at school.
4. He was already much interested in Chemistry too much so for the professor of that subject at Besancon, whom Pasteur used to ___ with unanswerable question.
5. The marriage, however, was extremely happy, and the wife seems to have been an important ___ in her husband's work.
6. The achievement by which Pasteur is best known to the man in the street is his work on ___.
7. These weakened germs introduced into an animal's blood gave rise to only slight ___ of anthrax (disease of sheep and cows).
8. The idea then ___ to him of inoculating them with a fresh lot of virulent (very powerful) germs of chicken-cholera, and he was amazed at the result.
9. It is impossible even to ___ the list of the medical discoveries which have sprung from Pasteur's work and especially since the Great World War, which forced us to deal with many hitherto little-known diseases and conditions and so to greatly increase our knowledge of them.
10. It had been well said that Pasteur "brought the facts of disease and death from the realm (field or sphere) of the supernatural (magic, gods, etc.) and ___ into the realm of the natural.

(F) Hints for the exercises

Exercise 1. 1. soldier employed forcibly. 2. bravery. 3. forefathers. 4. church holy table. 5. close to. 6. for the reason. 7. the other way round. 8. production or birth without any cause. 9. opponents. 10. the last action. 11. prevented. 12. fully and exactly. 13. the common person. 14. grown. 15. brought from another country. 16. open to the effects of.

Exercise 2. 1. lowly (or ordinary). 2. conditions. 3. enlist (بھرتی کرنا). 4. understood well. 5. loss of. 6. puzzle (or perplex). 7. involved. 8. disfavoured. 9. completely. 10. automatic. 11. birth. 12. adequately (or suitably). 13. a referee's decision. 14. unfriendly. 15. encouraged.

Exercise 3. 1. greatly. 2. hatred. 3. disability. 4. great. 5. swelling. 6. hidden or not understandable. 7. widespread disease. 8. destroying. 9. disease of cattle. 10. paralytic attack (فالج کا حملہ). 11. got rid of. 12. developed. 13. getting over (قابو پاتے ہوئے). 14. hospitals for childbirth.

Exercise 4. 1. ruined. 2. after-birth fever. 3. a shocking. 4. injections of disease germs. 5. injected (or vaccinated). 6. light. 7. shivers (کپکپاہٹ). 8. sign (or mark). 9. rabies (illness from dog-bite, etc.). 10. shivers (کپکپاہٹ). 11. made. 12. safe from this disease. 13. affected very much. 14. widespread. 15. driven out. 16. huge (or very big). 17.

destruction. 18. sphere (دائرہ). 19. the unbelievable (ناقابلِ یقین) or the hidden (مخفی).

Exercise 5. 1. fidelity (loyalty). 2. paralytic (of paralysis). 3. amputation (cutting off of body parts). 4. consistently (steadily). 5. at home (knew how to use it). 6. exceedingly (very much). 7. apparently (outwardly). 8. factor (influence). 9. reasonably (sensibly). 10. plunged (sunk). 11. disinfected (freed of germs). 12. infectious (poisonous). 13. stirred up (encouraged).

Exercise 6. 1. Margaret Avery. 2. the life and achievements of Louis Pasteur. 3. grasped (understood completely). 4. embarrass (upset greatly مشکل میں ڈالنا). 5. factor. 6. disease. 7. symptoms (signs of a disease). 8. occurred (came to his mind). 9. catalogue (make a list of). 10. miraculous (magical and unnatural).

15. Mustafa Kamal مصطفیٰ کمال (1881-1938)

by Wilfrid F. Castle ولفرڈ ایف کاسل

(A) Introduction to & comments on the essay مضمون کی تمہید اور تبصرہ

The theme of the essay and our feelings on reading it

Special Q. 1 What is the theme of Wilfrid F. Castle's essay on Mustafa Kamal and what do you feel on reading it?

مصطفیٰ کمال پر ولفرڈ ایف کاسل کے مضمون کا کیا موضوع ہے اور اسے پڑھ کر آپ کیا محسوس کرتے ہیں؟

Wilfrid F. Castle has presented to us the work and achievements of Mustafa Kamal as the greatest leader of Turkey. This essay makes us compare the military rulers of the developing countries with the great Mustafa Kamal. We may pray to God to bless our country with a Mustafa Kamal or a civilian leader of his stature (position and ability) to change its fate for the better.

ولفرڈ ایف کاسل نے مصطفیٰ کمال کے کام اور کرہائے نمایاں کو بطور ترکی کے عظیم ترین رہنما کے ہم پر واضح کیا ہے۔ یہ مضمون ہمیں ترقی پذیر ملکوں کے فوجی حکمرانوں کا عظیم مصطفیٰ کمال کے ساتھ مقابلہ کرنے پر اُکساتا ہے۔ ہم اللہ تعالیٰ سے دعا کر سکتے ہیں کہ وہ ہمارے ملک کو کوئی مصطفیٰ کمال یا اس کے برابر قد وقامت اور قابلیت رکھنے والے غیر فوجی رہنما کو عطا کر دے جو اس کی تقدیر بہتری میں تبدیل کر سکے۔

Special Q. 2 How did our military dictators manage Pakistan in comparison with Mustafa Kamal?

ہمارے ملٹری مطلق العنان حکمرانوں نے مصطفیٰ کمال کے مقابلے میں پاکستان کا نظم ونسق کیسے چلایا؟

Unluckily, even the dictators in our country proved to be mere (only) paper tigers. They could not at all bring about the much-needed reforms to change the structure and composition of this unfortunate society. They did not or could not use the military or dictatorial power at their disposal positively what history and the nation was demanding of them.

بدقسمتی سے ہمارے ملک میں فوجی حکمران بھی کاغذی شیر ثابت ہوئے۔ وہ بالکل بھی وہ اصلاحات نہ لا سکے جن کی بہت کافی حاجت تھی تا کہ اس بدقسمت معاشرے کے ڈھانچے اور اجزائے ترکیبی کو تبدیل کیا جا سکے۔ انہوں نے فوجی یا آمرانہ طاقت کا مثبت استعمال نہیں کیا جو ان کی دسترس میں تھا اور جس کے استعمال کا تاریخ اور قوم ان سے مطالبہ کر رہی تھی۔

(B) The title of the essay مضمون کا عنوان

Special Q. 3 Write a note on the title of the essay.

مضمون کے عنوان پر ایک نوٹ لکھیں۔

Mustafa Kamal (1888-1938), was later called Ataturk, "father of the Turks." He worked for national unity and independence. He was elected president of Turkey in 1923 and ruled for 15 years. The present essay is about the situation in Turkey after the First World War (1914-18) and Ataturk's rule.

مصطفیٰ کمال بعد میں اتاترک یعنی "ترکوں کا باپ" کہلایا۔ اس نے قومی یک جہتی اور آزادی کے لیے کام کیا۔ 1923ء میں اسے ترکی کے صدر کے طور پر منتخب کر لیا گیا اور اس نے 15 سال تک حکومت کی۔ موجودہ مضمون جنگِ عظیم اوّل کے بعد ترکی کی صورت حال اور اتاترک کے دورِ حکومت کے بارے میں ہے۔

(c) Detailed explanatory summary (consisting of long questions (لمبے سوالات پر مشتمل)

1. Who was Mustafa Kamal and what was Turkey's war and political situation and Sultan Mehmat IV's action?

مصطفیٰ کمال کون تھا اور ترکی کی جنگی اور سیاسی صورتِ حال کیا تھی اور سلطان مہمت چہارم کا اقدام کیا تھا؟

Mustafa Kamal is known as Kamal Ataturk. "Ataturk" means "Father of all the Turks." He was a Turkish military officer during the First World War in which Turkey was Germany's partner against Britain, France, Russia, etc. (the Allies اتحادی). After the First World War, the Allies began controlling Turkey through its Sultan Mehmet IV in Istanbul. The Sultan sent Mustafa Kamal to Anatolia (a Turkish province) to fight against rebel (باغی) Turkish soldiers in 1919 as Governor-General of the Eastern Provinces. This was a great chance for him to fight against the Western Allies and the Sultan with the help of the people and the army.

مصطفیٰ کمال ''کمال اتاترک'' کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اتاترک کا مطلب ''تمام ترکوں کا باپ'' ہے۔ وہ پہلی جنگ عظیم میں جس میں ترکی نے برطانیہ، فرانس اور روس کے خلاف جرمنی کا ساتھ دیا تھا ترک فوج میں افسر تھا۔ پہلی جنگ عظیم کے بعد اتحادیوں نے استنبول میں سلطان مہمت چہارم کے ذریعہ ترکی پر تسلط قائم کرنا شروع کر دیا۔ سلطان نے مصطفیٰ کمال کو 1919ء میں انطولیہ باغی ترک سپاہیوں کے خلاف لڑنے کے لیے مشرقی صوبوں کے گورنر جنرل کی حیثیت میں بھیجا۔ یہ اس کے لیے بڑا موقع تھا کہ وہ لوگوں اور فوج کی مدد سے مغربی اتحادیوں اور سلطان کے خلاف لڑے۔

2. Describe Mustafa Kamal's war preparations.

مصطفیٰ کمال کی جنگی تیاریوں کو بیان کریں۔

Mustafa Kamal reached a part of Anatolia with the decision to oppose the Greek forces and the Turkish government. He started making preparations to gain full control of Turkey. He had secret meetings with the commander of an army corps (branch) staying in Ankara. He made a plan to prepare gorilla (or guerilla) groups of fighters and a national army to fight against the Greeks. And he decided not to ask for any help from Sultan Mehmet and his government.

مصطفیٰ کمال اینطولیہ کے علاقے میں یونانی فوجوں اور ترک حکومت کی مخالفت کے فیصلہ کے ساتھ پہنچا۔ اس نے ترکی پر مکمل کنٹرول حاصل کرنے کے لیے تیاریاں شروع کر دیں۔ اس نے انقرہ میں رہتے ہوئے ایک فوجی یونٹ کے کمانڈر سے خفیہ ملاقات کی۔ اور یونانیوں کے خلاف لڑنے کیلئے گوریلا جتھے اور نیشنل فوج تیار کرنے کا منصوبہ بنایا۔ تاہم اس نے سلطان مہمت اور اس کی حکومت سے کسی قسم کی مدد نہ لینے کا فیصلہ کیا۔

3. What was Mehmet IV's order to Mustafa Kamal and the Nationalists?

مہمت چہارم کا مصطفیٰ کمال اور قوم پرستوں کے لیے کیا حکم تھا؟

Mehmet IV ordered Mustafa Kamal to return to Istanbul. In reply, Mustafa Kamal asked Mehmet to come to Anatolia to lead the forces against the foreign enemies.

مہمت چہارم نے مصطفیٰ کمال کو استنبول واپس آنے کا حکم دیا۔ جواب میں مصطفیٰ کمال نے مہمت کو اینطولیہ آکر فوجوں کی بیرونی دشمنوں کے خلاف کمان کرنے کو کہا۔

Mehmet asked the Nationalists gathered at Ankara to transfer their activities to Istanbul, not to oppose him and to put Mustafa Kamal's ideas into practice. The Nationalists went there in 1920, and Mustafa Kamal alone continued making war preparations against the Allies.

مہمت نے قوم پرستوں سے جو انقرہ میں اکٹھے تھے اپنی سرگرمیاں استنبول میں منتقل کرنے، اس کی مخالفت نہ کرنے اور مصطفیٰ کمال کے خیالات کو عمل میں لانے کو کہا۔ قوم پرست 1920ء میں وہاں چلے گئے اور مصطفیٰ کمال نے اکیلے اتحادیوں کے خلاف جنگی تیاریاں جاری رکھیں۔

4. What was the war and political situation in Turkey?

ترکی جنگی اور حکومتی حالات کیا تھے؟

The Turks started war preparations against the Greeks in Anatolia under the command of Mustafa Kamal. The Allies dissolved (brought to an end) the National Assembly at Istanbul. Mustafa Kamal called the Revolutionary Grand National Assembly at Ankara (in Anatolia).

مصطفیٰ کمال کی کمان میں ترکوں نے اینطولیہ میں یونانیوں کے خلاف جنگی تیاریاں شروع کر دیں۔ اتحادیوں نے استنبول میں قومی اسمبلی تحلیل کر دی۔ مصطفیٰ کمال نے انقرہ (اینطولیہ) میں انقلابی عظیم قومی اسمبلی طلب کر لی۔ اس اسمبلی نے اعلان کیا کہ یہ ملک کی حکومت چلائے گی۔

This Assembly declared that it would run the government of the country. The Allies were trying to divide the parts of the country among themselves. The Turkish government at Istanbul agreed to a treaty (written agreement) with the Allies giving away most of Turkey to them. The whole nation rose against the Sultan.

اس اسمبلی نے اعلان کیا کہ یہ ملک کی حکومت چلائے گی۔ اتحادی ملک کے حصے آپس میں بانٹنے کی کوشش کر رہے تھے۔ استنبول میں ترک حکومت اتحادیوں کے ساتھ معاہدہ کے تحت ملک کا زیادہ حصہ انہیں دینے کو تیار تھی۔ تمام قوم سلطان کے خلاف اٹھ کھڑی ہوئی۔

5. What was the Turkish victory against the Greeks?

یونانیوں کے خلاف ترک فتح کیا تھی؟

In 1921, the Greeks attacked the Turks in Anatolia. Mustafa Kamal's forces fought bravely against them and pushed them back into the Mediterranean (بحیرہ روم). Mustafa Kamal entered Izmir in 1922 as Commander-in-Chief of the Turkish forces after winning the war against the Greeks.

1921ء میں یونانیوں نے اناطولیہ اور ترکوں پر حملہ کر دیا۔ مصطفیٰ کمال کی فوجیں ان کے خلاف بہادری سے لڑیں اور انہیں واپس بحیرہ روم میں دھکیل دیا۔ یونانیوں کے خلاف جنگ جیتنے کے بعد 1922ء میں مصطفیٰ کمال ازمیر میں ترک فوجوں کے کمانڈر ان چیف کی حیثیت سے داخل ہوا۔

6. What happened in Turkey after the Turkish victory against the Greeks?

یونانیوں کے خلاف ترکوں کی فتح کے بعد ترکی میں کیا ہوا؟

In 1923, the Grand National Assembly of Turkey abolished the Sultanate and declared that Turkey was a republic. Mustafa Kamal was appointed President of Turkey. General Ismat Inonu was made Prime Minister. Sultan Mehmet IV had been sent into exile. Everyone accepted Mustafa Kamal as the greatest saviour of Turkey. All gave him complete authority as ruler.

1923ء میں ترکی کی عظیم قومی اسمبلی نے سلطان کے حکومتی ادارے کو منسوخ کر دیا۔ مصطفیٰ کمال کو ترکی کا صدر تعینات کر دیا گیا۔ اور ترکی کو جمہوریہ بنانے کا اعلان کر دیا گیا۔ عصمت انونو کو وزیراعظم بنا دیا گیا۔ سلطان محمت چہارم کو جلاوطن کر دیا گیا تھا۔ ہر شخص نے مصطفیٰ کمال کو ترکی کا عظیم ترین نجات دہندہ قبول کیا۔ سب نے اسے بطور حکمران کے مکمل اختیار دے دیا۔

7. Mustafa Kamal's revolutionary reforms

مصطفیٰ کمال کی انقلابی اصلاحات

(i) What reforms did Mustafa Kamal bring about in education and script (system of writing رسم الخط)?

مصطفیٰ کمال نے تعلیم و رسم الخط کی کیا اصلاحات کیں؟

Exercise 5. 1. vague (unclear). 2. verdict (decision). 3. gigantic (very huge). 4. unchaining (freeing or liberalizing). 5. apparent (clear or obvious or apparent). 6. hurriedly (hastily). 7. magnificent (grand). 8. grasped at (understood really). 9. terms (conditions). 10. wiped (cleaned off).

Exercise 6. 1. Wilfrid F. Castle. 2. Mustafa Kemal's life and his achievements. 3. deliverers (rescuers). 4. superseded (replaced). 5. encounters (violent meetings). 6. intercepted (stopped). 7. infuriated (greatly angered). 8. staggered (moved unsteadily). 9. vowed (said seriously). 10. momentous (of great importance). 11. work up (increase or improve). 12. massacre (cruel large-scale killing). 13. null and void (invalid, of no legal force). 14. enforce (put into force). 15. coup d`tat (illegal and violent change of government. 16. proclaimed (declared). 17. exemplify. 18. substituting (replacing). 19. veil. 20. inaugurated (officially started). 21. stupendous (very much surprising). 22. exaggeration (overstatement, something and more than the fact). 23. traversed (journeyed along).

Chapter 2

The Novel—Good-bye, Mr. Chips by James Hilton

2.1 Introduction, summary, the text & translation, word pronunciation & meanings, exam questions & answers, mcqs & hints separately

(A) Introduction to James Hilton (1900-1954) جیمز ہلٹن کا تعارف

James Hilton was a schoolmaster's son, and was educated at Leys School and Christ's College, Cambridge. He started writing in boyhood when an article by him was published in the *Manchester Guardian*. His novel "Catherine Herself" was published when he was an under-graduate. His celebrated novel, "Good-bye, Mr. Chips," appeared in 1934, written in four days. It was dramatized and filmed, and was later followed by "To You Mr. Chips" (1938). "Lost Horizon" (1933) won the Howthornden prize. It added the word *Shangrila* to the English language. Hilton was living in Hollywood, where he died of cancer in 1954.

جیمز ہلٹن ایک سکول ماسٹر کے بیٹے تھے۔ لیز سکول اور کرائسٹس کولج کیمبرج سے فارغ التحصیل ہوئے۔ لڑکپن میں اُنہوں نے لکھنا شروع کیا جب اُن کا ایک مقالہ مینچسٹر گارڈین میں شائع ہوا۔ اُن کا نوول "کیتھرن بذاتِ خود" اُس وقت شائع ہوا جب وہ گریجویٹ بھی نہ تھے۔ اُن کا نامی گرامی نوول "خدا حافظ، مسٹر چپس" کا 1934ء میں ظہور ہوا جو کہ چار روز میں لکھا گیا تھا۔ اِس نوول کو ڈرامائی اور فلمی رنگ دیا گیا جو کہ بعد میں یعنی 1938ء میں "تم کو مسٹر چپس" کے طور پر اس کے بعد آیا۔ ہلٹن کے "کھویا ہوا اُفق" کو 1933ء میں ہاؤ تھورنڈن اعزاز حاصل ہوا۔ اُس نوول کے ذریعے لفظ شنگریلہ کو انگریزی زبان میں شامل کیا گیا۔ ہلٹن ہولی ووڈ میں رہتے تھے، جہاں اُن کا 1954ء میں کینسر کی وجہ سے انتقال ہوا۔

(B) The present novel is about: موجودہ نوول مندرجہ ذیل کے متعلق ہے۔

1. The life and work of Mr. Chips in two different schools and after his retirement.
   مسٹر چپس کی زندگی اور کام، دو مختلف سکولوں میں اور اس کی ریٹائرمنٹ کے بعد۔
2. The atmosphere and working of the Brookfield school and personalities of its teachers.
   بڑک فیلڈ سکول کا ماحول اور سرگرمیاں اور اساتذہ کی شخصیات۔
3. The life of Katherine as Mr. Chips's wife and her contribution to his life and to Brookfield.
   کیتھرن کی زندگی بحیثیت مسٹر چپس کی بیوی اور اُس کا مسٹر چپس کی زندگی میں کردار اور بڑک فیلڈ سکول سے تعاون۔
4. The students who were taught by Mr. Chips and his associates (those who worked with him).
   طلباء جنھیں مسٹر چپس نے اور اُن کی رُفقاء نے پڑھایا۔
5. The place where Mr. Chips stayed close to the school with Mrs. Wickett and her character.
   وہ جگہ جہاں مسٹر چپس سکول کے قریب مسز وکٹ کے ساتھ رہے اور اس کا کردار۔
6. Mr. Chips's very last days and his visitors. Dr. Merivale's role in Mr. Chips's treatment.
   مسٹر چپس کے بالکل آخری ایام اور اُن کے مہمان۔ ڈاکٹر میری وَیل کا مسٹر چپس کے علاج میں کردار۔

(C) Plot outline of the novel نوول کا مختصر خاکہ

(i) Mr. Chips's life مسٹر چپس کی زندگی کے واقعات

Mr. Chips (Chipping) was born in 1848. He started teaching at the Melbury School in England at the age of 21. The boys there troubled him a lot. After a year, in 1870, he came to the Brookfield School to teach.

مسٹر چپس (چپنگ) 1848ء میں پیدا ہوئے۔ اُنہوں نے انگلستان میں اکیس سال کی عمر میں میلبری سکول میں پڑھنا شروع کیا۔ وہاں کے لڑکوں نے اُنہیں خوب تنگ کیا۔ ایک سال بعد 1870ء میں وہ بڑک فیلڈ سکول میں پڑھانے آئے۔

Wetherby was the Head of this famous, but second-rate grammar school. He took Mr. Chips's interview and advised him to have discipline in the classes. Mr. Chips met his first class of 500 boys in a big room. There the boys tried to trouble him. A boy dropped a desk-lid by mischief. Mr. Chips punished him.

ویدربی اس مشہور لیکن دوسرے درجہ کے گرامر سکول کا ہیڈ تھا۔ اس مسٹر چپس کا انٹرویو لیا اور اسے کلاسوں میں نظم وضبط قائم رکھنے کی تلقین کی۔ مسٹر چپس نے پانچ سو لڑکوں کی پہلی کلاس بڑے ہول (مروج لفظ ہال) میں لی۔ وہاں لڑکوں نے انہیں تنگ کرنے کی کوشش کی۔ ایک لڑکے نے شرارتاً اپنے ڈیسک کا ڈھکنا گرایا تو مسٹر چپس نے اسے سزا دی۔

(ii) Marriage with Katherine

کیتھرن سے شادی

Mr. Chips visited the Lake District in the summer vacation of 1896. He climbed up a rock while having a walk. He saw a girl standing on another dangerous rock. She was waving her hand. He thought that she was calling for help. Mr. Chips tried to run to her help, but hurt his foot. She herself reached Mr. Chips with her friend. She helped him to reach the house where he was staying. Mr. Chips fell in love with the girl, Katherine. He married her in London. She was about 25 years younger than him.

1896ء کی گرمیوں کی چھٹیوں میں مسٹر چپس لیک ڈسٹرکٹ پہنچے۔ سیر کرتے ہوئے وہ ایک چٹان پر چڑھ گئے۔ وہاں انہوں نے ایک لڑکی کو ایک خطرناک چٹان پر کھڑے ہاتھ ہلاتے دیکھا۔ وہ سمجھے کہ وہ کسی کو مدد کے لیے بلا رہی ہے۔ مسٹر چپس نے پھرتی سے اس کے پاس پہنچنے کی کوشش کی تو اُن کا پاؤں زخمی ہو گیا۔ وہ لڑکی اپنی ایک دوست کے ساتھ خود مسٹر چپس کے پاس پہنچ گئی۔ انہیں اُن کے گھر تک پہنچنے میں مدد دی جہاں وہ ٹھہرے ہوئے تھے۔ مسٹر چپس اُس لڑکی کیتھرن برجز کے عشق میں گرفتار ہو گئے۔ انہوں نے لندن میں اُس سے شادی کر لی۔ وہ اُن سے تقریباً پچیس سال چھوٹی تھی۔

Mr. Chips's ideas on life were old-fashioned. Katherine (Kathie) had modern ideas, yet they loved each other greatly. The marriage had a very good effect on Mr. Chips. He became broad-minded (وسیع النظر) and began making jokes in his classes. Katherine gave him good advice and went with him to the parties of the school. On her suggestion a grand soccer (football) match was played between Brookfield and East London poor boys. This started a happy contact between them.

مسٹر چپس پرانے خیالات کے مالک تھے اور کیتھرن جدید خیالات رکھتی تھی، پھر بھی دونوں ایک دوسرے سے بہت زیادہ محبت کرتے تھے۔ مسٹر چپس پر شادی کا بہت اچھا اثر ہوا۔ اب وہ وسیع النظر ہو گئے اور کلاسوں میں خوب مذاق کرنے لگے۔ کیتھرن انہیں اچھے مشورے دیتی اور اُن کے ساتھ سکول کی پارٹیوں میں شریک ہوتی۔ اس کے مشورے سے بروک فیلڈ اور مشرقی لندن کے غریب بچوں کے درمیان فٹ بول کا ایک شاندار میچ کھیلا گیا۔ اس سے ان کے درمیان ایک خوشگوار تعلق کا آغاز ہوا۔

Katherine died along with her newborn baby after two years of her marriage. She died in 1898. Now Mr. Chips was 50 years old.

کیتھرن اپنی شادی کے دو سال بعد اپنے نئے پیدا ہونے والے بچے کے ساتھ مر گئی۔ وہ 1898ء میں فوت ہوئی۔ اب مسٹر چپس 50 سال کی عمر کے تھے۔

(iii) After Katherine's death

کیتھرن کی موت کے بعد

Mr. Chips had become very serious after Katherine's death. He could keep better discipline in his classes. Now he was very experienced. He did not change his gown even if it got tattered (torn پھٹا پرانا).

کیتھرن کی موت کے بعد مسٹر چپس بہت سنجیدہ ہو گئے تھے۔ اپنی کلاسوں میں بہتر نظم وضبط رکھ سکتے تھے۔ اُن کا تجربہ بھی کافی تھا۔ سب لوگ اُن کی عزت کرتے۔ وہ اپنا گاؤن (gown) پھٹا پرانا ہونے پر بھی نہ اُتارتے۔

In 1900, old Meldrum, the Head after Wetherby, suddenly died. Mr. Chips became acting (قائم مقام) Head. Soon Ralston a young man of thirty-seven, was made Head by the Board of Governors running the school. Mr. Chips was an old-fashioned (پرانی وضع کا) person while Ralston had modern ideas on life.

1900ء میں بوڑھے میڈروم جو ویدربی کے بعد ہیڈ تھے، یک دم انتقال کر گئے۔ چپس قائم مقام ہیڈ بن گئے۔ جلد ہی ریلسٹن جو سینتیس سال کے نوجوان تھے۔ سکول چلانے والے بورڈ آوف گورنرز کی طرف سے ہیڈ بنا دیے گئے۔ مسٹر چپس ایک پرانی وضع کے انسان تھے جبکہ ریلسٹن جدید زندگی کے بارے میں جدید سوچ رکھتے تھے۔

Ralston objected to Mr. Chips's method of teaching and dress. He asked him to resign from service. Mr. Chips refused to do so. The governors running the school said that Mr. Chips represented the old traditions (روایات) of the school. They supported him.

ریلسٹن نے مسٹر چپس کے پڑھانے کے طریقے اور لباس پر اعتراض کیا۔ انہوں نے انہیں کہا کہ وہ نوکری سے مستعفی ہو جائیں۔ مسٹر چپس نے ایسا کرنے سے انکار کر دیا۔ گورنروں نے جو سکول چلا رہے تھے کہا کہ مسٹر چپس سکول کی پرانی روایات کی نمائندگی کرتے ہیں انہوں نے ان کی حمایت کی۔

In 1911, young Chatteris became the Head. Mr. Chips fell seriously ill in 1913. He remained absent from duty for several months. He had to resign. Now he was 65 years old.

1911ء میں نوجوان شیٹرس (Chatteris) سکول کا نیا ہیڈ بنے۔ 1913ء میں مسٹر چپس سخت بیمار ہو گئے اور کئی مہینے سکول سے غیر حاضر رہے۔ انہیں استعفیٰ دینا پڑا۔ وہ پینسٹھ سال کے ہو گئے تھے۔

Mr. Chips rented some rooms in Mrs. Wickett's house across the road from the school. He went to Germany for medical treatment. He was very healthy when he returned after a month. He went to the Brookfield School to watch matches. He became President of the old boys of the school.

مسٹر چپس نے سکول کی سڑک کے پار مسز وِکٹ کے گھر میں کرائے کے کمرے میں رہنا شروع کر دیا۔ وہ علاج کے لیے جرمنی گئے۔ ایک مہینہ بعد واپس لوٹے تو بہت صحت مند ہو چکے تھے۔ وہ بُرک فیلڈ سکول میں میچ دیکھنے جاتے۔ پرانے طلبہ کے کلب کا صدر بن گئے۔

(iv) Again at Brookfield

دوبارہ بُرک فیلڈ میں

In 1916, during the First World War, the Head, Chatteris, came to Mr. Chips. He requested him to start teaching at Brookfield as good teachers had left. Mr. Chips accepted the request. He started teaching Latin (لاطینی زبان) and history in a very interesting way. Afterwards, Mr. Chips became the Acting Head on the death of Chatteris. In 1918, Mr. Chips again fell seriously ill and left the school.

1916ء میں پہلی جنگ عظیم کے دوران ہیڈ شیٹرس مسٹر چپس کے پاس آئے۔ اُنہوں نے مسٹر چپس سے درخواست کی کہ وہ بُرک فیلڈ میں پھر سے پڑھانا شروع کر دیں کیونکہ وہاں سے اچھے ماسٹر جا چکے تھے۔ مسٹر چپس راضی ہو گئے۔ مسٹر چپس نے لاطینی اور تاریخ بڑے دلچسپ انداز میں پڑھانی شروع کر دی۔ بعد میں شیٹرس کے مرنے کے بعد مسٹر چپس قائم مقام ہیڈ بن گئے۔ 1918ء میں مسٹر چپس سخت بیمار ہو گئے اور اس لیے اُنہیں سکول چھوڑ دینا پڑا۔

(v) From his second retirement until his death

دوسری ریٹائرمنٹ سے موت تک

Now, Mr. Chips passed most of his time at Mrs. Wickett's house. He listened to the bell of the school from his window, and remembered his old pupils much. He felt very happy to talk to the students and to entertain (محظوظ کرنا) them at his place.

اب مسٹر چپس اپنا زیادہ تر وقت مسز وِکٹ کے گھر پر گذارتے تھے۔ وہ اپنی کھڑکی سے سکول کی گھنٹی بجتے سنتے اور اپنے پرانے شاگردوں کو بہت یاد کرتے۔ وہ اپنے گھر پر طلباء سے باتیں کرنے اور اُنہیں کھانے پلانے میں بہت خوشی محسوس کرتے۔

On a November afternoon, in 1933, Mr. Chips was sitting in a chair. He was ill. A small boy came to meet him. While returning the boy said. "Good-bye, Mr. Chips." Chips remembered his wife, who had spoken these words to him soon before his marriage. All of a sudden he became unconscious (بیہوش). This is the basis of the title of the novel.

نومبر 1933ء میں مسٹر چپس ایک کرسی پر آرام سے بیٹھے تھے۔ وہ بیمار تھے۔ ایک چھوٹا لڑکا اُن سے ملنے آیا۔ واپس جاتے ہوئے لڑکے نے کہا "خدا حافظ، مسٹر چپس"۔ مسٹر چپس کو اپنی بیوی یاد آئی جس نے شادی سے کچھ دیر پہلے یہی الفاظ اُنہیں کہے تھے۔ یک دم اُن پر بیہوشی طاری ہو گئی۔ یہ ناول کے عنوان کی بنیاد ہے۔

When Mr. Chips got conscious, he found himself on a bed. Dr. Merivale, Mrs. Wickett and Cartwright, the Head, were standing near him. He died remembering his students.

جب مسٹر چپس ہوش میں آئے تو اُنہوں نے اپنے آپ کو ایک بستر پر پایا۔ ڈاکٹر میری ویل، مسز وِکٹ اور ہیڈ ماسٹر کارٹ رائٹ اُن کے قریب کھڑے تھے۔ وہ اپنے شاگردوں کو یاد کرتے کرتے مر گئے۔

(D) The text, its complete translation, word pronunciation & meanings

Chapter 1

When you are getting on in years (بوڑھے ہوتے ہوئے ہوتے ہیں) (but not ill, of course), you get very sleepy at times, and the hours seem to pass like lazy cattle moving across a landscape. It was like that for Chips as the autumn term progressed and the days **shortened** till it was actually dark enough to light the gas before **call-over** (roll-call). For Chips, like some old sea-captain, still measured time by the signals of the past (ماضی کے اشارات); and well he might, for he lived at Mrs. Wickett's, just across the road from the school. He had been there more than a decade (دہائی), ever since he finally gave up his mastership; and it was Brookfield far more than Greenwich time that both he and his landlady kept. "Mrs. Wickett," Chips would sing out, in that jerky, high-pitched voice that had still a good deal of **sprightliness** (جوش) in it, "you might bring me a cup of tea before **prep.**, will you?"

جب آپ بوڑھے ہوتے ہوئے ہوتے ہیں (مگر، یقیناً، بیمار نہیں) تو وقت بے وقت آپ کو زیادہ نیند آنے لگتی ہے اور گھنٹے سست رو مویشیوں کی طرح اُفق کے پار گزرتے دکھائی دیتے ہیں۔ چپس کے ساتھ بھی کچھ ایسا ہی معاملہ تھا۔ جیسے جیسے موسم خزاں کا تعلیمی سال کا عرصہ بڑھتا گیا اور دن چھوٹے ہوتے گئے حتیٰ کہ سکول میں طلبا کی حاضری سے پہلے حقیقتاً اس قدر اندھیرا چھا جاتا کہ اسے گیس روشن کرنی پڑتی۔ کیونکہ چپس عمر رسیدہ بحری کپتان کی طرح وقت کا شمار اب بھی ماضی کے اشارات سے کرتا تھا۔ اور کرتا بھی ٹھیک تھا کیونکہ وہ سکول کے بالکل سامنے سڑک کے پار مسز وکٹ کے ہاں رہائش پذیر تھا۔ وہ ایک عشرہ (دس سال) سے بھی زیادہ وہاں رہ رہا تھا۔ اس وقت سے جب سے اس نے تعلیم و تدریس کو بالآخر خیرباد کہہ دیا۔ اور یہ بروک فیلڈ ہی تھا، گرین وچ کے وقت سے بھی بہت زیادہ بڑھ کر، جس کی اس نے اور اس کی مالکن مکان نے پابندی کی۔ "مسز وکٹ" چپس لڑکھڑاتی تیز آواز میں چلا اٹھتا جس میں اب بھی کافی جوش تھا۔ "آپ مجھے پریپ (سبق کی تیاری کے وقت) سے قبل ایک پیالی چائے کی لا کے دے سکتی ہیں، کیا آپ لا دیں گی؟"

Words	How we speak	Meanings in English & Urdu
getting on in years (*n.*)	گیٹنگ اون اِن ائیرز	getting older عمر میں بڑھتے جانا
shortened (*v.*)	short´ned شورٹنڈ	became shorter چھوٹے ہوتے گئے
call-over (*n.*)	koel oe´vur کول اوور	roll-call حاضری لینے کا عمل
sprightliness (*n.*)	spriit´lee-nus سپرائٹ لی نَس	liveliness زندہ دلی
prep. (*n.*)	پریپ	school work done at the end of the day دن کے اختتام پر سکول کا کام

When you are getting on in years it is nice to sit by the fire and drink a cup of tea and listen to the school-bell sounding dinner, call-over, prep. and lights out. Chips always **wound up** the clock after that last bell, then he put the wire guard in front of the fire, turned out the gas, and carried a **detective** novel (جاسوسی ناول) to bed. **Rarely** did he read more than a page of it before sleep came swiftly and peacefully, more like a **mystic intensifying** of **perception** than any changeful entrance into another world. **For** his days and nights were equally full of dreaming.

جب آپ عمر میں بڑھتے جا رہے ہوں تو آگ کے نزدیک بیٹھنا، چائے کا کپ پینا اور رات کے کھانے، حاضری، سبق یاد کرنے کے وقت اور بتیاں بجھانے کے لیے سکول کی گھنٹی سننا اچھا لگتا ہے۔ چپس ہمیشہ آخری گھنٹی کے بعد گھڑی کو چابی دیتا، پھر آگ کے سامنے حفاظتی جنگلہ رکھ دیتا، گیس بند کر دیتا اور ایک جاسوسی ناول اٹھائے بستر میں جا لیٹتا۔ بمشکل ہی وہ ایک صفحے سے زیادہ پڑھ پاتا کہ نیند تیزی اور سکون سے اُسے آ لیتی، سمجھ بوجھ کی عارفانہ شدت کی طرح بنسبت دوسری دنیا میں داخلہ کی تبدیلی کے احساس کے، کیونکہ اس کے شب و روز برابر خواب و خیال سے پُر تھے۔

Words	How we speak	Meanings in English & Urdu
wound up (*v.*)	wiind-wound-wound وائونڈاپ	coiled completely پوری طرح چابی دینا
detective (*adj.*)	di-tek´tiv ڈیٹکٹو	about crimes and investigation جرائم اور تفتیش سے متعلق
rarely (*adv.*)	rar´lee ریرلی	not often, seldom شاذ
mystic (*adj.*)	mis´tik مِسٹِک	concerned with the soul عارفانہ
intensifying (*v.*)	in-ten´su-fii´-ng اِنٹینسفائینگ	making greater, more powerful بڑھانا، زیادہ قوی بنانا
perception (*n.*)	pur-sep´shun پَر سیپشن	mental understanding دماغی سمجھ
for (*conj.*)	فور	because

He was getting on in years (but not ill, of course); indeed, as Doctor Merivale said, there was really nothing the matter with him. "My dear fellow, you're fitter than I am," Merivale would say, sipping (چسکی لیتے ہوئے) a glass of sherry when he called every fortnight or so. "You're past the age when people get these horrible (خوفناک) diseases; you're one of the few lucky ones who're going to die a really natural death. That is, of course, if you die at all. You're such a **remarkable** (غیر معمولی) old boy that one never knows." But when Chips had a cold or when east winds roared over the **fenlands**, Merivale would sometimes take Mrs. Wickett aside in the lobby and whisper: "Look after him, you know. His chest.... It puts a **strain** (کھچاؤ، دباؤ) on his heart. Nothing really wrong with him—only **Anno Domini**, but that's the most **fatal** complaint (مہلک شکایت) of all, in the end...."

وہ بوڑھا ہو رہا تھا (مگر، یقیناً، بیمار نہیں تھا)۔ واقعی، جیسا کہ ڈوکٹر میری ویل کہتا تھا، اس کی صحت کا حقیقت میں کوئی مسئلہ نہیں تھا۔ جب میری ویل تقریباً ہر پندرہ واڑے اسے ملتا تو ہسپانوی سفید شراب کے گلاس سے چسکی لیتے ہوئے کہتا "میرے پیارے دوست تم مجھ سے زیادہ تندرست ہو۔" "تم عمر کے اس دور سے گذر چکے ہو جب لوگ خوفناک بیماریوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔ تم ان چند خوش نصیب افراد میں سے ایک ہو جو اپنی طبیعی موت مریں گے۔ کہنے کا مطلب ہے کہ اگر واقعی تم کبھی اس جہاں سے رخصت ہوئے۔ تم ایک ایسے غیر معمولی بوڑھے لڑکے ہو جس کا کسی کو علم نہیں۔" لیکن جب چپس کو زکام ہو جاتا یا مشرقی ہوائیں دلدلی علاقوں پر شور مچاتیں تو میری ویل کبھی کبھار مسز وکٹ کو راہداری میں ایک طرف لے جاتا اور سرگوشی کرتا "...... اس کا خیال رکھو، تم جانتی ہو۔ اس کا سینہ...... یہ اس کے دل پر کھچاؤ ڈالتا ہے۔ درحقیقت اسے کوئی تکلیف نہیں ہے — صرف بڑھاپا ہے، لیکن یہی سب سے مہلک شکایت ہوتی ہے آخرکار......"

remarkable (*adj.*)	ri-maar´ku-bul ریمارکَبل	worthy of notice, extraordinary	غیر معمولی
fenlands (*n.*)	فن لینڈس	open low wetlands	کھلے نشیبی دلدلی علاقے
strain (*n.*)	straen سٹرین	stress or force	کھچاؤ، دباؤ
Anno Domini (*n.*)	an´oe dom´u-ni´ اینو ڈومَنی	advancing age	عمر کا بڑھنا
fatal (*adj.*)	faet´l فیٹَل	resulting in death, destructive	مہلک

Anno Domini.... **By Jove**, yes. Born in 1848 and taken to the Great Exhibition as a **toddling** (ڈگمگاتے ہوئے قدموں سے چلنے والا) child—not many people still alive could **boast** a thing like that. Besides, Chips could even remember Brookfield in Wetherby's time. A **phenomenon** (غیر معمولی مظہر), that was. Wetherby had been an old man in those days—1870—easy to remember because of the **Franco-Prussian War**. Chips had put in for (apply for a post, leave, transfer, etc.) Brookfield after a year at Melbury, which he hadn't liked, because he had been **ragged** there a good deal. But Brookfield he had liked, almost from the beginning. He remembered that day of his **preliminary** (ابتدائی) interview—sunny July, with the air full of flower scents and the **plick-plock** of cricket on the pitch. Brookfield was playing Barnhurst, and one of the Barnhurst boys, a **chubby** (گول مٹول) little fellow, made a brilliant century. **Queer** that a thing like that should stay in the memory so clearly. Wetherby himself was very fatherly and **courteous** (خوش اخلاق اور مہربان); he must have been ill then, poor chap, for he died during the summer vacation, before Chips began his first term. But the two had seen and spoken to each other, anyway. Chips often thought, as he sat by the fire at Mrs. Wickett's:

بڑھاپا...... جوپیٹر دیوتا کی قسم، ہاں وہ 1848ء میں پیدا ہوا اور اسے عظیم نمائش میں لے جایا گیا جبکہ وہ ابھی ڈگمگاتے ہوئے قدموں سے چلنے والا بچہ تھا — بہت کم لوگ ابھی تک زندہ ہیں جو اس بات پر فخر کر سکیں۔ علاوہ ازیں، چپس کو ویدربی کے وقت کا بڑک فیلڈ بھی یاد تھا، یہ ایک غیر معمولی مظہر تھا۔ ویدربی — 1870ء — کے دنوں میں جنہیں فرانس۔ جرمنی جنگ کی وجہ سے یاد رکھنا آسان تھا، اپنے بڑھاپے کی زندگی گذار رہا تھا۔ میلبری میں ایک سال کے بعد جسے وہ پسند نہیں کرتا تھا کیونکہ اسے وہاں بہت زیادہ چھیڑا گیا تھا چپس نے بڑک فیلڈ میں نوکری کے لیے درخواست دی تھی۔ بڑک فیلڈ اسے شروع ہی سے پسند تھا۔ اسے اپنے ابتدائی انٹرویو کا دن بھی یاد تھا — جولائی کی دھوپ، پھولوں کی خوشبو سے معطر ہوا اور پچ پر کرکٹ کی ٹھک ٹھک۔ بڑک فیلڈ بارن ہرسٹ کے خلاف کھیل رہا تھا، اور بارن ہرسٹ کے لڑکوں میں سے ایک چھوٹے سے گول مٹول لڑکے نے شاندار سنچری بنائی۔ کتنی عجیب بات ہے کہ اس قسم کی کوئی چیز یادداشت میں اتنے واضح طور پر رہ جائے۔ ویدربی بذات خود خوش اخلاق اور مہربان شخص تھا۔ وہ ضرور اس وقت بیمار رہا ہوگا۔ بے چارہ دوست، کیونکہ قبل اس کے چپس اپنی پہلی مدت شروع کرتا وہ گرمیوں کی چھٹیوں میں مر گیا۔ مگر کچھ بھی ہو دونوں ایک دوسرے سے ملے تھے اور انہوں نے بات چیت کی تھی۔ چپس اکثر اوقات جب وہ مسز وکٹ کے گھر میں آگ کے پاس بیٹھتا تو سوچتا:

"I am probably the only man in the world who had a vivid **recollection** (واضح یادیں) of old Wetherby...." **Vivid**, yes; it was a frequent picture in his mind, that summer day with the sunlight filtering through the dust in Wetherby's study. "You are a young man, Mr. Chipping, and Brookfield is an old foundation. Youth and age often combine well. Give your enthusiasm (جوش و جذبہ) to Brookfield and Brookfield will give you something in return. And don't let anyone play tricks with you. I—er—gather that discipline was not always your strong point at Melbury?"

"Well, no, perhaps not, sir."

"Never mind; you're full young; it's largely a matter of experience. You have another chance here. Take up a **firm attitude** (سخت رویہ) from the beginning, that's the secret of it."

''غالباً میں ہی دنیا میں واحد شخص ہوں جو بوڑھے ویدربی کی واضح یادیں رکھتا ہو......'' واضح، ہاں۔ یہ اس کے دماغ میں اکثر آتی ہوئی تصور تھی اس گرمیوں کے دن کی جب سورج کی روشنی دھول میں سے چھن کر ویدربی کے مطالعہ کے کمرے میں پڑ رہی تھی۔ ''تم ایک نوجوان ہو، مسٹر چپنگ، اور بزک فیلڈ کی بنیاد بہت پرانی ہے۔ جوانی اور بڑھاپا اکثر خوب گھل مل جاتے ہیں۔ تم اپنا جوش و جذبہ بزک فیلڈ کو دو، اور بزک فیلڈ تمہیں بدلے میں کچھ دے گا۔ اور کسی کو اپنے ساتھ چھیڑ چھاڑ مت کرنے دو۔ میں خیال دوڑاتا ہوں کہ میلبری میں نظم و ضبط ہمیشہ تمہاری نمایاں خصوصیت نہیں تھی؟''

''ہاں، نہیں، شاید نہیں تھا جناب۔''

''برا مت مانو، تم بھرپور جوان ہو، یہ زیادہ تر تجربہ کا مسئلہ ہے۔ تمہارے پاس یہاں ایک اور موقع ہے۔ ابتداء ہی سے مضبوط رویہ اختیار کرو، یہی اسکا راز ہے۔''

Jove (*n.*)	joev جوو	supreme god of the Romans	رومیوں کا سب سے بڑا خدا
by Jove (*n.*)	by joev بائی جوو	an oath (قسم) to express surprise	حیرانگی کے اظہار کے لیے اُٹھائی جانے والی قسم
toddling (*n.*)	tod´ling ٹوڈلنگ	a child who just begins to walk	پہلے پہل چلنے والا بچہ
boast (*v.*)	boest بوسٹ	take pride in	اس پر فخر کرنا
phenomenon (*n.*)	fi-nom´u-non´ فنومنن	unusual event	غیر معمولی واقعہ
Franco-Prussian War (*n*)	frang´koe-prucsh´un فرینکو پرشن	war of 1870-7 between France and Prussia (prush´u)—a former (سابقہ) German state (مملکت)	
ragged (*v*)	ragd رَیگڈ	teased, laughed at	چھیڑا گیا، مذاق اُڑایا گیا
preliminary (*adj*)	pri-lim´u-ner´ee پری لِم اَنیری	introductory	ابتدائی
plick-plock (*n.*)	پلک پلوک	the sound of the ball hitting the bat	گیند کی بلے پر ٹھک ٹھک
chubby (*adj.*)	chub´ee چبی	round and fat	گول مٹول
queer (*adj*)	kwir کویر	strange that	عجیب بات ہے
courteous (*adj.*)	kur´tee-us کَرٹی اَس	polite, kind	خوش اخلاق۔ مہربان
recollection	rek´u-lek´shun ریکلیکشن	remembrance	یاد
vivid (*adj.*)	viv´id وِوڈ	clear	واضح
frequent (*adj.*)	free´kwunt فری کوئنٹ	coming often	اکثر آنے والی
firm attitude (*adj., n.*)	furm at´u-tood فرم ایٹ ٹیوڈ	strick behaviour	سخت رویہ

Perhaps it was. He remembered that first **tremendous ordeal** (سخت آزمائش) of taking prep., a September sunset more than half a century ago; Big Hall full of **lusty barbarians** ready to **pounce on**(جھپٹنے کو) him as their **legitimate prey** (جائز شکار). His youth, fresh-complexioned (نکھری رنگت), high-collared, and side-whiskered (odd fashions people followed in those days), at the mercy of five hundred unprincipled ruffians (بے اصولے ظالم) to whom the baiting (تنگ کرنا) of new masters was a fine art, an exciting sport, and something of a tradition. Decent little beggars individually (personally انفرادی طور پر), but as a mob (ہجوم), just **pitiless** (بے رحم) and **implacable** (سنگدل).

شاید یہی بات تھی۔ اسے پریپ کلاس لینے کی پہلی سخت آزمائش یاد تھی۔ یہ نصف صدی سے زیادہ پہلے ستمبر کے غروب آفتاب کی بات ہے۔ بڑا ہول تھا جو بدتہذیب لڑکوں سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ وہ اسے اپنا جائز شکار سمجھتے ہوئے اس پر جھپٹنے کو تیار تھے۔ اس کی جوانی، نکھری رنگت، اونچے کولر والی قمیض اور لمبی قلمیں (ان دنوں لوگ اسی طرح کا عجیب فیشن کرتے تھے) رکھے وہ پانچ سو بے اصولے اور ظالم لڑکوں کے رحم و کرم پر تھا۔ انکے لئے نئے استادوں کو تنگ کرنا، ایک عمدہ فن، جوشیلا کھیل اور ایک قسم کی روائیت تھی۔ انفرادی طور پر وہ چھوٹے شائستہ بھکاری تھے، لیکن بحیثیت ہجوم محض بے رحم اور سنگدل تھے۔

The sudden **hush** as he took his place at the desk on the dais; the **scowl** (تیوری) he **assumed** (چڑھائی) to cover his inward **nervousness** (اندرونی پریشانی): the tall clock ticking behind him and the smells of ink and varnish, the last blood-red rays slanting in slabs through the stained (discoloured)-glass (دودھیا شیشوں والی) windows. Someone dropped a desk lid—quickly, he must take everyone by surprise; he must show that there was no nonsense about him. "You there in the fifth row—you with the red hair—what's your name?"—"Colley, sir."—"Very well, Colley, you have a hundred lines." No trouble at all after that. He had won his first round.

جیسے ہی اس نے ڈیسک کے قریب ڈیس (اسٹیج) پر جگہ سنبھالی یک دم خاموشی چھا گئی۔ اس نے اپنی اندرونی پریشانی چھپانے کیلئے تیوری چڑھائی۔ اس کے پیچھے ایک لمبا گھڑیال ٹک ٹک کر رہا تھا اور سیاہی اور وارنش کی بدبو بھی تھی، آخری چمکتی سرخ کرنیں دودھیا شیشوں والی کھڑکیوں میں سے آڑھی ترچھی اور ٹکڑوں میں بٹی ہوئی تھیں۔ کسی نے ڈیسک کا ڈھکنا تیزی سے گرادیا— جلدی وہ ہر ایک کو حیران کردینا چاہتا تھا اور یہ دکھانا چاہتا تھا کہ اسنے کوئی غلط کام نہیں کیا۔ "تم پانچویں قطار— تم سرخ بالوں والے— تمہارا کیا نام ہے؟"— "کولی، جناب"— "بہت خوب کولی تمہیں سو لائنیں لکھنی ہیں۔" اس کے بعد کوئی مسئلہ نہ پیش آیا۔ اس نے اپنا معرکہ جیت لیا تھا۔

And years later, when Colley was an **alderman** of the City of London and a baronet (چھوٹا نواب) and various other things, he sent his son (also redhaired) to Brookfield, and Chips would say: "Colley, your father was the first boy I ever punished when I came here twenty-five years ago. He deserved (مستحق تھا) it then, and you deserve it now." How they all laughed; and how Sir Richard laughed when his son wrote home the story in next Sunday's letter!

اور سالوں بعد جب کولی لندن شہر کا ایک بزرگ شہری اور نواب اور بہت کچھ بن گیا تو اس نے اپنے بیٹے (اس کے بھی بال سرخ تھے) کو بروک فیلڈ بھیجا، اور چپس کہا کرتا، "کولی، تمہارا باپ پہلا لڑکا تھا جسے کبھی میں نے 25 سال پہلے سزا دی۔ وہ تب اس کا مستحق تھا، اور تم اب اس کے مستحق ہو۔" وہ سب کس طرح ہنس پڑے، اور کس طرح سر رچرڈ کھل کھلا اٹھا جب اس کے بیٹے نے اگلی اتوار گھر لکھے خط میں کہانی تحریر کی۔

tremendous (*adj.*)	tri-men´dus	ٹری مینڈس	greatly fearful	بڑا خوفناک
ordeal (*n.*)	or-deel´	اورڈیل	very painful experience	بہت تکلیف دہ تجربہ
lusty (*adj.*)	lus´tee	لسٹی	powerful, healthy	طاقتور۔ صحت مند
barbarians (*n.*)	baar-bar´ee-uns	باربیری انس	uncivilized, cruel persons	غیر متمدن، ظالم اشخاص
pounce on	pouns on	پائونس آون	attack suddenly	یک دم ہلہ بولنے کو
legitimate (*adj.*)	lu-jit´u-mit	لجٹمٹ	proper, genuine	مناسب۔ ٹھیک
prey (*n.*)	prae	پرے	any creature hunted or caught	شکار
pitiless (*adj.*)	pit´i-lis	پٹی لس	without pity or mercy	بے رحم
implacable (*adj.*)	im-plae´ku-bul	امپلے کبل	that cannot be pleased	سنگ دل
hush (*n.*)		ھش	silence, quiet	خاموشی۔
scowl (*n.*)	skoul	سکائول	angry look; frown	تیوری
assumed (*v.*)	u-soom´ed	اسومڈ	put on	چڑھائی
nervousness (*n.*)	nur´vus-nis	نروس نس	restlessness	بے چینی۔ پریشانی
alderman (*n.*)	ol´dur-mun	اولڈرمن	member of municipal body	بلدیہ کارکن

And again, years after that, many years after that, there was an even better joke. For another Colley had just arrived—son of the Colley who was a son of the first Colley. And Chips would say, **punctuating** hisremarks(اپنی رائے کے اظہار میں اٹکتے ہوئے) with that little "umph—um" that had by then become a habit with him: "Colley, you are—umph—a splendid (grand شاندار) example of—umph— **inherited traditions** (ورثہ میں ملی ہوئی روایات). I remember your grandfather —umph—he could never **grasp** the **Ablative Absolute**. A stupid fellow, your grandfather. And your father, too—umph—I remember him—he used to sit at that far desk by the wall—he wasn't much better, either. But I do believe—my dear Colley—that you are—umph—the biggest fool of the lot!" Roars of laughter.

اور دوبارہ، اُس کے سالوں بعد، اُس کے بہت سے سالوں بعد اُس سے بھی بہتر لطیفہ سامنے آیا۔ کیونکہ ایک اور کولی بھی وہاں پہنچا تھا— کولی کا بیٹا جو پہلے کولی کا ایک بیٹا تھا۔ اور چپس اپنے اظہار میں اٹکتے ہوئے کہتا تھا "چھوٹے سے اُمف— اُم" جو کہ اُس وقت تک اس کی عادت بن چکی تھی: "کولی، تم— ایک شاندار مثال ہو۔ ورثہ میں ملی ہوئی روایات کی۔ مجھے یاد ہے تمہارا دادا— اُمف— لاطینی گریمر کا متعلق فعل کا ایک اصول نہ سمجھ سکا کبھی بھی۔ تمہارا دادا ایک احمق شخص تھا اور تمہارا باپ بھی— اُمف— مجھے وہ یاد ہے— وہ دور دیوار کے نزدیک ڈیسک پر بیٹھا کرتا تھا— وہ بھی کچھ بہتر شخص نہ تھا۔ مگر مجھے یقین ہے— میرے پیارے کولی کہ تم— بھی اس کھیپ میں سب سے زیادہ احمق ہو!" قہقہوں کی گونج۔

punctuating	pungk´choo-aeting پنگ چوئیٹنگ	interrupting the talk بات چیت کے سلسلے میں رکاوٹ ڈالتے ہوئے
inherited traditions (n.)	in-her´it-ed tru-dish´uns ان ہیرٹڈ ٹریڈشنس	traditions (روایات) got from earlier times پہلے وقتوں سے ورثہ میں ملی روایات
grasp (v.)	grasp or graasp گریسپ یا گراسپ	understand well خوب سمجھ جانا
Ablative Absolute (n.)	ab´lutiv ab´su-loot ایبلیٹو ایبسلوٹ	adverb phrase in Latin grammar لاطینی گرامر میں متعلق فعل کا جزو جملہ

A great joke, this growing old—but a sad joke, too, in a way. And as Chips sat by his fire with autumn **gales rattling** the windows, the waves of humour and sadness **swept over** him very often until tears fell, so that when Mrs. Wickett came in with his cup of tea she did not know whether he had been laughing or crying. And neither did Chips himself.

بوڑھا ہونا بھی ایک بہت بڑا لطیفہ ہے— مگر ایک اداس لطیفہ بھی ہے ایک طرح سے۔ اور جب چپس آگ کے نزدیک بیٹھا ہوتا اور خزاں کی تند ہوائیں کھڑکیوں سے ٹکرا رہی ہوتیں تو خوشی و غمی کی جذباتی لہریں اکثر اسے بہالے جاتیں یہاں تک کہ آنکھوں سے آنسو ٹپکنے لگتے، اس طرح کہ جب مسز وکٹ چائے کی پیالی کے ساتھ آتی وہ یہ نہ جان پائی کہ وہ ہنس رہا ہے یا رو رہا ہے۔ اور نہ ہی چپس یہ سمجھ پایا۔

gales (n.)	gaels گیلس	very strong winds تیز و تند ہوائیں
rattling (v.)	rat´l-ing ریٹلنگ	hitting and giving out sharp sounds ٹکرا کر کھڑ کھڑ کی آوازیں نکالتے ہوئے
swept over (v.)	سویپڈ اوور	touched and moved over لگ کر اوپر سے گزر گئیں

(E) Exam questions & answers on Chapter 1

The length of each answer should be 3–5 lines/sentences.

Q. 1 Where did Mr. Chips live after his retirement from Brookfield and how did he keep his time?
برک فیلڈ سے اپنی ریٹائرمنٹ کے بعد مسٹر چپس کہاں رہتا تھا اور اپنے وقت کا حساب کیسے رکھتا تھا؟

Ans. Mr. Chips lived at Mrs. Wickett's house across the road from the Brookfield school. He had been staying here for about ten years after his final retirement. He measured his time by the school-bells as they rang at different hours.

مسٹر چپس برک فیلڈ سکول سے سڑک کے پار مسز وکٹ کے گھر میں رہتا تھا۔ اپنی آخری ریٹائرمنٹ کے بعد وہ تقریباً دس سال سے یہاں رہ رہا تھا۔ وہ وقت کا شمار سکول کی گھنٹیوں سے کرتا جیسا کہ وہ مختلف اوقات میں بجتیں۔

Q. 2 Where did Chips sit as he listened to the school-bell, what did he do and why was the bell sounded?
مسٹر چپس کہاں بیٹھا ہوتا تھا جب وہ سکول کی گھنٹیاں سنتا تھا، وہ کیا کرتا تھا اور گھنٹیاں کیوں بجتی تھیں؟

Ans. Chips sat by the fire and drank a cup of tea as he listened to the school-bell. The bell sounded dinner, call-over (roll-call), prep (school work after classes) and lights out. After the last bell, Chips turned out the gas, took up a novel, and while reading it soon went to sleep.

مسٹر چپس آگ کے پاس بیٹھا ہوتا اور چائے پی رہا ہوتا جب وہ سکول کی گھنٹی سنتا۔ گھنٹی رات کے کھانے، حاضری لگانے، سکول کا کام کرنے (کلاسوں کے بعد) اور بتیاں بجھانے کے لیے بجتی تھی۔ آخری گھنٹی کے بعد چپس گیس بند کر دیتا۔ وہ ناول اٹھا لیتا اور جب اسے پڑھ رہا ہوتا جلد نیند میں چلا جاتا۔

Q. 3 What did Chips do after the last ringing of the school-bell as he also went to sleep? Also write briefly about his mood.
مسٹر چپس سکول کی گھنٹی کے آخری بار بجنے پر کیا کرتا تھا جب کہ وہ سو بھی جاتا تھا؟ اس کے مزاج کے بارے میں لکھیں۔

Ans. After the last school-bell Chips wound up his clock and started reading a detective novel (about crimes). While reading the novel he went to sleep. He would be in a highly imaginative or dreamy mind. ❶

سکول کی آخری گھنٹی کے بعد مسٹر چپس اپنے کلاک کو چابی دیتا اور ایک جاسوسی ناول پڑھنا شروع کر دیتا۔ جب ناول پڑھ رہا ہوتا وہ سو جاتا۔ وہ بہت زیادہ تصوراتی یا خواب ناک سوچ میں ہوتا تھا۔

For further use if desired:

❶Chips often remembered his past. He must be having dreams about it in his sleep.

چپس اکثر اپنا ماضی یاد کرتا تھا۔ اپنی نیند میں وہ اس کے بارے میں ضرور خوابیں دیکھتا ہوگا۔

Q. 4 What did Dr. Merivale tell Chips when he visited him and what did he tell Mrs. Wickett?

ڈاکٹر میری ویل نے چپس کو کیا کہا جب وہ اسے ملنے گیا اور اس نے مسز وکٹ کو کیا بتایا؟

Ans. On his visit Merivale told Chips that he was physically very fit. He spoke of Chips's disease-free life. But when Chips had a cold or the winds blew harshly, he asked Mrs. Wickett to look after him. ❶

اس کی ملاقات پر میری ویل نے چپس کو بتایا کہ وہ جسمانی طور پر بہت فٹ تھا۔ اس نے چپس کی بیماری سے پاک زندگی کی بات کی۔ لیکن جب چپس کو زکام ہو جاتا تھا یا ہوائیں شدت سے چلتیں، وہ مسز وکٹ سے اس کے بارے میں بات کرتا تھا۔ وہ اسے اس کا اچھی طرح خیال رکھنے کو کہتا۔

For further use if desired:

❶Merivale told Mrs. Wickett that Chips's chest could put pressure on his heart. He said that old age was his only serious trouble.

میری ویل مسز وکٹ سے کہتا ہے کہ چپس کی چھاتی اس کے دل پر دباؤ ڈال سکتی ہے۔ وہ کہتا کہ بوڑھی عمر اس کی واحد تشویشناک پریشانی ہے۔

Q. 5 When did Chips come to join Brookfield and during which important historical event? Where was he coming from and for what reason?

بروک فیلڈ میں شامل ہونے کے لیے چپس کب اور کس اہم تاریخ واقعہ کے دوران آیا؟ وہ کہاں سے اور کس وجہ سے آرہا تھا؟

Ans. Chips joined Brookfield as a teacher in 1870. The French-Prussian (German) War was continuing in Europe. Chips was coming from the Melbury school after teaching there for a year. ❶

چپس نے 1870ء میں اُستاد کے طور پر بروک فیلڈ میں شمولیت اختیار کی۔ یورپ میں فرانس اور جرمنی کی جنگ جاری تھی۔ چپس میلبری سکول سے وہاں ایک سال تک پڑھانے کے بعد آرہا تھا۔

For further use if desired:

❶At the Melbery school Chips had been troubled and teased by the students. He could not control his classes well.

ملبری سکول میں طالب علموں نے چپس کو پریشان اور تنگ کیا تھا۔ وہ اپنی جماعتوں کو اچھی طرح قابو نہیں کرسکا تھا۔

Q. 6 What was happening in Brookfield when Chips came to join it that left a very pleasant impression on him? Comment in your own way.

بروک فیلڈ میں کیا ہو رہا تھا جب چپس اس میں کام کرنے کے لیے آیا جس نے اس پر خوشگوار اثرات چھوڑے؟ اپنے طور پر تبصرہ کریں۔

Ans. It was sunny July in 1870 when Chips came to Brookfield for an interview. Flowers had come up with their sweet smells. A cricket match between Brookfield and Barnhurst was in progress. Chips must have felt very happy in such conditions.

یہ 1870ء میں دھوپ والا جولائی تھا جب چپس انٹرویو کے لیے بروک فیلڈ آیا۔ پھول اپنی میٹھی خوشبو کے ساتھ نکل آئے تھے۔ بروک فیلڈ اور برن ہرسٹ کے درمیان ایک کرکٹ میچ چل رہا تھا۔ چپس نے ان حالات میں ضرور بہت خوشی محسوس کی ہوگی۔

Q. 7 Who interviewed young Chips for teaching at Brookfield and in what way? Tell all you know about the interview. بروک فیلڈ میں پڑھانے کے لیے نوجوان چپس کا انٹرویو کس نے لیا اور کس طرح کیا؟ انٹرویو کے بارے میں جو کچھ آپ جانتے ہیں بتائیں۔

Ans. Wetherby, the old headmaster of the Brookfield school, interviewed Chips. He welcomed Chips, sweetly in his sunlit room for studies. (Chips often remembered how kindly Wetherby had talked with him.) Wetherby advised Chips to keep discipline in his classes at Brookfield. ❶

بروک فیلڈ سکول کے بوڑھے ہیڈ ماسٹر ویدربی نے چپس کا انٹرویو لیا۔ اس نے بڑے پیار سے چپس کو دھوپ سے روشن اپنے مطالعے والے کمرے میں خوش آمدید کہا۔ (چپس اکثر یاد کرتا تھا کہ کتنی ہمدردی کے ساتھ ویدربی نے اس کے ساتھ بات کی تھی۔) ویدربی نے چپس کو بروک فیلڈ میں اپنی کلاسوں میں نظم وضبط قائم رکھنے کا مشورہ دیا۔

For further use if desired:

❶Wetherby asked Chips not to have the trouble he earlier had at Melbury.

ویدربی نے چپس کو اس پریشانی سے بچنے کے لیے کہا جو اسے ملبری میں پیش آئی تھی۔

Q. 8 What do you know about the first class that Chips met at Brookfield? What can you say about Chips's control of this class?

آپ پہلی کلاس کے بارے میں کیا جانتے ہیں جو چپس نے بروک فیلڈ میں لی؟ آپ اس کلاس پر چپس کے کنٹرول کے بارے میں کیا کہہ سکتے ہیں؟

Ans. Chips met his Brookfield first class in a hall in September. The students were very noisy and troublesome, and one of them dropped a desk lid to trouble Chips. He at once caught the boy, Colley, and punished him with writing a hundred lines. Thus, he started controlling his classes.

چپس نے اپنی پہلی کلاس ستمبر میں ہول میں لی۔ طالب علم بہت زیادہ شور مچانے والے اور پریشان کن تھے۔ ان میں سے ایک نے اسے تنگ کرنے کے لیے ڈیسک کا ڈھکنا نیچے گرایا۔ چپس نے یک دم لڑکے کولی کو پکڑ لیا، اور اسے ایک سو سطریں لکھنے کی سزا دی۔ اس طرح اس نے اپنی کلاسوں کو کنٹرول کرنا شروع کیا۔

Q. 9 Who were the first, second and third Colley? Tell about Chips's treatment of them one after another with your comments.

پہلا، دوسرا اور تیسرا کولی کون تھے؟ ان کے ساتھ ایک کے بعد دوسرے سے چپس کے سلوک کے بارے میں اپنے تبصرے کے ساتھ بتائیں۔

Ans. The first Colley was the naughty boy in Chips's first class at Brookfield. Chips had punished him for troublemaking. Later in life he became an officer in the local government. Years later Colley's son came to Chips's class in Brookfield. Then the third Colley, the son of the second Colley, also came to study.

پہلا کولی بروک فیلڈ میں چپس کی پہلی کلاس کا شرارتی لڑکا تھا۔ چپس نے اسے پریشانی پیدا کرنے پر سزا دی تھی۔ بعد میں وہ مقامی حکومت میں ایک آفیسر بن گیا۔ کئی سالوں کے بعد بروک فیلڈ میں کولی کا بیٹا چپس کی کلاس میں آیا۔ پھر تیسرا کولی، دوسرے کولی کا بیٹا بھی پڑھنے کے لیے آیا۔

Q. 10 What did Chips say to the grandson of the first Colley? چپس نے پہلے کولی کے پوتے سے کیا کہا؟

Ans. Chips said humorously the grandson of the first Colley that he was a grand example of inherited traditions (practices of forefathers). He said that his grandfather could never understand a Latin grammatical point. And so the grandson could not understand it as he was the biggest fool in the family.

چپس نے پہلے کولی کو مذاقاً بتایا کہ وہ اپنے آباؤاجداد کے طور طریقوں کی شاندار مثال ہے۔ اس نے کہا کہ اس کا دادا لاطینی گریمر کے ایک نکتہ کو کبھی نہ سمجھ پایا۔ اور اسی طرح اس کا پوتا اسے نہ سمجھ سکے گا کیونکہ وہ اپنے خاندان میں سب سے بڑا احمق ہے۔

Q. 11 What does Alexander Hamilton tell us about old Chips remembering his teaching at Brookfield and weeping when Mrs. Wicket brought him tea (at the end of the Chapter)? Give your comments if you can.

الیگزینڈر ہملٹن ہمیں بوڑھے چپس کا بروک فیلڈ میں اپنے پڑھانے کو یاد کرنے اور جب مسز وکٹ اس کے لیے چائے لے کر آئی (باب کے اختتام پر) رونے کے بارے میں کیا بتاتا ہے؟ اپنی آرا بھی دیں اگر آپ دے سکتے ہیں۔

Ans. At Mrs. Wickett's house Chips often remembered his happy Brookfield life. He felt happy and also sad as he grew older. Sometimes Mrs. Wickett found him weeping in joy and sadness when she brought him tea.❶

مسز وکٹ کے گھر چپس اپنی خوشگوار بروک فیلڈ زندگی کو اکثر یاد کرتا تھا۔ جیسے وہ بوڑھا ہوتا گیا وہ خوشی اور غم بھی محسوس کرتا تھا۔ بعض اوقات مسز وکٹ نے جب اس کے لیے چائے لے کر آتی اسے خوشی اور غم میں روتے ہوئے پاتی۔

For further use if desired:

❶Chips was often lost in his memories. Without his wife, memories and Mrs. Wickett were his best companions. چپس اکثر اپنی یادوں میں کھویا رہتا تھا۔ بیوی کے نہ ہوتے ہوئے یادیں اور مسز وکٹ اس کی بہترین ساتھی تھیں۔

Chapter 2

Across 'the road behind a **rampart** (فصیل یا باڑ) of ancient **elms** (ان قدیمی درختوں) lay Brookfield, **russet** under its autumn mantle of creeper. A group of eighteenth-century buildings centred upon a quadrangle (rectangular area مستطیل احاطہ), and there were acres of playing-fields beyond. Then came the small **dependent** (محتاج) **village** and the open fen (low flat wet-land) country.

سڑک کے پار پرانے بوقیدار درختوں کی باڑ کے عقب میں بروک فیلڈ تھا جو کہ خزاں کی بیلوں کے غلاف سے سرخی مائل دکھائی دیتا تھا۔ یہ (سکول) اٹھارویں صدی کی عمارات کے ایک مجموعہ کے درمیان ایک چوکور جگہ پر واقع تھا اور وہاں کھیل کے میدانوں کے ایکڑ پھیلے ہوئے تھے۔ پھر ایک چھوٹا سا گاؤں آتا تھا جس کا انحصار بروک فیلڈ پر تھا، اور پھر کھلا نشیبی دلدلی علاقہ آتا تھا۔

Brookfield, as Wetherby had said, was an old **foundation**; established in the **reign** (دور حکومت) of Elizabeth, as a grammar school, it might, with better luck, have become as famous as Harrow. Its luck, however, had been not so good; the school went up and down, **dwindling** almost to non-existence at one time, becoming almost **illustrious** (روشن، نامور) at another.

ویدر بی بڑک فیلڈ کے بارے میں کہتا تھا کہ یہ ایک پرانا ادارہ ہے جسے الزبتھ کی حکمرانی کے دوران بنایا گیا تھا۔ بطور ایک گریمر سکول کے ہو سکتا تھا کہ، اگر قسمت اچھی ہوتی تو یہ اتنا مشہور ہو جاتا جتنا کہ ہیرو تھا۔ اسکی قسمت اگرچہ اتنی اچھی نہ تھی۔ سکول میں نشیب و فراز آئے، اتنی زوال پذیری کہ ایک وقت قریب قریب صفحہ ہستی سے مٹنے سے دوچار ہوا۔ اور کبھی دوسرے وقت یہ بہت روشن بھی نظر آیا۔

Words	How we speak	Meanings in English & Urdu
rampart (*n.*)	ram´paart ریمَ پارٹ	defensive wall دفاعی دیوار یا فصیل یا باڑ
elms (*n.*)	ایلمس	trees with broad leaves بوقیدار درخت
russet (*adj.*)	rys´it رَسِٹ	light or dark brown
dependent village (*adj., n.*)	di-pen-dunt ڈیپینڈینٹولیج	which could not do without جو اس پر انحصار کرتا تھا
foundation (*n.*)	foun-dae´shun فائونڈیَشن	an institution supported by funds خیراتی فنڈز سے چلنے والا ادارہ
reign (*n.*)	raen رین	period of rule دور حکومت
dwindling (*v.*)	dwind´ling ڈوِنڈلِنگ	wasting away, becoming less کم (خراب حالت میں) ہوتا چلا گیا
illustrious (*adj.*)	i-lus´tree-us اِلَسٹری اَس	famous, celebrated مشہور۔ نامور

It was during one of these later periods, in the reign of the **first George**, that the main structure had been rebuilt and large additions made. Later, after the Napoleonic Wars and until mid-Victorian days, the school declined again, both in numbers and **repute**. Wetherby, who came in 1840, restored its fortunes somewhat; but its **subsequent** (بعد والی) history never raised it to front-rank status. It was, **nevertheless**, a good school of the second rank. Several **notable** families supported it; it supplied fair samples of the history-making men of the age—judges, members of Parliament, colonial administrators, a few **peers** (نواب) and **bishops**. Mostly, however, it turned out merchants, manufacturers, and professional men, with a good **sprinkling** (کچھ تعداد میں اچھے طور پر) of country **squires** and **parsons**. It was the sort of school which, when mentioned, would sometimes make **snobbish** people confess (خود پسند یہ اعتراف کرنے پر آمادہ ہو جاتے) that they rather thought they had heard of it.

ان آخری ادوار کے دوران کسی ایک دور میں جبکہ جورج اول کی حکمرانی تھی ایسا ہوا کہ بنیادی ڈھانچہ دوبارہ بنایا گیا اور بہت سارے اضافے بھی کئے گئے۔ بعد ازاں نپولینی جنگوں اور وسط وکٹورین ایام تک سکول کی تنزلی پھر ہوئی، دونوں یعنی طلباء کی تعداد اور شہرت کے حوالے سے۔ ویدر بی نے جو وہاں 1840ء میں آیا کسی حد تک اسکی قسمت بحال کی، لیکن اسکی بعد والی تاریخ نے اسے کبھی صف اول کے مقام پر نہ کھڑا کیا۔ تاہم یہ ثانوی درجے کا ایک اچھا سکول تھا۔ بہت سارے نمایاں خاندان اسکی مدد کرتے تھے، اس نے اس دور کی بہت اچھی تاریخ ساز شخصیات کی مناسب امثال پیش کیں —— مثلاً جج، ممبران پارلیمنٹ، نو آبادیات کے ناظمین، چند ایک نواب بالا اور پادری حضرات تاہم زیادہ تر اس نے تاجر، صنعتکار اور پیشہ ور آدمی اس کے ساتھ ساتھ کچھ اچھی تعداد میں یہاں اور وہاں بڑے زمیندار اور پادری بھی پیدا کیے۔ یہ اس قسم کا سکول تھا کہ جب اس کا ذکر کیا جاتا تو خود پسند لوگ یہ اعتراف کرنے پر آمادہ ہو جاتے کہ ضرور انہوں نے اس کے بارے میں سن رکھا ہے۔

George I (17174-1727), George II (1727-1760), George III (1760-1820), George IV (1820-1830), George V 1910-1936

repute (*n.*)	ri-pyoot´ ریپیُوٹ	good reputation اچھی شہرت
subsequent (*adj.*)	sub´su-kwunt سبسُکوانٹ	coming after بعد میں آنے والی
nevertheless (*adv.*)	nev´ur-the-les´ نِوَرِدلیسّ	however اسکے باوجود
notable (*adj.*)	noe´tu-bul نوٹَبل	worthy of note, remarkable قابل ذکر۔ نمایاں
peers (*n.*)	pirs پیرس	noblemen نواب
bishops (*n.*)	bish´ups بِشپسُ	high-ranking clergymen بلند مرتبہ پادری
sprinkling (*n.*)	spring´kling سپرنگکلِنگ	a number of here and there کچھ تعداد میں یہاں اور وہاں
squires (*n.*)	skwiirs سکوائرز	country gentlemen زمیندار
parsons (*n.*)	par´suns پارَسنس	clergymen, churchmen پادری
snobbish (*adj.*)	snob´ish سنوبش	those showing off social positions معاشرہ میں اپنے مقام کا دکھلاوا کرنے والے

But if it had not been this sort of school it would probably not have taken Chips. For Chips, in any social or **academic** sense, was just as respectable, but no more brilliant, than Brookfield itself.

لیکن اگر یہ اس قسم کا سکول نہ ہوتا یہ چپس کو قبول نہ کرتا۔ کیونکہ چپس کسی بھی طرح سماجی اور تعلیمی طور پر اتنا ہی قابل احترام تھا لیکن بذات خود بڑک فیلڈ سے زیادہ ذہین نہ تھا۔

academic (adj.)	ak´u-dem´ik ایکڈیمِک	relating to (connected with studies	درسی

It had taken him some time to **realize** this, at the beginning. Not that he was **boastful or conceited** (شیخی خوردیا مغرور), but he had been, in his early twenties, as **ambitious** (پرعزم) as most other young men at such an age. His dream had been to get a headship **eventually**, or at any rate, a senior mastership in a really first-class school; it was only gradually (بتدریج), after repeated trials and failures, that he realized the **inadequacy** (خامی) of his qualifications. His degree, for instance (مثال کے طور پر), was not particularly good, and his discipline, though good enough and improving, wasn't **absolutely** (مکمل طور پر) **reliable** (قابل بھروسہ) under all conditions. He had no private means and no family connections of any importance. About 1880, after he had been at Brookfield a decade (دس سال), he began to recognize that the **odds** were heavily against his being able to better himself by moving elsewhere; but about that time also, the possibility of staying, where he was, began to fill a comfortable **niche** (اندرونی گوشہ) in his mind.

شروع میں اس بات کو سمجھنے میں اسے کچھ عرصہ لگا۔ ایسا نہیں تھا کہ وہ شیخی خوردیا مغرور تھا، لیکن وہ اپنی عمر کے بیس سے پچیس سال کے درمیان اتنا ہی پرعزم تھا جتنا کہ بہت سے دوسرے جوان لوگ اس عمر میں ہوتے ہیں۔ اس کا خواب تھا کہ بالآخر وہ سکول کا سربراہ یا کسی بھی قیمت پر ایک حقیقی طور پر صف اول کے سکول میں سینئر استاد کے عہدہ پر فائز ہو۔ بار بار کی آزمائشوں اور ناکامیوں کے بعد بتدریج اسے اپنی قابلیت کے ناکافی ہونے کا احساس ہوا۔ اس کی ڈگری بھی مثال کے طور پر خصوصاً موزوں نہ تھی اور اسکا نظم اگرچہ قدرے اچھا اور بہتر ہوتا جارہا تھا مگر تمام صورت احوال میں مکمل طور پر قابل بھروسہ نہ تھا۔ اسکے نہ تو نجی وسائل تھے اور نہ کسی اہمیت کے لائق خاندانی تعلقات۔ تقریباً 1880ء میں جبکہ اسکے بڑک فیلڈ میں دس سال ہو گئے تھے اس کو احساس ہوا کہ اسکا کسی اور جگہ جا کر اپنے آپ کو بہتر بنانے کے حالات اس کے لئے ناموافق ہیں لیکن اسی جگہ رہنے کا امکان جہاں وہ تھا، اس وقت اسکے دماغ کے کسی اندرونی گوشہ کو پرسکون کر رہا تھا۔

realize (v.)	ree´u-liiz´ ری آلائز	understand completely	پوری طرح سمجھنے میں
boastful (adj.)	بوسٹ فُل	given to talking proudly about himself	شیخی خوردہ
conceited (adj.)	kun-seet´ed کُن سی ٹِڈ	proud	مغرور
ambitious (adj.)	am-bish´us ایمبی شَس	having high aims	اولوالعزم
eventually (adv.)	i-ven´choo-ulie اوینچوالی	at last	آخرکار
inadequacy (n.)	in-ad´i-kwu-see اِن ایڈی کوَسی	defect	خامی
absolutely (adv.)	ab´su-loot´lee ایب سَلوٹلی	definitely and completely	یقینی اور مکمل طور پر
reliable (adj.)	ri-lii´u-bul ریلائی اَبل	dependable	قابل بھروسہ
odds (n.)	odz اوڈز	chances	حالات۔ مواقع
niche (n.)	nich نِش	suitable place or position	مناسب ٹھکانہ

At forty, he was **rooted**, settled, and quite happy. At fifty he was the **doyen** (بڑا پرانا رکن) of the staff. At sixty, under a new and youthful Head, he was Brookfield; the guest of honour at Old Brookfeldian dinners, the court of appeal in all matters affecting Brookfield history and traditions. And in 1913, when he turned sixty-five, he retired, was presented with a cheque and a writing desk and a clock, and went across the road to live at Mrs. Wickett's. A decent career, decently closed; three cheers for old Chips, they all shouted, at that **uproarious** (شورشرابے کے) end-of-term dinner.

چالیس سال کی عمر میں وہ وہاں جڑ پکڑ چکا تھا، اس کا دل لگ گیا تھا اور بہت خوش تھا۔ پچاسویں سال وہ عملہ کا بڑا پرانا رکن تھا۔ ساٹھویں سال میں ایک نئے اور جوان سربراہ کی ماتحتی میں وہ بذات خود بڑک فیلڈ تھا۔ بڑک فیلڈ کے پرانے طلباء کی ضیافتوں میں وہ مہمانِ خصوصی ہوتا تھا اور بڑک فیلڈ کی تاریخ اور روایات پر اثر انداز ہونے والے کل معاملات میں عدالت عالیہ سمجھا جاتا تھا۔ اور 1913ء میں جب 65 برس کا ہوا تو وہ ریٹائر ہو گیا۔ اسے ایک چیک، ایک لکھنے والا ڈیسک اور ایک گھڑیال پیش کیا گیا۔ پھر وہ سڑک کے پار مسز وکٹ کے ہاں رہنے چلا گیا۔ ایک اچھے پیشے کا انجام بھی اچھا ہوا۔ ٹرم کے آخر میں شورشرابے کی ضیافت میں تمام لوگوں نے بوڑھے چپس کی تحسین میں تین نعرے بلند کئے۔

rooted (v.)	روٹڈ	firmly established or settled	جڑ پکڑ چکا تھا
doyen (n.)	dov-en´ or doi´un ڈوئی این یا ڈوئی آن	senior member	سینئر پرانا رُکن
uproarious (adj.)	up´roer´ee-us or up´ror´ee-us اپ روری آس	loud and noisy	شور شرابے کی

Three cheers, indeed; but there was more to come, an unguessed (ناقابلِ قیاس) **epilogue** (اختتامیہ), an **encore** (فرمائشی اضافی کاروائی) played to a tragic audience.

داد میں تین نعرے واقعی، مگر ابھی بہت کچھ اور بھی ہونے کو تھا، ایک ناقابلِ قیاس اختتام غمزدہ سامعین کے روبرو ایک فرمائشی اضافی کاروائی بھی پیش کی جانی تھی۔

epilogue (n.)	اَیپ لوگ	last part of a literary work or life	ادبی کہانی یا زندگی کا آخری حصہ اختتامیہ
encore (n.)	on´kor اونکور	repeated performance on demand	فرمائش پر دوبارہ کاروائی

(F) Exam questions & answers on Chapter 2

The length of each answer should be 3–5 lines/sentences.

All this **flashed through** his mind in an **instant** of protest and **indignation** (جنگ کی کوفت میں تھا), but he did not say a word of it. He **merely** gathered his tattered gown together and with an "umph—umph" walked a few paces away. He had had enough of the argument. At the door he turned and said: "I don't—umph—intend to resign—and you can—umph—do what you like about it!"

احتجاج اور سخت غصہ کے ایک لمحے میں یہ سب اسکے دماغ میں اُمڈ آیا۔ لیکن اسے اس بارے میں ایک لفظ بھی نہیں کہا۔ اس نے صرف اپنے پھٹے پرانے چغہ کو سمیٹا اور ''اَمف — اَمف'' کہتے ہوئے چند قدم دور ہو گیا۔ اس نے کافی بحث کر لی تھی۔ دروازے کے پاس جا کر وہ مڑا اور کہا، ''میرا ارادہ مستعفی ہونے کا — اَمف — نہیں ہے، اور آپ جو چاہیں — اَمف — اس بارے میں کر سکتے ہیں!''

flashed through (*v.*)	فلیشڈ تھرُو	suddenly shone through; suddenly came into or across his mind	ذہن میں یکا یک کوندا
instant (*n.*)	in´stunt اِنسٹنٹ	very brief time	بہت تھوڑے وقت کے لئے
indignation (*n.*)	in´dig-nae´shun اِنڈگنیشن	anger caused by something mean	غصہ جو کسی کمینگی کی وجہ سے پیدا ہو
merely (*adv.*)	mir´lee مِرلی	only	محض

Looking back upon that scene in the calm **perspective** of a quarter of a century, Chips could find it in his heart to feel a little sorry for Ralston. Particularly when, as it happened, Ralston had been in such complete ignorance of the forces he was dealing with. So, for that matter, had Chips himself. Neither had correctly estimated the toughness of Brookfield tradition, and its readiness to defend itself and its defenders. For it had so **chanced** that a small boy, waiting to see Ralston that morning, had been listening outside the door during the whole of the interview; he had been **thrilled** by it, naturally, and had told his friends. Some of these, in a surprisingly short time, had told! their parents; so that very soon it was common knowledge that Ralston had insulted Chips and had demanded his resignation. The **amazing** result was a **spontaneous outburst** of sympathy and **partisanship** such as Chips, in his wildest dreams, had never **envisaged** (تصور نہیں کیا تھا).

ماضی میں مڑ کر پرسکون پس منظر میں جھانکتے ہوئے جو چوتھائی صدی پر محیط تھا، چپس نے دل ہی دل میں ریلسٹن کیلئے کچھ ہمدردی محسوس کی۔ خاص طور پر جب ایسا ہوا تو ریلسٹن ان قوتوں سے لاعلم تھا جن سے وہ نبرد آزما تھا۔ لہذا اس معاملے میں تو چپس خود بھی لاعلم تھا۔ نہ ہی صحیح معنوں میں بروک فیلڈ کی روایت کی پختگی کا اندازہ تھا۔ اور نہ ہی اس روایت کی تیاری کا جو خود اپنا دفاع کر سکتی تھی بلکہ اپنے دفاع کرنے والوں کا دفاع بھی کر سکتی تھی۔ کیونکہ اتفاقیہ طور پر ایسا ہوا ہے کہ ایک چھوٹا لڑکا جو اس صبح ریلسٹن سے ملنے کا انتظار کر رہا تھا تمام تکرار کے دوران دروازے سے باہر کھڑا سنتا رہا تھا۔ اس واقعہ سے وہ قدرتی طور پر لرز گیا تھا اور اس نے اپنے دوستوں کو بھی بتا دیا۔ ان لڑکوں میں سے کچھ نے حیرت انگیز طور پر بہت کم وقت میں اپنے والدین کو بھی بتا دیا۔ اس طرح یہ بات عام ہو گئی کہ ریلسٹن نے چپس کی بے عزتی کی اور اس کا استعفیٰ طلب کیا تھا۔ اس کا حیران کُن نتیجہ یہ نکلا کہ ہمدردی اور حمایت کا ایک بے ساختہ اور کھلم کھلا اظہار کیا جانے لگا۔ ایسا چپس نے اپنے جذباتی خوابوں میں بھی تصور نہیں کیا تھا۔

perspective (*n.*)	pur-spek´tiv پَرسپیکٹِو	back ground	پس منظر
chanced (*v.*)	chans-ed *or* chaans-ed چے نسڈ	happened	واقع پیش آیا
thrilled (*v.*)	thril-ed تھرلڈ	excited; delighted	جذبات کی اَبر دوڑ گئی
amazing (*adj.*)	u-maez-ing امیزنگ	very surprising	بہت حیران کُن
spontaneous (*adj.*)	spon-tae´nee-us سپونٹینی اَس	coming naturally without outer cause	اپنے آپ
outburst (*n.*)	out-burst اٹوٹ بَرسٹ	bursting out	پھٹ پڑنا
partisanship (*n.*)	paar´tu-zun-ship پارٹزنشپ	direct and full support	براہ راست مکمل حمایت
envisaged (*v.*)	en-viz´ij-ed اینوزجڈ	thought of as a possibility	ممکنہ امکان کے طور پر سوچا گیا

He found, rather to his **astonishment**, that Ralston was thoroughly unpopular; he was, feared and respected, but not liked; and in this issue of Chips the dislike rose to a point where it conquered fear and **demolished** even respect. There was talk of having some kind of public **riot** in the School if Ralston succeeded in **banishing** Chips. The masters, many of them young men who agreed that Chips was hopelessly old-fashioned, rallied round him nevertheless because they hated Ralston's slave driving and saw in the old veteran a likely champion. And one day the Chairman of the Governors, Sir John Rivers, visited Brookfield, ignored Ralston, and went direct to Chips. "A fine fellow, Rivers," Chips would say, telling the story to Mrs. Wickett for the dozenth time. "Not—umph—a very brilliant boy in class—I remember he could never—umph—master his verbs. And now—umph—I see in the papers—they've made him—umph—a **baronet**. It just shows you—umph—it just shows you."

اسے یہ جان کر حیرانی ہوئی کہ ریلسٹن قطعی طور پر غیر مقبول تھا۔ اس کے ڈر سے اس کی عزت کی جاتی تھی، مگر وہ پسند نہیں کیا جاتا تھا۔ اور چپس کے اس معاملے میں ناپسندیدگی اس حد تک بڑھی کہ جہاں اس نے خوف پر فتح پالی اور اس کی عزت کو تہ تیغ کر دیا۔ یہ بات ہونے لگی کہ اگر ریلسٹن نے چپس کو سکول سے نکال دیا تو سکول میں لوگ ہنگامہ برپا کر دیں گے۔ اساتذہ کرام، جو زیادہ تر جوان لوگ تھے، اس بات پر متفق ہو گئے کہ چپس مایوس کن حد تک قدامت پسند تھا، مگر اس کے باوجود وہ اس کے گرد اکٹھے ہو گئے کیونکہ وہ ریلسٹن کے انہیں غلاموں کی طرح ہانکتے ہوئے رویے سے نفرت کرتے تھے۔ اور اس بوڑھے پرانے کارکن کی شکل میں انہیں ایک واضح فاتح دکھائی دینے لگا۔ اور ایک دن چیئرمین گورنرز، سر جون ریورز نے بڑک فیلڈ کا دورہ کیا، ریلسٹن کو نظر انداز کر دیا، اور سیدھا چپس کے پاس چلا گیا۔ "ریورز ایک اچھا شخص تھا۔" چپس مسز وکٹ کو درجنوں مرتبہ یہ کہانی سناتے ہوئے کہا کرتا۔ "وہ — اُمف — جماعت میں بہت ذہین لڑکا نہیں تھا۔ مجھے یاد ہے وہ کبھی بھی — اُمف — verbs (فعلوں) پر عبور حاصل نہ کر سکا۔ اور اب — اُمف — میں اخباروں میں دیکھتا ہوں — انہوں نے اُسے بنا دیا ہے — اُمف — چھوٹا نواب۔ یہ بات صاف ظاہر کرتی ہے — اُمف — یہ بات آپ کو اُجاگر کرتی ہے — اُمف — یہ محض آپ کو اُجاگر کرتی ہے۔"

astonishment (*n.*)	u-ston´ish-munt اسٹونِشمَنٹ	wonder or great surprise	سخت حیرانگی
demolished (*v.*)	di-mol´ish-ed ڈیمولِشڈ	pulled down, destroyed	بالکل ختم کر دیا
riot (*n.*)	rii´ut رائی اٹ	wild public disturbance	وحشیانہ عام ہنگامہ
banishing (*v.*)	ban´ish-ing بینِشنگ	forcing to leave	نکال باہر کرنے میں
baronet (*n.*)	bar´u-nit *or* bar´u-net بیرَنِٹ یا بیرَنَٹ	British title below a baron's or a lord's	چھوٹا نواب

Sir John had said, on that morning in 1908, taking Chips by the arm as they walked round the **deserted** cricket pitches: "Chips, old boy, I hear you've been having the **deuce** of a **row** with Ralston. Sorry to hear about it, for your sake—but I want you to know that the Governors are with you to a man. We don't like the fellow a great deal. Very clever and all that, but a bit too clever, if you ask me. Claims to have doubled the School's **endowment funds** (خیراتی عطیات) by some **monkeying** on the Stock Exchange—daresay he has, but a chap like that wants watching. So if he starts **chucking** his weight about with you, tell him very **politely** he can go to the devil. The Governors don't want you to resign. Brookfield wouldn't be the same without you, and they know it. We all know it. You can stay here till you're a hundred if you feel like it—indeed it's our hope that you will."

سر جون نے 1908ء کی اس صبح چپس کو بازو سے پکڑتے ہوئے کرکٹ کی ویران پچوں کے گرد چلتے ہوئے کہا تھا، "چپس، بوڑھے لڑکے، میں نے سنا ہے کہ ریلسٹن سے تمہاری بدقسمتی سے دو دفعہ لڑائی ہو چکی ہے۔ مجھے تمہارے متعلق یہ سن کر بہت افسوس ہوا ہے تمہاری خاطر — مگر میں چاہتا ہوں کہ تمہیں معلوم ہو کہ تمام گورنرز مکمل طور پر تمہارے ساتھ ہیں۔ ہمیں یہ شخص کچھ زیادہ پسند نہیں۔ بہت چالاک اور یہی بات آخری ہے بلکہ میری رائے میں کچھ زیادہ ہی چالاک — وہ دعویٰ کرتا ہے کہ اس نے سکول کو خیراتی عطیات دینے دگنے کر دیئے ہیں۔ سٹوک ایکسچینج والوں کو کچھ بے وقوف بنا کر — میں نے یہ کہنے کی ہمت کرتا ہوں کہ شاید اس نے ایسا کیا ہے، مگر اس جیسے شخص کی نگرانی کی ضرورت ہے۔ لہٰذا اگر وہ اپنے آپ کو اچھالتا پھرے یا اختیارات میں آپ کے ساتھ حد سے گزر جانا چاہے تو آپ اسے پیار سے بتا دیں کہ وہ شیطان کا چیلہ ہے۔ گورنرز نہیں چاہتے کہ آپ استعفیٰ دیں۔ بڑک فیلڈ آپ کے بغیر ایسا (اچھی شہرت والا) نہیں رہے گا اور ان لوگوں (گورنرز) کو یہ بات معلوم ہے۔ ہم سب کو (بھی) یہ پتا ہے۔ آپ یہاں ٹھہر (ملازمت کر) سکتے ہیں جب تک کہ سو سال کے ہو جائیں اگر آپ یہ چاہتے ہیں — ہمیں واقعی امید ہے کہ آپ ایسا ہی کریں گے۔"

And at that—both then and often when he recounted it afterwards—Chips **broke down** (جذبات سے مغلوب ہوگیا).

اور یہ بات ـــــ اس وقت بھی اور اکثر اوقات بعد میں جب چپس اس معاملے کو بیان کرتا تو جذبات سے مغلوب ہوجاتا۔

deserted (adj.)	di-zurt´ed ڈیزرٹڈ	left alone by others اکیلا چھوڑ دیا ہوا
deuce (n.)	doos or dyoos ڈُس یا ڈیوس	bad luck: under the devil خراب قسمت: شیطان سے تلے
row (n.)	rou راؤ	noisy quarrel
endowment funds (n.)	en-dou´munt اینڈاوَمنٹ فَنڈس	funds or money of donations عطیات کا پیسہ
monkeying (v.)	mung´kee-ing مَنگکی اِنگ	playing tricks چالیں کھیلتے ہوئے
chucking (v.)	chuk-ing چَکنگ	throwing, tossing پھینکتا یا اُچھالتا پھرے
politely (adv.)	pu-liit´lee پَلائیٹلی	softly; courteously نرمی سے۔ شائستگی سے
broke down (n.)	بروک ڈائون	lost control of his feelings اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکا

Chapter 12

Please read the answers from Chapter 11 onwards in "Questions on the novel" afterwards where the head "Questions and Answers on the Whole Novel." The chapters are given within brackets at the end of most the questions.

باب 11 پر اور اس سے آگے بابوں سے متعلق ناول سے متعلق سوال آگے مجموعی سوالات میں بمع جوابات کے پڑھیں۔ اکثر سوالات کے آخر میں بابوں کے حوالے دیئے گئے ہیں۔

So he stayed on at Brookfield, having as little to do with Ralston as possible. And in 1911 Ralston left, "to better himself, he was offered the headship of one of the greater public schools. His successor (person taking his place) was a man named Chatteris, whom Chips liked; he was even younger than Ralston had been—thirty-four. He was supposed to be very brilliant; at any rate, he was modern (**Natural sciences Tripos**), friendly, and sympathetic. **Recognising** (پہچانتے ہوئے) in Chips a Brookfield institution, he courteously and wisely accepted the situation.

چنانچہ وہ بروک فیلڈ میں ٹھہر گیا، جتنا بھی کم سے کم ممکن ہوتا ریلسٹن سے رابطہ رکھتا۔ اور 1911ء میں ریلسٹن نے "اپنے آپ کو بہتر" کرنے کیلئے (بروک فیلڈ) کو چھوڑ دیا۔ اسے ایک بڑے پبلک سکول میں سربراہی کی پیش کش کی گئی۔ اس کا جانشین روشیٹرس نامی شخص تھا، جسے چپس پسند کرتا تھا۔ وہ 34 سال کا تھا اور ریلسٹن سے خاصا کم عمر تھا۔ وہ جدت پسند (طبیعی سائنسی مضامین میں بی اے آنرز)، دوستانہ اور ہمدرد تھا۔ چپس کے وجود میں بروک فیلڈ جیسے ادارے کو پہچانتے ہوئے اس نے مؤدبانہ طور پر اور دانشمندی سے اس صورت حال کو قبول کرلیا۔

Words	How we speak	Meanings in English & Urdu
natural sciences	nach´ur-ul sii´p	physical sciences like chemistry, physics, etc. طبیعی سائنسی مضامین
tripos	trii´pos ٹرائی پوس	B.A. honours from the Cambridge University, England
recognising (v.)	rek´ug-niiz-ing رِکگنائزنگ	knowing or understanding پہچانتے اور سمجھتے ہوئے

In 1913 Chips had **bronchitis** and was off duty for nearly the whole of the winter term. It was that which made him decide to resign that summer, when he was sixty-five. After all, it was a good, ripe age: and Ralston's straight words had, in some ways, had an effect. He felt that it would not be fair to hang on if he could not decently do his job. Besides, he would not sever himself completely. He would take rooms across the road, with the excellent Mrs. Wickett who had once been linen-room maid; he could visit the School whenever he wanted, and could still, in a sense, remain a part of it.

1913ء میں چپس کو برونگ کائٹس کی بیماری لاحق ہوگئی اور وہ تقریباً پوری موسم سرما کی تعلیمی مدت کے دوران چھٹی پر رہا۔ یہی وہ بات تھی کہ جس وجہ سے اس نے اسی موسم گرما میں ریٹائر ہونے کا فیصلہ کرلیا۔ اس وقت وہ 65 برس کا تھا۔ بہر حال یہ اچھی پختہ عمر تھی اور ریلسٹن کے سیدھے صاف الفاظ کا کسی طرح اثر ہوا تھا۔ اس نے محسوس کیا کہ یہ جائز نہ ہوگا کہ وہ نوکری سے چمٹا رہے اگر وہ اپنا کام صحیح طور پر انجام نہیں دے سکتا۔ اس کے علاوہ وہ خود کو مکمل طور پر (سکول سے) الگ تھلگ نہیں کرنے لگا تھا۔ وہ سڑک کے پار، ایک عظیم خاتون مسز وکٹ جو کہ کبھی سکول میں چادروں اور غلافوں والے کمرے کی خادمہ تھی، کے ہاں کمرہ لے لے گا۔ وہ جب چاہے سکول جا سکتا تھا، اور ایک طرح سے پھر بھی اس کا (سکول کا) حصہ بن کے رہ سکتا تھا۔

At that final end-of-term dinner, in July, 1913, Chips received his farewell **presentations** and made a speech. It was not a very long speech, but it had a good many jokes in it, and was made twice as long, perhaps, by the laughter that **impeded** its progress. There were several Latin quotations in it, as well as a reference to the Captain of the School who, Chips said, had been guilty of **exaggeration** in speaking of his (Chips's) services to Brookfield. "But then —umph—he comes of an—umph—exaggerating family. I—um—remember—once—having to thrash his father for it. (Laughter) I gave him one mark—umph—for a Latin translation, and—he—umph—exaggerated the one into a seven! Umph—umph!" Roars of laughter and **tumultuous cheers**! A typical Chips remark, everyone thought.

اس آخری تعلیمی مدت کے اختتامی کھانے پر جولائی 1913ء میں چپس نے اپنے الوداعی تحائف وصول کئے اور ایک تقریر کی۔ یہ ایک بہت لمبی تقریر نہ تھی مگر اس میں بہت سے لطیفے تھے، اور یہ دگنی طویل ہوگئی، شاید ان قہقہوں سے جو اسے آگے بڑھنے سے روک رہے تھے۔ لاطینی زبان کی کئی ضرب الامثال اس میں تھیں، اس کے علاوہ سکول کے اس کپتان کا بھی حوالہ تھا جس کے بارے میں چپس نے کہا کہ وہ (کپتان) اس کی (چپس کی) بڑک فیلڈ کیلئے خدمات کے بارے میں بولتے ہوئے مبالغہ آرائی کرنے کا مجرم تھا۔ "لیکن پھر — اُمف — وہ وہ ایک — اُمف — مبالغہ آرائی کرنے والے خاندان سے ہے۔" مجھے — اُمف — یاد ہے کہ اسی وجہ سے ایک دفعہ میں نے اس کے باپ کو چھڑی سے مارا تھا۔ (قہقہہ) میں نے لاطینی ترجمہ کرنے پر ایک نمبر دیا — اُمف — اُمف! اور اس نے مبالغہ آرائی کرتے ہوئے ایک کے سات نمبر کر ڈالے! قہقہوں کی گونج اور پرزور تحسین میں شور۔ یہ چپس کا ایک مخصوص تبصرہ کا طریق کار ہے۔ ہر ایک نے یہی خیال کیا۔

bronchitus (*n.*)	brong-kii'tis برونگ کائٹِس	inflammation of the windpipe and coughing ورمِ نرخرہ اور کھانسی
presentations (*n.*)	prez'un- orpreez'un-tae'shuns پریزنٹیشنس	gifts تحفے
impeded (*v.*)	im-peed'ed امپیڈڈ	hindered,blocked رکاوٹ ڈالی
exaggeration (*n.*)	eg-zaj'u-rae'shun ایگزیجریشن	overstatement مبالغہ آمیزی
tumultuous (*adj.*)	tu-mul'choo-us ٹَملچُوئس	noisy and disorderly شور شرابے
cheers (*n.*)	chirs چرس	shouts of joy and encouragement خوشی اور حوصلہ افزائی میں نعرے اور شور

And then he **mentioned** that he had been at Brookfield for forty-two years, and that he had been very happy there. "It has been my life," he said simply. "*O mibi praeteritos referat si Jupiter annos*... Umph--I need not--of course—translate....." (Much laughter.) I remember lots of changes at Brookfield. I remember the—um—first bicycle. I remember when there was no gas or electric light and we used to have a member of the **domestic** staff called a Lamp-boy—he did nothing else but clean and trim and light lamps throughout the School. I remember when there was a hard frost that lasted for seven weeks in the winter term—there were no games, and the whole School learned to skate on the fens. Eighteen-eighty—something, that was. I remember when two-thirds of the School went down with German measles and Big Hall was turned into a hospital ward. I remember the great **bonfire** we had on **Mafeking night**.

اور پھر اس نے بتایا کہ وہ بڑک فیلڈ میں 42 سال سے تھا، اور یہ بھی کہ وہ یہاں بہت خوش رہتا رہا تھا۔ "یہ (بڑک فیلڈ) میری زندگی رہی ہے۔" اس نے صرف اتنا کہا، "لاطینی جملہ — اُمف — مجھے ترجمہ کرنے کی یقیناً ضرورت نہیں ہے......" (بہت زیادہ قہقہے)۔ مجھے بڑک فیلڈ میں بہت سی تبدیلیاں یاد ہیں۔ مجھے پہلی بائیسکل یاد ہے۔ مجھے یاد ہے — ام — جب کوئی گیس یا برقی روشنی موجود نہیں تھی اور ہمارے پاس گھریلو ملازمین میں سے ایک لیمپ بوئے نام کا لڑکا ہوتا تھا۔ وہ اس کے علاوہ کچھ نہیں کرتا تھا کہ سوائے پورے سکول کے لیمپس کی صفائی کرے، انکی بتیاں کاٹ کر درست کرے اور انہیں روشن کرے۔ مجھے یاد ہے جب شدید پالا پڑا تھا اور شبنم منجمد ہوگئی تھی اور یہ موسم سرما کی تعلیمی مدت کے دوران 7 ہفتے تک رہا۔ اس دوران کھیلیں نہیں ہوتی تھیں، اور تمام سکول کے لڑکے نشیبی علاقوں میں برف پر پھسلنا سیکھتے تھے۔ سن اٹھارہ سو اٹھاسی — شاید یہی تھا۔ مجھے یاد ہے جب دو تہائی سکول جرمن خسرا میں ڈھیر ہوگیا اور بڑا ہول ہسپتال کے وارڈ میں تبدیل کر دیا گیا۔ مجھے یاد ہے جب ہم نے میفکنگ کی رات میں بڑا الاؤ روشن کیا تھا۔

mentioned (*v.*)	men´shun-ed	مینشنڈ	said briefly	مختصر طور پر کہا
domestic (*adj.*)	du-mes´tik *or* doe-mes´tik	ڈمیسٹِک یا ڈومیسٹک	the workers engaged in non-official work	غیر دفتری کام سے متعلق
trim (*v.*)		ٹرِم	clip or cut	تراشنا یا کاٹنا
bonfire (*n.*)	bon´fiir	بونّ فائر	large outdoor fire	بلڈنگ سے باہر بڑی آگ
Mafeking (*n.*)	maf´u-king	میفُکنگ	a South-African town	

Mafeking night (*n.*) the celebration of the victory of the British forces in the South-African (Boer) were over the Boers (the Dutch) in 1900 (The British had got Makefing back.)
برطانوی فوجوں کی 1900ء میں جنوبی افریقہ میں بورز پر فتح کے جشن کی رات (برطانویوں نے میفکنگ واپس لے لیا تھا۔)

It was lit too near the pavilion, and we had to send for the fire brigade to put it out. And the firemen were having their own **celebrations** and most of them were—umph in a **regrettable** (افسوسناک) condition. (Laughter.) I remember Mrs. Brool, whose photograph is still in the tuck-shop; she served there until an uncle in Australia left her a lot of money. In fact, I remember so much that I often think I ought to write a book. Now, what should I call it? Memories of Rod and Lines'—eh? (Cheers ond laughter) That was a good one, people thought—one of Chips's best.) Well, well, perhaps I shall write it, some day. But I'd rather tell you about it, really. I remember.... I remember..... but chiefly I remember all your faces. I never forget them. I have thousands of faces in my mind—the faces of boys. If you come and see me again in years to come—as I hope you all will—I shall try to remember those older faces of yours, but it's just possible I shan't be able to—and then some day you'll see me somewhere and I shan't recognize you and you'll say to yourself—The old boy doesn't remember me.' (Laughter.) But I do remember you—as you are now. That's the point. In my mind you never grow up at all. Never. Sometimes, for instance, when people talk to me about our respected Chairman of the Governors, I think to myself—'Ah, yes, a jolly little chap with hair that sticks up on top—and **absolutely** no idea whatever about the difference between a **Gerund** and a **Gerundive**.' (Loud laughter.) Well, I mustn't go on—umph—all night. Think of me sometimes as I shall certainly think of you. "Hoec olim meminisse juvabit....again I need not translate...." (Much laughter and shouting and **prolonged cheers**.)

اسے شامیانے کے بہت نزدیک روشن کیا گیا تھا اور جسے بجھانے کیلئے فائر بریگیڈ بلانا پڑی۔ اور آگ بجھانے والا عملہ بھی اپنا جشن منا رہا تھا—ہمف—زیادہ تر ان میں سے افسوسناک حالت میں تھے (قہقہہ)۔ مجھے مسز بزل بھی یاد ہیں جنکی تصویر ابھی تک ٹک شاپ میں لگی ہیں۔ وہ وہاں ملازمت کرتی تھیں۔ حتیٰ کہ آسٹریلیا میں رہنے والے ایک چچا نے ان کیلئے بہت ساری دولت چھوڑی۔ اصل میں مجھے اتنا کچھ یاد ہے میں سوچتا ہوں کہ مجھے (اس پر) ایک کتاب لکھنی چاہیئے۔ اب میں اس کتاب کو کیا نام دوں؟ چھڑی اور لائنوں کی یادیں—اوہ؟ (تالیاں اور قہقہے)، لوگوں نے سوچا کہ چپس کے لطیفوں میں یہ ایک بہترین مذاق تھا۔) اچھا اچھا شاید میں کسی روز لکھوں گا۔ لیکن اس بارے میں تم لوگوں کو حقیقت میں بتاؤں گا۔ مجھے یاد ہے...... مجھے یاد ہے...... مگر مجھے زیادہ تر تمہارے سارے چہرے یاد ہیں۔ میں انہیں کبھی نہیں بھولتا۔ میرے ذہن میں ہزاروں چہرے ہیں—لڑکوں کے چہرے۔ اگر تم کبھی آنے والے سالوں میں دوبارہ آؤ اور مجھے دیکھو—جیسا کہ مجھے امید ہے تم سب آؤ گے—تو تمہارے ان پرانے چہروں کو یاد رکھوں گا۔ لیکن یہ بھی ممکن ہے کہ میں (یاد) نہ کر سکوں۔ اور پھر کسی دن تم مجھے کہیں دیکھو اور میں تمہیں پہچان نہ سکوں تو تم اپنے آپ سے کہو گے—'بوڑھا لڑکا مجھے یاد نہیں رکھتا۔' (قہقہہ)۔ لیکن میں ضرور تمہیں یاد رکھوں گا جیسا کہ اب تم ہو۔ یہی اصل بات ہے۔ میرے ذہن میں تم کبھی بھی بڑے نہیں ہو گے۔ کبھی نہیں۔ بعض اوقات، مثال کے طور پر، جب لوگ مجھ سے عزت مآب (یا محترم) چیئرمین گورنرز کے متعلق بات کرتے ہیں تو میں (انکے) بارے میں سوچتا ہوں—'آہ، ہاں، ایک زندہ دل چھوٹا سا لڑکا جسکے بال اوپر کی طرف کھڑے رہتے تھے—اور اسے جیرنڈ اور جیرنڈو میں فرق سے متعلق کچھ پتا نہ تھا۔' (بلند آواز قہقہہ)۔ اچھا، اچھا، تو مجھے بولتے نہیں رہنا چاہیے—ہمف—ساری رات۔ کبھی کبھار میرے بارے میں سوچیں جیسا میں یقیناً آپ کے بارے میں سوچوں گا۔ "لاطینی جملہ...... اب دوبارہ مجھے ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں—" (بہت زیادہ قہقہے، نعرہ بازی اور دیر تک بجنے والی تالیاں۔)

celebrations (*n.*)	sel'u-brae'shuns سیلبریشنز	festivals, functions تقریبات
regrettable (*adj.*)	ri-gret'-bul ریگریٹبَل	very bad (for which one feels very sorry) افسوسناک
absolutely (*adv.*)	ab'su-loot'lee ایبسلُوٹلی	surely; definitely یقینی طور پر
gerund (*n.*)	jer'und جیرَنڈ	verb and noun combined in a word لفظ میں اسم اور فعل یکجا
gerundive (*n.*)	ju-run'div جَرَنڈِو	in Latin, a verbal adjective لاطینی میں مصدری اسم
prolonged cheers (*adj., n.*)	pru-longed chirs پرلونگڈ چرس	lengthy shouts of appreciation تحسین میں طویل شور اور نعرے

August, 1913. Chips went for a cure to Wiesbaden, where he lodged at the home of the German master at Brookfield, Herr (Sir) Staefel, with whom he had become friendly. Staefel was thirty years his junior, but the two men **got on excellently** (دونوں میں بہت خوب گذری). In September, when term began, Chips returned and took up residence at Mrs. Wickett's. He felt a great deal stronger and fitter after his holiday, and almost wished he had not retired. Nevertheless, he found plenty to do. He had all the new boys to tea. He watched all the important matches on the Brookfield ground. Once a term he dined with the Head, and once also with the masters. He took on the preparation and editing of a new Brookfeldian Directory. He accepted presidency of the Old Boys' Club and went to dinners in London. He wrote occasional articles, full of jokes and Latin quotations, for the Brookfield **terminal** magazine. He read his Times every morning—very thoroughly; and he also began to read **detective** stories—he had been keen on them ever since the first thrills of Sherlock. Yes, he was quite busy, and quite happy, too.

اگست 1913ء میں چپس اپنے علاج معالجے کیلئے وزبیڈن (جرمنی کا شہر) گیا۔ جہاں اسے بروک فیلڈ کے جرمن استاد، ہر سٹیفل کے گھر قیام کیا جس کے ساتھ اس کے دوستانہ مراسم تھے۔ سٹیفل اس سے 30 سال جونیئر تھا مگر دونوں کی بہت خوب گذری۔ ستمبر میں جب تعلیمی مدت کا آغاز ہوا تو چپس واپس آ گیا اور مسز وکٹ کے ہاں رہائش پذیر ہو گیا۔ اپنی چھٹی کے بعد وہ اپنے آپ کو زیادہ تندرست اور ٹھیک ٹھاک محسوس کرتا تھا اور یہ خواہش کرتا تھا کہ کاش وہ ریٹائر نہ ہوا ہوتا۔ لیکن اس کے باوجود اسکے کرنے کیلئے بہت کچھ تھا۔ وہ نئے لڑکوں کو چائے پر بلاتا۔ وہ بروک فیلڈ کی گراؤنڈ پر تمام اہم میچ دیکھتا۔ تعلیمی مدت کے دوران ایک مرتبہ ہیڈ ماسٹر اور ایک بار اساتذہ کرام کے ساتھ بھی کھانا کھاتا۔ وہ بروک فیلڈ کی نئی ڈائریکٹری کی تیاری میں مصروف ہو گیا۔ اس نے اولڈ بوائز کلب کی صدارت قبول کر لی اور ضیافتوں پر لندن جاتا۔ وہ کبھی کبھار تعلیمی مدت کے اختتام پر بروک فیلڈ کے رسالہ میں مضامین بھی لکھتا جو لطائف اور لاطینی اقوال سے پر ہوتے۔ وہ اپنے گھر آنے والے ٹائمز اخبار کو ہر صبح مکمل طور پر پڑھتا—بہت پوری طرح؛ اور اس نے جاسوسی کہانیاں بھی پڑھنی شروع کیں—وہ ان (جاسوسی کہانیوں) کا شوقین تب سے ہوا جب اس نے شرلوک ہومز کی پہلی پرجوش کہانی پڑھی۔ اب وہ کافی مصروف اور بہت خوش بھی تھا۔

got on excellently (*v., adv.*)	...ek'su-lunt-li ایکسَلنٹلی	passed time together very well بہت خوب اکٹھے وقت گذارا
terminal (*adj.*)	tur'mu-nul ٹَرمنَل	at the academic year's end تعلیمی سال کے آخر میں
detective (*adj.*)	di-tek'tiv ڈیٹیکٹِو	concerning criminal investigation سُراغ رسانی سے تعلق

A year later, in 1914, he again attended the end-of-term dinner. There was a lot of war talk—civil war in Ulster, and trouble between Austria and Serbia. Herr Staefel, who was leaving for Germany the next day, told Chips he thought the Balkan business wouldn't come to anything.

ایک سال بعد، 1914ء میں اس نے تعلیمی مدت کے اختتام پر ہونے والی ضیافت میں ایک بار پھر شرکت کی۔ وہاں (ضیافت میں) جنگ سے متعلق بہت سی باتیں ہوئیں۔ السٹر میں خانہ جنگی اور آسٹریا اور سربیا کے مابین کشمکش۔ ہر سٹیفل جو اگلے روز جرمنی جار ہا تھا نے چپس کو بتایا کہ بلقان والے معاملے کا کوئی حل نہیں نکلے گا۔

Chapter 13

The War years.

جنگ کے سال

The first shock, and then the first **optimism** (اچھی اُمید میں). The Battle of the Marne, the Russian **steam-roller**, Kitchener.

پہلا صدمہ اور پھر روشن پہلو کا آغاز مارن کی جنگ، روس کا جنگی کچنر جو دشمن (جرمنی) کو روڈ سٹیم رولر کی طرح کچل دینے والا تھا۔

"Do you think it will last long, sir?"

"کیا آپ کے خیال میں یہ بہت طویل ہوگی، جناب؟"

Words	How we speak	Meanings in English & Urdu
optimism (*n.*)	op´tu-miz´um اوپٹمزم	looking at the best side of things, hopefulness پُر اُمید ہونا
steam-roller (*n.*)	سٹیم رولر	(jokingly) strong and powerful like a steam-roller levelling roads سٹیم رولر کی طرح جو سڑکوں کو ہموار کردے مضبوط اور طاقتور

[**The Battle of the Marne** (*maarn*). The reference is to the battle fought in 1914 between the German forces and the Allied forces (of England, France, Russia, etc.). The Allied forces checked the German advance on Paris at the Marne river.

Kitchener (*kich´nur* کچنر) **Horatio Herbert Kitchener** (1850-1916) British field marshal and statesman, was secretary of war at the start of World War I. He expanded the British army. He was on his way to Russia in 1916 to support the Russians fighting against the Germans that his ship sank by hitting a mine.]

Chips, questioned as he watched the first trial games of the season, gave quite a cheery answer. He was, like thousands of others, hopelessly wrong; but unlike thousands of others, he did not afterwards **conceal** (چھپایا نہیں) the fact. "We ought to have—um—finished it—um—by Christmas. The Germans are already beaten. But why? Are you thinking of—um—**joining up**, Forrester?"

چپس سے سوال کیا گیا جب وہ موسم کے پہلے آزمائشی کھیل دیکھ رہا تھا۔ جواب میں اس نے بہت ہی خوش وخرم انداز میں جواب دیا۔ وہ ان ہزاروں لوگوں کی طرح تھا جو مایوس کن حد تک غلط رائے رکھتے ہیں۔ لیکن ان دوسرے ہزاروں لوگوں کے برخلاف۔ اس نے بعد میں بھی اس حقیقت کو نہ چھپایا۔ "ہمیں — اس جنگ — کو کرسمس تک ختم کر دینا چاہیئے تھا۔ جرمنی والے تو پہلے ہی شکست کھا چکے ہیں۔ لیکن کیوں؟ کیا تم سوچ رہے ہو — اُم — فوج میں بھرتی کا، فورسٹر؟"

conceal (*v.*)	kun-seel´ کنسیل	hide چھپانا
joining up (*v.*)	جوئننگ اَپ	joining the army in war فوج میں شامل ہونا

Joke—because Forrester was the smallest new boy Brookfield had ever had—about four feet high above his muddy football boots. (But not so much a joke, when you came to think of it afterwards; for he was killed in 1918—shot down in flames over Cambrai.) But one didn't guess what **lay ahead**. It seemed tragically **sensational** when the first Old Brookfeldian was killed in action—in September. Chips thought, when that news came, a hundred years ago boys from this school were fighting against the French. Strange, in a way, that the **sacrifices** of one **generation** should so cancel out those of another. He tried to express this to Blades, the Head of School House; but Blades, eighteen years old and already in training for a cadetship, only laughed. What had all that history stuff to do with it, anyhow? Just old Chips with one of his **queer** ideas, that's all.

یہ مذاق تھا — کیونکہ فورسٹر بروک فیلڈ میں کبھی بھی داخل ہونے والے لڑکوں میں نیا اور سب سے چھوٹے قد کا تقریباً 4 فٹ اونچا تھا اپنے گرد آلود فٹ بال کے جوتوں میں۔ (لیکن یہ اتنا زیادہ مذاق بھی نہیں تھا جب بعد ازاں آپ کو خیال آیا کیونکہ وہ 1918ء میں کیمبرائی کے مقام پر جنگ کے شعلوں میں گھرا گولی لگنے سے مارا گیا تھا۔) مگر کوئی شخص بھی اندازہ نہیں لگا سکتا تھا کہ آگے کیا ہونے والا ہے؟ یہ المناک حد تک برہم کن تھا جب بروک فیلڈ کا ایک پرانا طالب علم جنگ میں لڑتے ہوئے مارا گیا — ستمبر میں۔ جب یہ خبر آئی تو چپس نے سوچا کہ سکول کے لڑکے 100 سال پہلے فرانسیسی فوج کے خلاف لڑ رہے تھے۔ یہ ایک طرح سے عجیب بھی ہے کہ ایک نسل کی قربانیاں دوسری نسل کی قربانیوں کو مٹا دیں۔ اس نے اس بات کا اظہار بلیڈز کے ساتھ کرنے کی کوشش کی۔ بلیڈز سکول کے ہوسٹل کا سربراہ تھا۔ لیکن بلیڈز 18 سال کا تھا اور پہلے سے ہی کیڈٹ بننے کی تربیت حاصل کر رہا تھا، ہنس پڑا (یہ بات سن کر)۔ بہرحال، تاریخ کی ان باتوں کا اس مسئلہ سے کیا تعلق تھا؟ بس بوڑھا چپس اپنے عجیب وغریب خیالات کے ساتھ، اتنی سی بات۔

lay ahead (v.)	lay u-hed لی آہیڈ	what was to happen جو ہونے والا تھا
sensational (adj.)	sun or sen´sae´shun-ul سَنسَیشَنَل یا سینسیشَنَل	shocking, upsetting برہم کرنے والا۔ بہت پریشان کُن
sacrifices (n.)	sak´ru-fiis-es سیکَرَفائیس	sufferings and pains تکلیفیں۔ قُربانیاں
generation (n.)	jen´u-rae´shun جینَریشَن	all people living during the same period نسل
queer (adj.)	kwir کوِر	strange عجیب

1915. Armies **clenched** in **deadlock** from the sea to Switzerland. The Dardanelles. Gallipoli. Military campus **springing up** quite near Brookfield; soldiers using the playing-fields for sports and training; swift development of Brookfield **OTC**. Most of the younger masters gone or in uniform. Every Sunday night, in the chapel after evening service, Chatteris read out the names of old boys killed, together with short **biographies**. Very moving, but Chips, in the back **pew** under the gallery, thought: They are only names to him, he doesn't see their faces as I do.....

1915ء میں افواج سمندر سے سوئٹزرلینڈ آنے میں تعطل کا شکار ہو گئی تھیں۔ ڈارڈینلیز، گیلی پولی۔ بڑک فیلڈ کے بالکل نزدیک فوجی کیمپ نمودار ہو رہے تھے۔ فوجی جوان کھیل کے میدانوں کو کھیل اور تربیت کیلئے استعمال کر رہے تھے۔ بڑک فیلڈ کے او۔ ٹی۔ سی میں تیزی سے ترقی ہو رہی تھی۔ زیادہ تر نوجوان اساتذہ یا تو سکول چھوڑ کر جا چکے تھے یا فوج میں بھرتی ہو چکے۔ ہر اتوار کی رات شام کی عبادت کے بعد گرجا میں ان پرانے لڑکوں کے نام پڑھتا تھا جو مارے جا چکے تھے۔ ان کی مختصر سوانح حیات کے ساتھ۔ یہ بہت جذباتی منظر ہوتا تھا، مگر چپس گیلری کے نیچے پچھلی پشت والی نشست پر بیٹھا سوچتا: اس کیلئے یہ محض نام ہیں اس کیلئے، وہ ان کے چہرے نہیں دیکھتا جسطرح میں دیکھتا ہوں.....

clenched (v.)	klench-ed کلینچڈ	held tightly, gripped مضبوطی سے جکڑی ہوئی
deadlock (n.)	ڈیڈ لوک	standstill, time when there is no change تعطل
springing up (v.)	سپرنگنگ اپ	arising, coming in view سامنے آجانا
OTC (n.)		Officers' Training Corps فوج کا پیشہ ورانہ شعبہ
biographies (n.)	bii-og´ru-fees بایوگرَفیس	life histories of other people سوانح عمریاں
pew (n.)	pyoo پی یو	bench for worshippers in a church گرجا میں عبادت گزاروں کے لئے بنچ

1916. **The Somme Battle**. Twenty-three names read out one Sunday evening.

1916ء میں سوم کی جنگ۔ اتوار کی شام 23 نام پڑھے گئے۔

Towards the close of that **catastrophic** July, Chatteris talked to Chips one afternoon at Mrs. Wickett's. He was overworked and overworried and looked very ill. "To tell you the truth, Chipping, I'm not having too easy a time here. I'm thirty-nine, you know, and unmarried, and lots of people seem to think they know what I ought to do. Also, I happen to be **diabetic**, and couldn't pass the blindest **M.O.**, but I don't see why I should pin a medical certificate on my front-door."

اس تباہ کن جولائی کے اختتام پر شیٹرس نے چپس سے ایک دوپہر مسز وکٹ کے گھر بات چیت کی۔ وہ کافی ––– تھکا ماندہ اور بہت ––– پریشان تھا اور بیمار دکھائی دیتا تھا۔ "چپنگ سچ تو یہ ہے کہ میرا یہاں اچھا وقت نہیں گذر رہا۔ میں 39 سال کا ہوں، اور غیر شادی شدہ اور بہت سے لوگ یہ سوچتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں کہ انہیں پتا ہے مجھے کیا کرنا چاہیئے، اور یہ بھی میں ذیابیطس کا مریض ہوں اور اندھے سے اندھا میڈیکل افسر بھی مجھے پاس نہیں کر سکتا۔ لیکن مجھے کوئی وجہ نظر نہیں آتی کہ میں اپنا میڈیکل سرٹیفکیٹ سامنے کے دروازے پر آویزاں کر دوں۔"

the Somme Battle (n.)	دا سومّ بیٹَل	the Battle during World War I fought near the Somme river in France between Germany and the Allied forces and Austria on the other side فرانس میں دریائے سوم کے نزدیک جرمنی اور اتحادیوں کے درمیان لڑائی پہلی جنگ عظیم کے دوران
catastrophic (adj.)	kat´-stroef-ik کیٹسٹروفِک	ruinous تباہ کن
diabetic (n.)	dii´u-bet´ik ڈائی اُبیٹِک	one suffering from diabetes (too much sugar in blood and urine) ذیابیطس کا مریض
M.O. (n.)		medical officer

Chips hadn't known anything about this; it was a shock to him, for he liked Chatteris.

چپس کو اس بارے میں کچھ علم نہیں تھا یہ سب اس کے کیلئے ایک صدمہ تھا کیونکہ وہ شیٹرس کو پسند کرتا تھا۔

The latter continued: "You see how it is—Ralston filled the place up with with young men, all very good, of course—but now most of them have **joined up** and the **substitutes** (متبادل) are **pretty dreadful**, on the whole. They poured ink down a man's neck in prep, one night last week—silly fool—got **hysterical**. I have to take classes myself, take prep, for fools like that, work till mid-night every night, and **get cold shouldered** as a **slacker** on top of everything. I can't **stand** it much longer. If things don't improve next term I shall have a **breakdown** (صحت بالکل گر جائے گی)".

موخرالذکر (یعنی شیٹرس) نے بات جاری رکھی: "تم دیکھ لو کہ یہ کس طرح سے ہے—ریلسٹن نے (اساتذہ کی) خالی جگہیں جوان لوگوں سے پر کیں، سب کے سب بے شک—بہت اچھے ہیں لیکن اب ان میں سے زیادہ تر فوج میں بھرتی ہو گئے ہیں اور ان کے متبادل مجموعی طور پر بہت خوفناک ہیں۔ پریپ کی کلاس میں ایک رات پچھلے ہفتے انہوں نے ایک آدمی کی گردن پر روشنائی انڈیل دی۔ نا سمجھ، بے وقوف، پاگل ہو چکے تھے۔ مجھے دو کلاسیں لینی پڑتی ہیں۔ اس قسم کے احمقوں کی وجہ سے مجھے پریپ کی کلاس بھی لینی پڑتی ہے۔ ہر رات نصف شب تک مجھے کام کرنا پڑتا ہے۔ اور ان سب چیزوں سے بڑھ کر ایک نکمے اور سست شخص کی طرح لاتعلق ہو جاتا ہوں۔ بس یہ سب کچھ زیادہ دیر برداشت نہیں کر سکتا۔ اگر اگلی تعلیمی مدت میں معاملات بہتر نہ ہوئے تو میرے اعصاب جواب دے دیں گے۔"

joined up (*v.*)	جوئنڈاپ	enlisted, joined the army	فوج میں شامل ہو گئے
substitutes (*v.*)	sub´stu-toot *or* sub´stu-tyoot سَبسٹُوٹ یا سَبسٹَیوٹ	replacements	بدل
pretty dreadful (*adv.*)	prit´ee-dred-ful پریٹی ڈریڈفُل	fairly, quite fearful	کافی زیادہ خوفناک
hysterical (*adj.*)	hi-ster´i-kul ہسٹیرکل	highly mentally disturbed	بہت زیادہ ذہنی طور پر منتشر
get cold shouldered (*v.*)	get kold´shoel´dur-ed گیٹ کولڈ شولڈرڈ	get rejected or driven back	سرد مہری کا سامنا کرتا ہوں
slacker (*n.*)	slak-ur سلے کَر	one who avoids work or military services	کام یا فوجی ملازمت سے بچنے والا
stand (*v.*)	سٹینڈ	tolerate	برداشت کرنا
breakdown (*n.*)	بریک ڈائون	failure of health	صحت کا گر جانا

"I **do sympathise** with you," Chips said.

چپس نے کہا، "مجھے آپ سے ہمدردی ہے۔"

"I hoped you would. And that brings me to what I came here to ask you. Briefly, my suggestion is that—if you felt equal to it and would care to—how about coming back here for a while? You look pretty fit, and, of course, you know all the ropes. I don't mean a lot of hard work for you—you needn't take anything **strenuously**—just a few **odd** jobs here and there, as you choose. What I'd like you for more than anything else is not for the actual work you'd do, though that, naturally, would be very valuable—but for your help in other ways—in just **belonging here** (یہاں سے تعلق قائم رہنے میں). There's nobody ever been more popular than you were, and are still—you'd help to hold things together if there were any danger of them flying to bits. And perhaps there is that danger....."

"مجھے امید تھی کہ آپ (مجھ سے ہمدردی) کریں گے اور یہی بات ہے جو مجھے یہاں لے آئی کہ میں اس بارے میں آپ سے پوچھوں۔ مختصراً میری تجویز ہے—اگر آپ خود کو اس برابر سمجھیں یا میرے مشورے سے متفق ہوں اور اس پر توجہ دیں تو یہاں (بروک فیلڈ سکول) کچھ عرصہ کیلئے دوبارہ واپس آنے کے بارے میں آپکا کیا خیال ہے؟ آپ کافی موزوں دکھائی دیتے ہیں، اور یقیناً آپ کو تمام پیچیدگیوں کا پتا بھی ہے۔ میرا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ کیلئے ایک بہت مشقت طلب کام—آپ کسی بھی معاملے کو اپنے اوپر شدت سے طاری نہ کریں۔ صرف ادھر ادھر کے معمولی کام جو آپ منتخب کریں۔ کسی بھی دوسری چیز سے زیادہ جو آپ کیلئے پسند کرتا ہوں یہ نہیں کہ آپ حقیقی کام کریں اگرچہ یہ بہت قابل قدر ہوگا لیکن آپ کی مدد کیلئے دوسرے انداز میں یہ کہ آپ کا صرف یہاں سے تعلق قائم رہے۔ یہاں کوئی بھی کبھی اتنا مقبول نہیں رہا جتنا آپ تھے اور اب بھی ہیں۔ آپ معاملات سنبھالنے میں مدد دیں گے۔ اگر ان کے حصے بخرے ہو جانے کا اندیشہ ہو اور شاید اسی بات کا خدشہ ہے۔۔۔"

Chips answered, breathlessly and with a holy joy in his heart: I'll come....."

چپس نے سرگوشی کے انداز میں دم بھرتے ہوئے دل ہی دل میں روحانی خوشی کے ساتھ جواب دیا، "میں کام کرونگا....."

do sympathise (v.)	do sim´pu-thiiz´ ڈُ سِمپَتھائز	surely have sympathy with ضرور ہمدردی رکھتا ہوں
strenuously (adv.)	stren´yoo-us-li سٹرینَ آسلی	with effort and force کوشش اور قوت سے
odd (adj.)	اوڈ	different unconnected متفرق
belonging here	bi-long-ing hir بی لونگنگ ہر	feeling a part of this place یہاں کا حصہ محسوس کرتے ہوئے

Chapter 14

He still kept on his rooms with Mrs. Wickett; indeed, he still lived there; but every morning, about half-past ten, he put on his coat and muffler and crossed the road to the School. He felt very fit, and actual work was not **taxing**. Just a few forms in Latin and Roman History—the old lessons—even the old pronunciation. The same joke about Lex Canuleia—there was a new generation that had not heard it, and he was **absurdly gratified** (احمقانہ طور پر مطمئن تھا) by the success it achieved. He felt a little like a music-hall favourite returning to the boards after a **positively** last appearance.

اس نے ابھی تک مسز وکٹ کے ساتھ اپنے کمرے لے رکھے تھے۔ درحقیقت وہ اب بھی وہیں رہائش پذیر تھا، مگر ہر صبح تقریباً 10:30 پر وہ اپنا کوٹ اور مفلر پہنتا اور سڑک پار کر کے سکول جاتا تھا۔ وہ اپنے آپ کو بہت تندرست محسوس کرتا تھا، اور حقیقی کام اسے مشقت میں مبتلا نہیں کر رہا تھا۔ صرف چند ایک لاطینی کلاسیں اور رومن تاریخ—وہی پرانے اسباق—جبکہ پرانا تلفظ۔ لیکس کینولیا سے متعلق وہی مذاق—اب وہاں نئی نسل تھی جس نے اس بارے میں نہیں سنا تھا، اور وہ (چپس) احمقانہ طور پر مطمئن تھا، اس کامیابی سے جو اس نے حاصل کی تھی۔ اسے ایسے محسوس ہوا جیسے کہ موسیقی کے ہول میں بجنے والی مقبول دھن موسیقی کے سازوں پر دوبارہ واپس آ گئی ہو، اپنی آخری مثبت پیش کش کے بعد۔

Words	How we speak	Meanings in English & Urdu
taxing (adj.)	tak´sing ٹیکسنگ	burdensome, difficult to perform بوجھ ڈالنے والے۔ جسے کرنا مشکل ہو
absurdly (adv.)	ab-surd-li ایبسرڈلی	foolishly بیوقوفانہ طور پر
gratified (v.)	gratu-fiied گریٹفائیڈ	pleased or satisfied خوش یا مطمئن ہوگیا
positively (adv.)	poz´u-tiv-lee پوزٹِولی	certainly or clearly یقیناً یا واضح طور پر

They all said how **marvellous** it was that he knew every boy's name and face so quickly. They did not guess how closely he had kept in touch from across the road.

ان سب لوگوں نے کہا کہ یہ کتنی عظیم بات ہے کہ وہ (چپس) فوراً ہی ہر لڑکے کا نام اور چہرہ پہچانتا تھا۔ انہیں یہ اندازہ نہیں تھا کہ سڑک کے پار رہتے ہوئے اس نے کتنا قریبی رابطہ قائم کر رکھا تھا۔

He was a grand success altogether. In some strange way he did, and they all knew and felt it, help things. For the first time in his life he felt necessary—and necessary to something that was nearest his heart. There is no **sublimer** (زیادہ شاندار) feeling in the world, and it was his at last.

وہ مکمل طور پر ایک شاندار کامیابی کا حامل تھا۔ وہ بڑے حیران کن طریقے سے کام کرتا تھا، انہیں یہ بھی پتا تھا اور وہ محسوس بھی کرتے تھے۔ جس سے مدد حاصل ہوتی۔ اپنی زندگی میں پہلی مرتبہ اس نے ضروری سمجھا—اور کسی ایسی بات کیلئے ضروری جو اس کے دل کے بہت قریب تھی۔ دنیا میں اس سے بڑھ کر کوئی اعلیٰ پایہ کا جذبہ نہیں ہوتا، اور وہ بالآخر اس کے پاس تھا۔

marvellous (adj.)	maar´vul-us مارَوَلس	wonderful and surprising حیرت انگیز
sublimer (adj.)	su-bliim-ur سَبلائیمَر	grander, more inspiring زیادہ شاندار۔ زیادہ روح پھونکنے والی

He made new jokes, too—about the OTC and the food rationing system and the anti-airraid **blinds** that had to be fitted on all the windows. There was a **mysterious** kind of **rissole** that began to appear on the School **menus** on Mondays, and Chips called it "abhorrendum"—"meat to be **abhorred**." The story went round—heard Chips's latest?

اس نے نئے لطیفے بھی گھڑ لئے—اوٹی سی اور خوراک کی تقسیم کے نظام کے متعلق اور ہوائی حملوں سے بچانے والے پردے جو تمام کھڑکیوں پر لگائے جاتے تھے۔ وہاں ایک پراسرار قسم کی پیسٹری یا چھوٹا سا کیک ہر سوموار کو سکول کے کھانے کی فہرست میں ظاہر ہونے لگا، اور چپس اسے "قابل نفرت گوشت" کہتا تھا۔ یہ کہانی ہر جگہ گردش کرنے لگی—چپس کا کوئی تازہ ترین لطیفہ سنا ہے؟

OTC (*n.*)		Officers' Training Corps فوج کا پیشہ ورانہ شعبہ
blinds (*n.*)	bliinds بلائنڈس	window shades پردے
mysterious (*adj.*)	mi-stir´ee-us مِسٹری اس	full of mystery (اسرار), difficult to explain پُر اسرار
rissole (*n.*)	ri´soel ری سول	small pastry with minced meat or fish filling چھوٹی پیسٹری قیمہ اور مچھلی سے بھری ہوئی
menus (*n.*)	men´yoos *or* man´yoos (plural of menu) مینیوس	list of dishes to be served طعام نامہ
abhorred (*v.*)	ab-hor-ed ایبھور	hated جس سے نفرت کی جائے

Chatteris fell ill during the winter of 1917, and again, for the second time in his life, Chips became Acting Head of Brookfield. Then in April, Chatteris died, and the Governors asked Chips if he would carry on "for the duration." He said he would, if they would **refrain from** appointing him officially. From that last honour, within his reach at last, he **shrank instinctively** (قدرتی، فطری طور پر), feeling himself in so many ways unequal to it. He said to Rivers: "You see, I'm not a young man and I don't want people to—urn—expect a lot from me. I'm like all these new colonels and majors you see everywhere—just a war-time **fluke**. A **ranker**, that's all I am really."

شیٹرس 1917ء کی سردیوں میں بیمار پڑ گیا، اور دوبارہ اپنی زندگی میں دوسری دفعہ چپس بروک فیلڈ کا قائم مقام ہیڈ ماسٹر بن گیا۔ پھر اپریل میں شیٹرس مر گیا، اور گورنرز نے چپس سے پوچھا کہ کیا وہ "اس مدت" میں اپنے عہدہ پر کام جاری رکھنا چاہتا ہے۔ اس نے کہا کہ وہ ایسا کرے گا اگر وہ (گورنرز) اس کی سرکاری تعیناتی کرنے سے باز رہیں۔ اس کی آخری عزت افزائی جو بالآخر اس کی پہنچ میں تھی۔ وہ اس سے فطری طور پر پیچھے ہٹ گیا، کئی طرح سے یہ محسوس کرتے ہوئے کہ وہ خود کو اس مرتبے کا اہل نہیں سمجھتا۔ اس نے ریورز سے کہا، "دیکھیں، میں ایک جوان آدمی نہیں ہوں اور میں نہیں چاہتا کہ لوگ مجھ سے بہت زیادہ کی توقع رکھیں۔ میں تو ان تمام نئے کرنلز اور میجرز کی طرح ہوں جنہیں آپ ہر جگہ دیکھتے ہیں——صرف جنگ کے زمانے میں جو خوش قسمتی سے کامیاب ہو جائے۔ میں ایک نچلے درجہ کا سپاہی ہوں، یہی ہوں واقعی۔"

refrain from (*v.*)	ri-fraen´ from رِفرینَ فروم	hold back from doing something, keep oneself from doing something کچھ کرنے سے اپنے آپ کو روکے رکھنا
shrank (*v.*)	شرینك	kept back باز رکھا
instinctively (*adv.*)	in´stingk´tiv-li اِنسٹنگکٹیولی	as he was moved from with realty قدرتی طور پر
fluke (*n.*)	flook فلوك	lucky stroke جو کام اتفاقیہ طور پر ہو جائے
ranker (*n.*)	rangk´ur رینگر	an enlisted soldier سپاہی جو بھرتی ہوا ہو

1917-1918. Chips lived through it all. He sat in the headmaster's study every morning, handling problems, dealing with plaints and requests. Out of **vast** experience had **emerged** a kindly, gentle **confidence** in himself. To keep a **sense of proportion** (چیزوں کو اپنے تناسب یا جگہ پر رکھنے کا احساس), that was the main thing. So much of the world was losing it: as well keep it where it had, or ought to have, a **congenial** home.

1917-1918ء۔ چپس اس دور میں زندہ رہا۔ وہ ہیڈ ماسٹر کے مطالعہ کے کمرے میں ہر صبح بیٹھا کرتا۔ مسائل سے نبرد آزما ہوتا۔ شکایات اور درخواستوں کے ساتھ نبٹتا۔ وسیع تجربے سے ایک رحمدل اور عمدہ اعتماد اس کے اپنے وجود میں ابھر کر سامنے آیا۔ تناسب کے احساس کو قائم رکھنا یہ سب سے اہم چیز تھی۔ دنیا کے بیشتر حصوں میں یہ چیز معدوم ہو رہی تھی اور اسے اسی جگہ رکھنا چاہیے تھا جہاں سکونت پذیری ہو یا ہونی چاہیے۔

vast (*adj.*)	vast or vaast وَیسٹ یا واسٹ	very great, immense بہت زیادہ
emerged (*v.*)	i-murjd ای مَرجڈ	forth from, came into sight اُبھر کر ہوئی
confidence (*n.*)	kon´fu-duns کونفِڈنس	trust اعتماد
sense (*n.*)	snes سنس	understanding or feeling سمجھ یا احساس
proportion (*n.*)	pru-poer´shun پرَ پورَشَن	balance, harmony توازن۔ تناسب
congenial (*adj.*)	kun-jeen´yul کَن جینیَل	agreeable, suitable موافق۔ مناسب

On Sundays in chapel it was he who now read out the tragic list, and sometimes it was seen and heard that he was in tears over it. Well, why not? The School said; he was an old man; they might have **despised** anyone else for the weakness.

اب وہ ہر اتوار گرجا میں المیہ فہرست پڑھ کے سناتا تھا، اور بعض اوقات یہ دیکھنے میں آتا کہ اس فہرست کو پڑھتے ہوئے اس کے آنسو نکل آئے۔ کیوں نہیں؟ سکول کی انتظامیہ نے کہا کہ وہ بوڑھا آدمی تھا، وہ کسی اور کو نفرت کی نگاہ سے دیکھتے اگر اس میں یہ غلطی پائی جاتی۔

One day he got a letter from Switzerland, from friends there; it was heavily **censored** (سختی سے کھول کر پڑھا یا چیک کیا گیا تھا), but conveyed some news. On the following Sunday, after the names and biographies of old boys, he paused a moment and then added:

ایک دن اسے ایک خط ملا، سوئٹزرلینڈ سے، اسکے وہاں کے دوستوں کی طرف سے۔ اس خط کو اچھی طرح سے سینسر کیا گیا تھا۔ لیکن اس میں کچھ خبریں بھی تھیں۔ اگلی اتوار پرانے لڑکوں کے ناموں اور سوانح حیات کے ساتھ، وہ ایک لمحہ ٹھہرا اور پھر بولا۔

despised (v.)	di-spiized	ڈسپائزڈ	hated	نفرت کی جاسکتی
censored (v.)	sen´sur-ed	سینسرڈ	officially examined	سنسر ہوا

"Those few of you who were here before the War will remember Max Staefel, the German master. He was in Germany, visiting his home, when war **broke out** (شروع ہوئی یا چھڑی). He was popular while he was here, and made many friends. Those who knew him will be sorry to hear that he was killed last week, on the Western Front."

''تم میں سے جو چند جنگ سے قبل یہاں تھے، میکس سٹیفل، جرمن استاد کو یاد رکھتے ہوں گے۔ وہ جرمنی میں تھا، اپنے گھر والوں کو ملنے آیا تھا جب جنگ چھڑی۔ جب وہ یہاں تھا تو بہت مقبول تھا اور اس نے بہت سارے دوست بنائے۔ جو لوگ اسے جانتے تھے یہ جان کر افسوس کریں گے کہ وہ پچھلے ہفتہ مغربی محاذ جنگ پر مارا گیا۔''

He was a little pale when he sat down afterwards, **aware** that he had done something unusual. He had consulted nobody about it, anyhow no one else could be blamed. Later, outside the chapel, he heard an argument:

وہ کچھ زرد (کمزور) پڑ گیا جب بعد میں بیٹھا، اس بات سے باخبر کہ اس نے معمول سے ہٹ کے کچھ کیا تھا۔ اس نے کسی سے اس بارے میں مشورہ، بہرحال نہیں کیا، کسی کو الزام نہیں دیا جا سکتا تھا۔ بعد میں گرجے کے باہر اس کی تکرار ہوئی،

broke out (v.)		بروک آئوٹ	started	شروع ہوئی۔ چھڑی
aware (adj.)	u-wair	اوّیر	concious of, feeling	جانتے ہوئے محسوس کرتے ہوئے

"On the Western Front, Chips said. Does that mean he was fighting for the Germans?"

''مغربی محاذ پر، چپس نے کہا۔ کیا اس کا مطلب ہے کہ وہ جرمنوں کیلئے لڑ رہا تھا؟''

"I suppose it does."

''میرا خیال ہے اس کا یہی مطلب ہے۔''

"Seems funny, then, to read his name out with all the others. After all, he was an enemy."

''مضحکہ خیز لگتا ہے، پھر، اگر اس کا نام دوسروں کے ساتھ پکارا جائے۔ آخر وہ ایک دشمن (قوم میں سے) تھا۔''

"Oh, just one of Chip's ideas, I expect. The old boy still has'em."

''اوہ، یہ محض چپس کے خیالات میں سے ایک ہے، میں توقع کرتا ہوں۔ لڑکا (چپس) ابھی تک اس قسم کے خیالات رکھتا ہے۔''

Chips, in his room again, was not displeased by the comment. Yes, he still had'em—those ideas of **dignity** and **generosity** that were becoming **increasingly rare** in a **frantic** world. And he thought: Brookfield will take them, too, from me, but it wouldn't from anyone else.

چپس اپنے کمرے میں دوبارہ اس تبصرہ سے ناخوش نہیں ہوا۔ ہاں، اس نے کہا وہ (چپس) اب بھی ایسے ہی خیال رکھتا ہے جس میں عظمت اور فیاضی پائی جائے ——— جو خواص بہت حد تک جنونی دنیا میں کم ہوتے جا رہے ہیں۔ اور اس نے سوچا بروک فیلڈ مجھ سے یہ سب خیالات لے لیگا مگر کسی اور شخص سے نہیں لے سکے گا۔

dignity (n.)	dig´nu-tee	ڈِگنٹی	respect and honour	وقار اور عزت
generosity (n.)	jen´u-ros´u-tee	جینروسٹی	liberality, noble-mindedness	فیاضی۔ عالی ظرفی
increasingly (adv.)	in-krees-ing-li.	اِنکریسنگلی	more and more	زیادہ اور زیادہ
rare (adj.)	raer	ریر	uncommon	شاذ
frantic (adj.)	fran´tik	فرینٹِک	worried, wildly excited	متفکر۔ مضطراب

Once, asked for his opinion of bayonet-practice being carried on near the cricket pavilion, he answered with that lazy, slightly **asthmatic intonation** that had been so often and so **extravagantly imitated** (فضول اور ضرورت سے زیادہ نقالی کی جاتی): "It seems—to me—umph—a very **vulgar** way of killing people."

ایک دفعہ سنگینوں کی مشق کے بارے میں اس کی رائے لی گئی جو کرکٹ کے میدان کے نزدیک ہو رہی تھی۔ اس نے اسی سست روی سے جواب دیا، معمولی دمہ زدہ آواز میں جسکی اکثر اور فضول اور بہت زیادہ نقالی کی جاتی تھی: "—اُمف— یہ لوگوں کو مارنے کا ایک بہت بے ہودہ طریقہ کار ہے۔"

asthmatic (*adj.*)	az´mu-tic ایزمٹِک	caused by asthma—bad breating and coughing دمے کے مرض کی بری سانس اور کھانسی
intonation (*n.*)	intoe-nae´shun اِنٹونیشن	rise and fall of voice آواز کا اُتار چڑھاؤ
extravagantly (*adv.*)	ek-stravu-gunt´-li ایکسٹریوگنٹلی	excessively, too much بہت زیادہ
imitated (*v.*)	im´u-taeted اِمٹیٹڈ	copied and made fun of نقل اُتار کر مذاق اُڑایا گیا
vulgar (*adj.*)	vul´gur وَلگر	unrefined, low غیر شائستہ، گھٹیا

The **yarn** was passed, on and joyously appreciated—how Chips had told some big **brass hat** (اعلیٰ فوجی افسر) from the War Office that **bayonet-fighting** was vulgar. Just like Chips. And they found an adjective for him—an adjective just beginning to be used: he was "pre-war."

یہ کہانی آگے بھی چلی اور خوشی خوشی اس کی تعریف کی گئی— چپس نے دفتر جنگ سے تعلق رکھنے والے ایک اونچے عہدہ پر فائز فوجی افسر کو بتایا کہ سنگینوں کی لڑائی ایک بے ہودہ فعل ہے۔ بالکل چپس کا اپنا انداز۔ انہوں نے اس کیلئے ایک اسم صفت دریافت کیا— ایک ایسی صفت جو ابھی ابھی استعمال ہونا شروع ہوئی: "وہ جنگ سے پہلے کے زمانے کا شخص تھا۔"

yarn (*n.*)	yaarn یارن	complex story or tale
brass hat (*n.*)	braas hat براس ہیٹ	high-ranking military officer اعلیٰ مقام فوجی افسر
bayonet-fighting (*n.*)	bae´u-nit *or* bae´u-net بینٹ فائٹنگ	fighting with bayonets (long knives fitted to rifles (لمبے چاقو رائفلوں پر لگے) سنگینوں کی لڑائی

Chapter 15

And once, on a night of full moonlight, the **air-raid** warning was given while Chips was taking his lower-fourth in Latin. The guns began almost **instantly**, and as there was plenty of **shrapnel** falling about outside, it seemed to Chips that they might just as well stay where they were, on the ground floor of School House. It was pretty solidly built and made as good a **dug-out** (خندق) as Brookfield could offer; and as for a direct hit, well, they could not expect to **survive** that, wherever they were.

اور ایک مرتبہ، پورے چاند کی ایک رات، کو ہوائی حملہ سے خبردار کیا گیا جب چپس چہارم کی نچلی کلاس کو لاطینی زبان پڑھا رہا تھا۔ توپیں ایک دم سے چلنا شروع ہو گئیں، اور چونکہ باہر بہت سے گولے گر رہے تھے، چپس کو ایسا لگا وہ وہیں ٹھہر جائیں جہاں پر وہ ہیں، یعنی سکول کے ہوسٹل کی نچلی منزل پر۔ وہ کافی مضبوط تعمیر ہوئی تھی اور ایک اتنی ہی اچھی خندق تھی جتنی کہ بروک فیلڈ پیش کر سکتا تھا، اور جہاں تک براہ راست حملہ کا تعلق تھا تو وہ زندہ نہ بچ سکتے جہاں بھی کہیں ہوتے۔

Words	How we speak	Meanings in English & Urdu
وہ خوش تھا کہ کسی نے تو اچھی تجویز دی۔ وہ اتنی کمزوری محسوس کر رہا تھا کہ وہ اس تمام کارروائی کی تفصیل کی الجھن میں پڑنے کی سکت بھی نہ رکھتا تھا — کہ وہ اسے اوپر کی منزل پر کس طرح لائے، مسز وکٹ نے کیا کہا تھا وغیرہ وغیرہ۔ مگر یک دم اس نے مسز وکٹ کو بستر کی دوسری جانب دیکھا۔ وہ مسکرا رہی تھیں۔ اس نے سوچا۔ خدا مجھ پر رحم کرے یہ یہاں اوپر کیا کر رہی ہے؟ پھر اس نے میری ویل کے پیچھے سائے میں نئے ہیڈ کارٹ رائٹ کو دیکھا (وہ اسے نیا ہی سمجھتا تھا گو وہ بروک فیلڈ میں 1919ء سے موجود تھا)، اور بوڑھے بفلز کو، جو عام طور پر "روڈی" کے نام سے جانا جاتا تھا۔ عجب سی بات تھی جس طرح سے وہ یہاں سب اکٹھے ہو گئے تھے۔ اس نے محسوس کیا۔ بہرصورت میں کسی چیز کے بارے میں سمجھنے کی کوشش کر کے پریشان نہیں ہونا چاہتا؟ میں تو اب جلد سونے لگا ہوں۔

bothered (v.)	both´ur-ed بوتھرڈ	troubled much زیادہ ستائے جانا
wonder (v.)	wun´dur وَنڈر	try to understand سمجھنے کی کوشش کرنا

But it wasn't sleep, and it wasn't quite wakefulness, either; it was a sort of in-between **state** (حالت), full of dreams and faces and voices. Old scenes and old scraps of tunes—a Mozart trio that Kathie had once played in—cheers and laughter and the sound of guns—and over it all, Brookfield bells, Brookfield bells. "So you see, if Miss Plebs wanted Mr. Patrician to marry her.... yes, you can, you liar...." Joke.... Meat to be abhorred.... Joke..... That you Max? Yes, come in. What's the news from the Fatherland?.... O mibi praeteritos... Ralston said I was slack and inefficient—but they couldn't manage without me.... Obile heres agofortibus es in aro..... Can you translate that, any of you?.... It's a joke.....

لیکن یہ نیند نہیں تھی، اور یہ بیداری بھی نہیں تھی۔ یہ دونوں کے درمیان کی حالت تھی، خوابوں اور چہروں اور آوازوں سے پُر۔ پرانے مناظر اور پرانی دھنوں کے ٹکڑے — موزرٹ کی تین دھنوں کا راگ جسے کبھی کیتھی نے بجایا تھا۔ نعرہ ہائے تحسین اور قہقہے اور بندوقوں کی آواز۔ اور ان سب سے بالاتر بروک فیلڈ کی گھنٹیاں، بروک فیلڈ کی گھنٹیاں۔ "ہاں تم سمجھتے ہو اگر ایک عام لڑکی چاہتی تھی کہ کسی عالی شخص سے شادی کر لے......ہاں تم کر سکتے ہو، تم جھوٹے......" لطیفہ...... گوشت سے نفرت کی جانی چاہیے — لطیفہ — تم ہو میکس؟ ہاں، اندر آ جاؤ۔ وطن عزیز کی کیا خبر سناؤ گے؟ — ریلسٹن نے کہا کہ میں کاہل اور نااہل ہوں — لیکن وہ میرے بغیر گزارہ بھی نہ کر سکتے...... لاطینی فقرہ...... کیا تم میں سے کوئی بھی اس کا ترجمہ کر سکتا ہے...... یہ ایک لطیفہ ہے......

Once he heard them talking about him in the room.

ایک بار چپس نے دوسروں کو اپنے بارے میں باتیں کرتے سنا۔

Cartwright was **whispering** to Merivale. "Poor old chap—must have lived a lonely sort of life, all by himself."

کارٹ رائٹ میری ویل سے سرگوشی میں کہہ رہا تھا۔ "بیچارہ بوڑھا شخص — ضرور (اس نے) تنہائی کی سی مایوس زندگی گزاری ہو گی، صرف اپنے وجود کو لیے۔"

state (n.)	staet سٹیٹ	condition حالات
whispering (v.)	hwis-pur-ing ہوسپَرنگ	speaking softly نرم لہجے میں کچھ کہہ رہا تھا

Merivale answered: "Not always by himself. He married, you know." "Oh, did he? I never knew about that."

میری ویل نے جواب دیا "ہمیشہ اکیلا نہیں رہا۔ اس نے شادی کی تھی تمہیں پتا ہے۔" "او! اس نے کی تھی؟ مجھے اس کا کبھی پتا نہ چلا۔"

"She died. It must have been—oh, quite thirty years ago. More, more, possibly."

''وہ مرگئی۔ یہ تیس سال پہلے کی بات ہوگی۔ اغلباً اس سے بھی زیادہ عرصہ ہوا ہوگا۔''

"Pity. Pity he never had any children."

''افسوس ہے۔ افسوس کہ اس کے کبھی بچے نہیں ہوئے۔''

And at that, Chips opened his eyes as wide as he could and sought to attract their attention. It was hard for him to speak out loud, but he managed to murmur something, and they all looked round and came nearer to him.

اور اس بات پر چپس نے اپنی آنکھیں کھولیں جتنی بھی وہ کھول سکتا تھا اور ان کی توجہ اپنی طرف مبذول کرنے کی کوشش کی۔ اس کیلئے زور سے بولنا مشکل تھا، لیکن وہ کچھ سرگوشی میں کہہ سکا، اور ان سب نے چاروں طرف دیکھا اور اسکے قریب تر آگئے۔

He struggled, slowly, with his words. "What—was that—um—you—were saying—about me—just now?"

اس نے آہستہ سے اپنے الفاظ ادا کرنے کی کوشش کی۔ ''کیا— کیا— اَمف— تم تھے جو میرے بارے میں کچھ کہہ رہے تھے— ابھی ابھی؟''

Old Buffles smiled and said: "Nothing at all, old chap—nothing at all—we were just **wondering** when you were going to wake out of your beauty sleep."

بوڑھا بفلز مسکرایا اور اس نے کہا'' کچھ بھی نہیں، بوڑھے یار— کچھ بھی نہیں— ہم سب سمجھنے کی کوشش کر رہے تھے کہ تم کب اپنی حسین نیند سے بیدار ہوگے۔''

"But—umph—I heard you—you we're talking about me—"
"**Absolutely nothing of any consequence** (کوئی ضروری یا اہم بات بالکل نہیں), my dear fellow—really, I **give you my word**...."

''لیکن— اَمف— میں نے تمہیں سنا۔ تم میرے متعلق باتیں کر رہے تھے—'' ''بالکل کوئی ضروری بات نہیں تھی میرے عزیز دوست— میں تمہیں یقین دلاتا ہوں......''

wondering (*v.*)	wun-dur-ing وَنڈرِنگ	not feeling sure about, trying to understand یقین سے نہیں کہہ سکتے تھے۔ سمجھنے کی کوشش کر رہے تھے
absolutely (*adv.*) .	ab´su-loot´lee ایبسلوٹلی	surely, definitely یقینی طور پر
nothing of any consequence (*n., prep., adj., n.*)	nuth´ing of any kon´su-kwens نَتھِنگ اوف اینی کونسَکوینس	not of any importance کسی بھی اہمیت کی نہیں
give you my word (*v., pro., adj., n.*)	گِو یو مائی وَرڈ	say it is finally correct, give my word of honour قول دیتا ہوں

"I thought I heard you—one of you—saying it was a pity—umph—a pity I never had—any children....eh? .... But I have, you know.... I have...."

''میرے خیال میں میں نے سنا— تم ہی میں سے ایک— کہہ رہا تھا کہ افسوس کی بات ہے— آمف— افسوس ہے کہ میرے کبھی— کوئی بچے نہ ہوئے......آہ؟'' لیکن میں رکھتا ہوں، پتا ہے تمہیں...... میں رکھتا ہوں......''

The others smiled without answering, and after a pause Chips began a faint and palpitating chuckle.

دوسرے لوگ بغیر جواب دیئے مسکرائے، اور ایک وقفے کے بعد چپس کے چہرے پر ایک ہلکی سی کپکپاتی بند منہ کی دبی ہوئی ہنسی شروع ہوئی۔

"Yes—umph—I have," he added, with quavering merriment. "Thousands of'em.... thousands of 'em.... And all boys....."

''ہاں— اَمف— میں رکھتا ہوں'' اس نے جاری رکھا، خوشی میں تھرتھراتے ہوئے۔ ''ہزاروں کے ہزاروں...... ہزاروں کے ہزاروں...... اور سب لڑکے......''

And then the **chorus**, sang in his ears in final **harmony**, more grandly and sweetly than he had ever heard it before, and more comfortingly too..... Pettifer, Pollett, Porson, Potts, Pullman, Purvis, Pym-Wilson, Radlett, Rapson, Reade, Reaper, Reddy Pr imus.... come round me now, all of you, for a last word and a joke.,.. Harper, Haslett, Hatfield, Hatherley.... my last joke.... Did you hear it?....

اور پھر اس کے کانوں میں اکٹھی آوازیں اپنی انتہائی ہم آہنگی میں گانے لگیں، شاندار اور شیریں انداز میں جو اس سے پہلے اس نے پہلے کبھی نہ سنی تھیں اور زیادہ تسکین آمیز انداز میں بھی...... پیٹی فر، پولیٹ، پورسن، پوٹس، پلّ من، پرَوِس، پِم-وِلسن، ریڈلٹ، رَیپسن، ریڈ، ریپر، ریڈی پرائمس...... میرے گرد آ جاؤ، تم سب، آخری بات اور ایک لطیفہ کیلئے...... ہارپر، ہیسلٹ، ہیٹفیلڈ، ہیتھرلی...... میرا آخری لطیفہ...... کیا تم نے سنا؟......

did it make you laugh?..... Bone, Boston, Bovey, Bradford, Bradford, Bradley, Bramhall Anderson.... wherever you are, whatever you are, whatever has happened, give me this **moment** with you..... this last moment..... my boys.

کیا اس نے تمہیں ہنسایا؟...... بون، بوسٹن، بووی، بریڈفورڈ، بریڈفورڈ، بریڈلی، بریم ہول اینڈرسن..... تم کہیں بھی ہو؟ تم کچھ بھی ہو؟ کچھ بھی ہوا ہو؟ یہ لمحہ اپنے ساتھ گزارنے دو...... یہ آخری لمحہ..... میرے لڑکو......

chorus (*n.*)	kor-us *or* koer-us کورَس یا کوئرَس	group of singers or people singing or speaking together کورَس
harmony (*n.*)	haar´mu-nee ہارمَنی	pleasing combination of sounds ہم آہنگی
moment (*n.*)	moe´munt مومَنٹ	point in time لمحہ

And soon Chips was asleep.

اور جلد ہی چپس نیند میں ڈوب گیا۔

He seemed so peaceful that they did not disturb him to say good night; but in the morning, as the School-bell sounded for breakfast, Brookfield had the news. "Brookfield will never forget his lovableness," said Cartwright, in a speech to the School. Which was absurd, because all things are forgotten in the end. But Linford, at any rate, will remember and tell the tale: I said good-bye to Chips the night before he died......

وہ اتنا پرسکون لگتا تھا کہ انہوں نے اسے شب بخیر کہنے کے لیے بھی پریشان نہ کیا۔ لیکن صبح کو جب ناشتہ کیلئے سکول کی گھنٹی بجی، بروک فیلڈ کو یہ خبر ملی۔ "بروک فیلڈ بھی اس محبت کے جذبہ کو نہ بھول سکے گا۔" کارٹ رائٹ نے سکول کی ایک تقریر میں کہا۔ جو بات لغو تھی کیونکہ آخر میں تمام باتیں بھلا دی جاتی ہیں۔ لیکن لن فورڈ بہر صورت کہانی یاد رکھے گا اور اسے سنائے گا: میں نے چپس کو اس کی موت سے پہلی رات الوداع کہا......

(O) Exam questions & answers on the whole novel

Phase I More Important Questions

If you like, read the questions and answers at the end of the first ten chapters.

اگر آپ چاہیں پہلے، پہلے دس بابوں کے آخر میں دیئے گئے سوال جواب پڑھ لیں۔

The length of each answer should be 3–5 lines/sentences.

Q. 1 What was Mr. Chips's real name? Describe his age or times. (Chap. 1, etc.)

مسٹر چپس کا اصل نام کیا تھا؟ اس کے دور کے بارے میں وضاحت کریں۔

Ans. Chipping was his real name. He was born in 1848 and died in 1933. He lived in the Victorian age (of British Queen Victoria) and the later kings, Edward VII and George V. Mr. Chips and his wife, Katherine, even attended Queen Victoria's diamond jubilee (60th year of rule), that is, its festival in London.❶

چپنگ اس کا اصل نام تھا۔ وہ 1848ء میں پیدا ہوا اور 1933ء میں اس نے وفات پائی۔ وہ وکٹورین دور میں (انگلستان کی ملکہ وکٹوریہ کے دورِ حکومت میں) اور بعد میں بادشاہوں ایڈورڈ VII اور جورج V کی حکومت کے دوران زندہ رہا۔ مسٹر چپس اور اس کی بیوی کیتھرن نے ملکہ وکٹوریہ کی ڈائمنڈ جوبلی یعنی اس کی حکومت کے ساٹھ سالہ جشن میں بھی شمولیت کی۔

For further use if desired:

❶Chips and Katherine saw Queen Victoria sitting in a carriage in the procession.

چپس اور کیتھرن نے ملکہ وکٹوریہ جلوس میں ایک بگھی میں بیٹھے ہوئے دیکھا۔

Q. 2 Why did Mr. Chips, in your view, leave the Melbury school to join the Brookfield school and why did he like it? (Chap. 1)

مسٹر چپس نے آپ کے خیال میں میلبری سکول کو بروک فیلڈ سکول میں نوکری کرنے کے لئے کیوں چھوڑا اور اس نے بروک فیلڈ کو کیوں پسند کیا؟

Ans. Mr. Chips surely left the Melbury school because he was not well adjusted to it. The boys at Melbury troubled or hooted at him in classes. He could not keep good discipline. The Head and students of the school must have been unhappy (or dissatisfied) with him.❶

مسٹر چپس نے یقیناً میلبری سکول کو اس لئے چھوڑا کیونکہ وہ اس سے خاطر خواہ مطابقت نہیں رکھتا تھا۔ میلبری میں لڑکے کلاسوں میں اسے تنگ کرتے تھے یا چھیڑتے تھے۔ وہ اچھا نظم

وضبط قائم نہیں رکھ سکتا تھا۔ سکول کا ہیڈ اور طالب علم ضروری طور پر چپس سے ناخوش (یا غیر مطمئن) رہتے رہے ہوں گے۔

For further use if desired:

❶The students at Brookfield respected and loved Chips.The teachers there were very friendly to him. بڑک فیلڈ میں طلباء اس کی عزت کرتے تھے اور اس سے محبت رکھتے تھے۔ وہاں کے اُستادوں کا اس کے ساتھ بہت دوستانہ رویہ تھا۔

Q. 3 Why did Mr. Chips always remember 1870? Explain. (Chap. 1)

مسٹر چپس کو سال 1870ء کیوں ہمیشہ یاد رہا؟ وضاحت کریں۔

(*or*) What memories of Wetherby did Mr. Chips always carry from the time of his meeting with him? (یا) مسٹر چپس ویدربی کی کیا یادیں اپنے ساتھ رکھتا تھا اُس وقت سے جب وہ اُس سے ملا تھا؟

(*or*) Describe Mr. Chips's first meeting with Mr. Wetherby. (یا) مسٹر چپس کی مسٹر ویدربی سے پہلی ملاقات کو بیان کریں۔

Ans. Mr. Chips always rememberd 1870 because in it he had his important interview with Wetherby and joined Brookfield. Wetherby died during the summer vacation of this year. Mr. Chips remembered how Wetherby had welcomed him warmly. He also remembered his advice to him about teaching well and keeping discipline.

مسٹر چپس کو 1870ء ہمیشہ یاد رہا کیونکہ اس میں اس نے اہم انٹرویو ویدربی کو دیا اور بڑک فیلڈ میں نوکری شروع کی۔ ویدربی اسی سال کی گرمیوں کی تعطیل میں وفات پا گیا۔ مسٹر چپس کو یاد تھا کہ ویدربی نے اُسے کس طرح گرم جوشی کے ساتھ خوش آمدید کہا تھا۔ اُسے اسکی نصیحت عمدگی کے ساتھ پڑھانے اور نظم وضبط قائم رکھنے کے بارے میں یاد تھی۔

Q. 4 What passed between Mr. Wetherby and Mr. Chips during the interview? (Chap. 1)

انٹرویو کے دوران ویدربی اور مسٹر چپس کے درمیان کیا پیش آیا؟

(*or*) What advice did Wetherby give Mr. Chips? (یا) ویدربی نے چپس کو کیا نصیحت کی؟

Ans. Wetherby told Mr. Chips that he (Chips) was a young man and Brookfield was an old institution. He should use his youthful energy and his best qualities for it. He should maintain (keep) discipline in his classes.❶

ویدربی نے مسٹر چپس سے کہا کہ وہ جوان آدمی ہے اور بڑک فیلڈ ایک پرانا ادارہ ہے۔ اسے اس کے لیے اپنی جوانی کی قوت اور بہترین صلاحیتیں استعمال کرنی چاہئیں۔ اسے اپنی کلاسوں میں نظم وضبط برقرار رکھنا چاہیے۔

For further use if desired:

❶Mr. Chips was very submissive to Wetherby. He agreed to keep proper control over his classes at Brookfield. مسٹر چپس نے ویدربی کے سامنے بہت اطاعت اختیار کی۔ وہ بڑک فیلڈ میں اپنی کلاسوں پر مناسب کنٹرول رکھنے پر متفق ہوا۔

Q. 5 How did Mr. Chips feel in his first class at Brookfield and how did he manage it? (Chap. 1)

مسٹر چپس نے بڑک فیلڈ میں اپنی پہلی کلاس لیتے وقت کیا محسوس کیا اور اس نے اسے کس طرح قابو میں رکھا؟

Ans. Mr. Chips felt much confused in his first class at Brookfield. The five hundred students in it looked quite uncontrollable. Someone dropped a desk lid. Mr. Chips caught Colley and gave him the punishment of writing a hundred lines. Thus, he made the boys obedient to him.

مسٹر چپس بڑک فیلڈ میں اپنی پہلی کلاس لیتے وقت بہت گھبراہٹ میں تھا۔ اس میں پانچ سو لڑکے کافی قابو سے باہر لگتے تھے۔ کسی نے ایک ڈیسک کے ڈھکنے کو نیچے گرا دیا۔ مسٹر چپس نے کولی کو پکڑ لیا اور اُسے ایک سو سطور لکھنے کی سزا دے ڈالی۔ اس طرح اس نے لڑکوں کو اپنا وفادار بنا دیا۔

Q. 6 How much did Mr. Chips come up to Wetherby's advice (follow it) in his teaching and behaviour? (Chap. 1) مسٹر چپس اس نصیحت پر کتنا پورا اُترا جو ویدربی نے اسے پڑھانے اور اپنا رویہ برقرار رکھنے کے سلسلے میں دی تھی؟

Ans. Mr. Chips taught with full passion. But he could not keep fine discipline except in his first class. Strict Heads of the school and the Board of Governors thought that discipline was not his strong point.

مسٹر چپس نے پورے جذبے کے ساتھ پڑھایا۔ لیکن وہ اپنی پہلی کلاس کے علاوہ اور کلاسوں میں اعلیٰ نظم وضبط قائم نہ رکھ سکا۔ سکول کے سخت گیر ہیڈز اور بورڈ آف گورنرز یہ سمجھتے تھے کہ نظم وضبط اس کی نمایاں خوبی نہیں ہے۔

Q. 7 What subjects did Mr. Chips teach at the Brookfield Public School? How did he teach them? (Chaps. 9, 14) مسٹر چپس بڑک فیلڈ سکول میں کون سے مضامین پڑھاتا تھا؟ وہ انہیں کس طرح پڑھاتا تھا؟

Ans. Mr. Chips taught Latin (لاطینی), Greek (یونانی) and Roman history to different classes at Brookfield. He told them the details of Latin grammar and its sentence construction. He explained the pronunciation (تلفظ) of Latin words. ❶

مسٹر چپس بڑک فیلڈ میں لاطینی اور یونانی زبانیں اور رومیوں کی تاریخ مختلف کلاسوں کو پڑھاتا تھا۔ وہ لاطینی زبان کی تفصیلات اور اس کے جملہ کی ساخت کے بارے میں انہیں بتاتا۔ وہ لاطینی الفاظ کے تلفظ کو واضح کرتا۔

For further use if desired:

❶His lectures on Latin and Roman history were very interesting, but in his own old style.

اس کے لاطینی اور رومی تاریخ پر لیکچر بہت دلچسپ ہوتے، لیکن اس کے اپنے پرانے انداز میں۔

Q. 8 What kind of professions were generally adopted (taken up) by the students of Brookfield? (Chap. 2) بڑک فیلڈ کے سٹوڈنٹس عام طور پر کس قسم کے پیشے اختیار کرتے تھے؟

(*or*) What kind of people did Brookfield produce? (یا) بڑک فیلڈ نے کس قسم کے لوگ پیدا کیے؟

Ans. The students of Brookfield generally became merchants, industrialists and professional men like civil servants. It means that Brookfield provided high-class businessmen, investors in industry and administrators in offices. Students also became lawyers, judges, members of parliament, colonial administrators and senior priests (religious officials).

بڑک فیلڈ کے طلباء عام طور پر تاجر، کارخانہ دار اور پیشہ ور اعلیٰ دفتری عہدہ دار بنتے تھے۔ اس کا مطلب ہے کہ بڑک فیلڈ اونچے درجے کے تاجر، صنعت میں رقم لگانے والے اور مہتمم مہیا کرتا تھا۔ اس کے طلباء وکیل، جج، پارلمنٹ کے ممبر، نوآبادیوں کے منتظم اور اعلیٰ درجے کے کلیسا کے چلانے والے بھی بنے۔

Q. 9 Who were the first, second and third Colley? Explain. (Chap. 1) کولی جونیئر اور کولی سینئر کون تھا؟ وضاحت کریں۔

Ans. Colley the senior was Mr. Chips's student at the time when Mr. Chips joined Brookfield in 1870. He later became an alderman of London (senior member of the city council). The second Colley in Chips's class twenty-five years later was the son of Colley the senior. The third Colley in his class was the son of the second Colley.

کولی سینئر مسٹر چپس کا شاگرد تھا جب مسٹر چپس نے بڑک فیلڈ میں 1878ء کے قریب نوکری شروع کی۔ وہ بعد میں لندن کی سٹی کاؤنسل کا سینئر رکن بن گیا۔ چپس کی کلاس میں دوسرا کولی پہلے کولی کا لڑکا تھا۔

Q. 10 Who was Collingwood and why had Mr. Chips once thrashed him? What did Collingwood later do in life? (Chap. 3) کولنگ ووڈ کون تھا اور مسٹر چپس نے اسے ایک دفعہ چھڑی سے کیوں پیٹا تھا؟ کولنگ ووڈ نے بعد میں زندگی میں کیا کیا؟

Ans. Collingwood was Mr. Chips's pupil at Brookfield. Mr. Chips had thrashed (beaten) him for climbing on to the gymnasium roof. He later became a major in the British army. He was afterwards killed in Egypt in military action.

کولنگ ووڈ بڑک فیلڈ میں مسٹر چپس کا شاگرد تھا۔ مسٹر چپس نے جمنیزیم کی چھت پر چڑھنے کی وجہ سے اُس کی چھڑی سے پٹائی کی تھی۔ وہ بعد میں برطانوی فوج میں میجر بن گیا۔ بعد ازاں وہ مصر میں فوجی کارروائی میں مارا گیا۔

Q. 11 How did Mr. Chips find himself the rescued instead of the rescuer when he went to Great Gable? (Chap. 4) جب مسٹر چپس گریٹ گیبل پر گیا تو اس نے کس طرح اپنے آپ کو بچائے جانے والا بچانے والے کی جگہ پایا؟

(*or*) Describe the first encounter (sudden, unexpected meeting) between Mr. Chips and Katherine Bridges. (یا) وہ موقع بیان کریں جب مسٹر چپس اور کیتھرن کا پہلا آمنا سامنا ہوا۔

Ans. Mr. Chips saw Katherine in danger on Great Gable (hills). He tried to climb up to help her, when he slipped and got hurt in his ankle. Now Katherine and her friend came to help him. ❶

مسٹر چپس نے گریٹ گیبل پر کیتھرن کو خطرے میں دیکھا۔ وہ اسے بچانے کے لئے اوپر چڑھا تو پھسل گیا۔ اب کیتھرن اور اس کی دوست اس کی مدد کو آئیں۔

For further use if desired:

❶Katherine, thus, rescued him (helped and saved him). Later they fell in love with each other. Mr. Chips was beautifully entangled in the cobweb (مکڑی کا پیچیدہ جالا) of love.

اس طرح کیتھرن نے اس کی مدد کی اور اسے بچالیا۔ بعد میں وہ ایک دوسرے کی محبت میں گرفتار ہو گئے۔ مسٹر چپس اس طرح خوبصورتی کے ساتھ محبت کے پیچیدہ جال میں پھنس گیا۔

Q. 12 What was the general appearance of Katherine Bridges? کیتھرین برجز کی ظاہری وضع قطع کیسی تھی؟

Ans. At 25 Katherine was a highly charming young lady. She had blue bright eyes and cheeks with brownish spots and smooth yellowish hair. She looked extremely smart in her walk, movements and bicycle-ride.

پچیس سال کی عمر میں کیتھرین ایک بہت زیادہ پُرکشش خاتون تھی۔ اس کی آنکھیں نیلی اور چمکیلی تھیں، اس کے گالوں پر براؤن سے دھبے تھے اور بال زردی مائل تھے۔ وہ اپنی چال، پھرنے چلنے اور بائیسکل کی سواری میں نہایت چاق چوبند لگتی تھی۔

Q. 13 How was Katherine married and what did she say to Mr. Chips on the night before her wedding (these words of hers being the title of the novel)? (Chap. 5)

کیتھرن کی کس طرح شادی ہوئی اور اس نے مسٹر چپس سے شادی سے ایک رات پہلے کیا کہا (اُس کے کہے ہوئے جو الفاظ ناول کا عنوان ہیں)؟

Ans. Katherine had no parents who could get her married. She was married to Mr. Chips by an aunt of hers in Eale. She said to him on the night before the wedding, "Shall I call you 'sir' or 'Chips'? ...Good-bye, then—Good-bye, Mr. Chips,..." Mr. Chips remembered these words all his life.

کیتھرن کے کوئی والدین نہیں تھے جو اس کی شادی کروا سکتے تھے۔ اُس کی رُخصتی ایل (Eale) میں ایک خالہ نے کرائی۔ اس نے شادی سے ایک رات پہلے کہا، "کیا میں آپ کو جناب کہوں یا مسٹر چپس؟ اچھا پھر خدا حافظ — خدا حافظ مسٹر چپس،......" مسٹر چپس کو یہ الفاظ زندگی بھر یاد رہے۔

Q. 14 Why was the spring of 1896 dear to Mr. Chips? (Chap. 4) 1896ء کا موسم بہار مسٹر چپس کو کیوں اتنا عزیز تھا؟

Ans. In 1896, Mr. Chips visited the Lake District with his colleague (کام کا ساتھی), Mr. Rowden. He climbed on a tall rock. Soon he saw a girl , Katherine, far off on a high hill. He thought that she was calling him for help. He fell in love with her and later married her, so it was a very important occasion.

یہ موسم بہار مسٹر چپس کی یادداشت میں ہمیشہ تازہ رہا۔ 1896ء کی گرمیوں کی تعطیلات کے دوران وہ اپنے ایک کام میں شامل ساتھی مسٹر راوڈن کے ساتھ لیک ڈسٹرکٹ گیا۔ جیسے وہ ایک اونچی چٹان پر چڑھا، اُس کا ایک دور کا تعلق ایک لڑکی کیتھرن سے ہوا۔ وہ اس کے عشق میں گرفتار ہو گیا اور بعد میں اُس نے اس سے شادی کر لی۔ اس لئے یہ موقع اس کے لئے بہت اہم تھا۔

Q. 15 Why did Mr. Chips dislike Shaw, Ibsen and Morris? (Chap. 4) مسٹر چپس شو، اِبسن، اور مورس کو کیوں ناپسند کرتا تھا؟

Ans. Mr. Chips was an old-fashioned person. Shaw, Ibsen and Morris were modern Socialists (اشتراکی). They wanted greater freedom for women and equality. Mr. Chips did not like sudden social changes and disturbances.❶

مسٹر چپس پرانی وضع کا انسان تھا۔ شو، اِبسن اور مورس جدید اشتراکی تھے۔ وہ عورتوں کے لیے زیادہ آزادی اور برابری کے خواہاں تھے۔ مسٹر چپس اچانک معاشرتی تبدیلیاں اور ہلچل ناپسند کرتا تھا۔

For further use if desired:

❶Chips wanted the old system to continue. چپس چاہتا تھا کہ پرانا نظام جاری رہے۔

Q. 16 What kind of books were read by Mr. Chips? (Chap. 3) مسٹر چپس کس قسم کی کتابیں پڑھتا تھا؟

Ans. The books that Mr. Chips read were mainly classical, of olden times. He had some books on history and literature. Detective novels were placed on one shelf in his room. Mr. Chips also read Virgil, an ancient Roman poet, and Xenophon, an ancient Greek soldier and writer. In addition, he read the "Times" (a newspaper) with interest.

جو کتابیں مسٹر چپس پڑھتا تھا زیادہ تر قدیمی زمانہ کی ہوتی تھیں۔ اس کے پاس تاریخ اور ادب پر کچھ کتابیں تھیں۔ جاسوسی ناول اس کے کمرے میں ایک پورے تختے پر رکھے ہوتے تھے۔ وہ ورجل، قدیمی رومی شاعر اور زینفن یونانی سپاہی اور مصنف کو بھی پڑھتا تھا۔ مزید وہ اخبار ٹائمز کا دلچسپی کے ساتھ مطالعہ کرتا تھا۔

Q. 17 What were the difficulties Mr. Chips faced when he tried to write a book on Brookfield or his autobiography? (Chap. 7) جب مسٹر چپس بروک فیلڈ پر کتاب یا اپنی سوانح عمری لکھنے کی کوشش کرتا تو اُسے کیا دشواریاں پیش آتیں؟

Ans. Mr. Chips often tried to write a book on Brookfield or his autobiography, but failed. He felt tired mentally and physically while doing so. His memory of past events was not very active. His funny and sad experiences were too much mixed.

مسٹر چپس اکثر بروک فیلڈ پر کتاب یا اپنی سوانح عمری لکھنے کی کوشش کرتا مگر ناکام رہتا۔ وہ یہ کرتے ہوئے بڑے دماغی اور جسمانی طور پر تھکاوٹ محسوس کرتا۔ اس کے دماغ میں ہنسی

مذاق کے اور غمناک تجربے بہت زیادہ ملے جلے تھے۔

(*or*) What difficulty did Chips face while writing a book about his past experiences during his stay at Mrs. Wickett's? (Chap. 7)

مسز وکٹ کے گھر پر قیام کے دوران مسٹر چپس کو اپنے گزرے ہوئے دنوں کے بارے میں کتاب لکھتے ہوئے کیا دشواری پیش آئی؟

Ans. At Mrs. Wickett's, after his wife's death, Chips wanted to write his autobiography (سوانح عمری). But he felt tired mentally and physically. So he could not write at ease. Then his memories lost their freshness when he wrote about them.

مسز وکٹ کے گھر پر قیام کے دوران مسٹر چپس اپنی سوانح عمری لکھنا چاہتا تھا۔ لیکن وہ دماغی اور جسمانی تھکاوٹ محسوس کرتا تھا۔ اس لئے وہ آرام سے لکھ نہیں سکتا تھا۔ پھر اس کی یادیں تازگی کھو بیٹھیں جب وہ ان کے بارے میں لکھتا۔

Q. 18 What can you say about Mr. Chips as a writer? (Chap. 3) آپ مسٹر چپس کے بارے میں بطور مصنف کیا کہہ سکتے ہیں؟

Ans. Mr. Chips wrote articles for the Brookfield end-of-term magazine full of jokes and Latin quotations (اقوال). He was preparing a new edition of the Brookfield Directory, containing all the names of the old students and teachers of the Brookfield school. It means that he was accepted as a fine writer by Brookfield and its staff and able old students.

مسٹر چپس بروک فیلڈ کے ٹرم کے آخر کے مجلہ کے لئے مضامین لکھتا تھا جو مزاح اور لاطینی اقوال سے پُر ہوتے تھے۔ وہ بروک فیلڈ کی ڈائرکٹری کا نیا ایڈیشن تیار کر رہا تھا جس میں سکول کے تمام پرانے طلباء اور اساتذہ کے نام شامل ہونے تھے۔ اس کا یہ مطلب ہوا کہ بروک فیلڈ اور اس کا سٹاف اور قابل پرانے طلباء اسے ایک اچھا مصنف مانتے تھے۔

Q. 19 What were the two things, in your view, which Mr. Chips never did in life? Explain.

آپ کے خیال میں وہ کون سی دو چیزیں تھیں جو مسٹر چپس نے زندگی میں کبھی نہیں کیں؟ اپنے انداز میں وضاحت کریں۔

Ans. We can have an idea of what Mr. Chips never did, which could harm him. I think he never lied to or cheat anyone. Secondly, he never avoided doing his duty. That is why his life was pure like fresh air and his work was almost perfect like flowers.

ہم ان دو چیزوں کے بارے میں اندازہ لگا سکتے ہیں جو مسٹر چپس نے کبھی نہیں کیں جو اسے نقصان پہنچا سکتی تھیں۔ میرے خیال میں اس نے کبھی کسی سے جھوٹ نہیں بولا اور کسی کو دھوکہ نہیں دیا۔ دوئم، اس نے اپنے فرض سے کبھی کوتاہی نہیں کی۔ اس لیے اس کی زندگی تازہ ہوا کی طرح پاک صاف تھی اور اس کا کام تقریباً کامل تھا پھولوں کی طرح۔

Q. 20 What change did Katherine's marriage bring about in Mr. Chips's life and work? (Chap. 6)

مسٹر چپس کی کیتھرن سے شادی اس کی زندگی اور کام میں کیا تبدیلی لائی؟

(*or*) What influence did Katherine exercise on Mr. Chips? (یا) کیتھرن نے مسٹر چپس پر اپنا اثر کیسے روا رکھا؟

Ans. Mr. Chips became popular with the boys and teachers. He became interesting to others. The students began respecting and loving him. His personality became balanced. He began accepting changes in society, which earlier he did not like.

مسٹر چپس لڑکوں اور اُستادوں میں مقبول ہو گیا۔ دوسرے اس میں دلچسپی لینے لگے۔ طلباء اس کی عزت اور محبت کرنے لگے۔ اس کی شخصیت متوازن ہو گئی۔ وہ معاشرہ میں تبدیلیاں قبول کرنے لگا جو وہ پہلے پسند نہیں کرتا تھا۔

Q. 21 Why do you think Mr. Chips did not marry till the age of 48?

آپ کے خیال میں مسٹر چپس نے 48 سال کی عمر تک شادی کیوں نہیں کی؟

Ans. Mr. Chips did not marry till these late years because he remained unsettled in life. First he taught at the Melbury school, and then at Brookfield. Here he went on working hard to improve his teaching. He kept so much busy with student affairs that he almost forgot about marriage. ❶

مسٹر چپس نے اتنی زیادہ عمر ہونے تک شادی اس لئے نہیں کی کیونکہ وہ زندگی میں غیر یقینی حالت میں رہا۔ اس نے پہلے میلبری سکول میں پڑھایا پھر اس نے بروک فیلڈ میں پڑھانا شروع کیا جب وہ صرف 22 سال کا تھا۔ یہاں وہ محنت کرتا رہا۔ اپنے پڑھانے کو بہتر کرتے ہوئے وہ طلباء کے معاملات میں اتنا مصروف رہا کہ اپنی شادی کو تقریباً بھول گیا۔

For further use if desired:

❶ Chips met Katherine by accident. چپس کیتھرن سے حادثاتی طور پر ملا۔

Q. 22 Who were the Poplar boys, what did Katherine propose to Mr. Chips about them and what was the objection to it? (Chap. 6) پوپلر لڑکے کون تھے اور کیتھرن نے ان کے متعلق مسٹر چپس کو کیا تجویز پیش کی اور اس پر کیا اعتراض کیا گیا؟

Ans. The Poplar boys were students at the mission (educational and religious institution) that Brookfield was running in East London. Katherine suggested to Mr. Chips that the football team of the mission be invited to Brookfield to play a match with its team. Mr. Chips objected that the whole school would not like the poor unmannerly Poplar boys to disturb Brookfield life and to create trouble.

پوپلر لڑکے اس مشن کے طالب علم تھے جس بروک فیلڈ مشرقی لندن میں چلا رہا تھا۔ کیتھرن نے چپس کو مشورہ دیا کہ اس مشن کی فٹ بال ٹیم کو بروک فیلڈ کی ٹیم کے ساتھ میچ کھیلنے کے لیے مدعو کیا جائے۔ مسٹر چپس نے اس پر اعتراض کیا کہ تمام سکول یہ نہیں چاہے گا کہ غریب اور بدتہذیب پوپلر لڑکے بروک فیلڈ کی زندگی میں خلل ڈالیں اور پریشانی پیدا کریں۔

Q. 23 How did Katherine persuade Mr. Chips (made him agree with her) to call the football team of the East London mission to play a match with Brookfield? (Chap. 6)

کیتھرن نے کس طرح مسٹر چپس کو قائل کر لیا کہ مشرقی لندن کے مشن کی فٹ بال ٹیم کو بروک فیلڈ کے ساتھ میچ کے لیے بلا لیا جائے؟

Ans. Katherine told Chips that the Poplar boys were as important to England as Brookfield was. He could not satisfy his conscience (ضمیر) by giving them money while keeping them away. Those poor boys would surely rise in life, and so they should be called to play with Brookfield. ❶

کیتھرن نے چپس کو بتایا کہ پوپلر لڑکے انگلستان کے لیے اتنے ہی اہم ہیں جتنا کہ بروک فیلڈ ہے۔ وہ انہیں پیسے دے کر اور ساتھ ساتھ انہیں پرے رکھ کر اپنے ضمیر کو مطمئن نہیں کر سکتا۔ یہ غریب لڑکے یقیناً بلندیوں تک پہنچیں گے، اس لیے انہیں بروک فیلڈ کے ساتھ کھیلنے کے لیے بلانا چاہیے۔

For further use if desired:

❶ Katherine was a socialist at heart. She believed in equality and free contacts between the rich and the poor. Thus, she made Chips agree with her.

کیتھرن دل سے اشتراکی تھی۔ وہ برابری اور امیروں اور غریبوں کے مابین آزاد روابط میں اعتقاد رکھتی تھی۔ اس طرح اس نے چپس کو اپنے ساتھ اتفاق کرنے پر آمادہ کر لیا۔

Q. 24 How was the soccer (football) match arranged between the teams of the mission in East London and Brookfield and with what result? (Chap. 6)

کس طرح فٹ بال کا میچ مشن جو کہ مشرقی لندن میں تھا اور بروک فیلڈ کے درمیان بندوبست کیا گیا اور اس کا کیا نتیجہ نکلا؟

Ans. It was on the suggestion of Katherine that Mr. Chips arranged the match. The poor Poplar boys were very happy to play it, and they remembered the kindness of Mr. Chips and his wife. Katherine's suggestion, thus, opened up Brookfield to the outer world.

یہ کیتھرن کا مشورہ تھا جس پر مسٹر چپس نے میچ کا بندوبست کیا۔ غریب پوپلر لڑکے اسے کھیل کر بہت خوش ہوئے اور انہیں مسٹر چپس اور اس کی بیوی کی مہربانی یاد رہی۔ اس طرح کیتھرن کے مشورے نے بروک فیلڈ کو باہر کی دنیا پر کھول دیا۔

Q. 25 Describe the football (soccer) match at Brookfield. Who won it? (Chap. 6)

بروک فیلڈ میں فٹ بال میچ کے بارے میں لکھیں۔ اس میں جیت کس کی ہوئی؟

Ans. "The boys from Poplar arrived at Brookfield one Saturday afternoon and played soccer with the school's second team..." The teams played like equals. The Poplar team was defeated by the Brookfield team by seven goals to five.

پوپلر سے لڑکے ہفتہ بعد دوپہر پہنچے اور انہوں نے بروک فیلڈ کی دوسرے نمبر کی ٹیم کے ساتھ میچ کھیلا۔ دونوں ٹیمیں برابری کی سطح پر کھیلیں۔ پوپلر کی ٹیم نے دو گول بنائے اور بروک فیلڈ نے سات گول بنا کر اسے ہرا دیا۔

Q. 26 How were the Poplar boys seen off and what were their feelings? What was the happy result of the match? (Chap. 6) پوپلر کے لڑکوں کو کس طرح الوداع کہا گیا اور ان کے کیا جذبات تھے؟ میچ کا خوش آئند نتیجہ کیا نکلا؟

Ans. Mr. Chips saw the Poplar boys off at the railway station in the evening. They took with them memories of a very happy visit to Brookfield. On its part, Brookfield remembered them lovingly (fondly). This match set the stage for future similar matches between Brookfield and Poplar, and may be, with other schools.

مسٹر چپس نے پوپلر کے لڑکوں کو ریلوے سٹیشن پر شام کو رخصت کیا۔ وہ لڑکے اپنے ساتھ بڑک فیلڈ میں اپنی بہت مسرت کن آمد کی یادیں اپنے ساتھ لے گئے۔ اس میچ نے آئندہ کے لئے ایسے ہی بڑک فیلڈ اور پوپلر یا ممکنہ طور پر دوسرے سکولوں کے ساتھ میچوں کے دروازے کھول دیئے۔

Q. 27 When and how did Katherine die? What was the effect of her death on Mr. Chips? (Chap. 8) کس طرح اور کب کیتھرن کی موت واقع ہوئی؟ اس کا مسٹر چپس پر کیا اثر ہوا؟

Ans. Katherine died on April 1st, 1898, with her newborn child, two years after Mr. Chips's marriage. Mr. Chips lost interest in everything. It was spring, but was the autumn of Mr. Chips's life. He said to young Faulkner in the lane, "My wife is dead, my child is dead, and I wish I were dead." ❶

مسٹر چپس کی بیوی اپنے نومولود بچے کے ساتھ پہلی اپریل 1898ء میں انتقال کر گئی۔ مسٹر چپس کی ہر چیز میں دلچسپی جاتی رہی۔ یہ موسم بہار کا وقت تھا لیکن یہ مسٹر چپس کی زندگی کی خزاں تھی۔ مسٹر چپس ہر چیز میں ہر دلچسپی گنوا بیٹھا۔ اس نے نوجوان فوکنر سے سکول کے باہر چھوٹی گلی میں کہا "میری بیوی مر چکی ہے، میرا بچہ مر چکا ہے، اور میں چاہتا ہوں کہ میں خود بھی مر جاؤں۔"

For further use if desired:

❶Now sadness combined with his joys for all time. اب غم اس کی خوشیوں کے ساتھ ہمیشہ کے لیے شامل ہو گیا۔

Q. 28 Describe Mr. Chips's condition and feelings after his wife's death. (Chap. 9) مسٹر چپس کی بیوی کی وفات کے بعد اسکی حالت اور جذبات کا نقشہ کھینچیں۔

Ans. Now Mr. Chips did not want to talk to anyone. He left his bigger house in the school and returned to his bachelor rooms. He became serious and looked older. But his teaching improved. The students respected him greatly. ❶

اب مسٹر چپس کسی سے بات نہیں کرنا چاہتا تھا۔ اس نے سکول کا بڑا گھر چھوڑ دیا اور وہ اپنے کنوارپن کے کمروں میں واپس آ گیا۔ وہ سنجیدہ ہو گیا اور عمر میں بڑا لگنے لگا۔ لیکن اس کے پڑھانے میں بہتری واقع ہوئی۔ لڑکے اس کی بہت عزت کرتے تھے۔

For further use if desired:

❶Chips began understanding the helplessness of man before time and fate. So he became humble (منکسر مزاج) in his expression and attitude.

چپس انسان کی وقت اور قسمت کے سامنے بے بسی کو سمجھنے لگا۔ اس لئے اپنی بول چال اور رویے میں انکساری دکھانے لگا۔

Q. 29 Describe the talk between Mr. Chips and the private (soldier of the lowest rank) about Katherine. What happened to the private later? (Chap. 6)

مسٹر چپس اور فوج کے ادنیٰ سپاہی کے درمیان کیتھرن کے بارے میں بات چیت کو بیان کریں۔ اس ادنیٰ سپاہی کے ساتھ بعد میں کیا بیتی؟

Ans. The (soldier) private was stationed at a military camp. He told Mr. Chips that he was in the football team that had played the match at Brookfield. He asked him about his wife devotedly. Mr. Chips replied that she had died like all other dead people. The private himself was killed in France a month later while fighting.

ادنیٰ فوجی کا ایک ملٹری کیمپ میں بسیرا تھا۔ اس نے مسٹر چپس کو بتایا کہ وہ اس فٹ بال ٹیم میں تھا جس نے بڑک فیلڈ میں میچ کھیلا تھا۔ اس نے خلوص کے ساتھ مسٹر چپس سے اس کی بیوی کے بارے میں پوچھا۔ مسٹر چپس نے جواب میں کہا کہ وہ دوسرے تمام مردہ لوگوں کی طرح مر چکی ہے۔ وہ سپاہی خود ایک ماہ بعد فرانس میں لڑتے ہوئے مارا گیا۔

(*or*) Mr. Chips felt that this world is like an inn. He was very sad as he knew that Katherine could never return. He also felt that the people with whom we live and stay can leave us any time. When they go away, they are as good as dead people. He wanted the soldier to understand this like him.

مسٹر چپس نے محسوس کیا کہ یہ دنیا سرائے کی مانند ہے۔ وہ غمزدہ تھا کیونکہ وہ جانتا تھا کہ کیتھرن اب کبھی لوٹ کر نہیں آ سکتی۔ اس نے یہ بھی محسوس کیا کہ جن لوگوں کے ساتھ ہم رہتے اور قیام کرتے ہیں کسی وقت بھی ہم سے جدا ہو سکتے ہیں۔ جب وہ پرے چلے جاتے ہیں وہ مردہ لوگوں کی طرح ہی ہو جاتے ہیں۔ وہ چاہتا تھا کہ سپاہی اس بات کو اس کی اپنی طرح سمجھ جائے۔

Q. 30 How did Chips try to forget Katherine's death? چپس نے کیتھرین کی موت کو بھلانے کی کس طرح کوشش کی؟

Ans. Chips continued with his teaching at school that kept him busy. He also went on playing cricket with the boys that gave him exercise and joy. He took part in school activities like roll-call, parties and dinners, and joked often.

چپس نے سکول میں پڑھانا جاری رکھا جس میں وہ مصروف رہا۔ وہ لڑکوں کے ساتھ کرکٹ بھی کھیلتا رہا جوانُ سے ورزش اور خوشی مہیا کرتے۔ وہ سکول کی سرگرمیوں میں جیسے کہ حاضری کا لگانا، پارٹیاں اور عشائیے تھے حصہ لیتا اور اکثر لطیفہ گوئی کرتا۔

Q. 31 What did Chips receive on the 1st April 1898? (Chap. 2) چپس نے پہلی اپریل 1898ء کو کیا حاصل کیا؟

Ans. Chips received a lot of letters on the 1st April after his wife had died. When he opened the envelopes, he found blank sheets of papers inside. This was April foolery being done with him.❶

چپس نے اپنی بیوی کے مرنے کے بعد پہلی اپریل کو بہت سے خطوط وصول کیے۔ جب اُس نے لفافہ کھولا، اُس نے اس میں کورا کاغذ پایا۔ یہ اُس کے ساتھ اپریل فُول ہو چکا تھا۔

For further use if desired:

❶In fact, Chips was expecting messages of sympathy on his wife's death. But what he got was material of April foolery. دراصل، چپس اپنی بیوی کی وفات پر ہمدردی کے پیغام کی توقع رکھتا تھا۔ مگر جو اُس نے پایا وہ اپریل فُول بنانے کا مواد تھا۔

Q. 32 Who were Ogilvie and Dunster and what happened to them? What was the rat affair? (Chap. 7) اوجلوی اور ڈنسٹر کون تھے اور ان کے ساتھ کیا ہوا؟ چوہے کا کیا معاملہ تھا؟

Ans. Ogilvie was the choirmaster (teacher of joint singing in church) at Brookfield. Dunster was a naughty boy in class. Ogilvie died later and Dunster was drowned at Jutland. Dunster had put a rat in the church gallery meant for the music organ.❶

اوجلوی بروک فیلڈ میں گرجے کے قوال خانہ کے لیے درس دیتا تھا۔ ڈنسٹر کلاس کا شریر لڑکا تھا۔ اوجلوی بعد میں مر گیا اور ڈنسٹر جٹ لینڈ میں ڈوب گیا۔ ڈنسٹر نے موسیقی کے ساز کے لیے مخصوص چرچ کی گیلری میں ایک چوہا رکھ دیا تھا۔

For further use if desired:

❶This incident was sad to remember because Ogilvie and Dunster both were dead.

یہ واقعہ غمگین یاد دلاتا تھا کیونکہ اوجلوی اور ڈنسٹر دونوں مر چکے تھے۔

Q. 33 Who was Lloyd George? What is narrated about him in the novel in relation to Mr. Chips? (Chap. 9) لوئڈ جورج کون تھا؟ اس کے ناوِل میں مسٹر چپس کے حوالے سے کیا بتایا گیا ہے؟

Ans. Lloyd George was the Prime Minister of England from 1916 to 1922. He was a pupil of Mr. Chips at Brookfield. He came as the guest of honour to Brookfield Speech Day. Mr. Chips told him jokingly that he (Lloyd George) had improved very much. Lloyd George "laughed heartily and talked to Mr. Chips more than anyone else."

لوئڈ جورج 1916ء سے 1922ء تک انگلستان کا وزیر اعظم رہا۔ وہ بروک فیلڈ میں مسٹر چپس کا شاگرد تھا۔ وہ مہمانِ خصوصی کے طور پر بروک فیلڈ کے جلسہِ تقسیم انعامات میں شامل ہوا۔ مسٹر چپس نے مزاقاً اس سے کہا کہ وہ اب بہتر ہو گیا ہے۔ لوئڈ جورج دل کھول کر ہنسا اور اس نے سب سے زیادہ مسٹر چپس سے باتیں کیں۔

Q. 34 Who was Meldrum? How did he die and who took his place at Brookfield? (Chap. 10)

میلڈرم کون تھا؟ اس کی موت کس طرح واقع ہوئی اور کس نے بروک فیلڈ میں اس کی جگہ سنبھالی؟

Ans. Meldrum was the Head of Brookfield after Wetherby. He worked for 30 years in this capacity. In 1900 he died after falling seriously ill with pneumonia. Ralston was appointed the new Head.

میلڈرم ویدربی کے بعد بروک فیلڈ کا ہیڈ تھا۔ اس نے 30 سال تک اس حیثیت میں کام کیا۔ 1900ء میں نمونیہ سے شدید بیمار ہونے پر وہ مر گیا۔ رلسٹن کو نئے ہیڈ کے طور پر تعینات کیا گیا۔

Q. 35 Who was the striker whom Mr. Chips met, what was the strike for and what was the people's reaction to this meeting? (Chap. 16)

کون سا ہڑتالی تھا جس سے مسٹر چپس ملا، ہڑتال کس لیے تھی اور لوگوں کا مسٹر چپس کے ہڑتال سے ملنے پر کیا ردِ عمل تھا؟

Ans. Mr. Chips met the striker, Mr. Jones, in charge of a railway signal. The railwaymen were on strike for some purposes (not described in the novel). The people talked about Mr. Chips's meeting with Jones loudly and suspiciously.❶

مسٹر چپس ہڑتالی مسٹر جونس سے ملا جو ایک ریلوے سگنل کا انچارج تھا۔ ریلوے کے ملازمین اپنے مقصد کے لئے ہڑتال پر تھے۔ لوگوں نے مسٹر چپس کی جونز سے ملاقات کے بارے میں زور سے شبہ کے ساتھ باتیں کیں۔

For further use if desired:

❶The people said that Mr. Chips was quite friendly with the striker. They felt that Mr. Chips was in favour of or supporting the strike by the railwaymen.

لوگوں نے کہا کہ مسٹر چپس کا ہڑتالی کے ساتھ بہت دوستانہ رویہ تھا۔ انہوں نے محسوس کیا کہ مسٹر چپس ریلوے کے ملازمین کی ہڑتال کے حق میں ہے اور وہ ان کے ساتھ ہے۔

Q. 36 Who were Grayson Junior and Grayson Senior? What happened to Grayson Senior and Grayson Junior? (Chap. 10) گرے سن جونیئر اور گرے سن سینئر کون تھے؟ گرے سن جونیئر پر کیا گزری؟

Ans. Grayson (Junior) was a fourth-form student at Brookfield in Chatteris's Latin class. He was not very active in studies. His father, Grayson Senior, had sailed on the "Titanic," which sank. He was later saved on the sea, and Mr. Chips congratulated Grayson Junior om this. But as luck would have it, Grayson Junior died afterwards.

گرے سن جونیئر بروک فیلڈ کی چوتھی فورم کا شیٹرس کی لاطینی کلاس کا طالب علم تھا۔ وہ پڑھائی میں زیادہ تیز نہیں تھا۔ اس کے باپ، گرے سن سینئر، نے "ٹائٹینک" جہاز پر سفر کیا تھا جو ڈوب گیا تھا۔ بعد میں اسے سمندر پر بچالیا گیا، اور مسٹر چپس نے گرے سن جونیئر کو اس کی مبارکباد دی تھی۔ لیکن قسمت کا کرنا ایسا ہوا کہ گرے سن جونیئر بعد میں مر گیا۔

Q. 37 Who was Ralston? What were his differences with Mr. Chips? (Chap. 11)

ریلسٹن کون تھا؟ اس کے مسٹر چپس کے ساتھ کیا اختلافات تھے؟

(*or*) What was the inherent (inner and basic) conflict (*kon΄flikt΄ n.*–disagreement) between Chips and Ralson? چپس اور ریلسٹن کے مابین کیا اندرونی تضاد تھا؟

Ans. Ralston was the Head of Brookfield after Meldrum. He replaced Mr. Chips who was the Head at that time. Mr. Chips was old-fashioned and was not prepared to change his ways of teaching. Ralston had modern ideas and liked the latest ways of teaching.

ریلسٹن میلڈرم کے بعد بروک فیلڈ کا ہیڈ تھا۔ اس نے مسٹر چپس کی جگہ لی جو اس وقت قائم مقام ہیڈ تھا۔ مسٹر چپس پرانی طرز کا آدمی تھا اور اپنے پڑھانے کے طریقے تبدیل کرنے کو تیار نہیں تھا۔ ریلسٹن جدید خیالات رکھتا تھا اور پڑھانے کے جدید ترین طریقے پسند کرتا تھا۔

For further use if desired:

❶Ralston wanted change and progress. Mr. Chips wanted progress within the old educational framework. ریلسٹن تبدیلی اور ترقی چاہتا تھا۔ مسٹر چپس پرانے تعلیمی ڈھانچے میں رہ کر ترقی چاہتا تھا۔

(*or*) Describe the differences between the ways and attitudes of Mr. Chips and the new young Head, Mr. Ralston. Whom do you favour and why?

مسٹر چپس اور نئے ہیڈ ریلسٹن کے طور طریقوں کے درمیان فرق بیان کریں۔ آپ کس کی حمایت کرتے ہیں؟

Ans. Ralston, the young Head, was fond of new methods of teaching and strict ways of discipline. Mr. Chips thought that his teaching of old Latin pronunciation (پرانے لاطینی تلفظ) was better than the new one. I think that Ralson's ways of teaching and his discipline were better than those of Mr. Chips.❶

ریلسٹن جو نیا ہیڈ تھا نئے درسی طریقوں اور سخت نظم وضبط کو پسند کرتا تھا۔ مسٹر چپس سمجھتا تھا کہ اس کا پرانے لاطینی تلفظ میں پڑھانا نئے طریقے سے بہتر ہے۔ وہ سمجھتا تھا کہ اس کے پرانی طرز کے درسی طریق کار اور پرانا نصاب تعلیم زیادہ موزوں ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ریلسٹن کے تدریس کے طریقے اور اس کا نظم وضبط مسٹر چپس سے بہتر تھے۔

For further use if desired:

❶Through Ralston the school made quick progress in difficult times.

ریلسٹن کے ذریعے سکول نے سرعت سے مشکل وقتوں میں ترقی کی۔

Q. 38 Who succeeded Meldrum (took his place after him) as Head of Brookfield? Explain whether this change was useful or harmful to Brookfield. (Chap. 10)

میلڈرم کے بعد کس نے اُس کی جگہ بروک فیلڈ میں کام کرنا شروع کیا؟ واضح کریں کہ یہ تبدیلی بروک فیلڈ کے لیے کارآمد تھی یا نقصان دہ۔

Ans. Ralston succeeded (came after) Meldrum as Head of Brookfield after his death in 1900. The school needed a young, smart and highly educated Head to control and improve Brookfield. With Ralston's coming the standards of the school started becoming better and discipline came to be strict.❶

ریلسٹن نے 1900ء میں میلڈرم کی موت پر اس کی جگہ بطور بروک فیلڈ کے ہیڈ کے سنبھالی۔ سکول کو ایک جوان، چاق و چوبند اور اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیڈ کی ضرورت تھی تا کہ وہ سکول کو

For further use if desired: کنٹرول کرے اور اس میں بہتری پیدا کرے۔ ریلسٹن کے آنے سے سکول کے معیار بہتر ہونے لگے اور نظم و نسق سخت ہو گیا۔

❶Ralston made the school campus secure (*si-kyŏŏr adj.* safe) for everyone when disturbances outside, the sinking of the ship "Titanic" and preparations for World War I were upsetting the teachers and students.

ریلسٹن نے ہر ایک کے لیے سکول کے کیمپس کو محفوظ بنا دیا جب باہر کی بڑھتی ہوئی گڑبڑ، جہاز "ٹائیٹنک" کی تباہی اساتذہ اور طلباء کو پریشانی میں ڈال رہی تھی۔

Q. 39 Describe the quarrel between Ralston (the Head) and Mr. Chips as the most thriiling incident in the novel. (Chap. 11) ہیڈ ریلسٹن اور مسٹر چپس کے درمیان لڑائی کو ناول کے بہت زیادہ ہیجان خیز واقعہ کے طور پر بیان کریں۔

Ans. When Mr. Chips turned 60, Ralston asked Mr. Chips to retire. He also told him that his pension would be arranged. Mr. Chips at once rejected the idea. Then Ralston said that he taught Latin and Greek in old ways. Mr. Chips replied angrily that the school Heads had approved his syllabus. Ralston said that his exam results were very bad, which Mr. Chips dismissed.

جب مسٹر چپس 60 سال کا ہوا تو ریلسٹن نے اُسے ریٹائر ہونے کو کہا۔ اس نے اسے یہ بھی کہا کہ اُس کی پنشن کا بندوبست کر دیا جائے گا۔ مسٹر چپس نے یہ بات فوری مسترد کر دی۔ پھر ریلسٹن نے کہا کہ وہ لاطینی اور یونانی پرانے طریقوں سے پڑھاتا ہے۔ مسٹر چپس نے غصہ میں کہا کہ سکول کے سربراہوں نے اُس کے نصاب کی تائید کی ہے۔ ریلسٹن نے کہا کہ اُس کے امتحانوں کے نتائج بہت خراب ہیں، جسے مسٹر چپس نے مسترد کر دیا۔

Q. 40 Why did Mr. Ralston want to get rid of Mr. Chips? (Chap. 11) مسٹر ریلسٹن مسٹر چپس سے کیوں چھٹکارا حاصل کرنا چاہتا تھا؟

Ans. Ralston did not like at all Mr. Chips's wearing of his tattered gown. He objected to his old pronunciation (لہجہ) of Latin words. He criticized his ineffective (غیر موثر) teaching, which was causing students to fail. So he wanted to get rid of him.

ریلسٹن مسٹر چپس کے پھٹے پرانے گاؤن کے پہننے کو بالکل پسند نہیں کرتا تھا۔ وہ اس کے لاطینی الفاظ کے پرانے تلفظ پر معترض تھا۔ اس نے اس کے غیر موثر پڑھانے کے طریقہ پر تنقید کی جو بچوں کے فیل ہونے کا سبب تھی۔ اس لئے وہ اس سے چھٹکارا حاصل کرنا چاہتا تھا۔

Q. 41 How did Mr. Chips defeat Ralston? (Chap. 11) مسٹر چپس نے ریلسٹن کو کس طرح شکست دی؟

Ans. Ralston objected to Mr. Chips's old style of teaching and his pronunciation (تلفظ) of Latin words. Mr. Chips replied that he would still teach the old pronunciation. Mr. Chips defended his teaching methods very well. He left Ralston in anger. Lastly, he won the sympathy of Sir John Rivers, the Chairman of the Governors, and continued to work at Brookfield.

ریلسٹن نے مسٹر چپس کے پرانے اندازِ تدریس اور لاطینی الفاظ کے تلفظ پر اعتراض کیا۔ مسٹر چپس نے جواب میں کہا کہ وہ لاطینی الفاظ نئے مگر غلط تلفظ میں نہیں پڑھائے گا۔ اس نے اپنے پڑھانے کے طریقوں کا بہت خوبی سے دفاع کیا۔ وہ ریلسٹن کو غصہ میں بھرا چھوڑ کر آ گیا۔ آخر میں اسے گورنروں کے چیئرمین سر جون ریورس کی ہمدردی حاصل ہو گئی اور اس نے بروک فیلڈ میں اپنا کام جاری رکھا۔

Q. 42 What protected Mr. Chips from sudden dismissal from service? (Chap. 11)

مسٹر چپس کو ریلسٹن کے ہاتھوں نوکری سے فوری برخواستگی سے کس چیز نے بچائے رکھا؟

Ans. After his quarrel with Ralston, all the students and teachers supported Mr. Chips. The whole school was on the side of Mr. Chips against Ralston. Mr. Chips's popularity protected him against his possible dismissal by the Governors.❶

ریلسٹن سے لڑائی کے بعد تمام طلباء اور استادوں نے مسٹر چپس کی حمایت کی۔ تمام سکول ریلسٹن کے مقابلہ میں مسٹر چپس کی طرف تھا۔ مسٹر چپس کی مقبولیت نے مسٹر چپس کو گورنروں کی جانب سے ممکنہ برخواستگی سے بچائے رکھا۔

For further use if desired:

❶In fact, Mr. Chips's high character, ability and sweet behaviour saved him from dismissal.

درحقیقت مسٹر چپس کے کردار، قابلیت اور شیریں رویہ نے اُسے برخاستگی سے بچایا۔

Q. 43 How did the unknown boy, who listened to the quarrel between Ralston and Mr. Chips, save Mr. Chips from retirement? (Chap. 11)

گمنام لڑکے نے مسٹر چپس کو ریٹائرمنٹ سے کس طرح نجات دلائی جب اس نے ریلسٹن اور مسٹر چپس کے باہمی جھگڑے کو سنا؟

Ans. A boy standing outside Ralston's room heard the angry talk between him and Mr. Chips. He told the other boys about this. These boys told their parents about the whole incident. The boys and their parents began saying that Ralston had tried to insult Mr. Chips. The masters and Governors also supported him strongly, and he was saved.

ایک لڑکے نے ریلسٹن اور مسٹر چپس کی غصہ کی باتیں سنیں جب وہ ریلسٹن کے کمرے کے باہر کھڑا تھا۔ اس نے دوسرے لڑکوں کو اس کے بارے میں بتایا۔ ان لڑکوں نے اپنے والدین کو تمام واقعہ کے بارے میں بتایا۔ لڑکوں اور ان کے والدین نے کہنا شروع کر دیا کہ ریلسٹن نے مسٹر چپس کی بے عزتی کرنے کی کوشش کی ہے۔ ماسٹروں اور گورنروں نے اس کی قوی حمایت شروع کر دی اور وہ بچا لیا گیا۔

Q. 44 What position did the Board of Governors take in the quarrel between Ralston and Mr. Chips and how did it affect Mr. Chips's reputation? (Chap. 11)

گورنروں کے بورڈ نے ریلسٹن اور مسٹر چپس کے مابین جھگڑے میں کیا پوزیشن اختیار کی اور اس نے مسٹر چپس کی شہرت کو کس طرح متاثر کیا؟

(*or*) **What were the results of the quarrel between Mr. Chips and Ralston?**

مسٹر چپس اور ریلسٹن کے درمیان جھگڑے کا کیا نتیجہ نکلا؟

Ans. The Board of Governors had to support Mr. Chips because Ralston had behaved insultingly towards him. Then the whole school was supporting Mr. Chips. The Chairman of the Board of Governors, Sir John Rivers, supported Mr. Chips in his quarrel with Ralston. This finally established Mr. Chips's position and reputation for all time. ❶

گورنروں کے بورڈ کو مسٹر چپس کی حمایت کرنی پڑی کیونکہ ریلسٹن کا مسٹر چپس کی طرف رویہ توہین آمیز تھا۔ پھر تمام سکول مسٹر چپس کی حمایت کر رہا تھا۔ گورنروں کے بورڈ کے چیئرمین، سر جون ریورس، نے ریلسٹن کے ساتھ جھگڑے میں مسٹر چپس کی طرفداری کی۔ اس نے بالآخر مسٹر چپس کی پوزیشن اور شہرت کو تمام وقت کے لئے مستحکم کر دیا۔

For further use if desired:

❶Chips was now the most important and respected teacher at Brookfield.

اب چپس بروک فیلڈ کا سب سے اہم اور عزت کی نگاہ سے دیکھے جانے والا اُستاد تھا۔

Q. 45 Who was Sir John Rivers? How did he settle the dispute between Ralston and Mr. Chips? (Chap. 11) سر جون ریورز کون تھا؟ اس نے ریلسٹن اور مسٹر چپس کے درمیان جھگڑے کو کس طرح طے کیا؟

Ans. Sir John Rivers was the Chairman of the Board of Governors (managing the school) and an old pupil of Mr. Chips. He settled (resolved) the dispute between Ralston and Mr. Chips successfully. He and the Governors supported Mr. Chips. ❶

سر جون ریورز گورنروں کے بورڈ کا چیئرمین تھا (جو بروک فیلڈ سکول کو کنٹرول کر رہا تھا) اور مسٹر چپس کا پرانا شاگرد تھا۔ اس نے ریلسٹن اور مسٹر چپس کے مابین جھگڑے کو کامیابی سے نپٹایا۔ اس نے اور گورنروں نے مسٹر چپس کی حمایت کی۔

For further use if desired:

❶Sir John Rivers talked to Mr. Chips like a friend and confirmed his service in school for all time. سر جون ریورز نے مسٹر چپس کے ساتھ ایک دوست کی طرح باتیں کیں اور سکول میں اس کی نوکری کو ہمیشہ کے لیے پکا کر دیا۔

Q. 46 When and why did Ralston leave Brookfield? How did he run Brookfield? (Chap. 12)

ریلسٹن نے بروک فیلڈ کو کب اور کیونکہ چھوڑا؟ اس نے بروک فیلڈ کو کیسے چلایا؟

Ans. In 1911, Ralston was offered the headship of an important public school. He left Brookfield to join that school "to better himself." Ralston tried to improve the working of Brookfield on modern lines. ❶

1911ء میں ریلسٹن کو ایک اہم پبلک سکول کی طرف سے اس کا ہیڈ بننے کی پیشکش ہوئی۔ اس نے بروک فیلڈ کو اس سکول میں کام کرنے کے لئے چھوڑا تاکہ اپنے آپ کو بہتر حالت میں کر سکے۔ ریلسٹن نے بروک فیلڈ کی کارکردگی کو جدید سطور پر بہتر کرنے کی کوشش کی۔

For further use if desired:

❶However, Ralston was interested in his own progress like any other modern man.

تاہم ریلسٹن اپنی ترقی میں کسی بھی دوسرے جدید دنیا کے انسان کی طرح دلچسپی رکھتا تھا۔

Q. 47 Who replaced Ralston as Head? How was the new Head and how were his relations with Mr. Chips? (Chaps. 12-13) کس نے ریلسٹن کی بطور ہیڈ جگہ لی؟ نیا ہیڈ کیسا تھا اور اس کے ساتھ مسٹر چپس کے تعلقات کیسے تھے؟

Ans. Chatteris replaced Ralston in 1911. He was a B.A. Honours in science. He was friendly

3. In questions, "has," "have" are used before the subject. The question words, "why, "where, "when," "how," etc. are used before "has," "have."

سوالیہ فقروں میں has، have فاعل سے پہلے آتے ہیں۔ why، where، when وغیرہ has، have سے پہلے آتے ہیں۔

59. *Have* I *passed* the examination?	کیا میں نے امتحان پاس کر لیا ہے؟
60. *Have* they *not* (*haven't they*) *failed* (or *failed in*) the exam?	کیا وہ امتحان میں فیل نہیں ہو گئے ہیں؟
61. Why *has* she *fallen ill*?	وہ کیوں بیمار ہو گئی ہے؟

4. In passive voice, "has been" or "have been" are used after the object. In negative sentences, "not" is used between "has," "have," and "been." In questions, "why," "where," "how," etc. are used before "has," "have."

passive voice میں مفعول کے بعد have been یا has been استعمال ہوتا ہے۔ منفی فقروں میں has، have اور been کے درمیان not لگتا ہے۔ سوالیہ فقروں میں has، have فاعل سے پہلے آتے ہیں۔ سوالات why، where، how وغیرہ has، have سے پہلے استعمال ہوتے ہیں۔

62. We *have been sent* the letters. (*or*) The letters *have* been *sent* to us.	ہمیں خطوط بھیج دیئے گئے ہیں۔

(See Chapter 8 *Active and Passive* for the *direct object* and *indirect* or *retained object.*)

63. You *have not been invited* to the party.	آپ کو دعوت میں مدعو نہیں کیا گیا ہے۔
64. *Where has* he *gained* this experience?	اس نے کہاں سے یہ تجربہ حاصل کیا ہے؟

Exercise 8

Translate the Urdu sentences into English:

Passive	Active
10. اس شہر کو ملک کا دارالحکومت بنا دیا گیا ہے۔	1. ہمارے کالج نے دوسرے کالجوں سے کرکٹ کے میچ کھیلے ہیں۔
11. دو کتوں کو سڑک پر لڑتے ہوئے دیکھا گیا ہے۔	2. اس شخص نے بہت جلدی مضمون لکھ لیا ہے۔
12. ہمارے دوستوں کو اس ٹیم میں شامل نہیں کیا گیا ہے۔4	3. ہمارے شہر کے کچھ لوگ مشرق وسطی 1 چلے گئے ہیں۔
13. کیا امجد کو کنٹرولر کی طرف سے امتحان دینے کی اجازت نہیں دی گئی ہے؟	4. آپ نے ان سے بہت دیر تک باتیں کی ہیں۔
14. وہاں پڑی ہوئی تمام کرسیوں کو کیوں توڑ دیا گیا ہے؟	5. ہم نے اس مضمون پر سب سے اچھی کتابوں کا مطالعہ کیا ہے۔
15. کیا انہیں شہر نہیں لے جایا گیا ہے؟	6. بس بگڑ گئی ہے۔2
16. کیا کپڑوں کو سی نہیں لیا گیا ہے؟	7. میں نے آپ کو اپنے منصوبوں 3 کے بارے میں نہیں بتایا ہے۔
17. کیا بلیوں کو دودھ اور گوشت نہیں دیا گیا ہے؟	8. گاڑی سٹیشن پر دو گھنٹے ٹھہرنے کے بعد چل دی ہے۔
18. انہیں کالج میں داخل کر لیا گیا ہے۔	9. کریم نے اپنے گھر کا کام نہیں کیا ہے۔

3.2.4 The present perfect continuous tense (positive) (فعل حال مکمل جاری (مثبت

1. The present perfect continuous tense is used for action that started in the past and continued or is continuing now or has just ended. It admits of active voice only. The verb ending in "ing" is used after "has been, had been."

ماضی میں کام شروع ہو کر جاری رہا ہو اور اب بھی جاری ہو یا ابھی ابھی ختم ہوا ہو تو present perfect continuous tense استعمال ہوتا ہے۔ اس میں

صرف active voice ممکن ہے۔ has been، had been کے بعد ing سے ختم ہونے والا verb استعمال ہوتا ہے۔ جن فقروں کے آخر میں تا رہا ہوں (تی رہی ہوں)، تے رہے ہیں (تی رہی ہیں) اور تے رہے ہو (تی رہی ہو) آئیں وہ اس فعل میں ہوتے ہیں۔

65. I *have been going* to that park. (*have been going* and *still go* or *have been going* up to now.)	میں اس پارک میں جاتا رہا ہوں۔ (اب بھی جاتا ہوں یا اب تک جاتا رہا ہوں۔)
66. Kausar *has been driving* a car since 2009.	کوثر 2009ء سے کار چلاتی رہی ہے۔
67. I *have been going* to that park. Now *I shall be going* with you to your garden.	میں اس پارک میں جاتا رہا ہوں۔ اب آپ کے ساتھ آپ کے باغ میں جایا کروں گا۔
68. We *have been buying* a newspaper for three years.	ہم تین سال سے باقاعدگی سے اخبار خرید رہے ہیں۔

2. "For" is used for duration and "since" for a point of time in the past. The present perfect tense is also used for action started in the past that is still continuing or that has just ended.
for کو ماضی میں کام کی مدت ظاہر کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ since کو استعمال کرتے ہیں جب ماضی میں کام شروع ہونے کے وقت کا تعین کیا گیا ہو۔ present perfect tense کو بھی ہم فعل حال جاری کی طرح اس کام کے لیے استعمال کر سکتے ہیں جو ماضی میں شروع ہوا ہو، اب بھی جاری ہو یا ابھی ابھی ختم ہوا ہو۔

69. My friends have *been staying* in Karachi for four days.	میرے دوست چار دن سے کراچی میں ٹھہرے ہوئے ہیں۔
70. They have been trading abroad *for* a long time.	وہ ایک لمبے عرصے سے بیرون ملک تجارت کرتے رہے ہیں۔
(*or*) They have *traded* abroad *for* a long time.	
71. He has been working in this office *since* January 3, 2008.	وہ اس دفتر میں 3 جنوری 2008ء سے کام کر رہا ہے۔

3. Some verbs pertaining to the senses, feelings, thoughts, ownership and possession listed here cannot be used in the continuous form.
کچھ افعال ایسے ہیں جو حالت جاری continuous form میں اکثر استعمال نہیں ہو سکتے۔ مثلاً حواس سے متعلق افعال hear، smell، notice وغیرہ، جذبات سے متعلق افعال like، hate، excuse، under وغیرہ، سوچ بچار سے متعلق افعال forget، suppose وغیرہ، ملکیت ظاہر کرنے والے افعال own، possess وغیرہ۔

Exercise 9

Translate the Urdu sentences into English:

1. میں امجد کے گھر جاتا رہا ہوں۔	6. میں تین دن سے یہ لمبا مضمون لکھ رہی ہوں۔
2. میں تین سال سے اس باغ میں جا رہا ہوں۔	7. ہم کچھ گھنٹوں سے جوتے خرید رہے ہیں۔
3. ہم آپ کے دوستوں سے ملتے رہے ہیں۔	8. کیا صبح سے بارش ہو رہی ہے؟[1]
4. ہم 2003ء سے آپ کے دوستوں سے مل رہے ہیں۔	9. ہم روزانہ ورزش کرتے رہے ہیں۔[2]
5. نو ہزار آدمی اس نہر کو کھودتے رہے ہیں۔	10. ہم 2004ء کے شروع سے اس گھر میں رہ رہے ہیں۔

3.2.4.1 The present perfect continuous tense (negative)(منفی) فعل حال مکمل جاری

1. In negative sentences, we use "not" between "has," "have," and "been." In questions, we use "has" before the subject. "When," "where," "do," "why," etc. are used before "has," "have."
منفی جملوں میں has، have اور been کے درمیان not کا استعمال ہوتا ہے۔ سوالیہ جملوں میں has، have فاعل سے پہلے آتے ہیں۔ when، where، do، why وغیرہ کو has، have سے پہلے استعمال کیا جاتا ہے۔

72. I have *not been going* to this office.	میں اس دفتر میں نہیں جاتا رہا ہوں۔
73. I think you *have not been staying* here for three weeks.	میرے خیال میں آپ یہاں تین ہفتے سے نہیں ٹھہرے ہوئے ہیں۔
74. She *has not been studying* since morning.	وہ صبح سے مطالعہ نہیں کر رہی ہے۔
75. *Have* the students of this college not *been preparing* for the annual examination for three months?	کیا اس کالج کے طالب علم تین مہینے سے سالانہ امتحان کی تیاری نہیں کر رہے ہیں؟

2. Present perfect is often used for verbs giving a negative meaning and for action that has not continued earlier. present perfect منفی مفہوم ادا کرنے والے افعال کے لیے ایسے عمل کے لیے اکثر استعمال ہوتا ہے جو کہنے کے وقت تک جاری نہ رہا ہو۔

76. They *have not slept* since night.	وہ رات سے نہیں سوئے ہیں۔
77. Has *she not spoken* to Kausar for many days?	کیا کوثر سے اس نے بہت دن سے بات نہیں کی ہے؟
78. We *have not seen* any movie for the last ten months.	ہم نے پچھلے دس مہینے سے کوئی فلم نہیں دیکھی ہے۔
79. *Have* we *not held* debating competitions since 2006?	کیا ہم نے تقریری مقابلے 2006ء سے منعقد نہیں کیے ہیں؟
80. Why have we *not seen* true happiness for long?	ہم نے سچی خوشی بہت عرصے سے کیوں نہیں دیکھی ہے؟
81. We *have not gone* to a hill station for months.	ہم مہینوں سے پہاڑی مقام پر نہیں گئے ہیں۔
82. My friends *have not gone* to their village for five years.	ہمارے دوست اپنے گاؤں پانچ سال سے نہیں گئے ہیں۔
83. She has *not visited* us since the beginning of the year.	وہ ہم سے ملنے شروع سال سے نہیں آئی ہے۔

Exercise 10

Translate the Urdu sentences into English:

Interrogative	Negative
6. کیا وہ دوسروں کو بھی دھوکہ دیتا رہا ہے؟[3]	1. صبیحہ اور کنول وقت ضائع نہیں کرتی رہیں ہیں۔
7. کیا اس شہر کے لوگ ملک کے دوسرے حصوں میں جاتے رہے ہیں؟	2. بس دو گھنٹے سے نہیں چل رہی ہے۔
8. کیا وہ طلباء بہت عرصے سے سائیکل نہیں چلا رہے ہیں؟[4]	3. بارش تین دن سے نہیں ہو رہی ہے۔[1]
9. کیا ہم نے گرمیوں کی چھٹیوں کے شروع سے بہاولپور جانے کا ارادہ نہیں کیا ہے؟[5]	4. وہ ہمارے ساتھ اتنے لمبے عرصے سے خط و کتابت نہیں کر رہے ہیں۔[2]
10. اسلم کیوں اس نوکری کو چھوڑنے کی کوشش کرتا رہا ہے؟	5. ہم مری کئی سال سے نہیں گئے ہیں۔

3.2.5 The past indefinite or simple past tense فعل ماضی مطلق

1. It shows action that has completed in the past or which has been pursued as a habit.
simple past tense ایسے عمل کو ظاہر کرتا ہے جو ماضی میں مکمل ہو چکا ہو یا لگاتار عادت کے طور پر کیا جاتا رہا ہو۔

2. In the active voice, the verb is used in the past tense after the subject. To make the sentence meaningful often the adverbs of time, for example, "once, a year ago, yesterday" and other adverbs, etc. are used.
active voice میں فاعل کے بعد verb کا past tense استعمال ہوتا ہے۔ جملہ کو معنی خیز بنانے کے لیے اکثر adverbs of time یعنی وقت کے متعلق فعل once، a year ago، yesterday اور دوسرے adverbs وغیرہ کا استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً

84. We *visited* our friends yesterday. (*or*) Yesterday we...	ہم اپنے دوستوں سے کل ملاقات کرنے گئے۔
85. He *bought* an expensive pair of shoes a few days ago.	اس نے کچھ دن ہوئے ایک مہنگا جوتا خریدا۔

Adverbs of time may not be used when we know when the action in the past got completed.
adverbs of time کا استعمال ضروری نہیں جب یہ پتا ہو یا سمجھا جائے کہ ماضی میں کس وقت یہ عمل مکمل ہوا۔

86. We both *went* to the river.	ہم دونوں دریا پر گئے۔
87. They *fought* and then they *made* peace.	وہ لڑے اور پھر انہوں نے صلح کر لی۔

3. In negative sentences, we use the first form of the verb after "did not" or "didn't."
منفی فقروں میں did not یا didn't کے بعد verb کی first form استعمال ہوتی ہے۔

88. I *did not* (or *didn't*) break this mirror.	میں نے یہ آئینہ نہیں توڑا۔

4. If there is action in questions, the subject is used after "did," and then the first form of the verb. If there is no action, "was," "were," "are" are used. "Why," "where," "when," "how," "which," etc. are used before "was," "were."

سوالیہ جملوں میں عمل ہو تو did کے بعد فاعل آتا ہے۔ اور پھر verb کی first form۔ عمل نہ ہو تو was، were کا استعمال ہوتا ہے۔ سوال ہو تو پہلے سوالیہ الفاظ was، were سے پہلے why، where، when، how اور which وغیرہ آتے ہیں۔

89. *Did* you *break* this mirror?	کیا آپ نے یہ آئینہ توڑا؟
90. *Did* Kanwal *not* (*didn't Kanwal*) meet you on the way?	کیا کنول راستہ میں آپ سے نہیں ملی؟
91. *Was* she in the room?	کیا وہ کمرہ میں تھی؟
92. *What* film did they *see*? (any one film out of so many)	انہوں نے کون سی فلم دیکھی؟
93. *Which* of the five films did they *see*?	انہوں نے پانچ فلموں میں سے کون سی فلم دیکھی؟
94. *Why* did India send her forces to our borders?	ہندوستان نے ہماری سرحدوں پر اپنی فوجیں کیوں بھیجیں؟
95. *Why* did Kanwal *dare talk* against me?	کنول نے میرے خلاف بولنے کی جرأت کیوں کی؟

5. In passive voice, the third form of the verb is used after "was," "were." In negative sentences. "Not," or "never" is used between "was," "were," and the third form of the verb. In questions, at the start "why," "where," "what," etc. are used before "was," and "were."

passive voice میں was، were کے بعد verb کی third form استعمال ہوتی ہے۔ منفی جملوں میں was، were اور verb کی third form کے درمیان not یا never لگتا ہے۔ سوالیہ فقروں کے شروع میں was، were سے پہلے سوالیہ حروف why، where، what وغیرہ استعمال ہوں گے۔

96. Today the room was *cleaned*.	آج کمرہ صاف کیا گیا۔
97. They were never sent *abroad*.	انہیں کبھی بھی بیرون ملک نہیں بھیجا گیا۔
98. *Was* this poem *taught* in class?	کیا یہ نظم کلاس میں پڑھائی گئی؟
99. *Were* they *not warned* on coming late?	کیا انہیں دیر سے آنے پر تنبیہ نہ کی گئی؟
100. *How was* this lesson *explained* to the students?	یہ سبق طلباء کو کس طرح سمجھایا گیا؟

Exercise 11

Translate the Urdu sentences into English:

Interrogative	Positive
11. آپ نے کیوں اپنی ذمہ داریوں کو پورا نہیں کیا؟[4]	1. صبح ہم پارک میں گئے۔
12. کیوں پرنسپل نے میرے دوست کی بہت تعریف کی؟[5]	2. پارک میں ہم نے خوبصورت پھول، چڑیاں اور جانور دیکھے۔
13. پولیس نے احسان کو تحقیقات کیلئے کہاں بلایا۔[6]	3. پرسوں[1] میرے سکول کے دوست میرے گھر آئے۔
14. کیا عام چیزوں کی قیمتیں بجٹ کے بعد بڑھ نہیں گئیں؟	4. ہم نے کل یہ فلم دیکھی۔
15. کیا دو ہفتے بعد وہ مجھ سے ملنے دوبارہ نہیں آئے؟	5. عظیم آپ سے ملنے کچھ دن پہلے آیا۔
16. کالج کی انتظامیہ[7] کی طرف سے مجھے بھی کتابیں بطور انعام دی گئیں۔[8]	6. میں کل ان سے نہیں ملی۔
17. پرنسپل کی طرف سے میرے دوست کی بہت تعریف کی گئی۔	7. ہم نے کسی کو گالی نہیں دی۔[2]
18. پولیس کی طرف سے احسان کو تحقیقات کیلئے نہیں بلایا گیا۔	8. پاکستان اور ہندوستان نے 2002ء میں جنگ نہیں لڑی۔
19. سرحد کے قریب کل ہمارے گاؤں پر کیوں دشمن کی طرف سے گولہ باری کی گئی؟[9]	9. احمد نے ہمیں گمراہ نہیں کیا۔[3]
20. کیا میرے دوست نے نئے سال کی پارٹی میں گانا نہیں گایا؟	10. انہوں نے ہمیں شام کو پانچ بجے نہر کے قریب نہیں دیکھا۔

3.2.6 The use of "do, does & did" for emphasis (زور ڈالنے کیلئے)

Only the present tense is used after the verbs "do, does, did," used in emphasis.

do، does، did کو فعل حال اور فعل ماضی کے ساتھ مثبت فقروں میں کسی بات پر زور دینے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ ان الفاظ کے بعد ہمیشہ فعل حال استعمال ہوتا ہے۔

101. I *do know* the answer to this question.	میں ضرور اس سوال کے جواب کو جانتا ہوں۔
102. We *do go* there.	ہم وہاں ضرور جاتے ہیں۔
103. Ahsan *does play* tennis.	احسن ضرور ٹینس کھیلتا ہے۔
104. I *did read* this book.	میں نے اس کتاب کو ضرور پڑھا۔

Exercise 12

Translate the Urdu sentences into English:

1. میں چائے ضرور پیتا ہوں۔	6. احمد اور فضل باغ میں ضرور کام کرتے ہیں۔
2. ہم ضرور شہر میں گئے۔	7. میں نے یہ خط ضرور لکھا۔
3. ہم گرمیوں میں اپنے گاؤں میں ضرور ٹھہرتے ہیں۔1	8. آپ نے اسے ضرور تنگ کیا۔
4. آپ اکرم سے ضرور ملتے ہیں۔	9. ہم نے آپ سے ضرور ایک سوال پوچھا۔
5. وہ غالب کی نظمیں ضرور پڑھتا ہے۔	10. گورنمنٹ نے دہشت گردی کے خلاف ضرور اقدام کیے۔2

3.2.7 The past continuous tense فعل ماضی جاری

1. It is used for action that has continued in the past at some time. It is not necessary to fix the time. The -ing verb is used in the first form after "was," "were."

past continuous tense ایسے عمل کے لیے استعمال ہوتا ہے جو ماضی میں کسی وقت جاری رہا ہو۔ عمل کا تعین کرنے کی شرط نہیں ہے۔ یہ جملے رہا تھا، رہے تھے، وغیرہ پر ختم ہوتے ہیں۔ was، were کے بعد فعل جاری یعنی ing فعل کی first form کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

- sleeping, playing, etc.

105. I *was sleeping* when you came.	میں سو رہا تھا جب آپ آئے۔
106. The students *were playing* in the ground when the bell rang.	طلباء گراؤنڈ میں کھیل رہے تھے جب گھنٹی بجی۔

2. In negative sentences, "not" is used between "was," "were," and the main verb.

منفی فقروں میں مددگار افعال was، were وغیرہ اور مرکزی افعال کے درمیان not کا استعمال ہوتا ہے۔

107. We *were not (weren't) weeping.*	ہم رو نہیں رہے تھے۔
108. It *was found* that the leaders *were not doing* their duty.	یہ پتہ لگا کہ لیڈر اپنا فرض ادا نہیں کر رہے تھے۔

3. In questions, "was," "were" are used before the subject. "When," 'how," "why," etc. are used before "was," "were."

سوالیہ فقروں میں was، were فاعل سے پہلے اور دوسرے سوالیہ الفاظ when، how، why وغیرہ was، were سے پہلے آتے ہیں۔

109. *Why was* the driver *driving* the bus so fast?	ڈرائیور بس کیوں اتنی تیز چلا رہا تھا؟
110. *Where was* the bus *going*?	بس کہاں جا رہی تھی؟

4. In the passive voice, we use "being" after "was," "were," and then the third form of the verb. In negative sentences, "not" is used between "was," "were," and "being." In questions, "why," "where," "what," etc. are used before "was," "were."

passive voice میں was، were کے بعد being اور پھر verb کی third form استعمال ہوتی ہے۔ منفی جملوں میں was، were اور being کے درمیان not آتا ہے۔ سوالیہ فقروں میں why، where، what وغیرہ was، were سے پہلے استعمال ہوتے ہیں۔

111. Animals *were being hunted* in the forest.	جنگل میں جانوروں کا شکار ہو رہا تھا۔
112. The plan *was being made* (or *prepared*).	منصوبہ بنایا جا رہا تھا۔
113. *Why were* they *being troubled*?	انہیں کیوں پریشان کیا جا رہا تھا؟
114. *When was* Sanam *being asked* this question?	صنم سے کب یہ سوال پوچھا جا رہا تھا؟

Exercise 13

Translate the Urdu sentences into English: (Active voice)

1. بچے سکول جا رہے تھے۔	6. آپ بہت لاپرواہی سے موٹر سائیکل چلا رہے تھے۔[4]
2. وہ سب لوگ خوشی میں تالیاں بجا رہے تھے۔[1]	7. کیا اکبر کالج جانے سے پہلے نہا رہا تھا؟
3. ہم بعد دوپہر سو رہے تھے۔	8. میری دوست کتابوں کی دکان سے اکیلی واپس آ رہی تھی۔
4. شام کے وقت میں اس شہر کے تاریخی مقامات دیکھ رہا تھا۔[2]	9. ہم درختوں کے نیچے بیٹھے تھے اور مشہور کھلاڑیوں کے بارے میں باتیں کر رہے تھے۔
5. اس گھر میں موجود تمام لوگ موسیقی نہیں سن رہے تھے۔[3]	10. کیا لوگ پارک میں اپنے مسائل کے بارے میں باتیں نہیں کر رہے تھے؟[5]

Exercise 14

Translate the Urdu sentences into English: (Active and Passive voice)

1. ان مسائل کو کس طرح حل کیا جا رہا تھا؟[1]	6. کالج کی نئی عمارت تعمیر کی جا رہی تھی۔
2. آپ کہاں کھڑی ہوئی تھیں اور کیا کر رہی تھیں؟	7. ہمیں بلاوجہ[5] تنگ کیا جا رہا تھا۔
3. کچھ سیاح[2] کشتی میں جا رہے تھے کہ وہ الٹ گئی۔[3]	8. ہماری پرانی کار کو نہیں چلایا جا رہا تھا۔
4. شام کو انہیں فلم دکھائی جا رہی تھی۔[4]	9. میرے منصوبہ[6] کی مخالفت نہیں ہو رہی تھی۔
5. نئی کتابوں کو پڑھایا جا رہا تھا۔	10. سڑکوں کو صاف نہیں کیا جا رہا تھا۔

3.2.8 The past perfect tense فعل ماضی مکمل

1. It shows action that completed in the past before a definite time. Past perfect is used after the helping verb.

past perfect tense ایسے عمل کو ظاہر کرتا ہے جو ماضی میں ایک نکتہ سے پہلے ختم ہو چکا ہو۔ چکا تھا، چکے تھے وغیرہ امدادی فعل کے بعد استعمال ہوتے ہیں۔

115. I *had gone* before Mahnaz arrived. (*or*) Before Mahnaz *arrived*, I *had gone*.	مہناز کے پہنچنے سے پہلے میں جا چکی تھی۔
116. Last year Sharif *had returned* from Eastern Europe.	پچھلے سال شریف مشرقی یورپ سے واپس آ چکا تھا۔
117. In what year *had* they *returned* from the Far East?	وہ کس سال مشرق بعید سے واپس لوٹے تھے؟

2. For lifeless objects, animals, ideas, etc. we often use "which" or "that," and "who" or "that" for human beings. (At times we use "who" for animals and birds when we treat them as persons.)

غیر جاندار چیزوں، جانوروں، خیالات وغیرہ کے لیے عام طور پر which یا that استعمال ہوتا ہے اور انسانوں کے لیے who یا that (کبھی کبھی who کو جانوروں اور پرندوں کی جگہ بھی استعمال کرتے ہیں جب انہیں انسانوں کی طرح مخاطب کرتے ہیں۔)

3. In negative sentences, we use "not" between "had," and the main verb.

منفی جملوں میں مددگار فعل had اور مرکزی فعل کے درمیان not لگتا ہے۔

4. In questions, "had" is used before the subject. "Where," "how," "when," "why," etc. are used

before "had." In the passive voice, the object is used before "had" if the sentences are not questions.
سوالیہ فقروں میں had فاعل سے پہلے استعمال ہوتا ہے۔ where، how، when، why وغیرہ had سے پہلے آتے ہیں۔ passive voice میں مفعول had سے پہلے استعمال ہوتا ہے۔

118. The match *had not ended* before it began to rain.	بارش کے ہونے سے پہلے میچ ختم نہیں ہوا تھا۔
119. My friend and I *had never intended* to cut down this tree.	میں اور میرے دوست نے درخت کو کاٹنے کا ارادہ کبھی نہیں کیا تھا۔
▪ In English the order of personal pronouns: *you, he, I*	
120. *Why had* Salma *not helped* her brother?	سلمیٰ نے کیوں اپنے بھائی کی مدد نہ کی تھی؟
121. *How had* Aslam *climbed* up the mountain?	اسلم کس طرح پہاڑ پر چڑھ گیا تھا؟

Passive voice

122. *We had been taught* these books last month.	پچھلے مہینے ہمیں یہ کتابیں پڑھائی جا چکی تھیں۔
123. We saw that all the useless trees *had been cut down.*	ہم نے دیکھا کہ تمام بے کار درختوں کو کاٹ دیا گیا تھا۔
124. *Had* those people *been dismissed* from service in 2007?	کیا 2007ء میں ان اشخاص کو نوکری سے نکال دیا گیا تھا؟
125. *Where had* the biggest mistake of his life *been committed* by him?	اس سے کہاں اپنی زندگی کی سب سے بڑی غلطی سرزد ہوئی تھی؟

5. When two actions in the past are described, the action that took place later will be expressed in past indefinite and the action that took place earlier will be expressed in past perfect.
past indefinite ماضی مطلق اور past perfect ماضی مکمل کا اکٹھا استعمال۔ جب دو عمل ماضی میں ہوئے ہوں اور انہیں اکٹھے بیان کیا جا رہا ہو تو جملہ کا وہ حصہ جو (وقت کے حساب سے) بعد میں رونما ہونے والے عمل سے متعلق ہو past indefinite میں اور جو پہلے رونما ہونے والے عمل سے متعلق ہو past perfect میں ہوتا ہے۔

126. Before the war *began*, we *had bought* (*purchased*) the best warplanes. (*or*) We *had bought* the best warplanes before the beginning (start) of the war.	جنگ شروع ہونے سے پہلے ہم نے بہترین جنگی ہوائی جہاز خرید لیے تھے۔
127. The poor people of Pakistan *had faced* many troubles when the elections *took place.*	پاکستان کے غریب عوام کافی مشکلات کا سامنا کر چکے تھے جب الیکشن ہوئے۔
128. When the plane *landed*, all its oil *had been used.*	جب جہاز اترا تو اس کا تمام تیل صرف ہو چکا تھا۔

Exercise 15

Translate the Urdu sentences into English:

5. جب پچھلے سال آپ نے پرائز بانڈ خریدے فریدہ پہلے کتنے پرائز بانڈ خرید چکی تھی؟	1. اتوار کو ہم نے ایک پرلطف[1] کہانی سنی تھی۔
6. کیا آپ نے ایم۔اے کا امتحان اس وقت پاس کیا تھا جب آپ کراچی میں تھے؟	2. جب اکرم ساہیوال کیلئے روانہ ہوا وہ انارکلی سے کچھ رومال[2] خرید چکا تھا۔
7. کیا پچھلے سال میں نے آپ کو چار ہزار روپے کا قرض نہیں دیا تھا؟[5]	3. آپ کے تمام رشتہ داروں نے آپ کی شاندار کامیابی پر آپ کو مبارکباد دی تھی۔[3]
8. آپ نے کس یونیورسٹی سے بی۔اے کی ڈگری حاصل کی تھی؟	4. جب اسلم نے اپنا مکان بنایا تو میں نے خوشی کا اظہار کیا تھا۔[4]

Exercise 16

5. شہری حکومتوں کے قیام سے پہلے[4] عام لوگوں کو ان کے بارے میں بتایا گیا تھا۔	1. مشرق وسطیٰ[1] کی فوج کو کمانڈر کی طرف سے تیار رہنے کا حکم دیا گیا تھا۔
6. کیا اس سال کے آغاز تک ہمارے مسائل حل نہیں کر دیے گئے تھے؟	2. پچھلے سال برسات کا موسم شروع ہوا گندم کی تمام فصل کو کاٹا جا چکا تھا۔
7. ہماری فوجوں کو سرحدوں کی طرف جانے کا حکم اپریل 2002ء میں دیا گیا تھا۔[5]	3. اس جنگ میں اتنے زیادہ لوگوں کو نہیں مارا گیا تھا۔
8. جب دشمن کی فوجیں ہماری سرحدوں پر پہنچیں طیارہ شکن توپیں کہاں نصب کی گئی تھیں۔[6]	4. کیا کھانا کھانے کے بعد[2] آپ کو سیر کرنے کو کہا[3] گیا تھا؟

3.2.9 The past perfect continuous tense فعل ماضی مکمل جاری

1. It is used for action that got completed at a point in the past after continuing for a duration. The continuous verb is used after "had been."

past perfect continuous tense کو اس عمل کے لیے استعمال کرتے ہیں جو ماضی میں جاری رہنے کے بعد ختم ہو چکا ہو۔ تے رہے تھے، تا رہا تھا، تی رہی تھی وغیرہ استعمال ہوتے ہیں۔ ایسے جملوں میں ماضی کے ایک نکتہ تک عمل جاری رہ کر ختم ہو چکنا چاہیے۔ had been کے بعد ing فعل آتا ہے۔

Active voice

129. I *had been working* very hard before the examination.	میں امتحان سے پہلے سخت محنت کرتا رہا تھا۔
130. Before 2008 they *had been staying* with my brother.	2008ء سے پہلے وہ میرے بھائی کے ساتھ ٹھہرے رہے تھے۔
131. Until my departure to Islamabad, I *had been working* in a factory.	اسلام آباد کے لئے روانگی تک میں ایک فیکٹری میں کام کرتا رہا تھا۔

2. In negative sentences, "not" is used between "had," and "been." In questions, "had" is placed before the subject and the other question words "how," "where," "why," etc. are placed before "had."

منفی جملوں میں had اور been کے درمیان not کا استعمال ہوتا ہے۔ سوالیہ فقروں میں had فاعل سے پہلے آتا ہے اور دوسرے سوالیہ الفاظ مثلاً how، where، why وغیرہ عموماً فاعل اور had سے پہلے آتے ہیں۔

132. We *had not been meeting* them in the last few years.	پچھلے کچھ سالوں میں ہم اُن سے ملتے نہیں رہے تھے۔
133. Since when *had* the people of that country *been fighting* for independence?	کب سے اس ملک کے لوگ آزادی کے لیے لڑتے رہے تھے؟
134. *Had* they not *been in jail* before meeting us?	کیا ہمیں ملنے سے پہلے وہ جیل میں بند نہیں رہے تھے؟

3. Past perfect continuous tense is related to the action taking place earlier in time and past indefinite to the action later in time when both these tenses are used together.

past perfect continuous وقت کے لحاظ سے پہلے رونما ہونے والے عمل سے متعلق ہوتا ہے اور past indefinite بعد میں رونما ہونے والے عمل سے جب دونوں کا اکٹھا استعمال ہو۔

135. She *had been studying* in England before she *came* to Pakistan to marry (or before coming to Pakistan).	وہ شادی کے لیے پاکستان آنے سے پہلے انگلستان میں پڑھتی رہی تھی۔
136. *Had* we not *completed* our military preparations when India *threatened* us?	جب ہندوستان نے ہمیں دھمکی دی کیا ہم نے فوجی تیاریاں مکمل نہ کر لی تھیں؟

4. If the verb does not indicate action, "been," and after it the adjective, preposition, etc. are used. "For" is used for duration and "since" for a point in time with reference to continuous action or situation in the past.

اگر active verb نہ ہو تو حالت ظاہر کرنے کے لیے been کے بعد adjective، preposition وغیرہ آتی ہیں۔ for مدت کے حوالے سے اور since مخصوص وقت یا موقع کے حوالے سے ماضی کے ایک مسلسل عمل یا حالت کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

137. I *had been happy with* them in their house in those days.	میں ان دنوں ان کے ساتھ ان کے گھر میں خوش رہا تھا۔
138. They *had not met for* four-years before their last meeting.	اپنی آخری ملاقات سے پہلے وہ چار سال سے نہ ملے تھے۔
139. *Since* the last century, they *had been trading*.	پچھلی صدی سے وہ تجارت کرتے رہے تھے۔

Exercise 17

Translate the Urdu sentences into English:

1. ہم تاریخ اور فلسفہ[1] کالج میں اکٹھے پڑھتے رہے تھے۔
2. آپ وہاں مجھے مختلف طریقوں سے پریشان کرتے رہے تھے۔
3. اختر نے مجھے بتایا کہ شادی کے بعد اس کے رشتہ دار اس کی مدد کرتے رہے تھے۔
4. کیا وہ ہمارے ساتھ رہتے ہوئے ہمارے ساتھ تعاون نہیں کرتے رہے تھے؟[2]
5. انکے یہاں پہنچنے سے پہلے ہمارے دوست ہمیں خط نہیں لکھتے رہتے تھے۔
6. آپ کن مہینوں میں مجھے اپنے دفتر میں بلاتے رہے تھے؟
7. کیا وہ لوگ دفتر میں ہمارے خلاف باتیں نہ کرتے رہے تھے؟
8. ترکی اور پاکستان اپنی دوستی بڑھانے[3] کی کئی[4] سال تک کوشش کرتے رہے تھے۔
9. چین کے حکمران بہت عرصہ سے اپنے ملک کو امریکہ کے برابر طاقتور بنانے کی کوشش کرتے رہے تھے۔[5]
10. ہم پچھلے دس سال تک انگریزی محنت سے[6] پڑھتے رہے تھے۔
11. کیا اس مہینے کے دوران رضیہ روزانہ ٹیلی ویژن خبریں نہ سنتی رہی تھی؟
12. کیا ہم اس کالج کے پروفیسروں کے لیکچر باقاعدگی سے نہ سنتے رہے تھے؟[7]
13. آپ کالج میں کس طرح اتنی خوشنما تصویریں بناتے رہے تھے؟[8]
14. طالبات 1999ء سے ٹیچروں کی کمی کے باوجود[9] مشکل مضامین کسطرح پڑھتی رہی تھیں؟
15. اس شہر میں میرا دوست کالج میں پڑھتے وقت پانچ سال تک فٹ بال کھیلتا رہا تھا۔

Exercise 18

Translate the Urdu sentences into English:

1. کیا اس ملک کے حکمران جنگ کے خاتمہ پر دوبارہ جنگ کی تیاری نہیں کر رہے تھے؟
2. کیا ہم بہترین کالجوں میں یہ مضامین نہ پڑھتے رہے تھے؟
3. ہوائی جہاز کے روانہ ہونے سے پہلے[1] مسافر آرام کرتے رہے تھے۔[2]
4. کیا وہ سب باقاعدگی سے اخبار پڑھتے رہے تھے؟
5. کیا آپ نے اس جگہ پہنچنے کے وقت سے کوئی دوست نہ بنایا تھا؟
6. ایک کتاب لکھنے کے بعد شاہد اور کتابیں لکھنے کی کوشش کرتا رہا تھا؟
7. کیا انہوں نے آپ کو بتایا کہ ہم لندن میں کیا کرتے رہے تھے۔
8. ہم آٹھ سال تک اس دفتر میں کام کرتے رہے تھے۔

3.2.10 The future indefinite tense فعل مستقبل مطلق

1. It shows action in the future. Generally "shall" is used with the first person. "Will" is used when determination, intention or promise is expressed.
future indefinite tense مستقبل میں کسی کام کے کیے جانے کو ظاہر کرتا ہے۔ I, we کے ساتھ بالعموم shall استعمال ہوتا ہے اور پھر verb کی first form استعمال ہوتی ہے۔ جب مصمم عزم، ارادے یا وعدے کا اظہار کرنا ہوتو will استعمال ہوتا ہے۔

140. I *will* (or I *shall surely*) *read* this book.	میں ضرور اس کتاب کو پڑھوں گا۔
141. We *will* go (or we shall *have to go*) to our village.	ہم ضرور اپنے گاؤں جائیں گے۔ (ہمیں جانا پڑے گا۔)

2. Normally, "will" is used with second and third persons. "Shall" is used for order or threat. But, in modern English, this use is not common now.
you، he، she، they، it کے ساتھ عام حالت میں will استعمال ہوتا ہے۔ پھر verb کی first form۔ اگر کوئی حکم یا دھمکی ہو تو ان کے ساتھ shall استعمال ہوتا ہے۔ مگر جدید انگریزی میں یہ استعمال بہت کم ہو گیا ہے۔

142. I think you *will* read this book.	میرے خیال میں آپ اس کتاب کو پڑھیں گے۔
143. She *will go* to Quetta.	وہ کوئٹہ جائے گی۔
144. You *will have* to (*must*) *read* this very book. (*or*) You *shall read* this very book.	آپ کو اسی کتاب کو پڑھنا ہوگا۔

3. When future indefinite is about action, "will," "shall" or "going to" is used with the subject. The use of "going to" with the first form of the verb has greater attraction.
جب future indefinite کچھ کرنے کے بارے میں آئے تو فاعل کے ساتھ will، shall یا going to استعمال ہوتا ہے۔ going to اور verb کی first form کے استعمال میں زیادہ کشش ہے۔

Place "not" between "will," "shall," etc. and the main verb in negative sentences.
منفی فقروں میں will، shall وغیرہ اور مرکزی فعل کے درمیان not رکھیے۔

145. They *are going to live* in another city.	وہ دوسرے شہر میں جا کر رہنے والے ہیں۔
146. He *is going to marry* that girl.	وہ اس لڑکی سے شادی کرنے لگا ہے۔
147. They *will not take* the examination so soon. (*or*) They are not *going to take* the examination so soon.	وہ اتنی جلدی امتحان نہیں دیں گے۔ (دینے نہیں لگے)
148. We are *going to go* to the hill station during the vacation.	ہم تعطیلات میں پہاڑی مقام پر جانے والے ہیں۔

4. We use "will," "shall" before the subject in questions. "How," "why," "when," "where," etc. are used before "will," "shall."
سوالیہ فقروں میں will، shall فاعل سے پہلے استعمال ہوتے ہیں۔ دوسرے سوالیہ حروف مثلاً how، why، when، where وغیرہ استعمال ہوتے ہیں will، shall سے پہلے۔

149. *Will* your companions *go* to Muzaffarabad?	کیا آپ کے ساتھی مظفرآباد جائیں گے؟
150. *Will* the shopkeepers *not* (*won't* the shopkeepers) *close* the shops before night?	کیا دکاندارات سے پہلے دکانیں بند نہیں کر دیں گے؟
151. *How will you understand* this book?	آپ کس طرح یہ کتاب سمجھیں گے؟

5. In passive voice, we use the third form of the verb after "will be," "shall be." Only transitive verbs can be used in passive voice. In negative sentences, "not" is used in the middle of "shall be" or "will be." In questions "when," "why," etc. are used before "will," "shall."
passive voice میں will be، shall be کے بعد verb کی third form استعمال ہوتی ہے۔ صرف transitive verbs (یعنی وہ افعال جو مفعول رکھتے ہوں) ہی passive میں استعمال ہو سکتے ہیں۔ منفی جملوں میں shall be یا will be کے درمیان not استعمال ہوتا ہے۔ سوالیہ جملوں میں will، shall فاعل سے پہلے آتے ہیں اور دوسرے سوالیہ حروف مثلاً when، why وغیرہ سب سے پہلے۔

152. *I shall be invited* to the party.	مجھے دعوت میں مدعو کیا جائے گا۔
153. *Why will* they *not* (*why won't* they) *be promoted*?	انہیں کیوں ترقی نہیں دی جائے گی؟
154. *How will* Abid *be educated*?	عابد کو کس طرح پڑھایا جائے گا؟

Exercise 19

Translate the Urdu sentences into English:

Passive	Active
8. جلسہ میں[3] مجھ سے تین سوال پوچھے جائیں گے۔	1. میں اتوار کو ہسپتال جاؤں گا۔
9. ہمیں تنگ نہیں کیا جائے گا۔	2. ہم ساہیوال جائیں گے اور اپنے پرانے دوستوں سے ملنے کی کوشش کریں گے۔
10. آپ کو ملتان میں نئی کتابیں دی جائیں گی۔	3. اسے پتہ ہے کہ آپ اس جگہ کو نہیں چھوڑیں گے۔
11. کیا اس ملک کے لوگوں کو اچھی طرح تعلیم نہیں دی جائے گی؟	4. میرا دوست شام کو یہ خط پڑھے گا۔
12. کیا ہمارے دوستوں کو جلد بیرون ملک بھیج دیا جائے گا؟[4]	5. وہ سب کل مجھ سے ملیں گے اور اپنے تجربوں[1] کے بارے میں بتائیں گے۔
13. انہیں کس طرح اتنے مشکل سبق پڑھائے جائیں گے؟	6. وہ آپ کے پاس نہیں آئیں گے اور نہ ہی اپنی غلطیوں کا اعتراف کریں گے۔[2]
14. کب تک[5] ہمیں تازہ ہوا سے محروم رکھا جائے گا؟[6]	7. کیا میں گرمی میں آپ کا انتظار کروں؟

3.2.11 The future continuous tense فعل مستقبل جاری

1. It shows action that continues in the future at some time. After "will be," "shall be," the continuous verb is used. In questions "shall," "will" are used before the subject. "Where," "when," "how," "which," "why," etc. are used before "shall," "will."

future continuous tense ایسے عمل کو ظاہر کرتا ہے جو مستقبل میں کسی وقت جاری رہے۔ یہ فقرے رہا ہوگا، رہی ہوگی، رہے ہوں گے وغیرہ سے بالعموم ختم ہوتے ہیں۔ فعل مستقبل جاری میں will be، shall be کے بعد ing سے ختم ہونے والا verb استعمال ہوتا ہے۔ منفی جملوں میں shall اور will کے بعد not آتا ہے۔ سوالیہ فقروں میں shall، will فاعل سے پہلے آتے ہیں۔ where، when، how، which، why وغیرہ جیسے سوالیہ الفاظ shall اور will سے پہلے آتے ہیں۔

155. Our students *will be listening* to the President's speech tomorrow evening.	ہمارے طلبا کل شام صدر کی تقریر سن رہے ہوں گے۔
156. I *shall not be* (*shan't be*) *calling* her today.	میں اسے آج نہیں بلا رہی ہوں گی۔
157. My companions *will not be returning* from college.	میرے ساتھی کالج سے واپس نہیں آ رہے ہوں گے۔
158. *Shall* we not *be discussing* this matter?	کیا ہم اس معاملہ پر بحث نہیں کر رہے ہوں گے؟
159. *Will* you not *be watching* this film the day after tomorrow?	کیا پرسوں آپ اس فلم کو نہیں دیکھ رہے ہوں گے؟
160. *In what ways will* the people of that place *be deceiving* each other?	کن طریقوں سے وہاں کے لوگ ایک دوسرے کو دھوکہ دے رہے ہوں گے؟
161. *In what places shall we be meeting* in the Kaghan Valley?	ہم کن جگہوں پر وادی کاغان میں مل رہے ہوں گے؟
162. *Where will they be looking for* their separated friends?	وہ کہاں اپنے بچھڑے ہوئے دوستوں کو تلاش کر رہے ہوں گے؟

To remind you, we generally use "shall" with the first person and "will" with the second and third person. عام طور پر shall کو I، we کے ساتھ اور will کو you، he، they کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔

2. In passive voice, we do not use the future continuous tense.

future continuous کی passive voice انگریزی میں استعمال نہیں ہوتی۔

Exercise 20

Translate the Urdu sentences into English:

1. ہم وادی سوات 1 میں گرمیوں کی چھٹیاں گزار رہے ہوں گے۔	5. اکرم اور اکمل موسم بہار میں میرے پاس نہیں آ رہے ہوں گے۔
2. ہم اپنے پڑوسیوں سے ملک کے صدر کی تقریر کے بارے میں پوچھ رہے ہوں گے۔	6. کیا آپ کل اس کالج کے ڈرامہ کو دیکھ رہے ہوں گے؟
3. میں اگلے ہفتہ اس شہر سے روانگی 2 کی تیاری کر رہا ہوں گا۔	7. کیا سمندر پر طوفان آ رہے ہوں گے؟
4. وہ آپ کے ساتھ کراچی نہیں جا رہی ہوگی۔	8. کیا میرا دوست اگلے سال نئی کلاس کو اردو نہیں پڑھا رہا ہوگا؟

3.2.12 The future perfect tense فعل مستقبل مکمل

It shows action that is to get completed at some time in the future.

future perfect tense ایسے عمل کو ظاہر کرتا ہے جو مستقبل میں کسی وقت تک مکمل ہو۔ ایسے جملوں کے آخر میں چکا ہوگا، چکی ہوگی، چکے ہوں گے استعمال ہوتے ہیں۔

1. In active voice, the third form of the verb is used after "will have," "shall have." After "I," "we," shall have is used and after "you," "he," "they," "will have" is used.

active voice میں will have، shall have کے بعد verb کی third form استعمال ہوتی ہے۔ I، we کے بعد shall have استعمال ہوتا ہے اور you، he، they کے بعد will have استعمال ہوتا ہے۔

163. I *shall have returned* from the market by 3 o'clock.	میں تین بجے تک بازار سے واپس آ چکا ہوں گا۔
164. We *shall have had* the meal before his arrival.	اس کے پہنچنے سے پہلے ہم کھانا کھا چکے ہوں گے۔

2. In negative sentences, we use "not" between "shall," "will." In questions "shall," "will" are used before the subject and "where," "when," "how," "why," etc. before "shall," "will."
منفی جملوں میں will، shall اور have کے درمیان not استعمال ہوتا ہے۔ سوالیہ جملوں میں will، shall فاعل سے پہلے آتے ہیں۔ where، when، how، why وغیرہ ان سے پہلے آتے ہیں۔

165. Arshad *will not have finished* his work by evening.	ارشد شام تک اپنا کام ختم نہ کر چکا ہوگا۔
166. By Sunday we *shall not have answered* their letters.	ہم ان کے خطوط کا جواب اتوار تک نہ دے چکے ہوں گے۔
167. Shall I *have reached* Attock on this bus in two hours?	کیا میں دو گھنٹے میں اس بس سے اٹک پہنچ چکا ہوں گا؟
168. *Will* you *not have gone* abroad by the next year?	کیا آپ اگلے سال تک بیرونِ ملک نہ جا چکے ہوں گے؟
169. *Why will* Kaniz not *have sewn* her clothes by evening?	کنیز شام تک کیوں اپنے کپڑے نہ سی چکی ہوگی (چکے گی)؟
170. *Where shall* we *have reached* at this hour the day after tomorrow?	ہم اس وقت پرسوں کہاں پہنچ چکیں گے (چکے ہوں گے)؟

3. In the passive voice of future perfect tense, we use "been" after "shall have," "will have," and then the third form of the verb. Only transitive verbs (that is, having objects) can be used in passive voice. The question words are used before the subject and their arrangement is clear in the following sentences.
future perfect tense کی passive voice میں shall have، will have کے بعد been اور پھر verb کی third form استعمال ہوتی ہے۔ صرف transitive verbs (یعنی وہ افعال جو objects یا مفعول رکھتے ہوں) ہی passive میں استعمال ہو سکتے ہیں۔ سوالیہ الفاظ فاعل سے پہلے آتے ہیں اور ان کی ترتیب مندرجہ ذیل جملوں میں واضح ہے۔

171. I *shall have been called* to Rawalpindi by December.	مجھے راولپنڈی دسمبر تک بلا لیا گیا ہوگا۔
172. You *will have been asked* to read this book.	تمہیں یہ کتاب پڑھنے کو کہا گیا ہوگا۔
173. She *will not have been suggested* by them to marry him.	اُسے اُن کی طرف سے اُس سے شادی کا مشورہ نہیں دیا گیا ہوگا۔
174. *Will* she *have been permitted* by them to work at this place?	کیا اسے ان کی طرف سے اس جگہ کام کرنے کی اجازت مل گئی ہوگی؟
175. *Shall* I *not have been troubled* in this matter?	کیا مجھے اس معاملہ میں تنگ نہیں کیا گیا ہوگا؟
176. *Will* some new dams *not have been constructed* by 2014?	کیا کچھ نئے ڈیم 2014 تک تعمیر نہ کر دیئے گئے ہوں گے؟

Exercise 21

Translate the Urdu sentences into English:

Passive	Active
9. ہمیں وہاں پہنچنے پر ان کے ارادوں[4] کے بارے میں بتایا جا چکا ہوگا۔	1. میں دو گھنٹے بعد سٹیشن پہنچ چکا ہوں گا۔
10. کریم کو کل تک سزا مل چکی ہوگی۔	2. شام تک ہوائی جہاز اڈے سے پرواز کر چکا ہوگا۔[1]
11. کیا جلسہ ہونے تک وزیر سے کچھ سوال نہ پوچھے جا چکے ہوں گے؟	3. آپ کو اگلے مہینے تک بیرونی ملکوں میں جانے کا موقع مل چکا ہوگا۔
12. کیا ان کی پرانی کار کو اگلے ہفتہ کے دوران بیچ نہ دیا جا چکا ہوگا؟	4. کیا ہم چھ بجے تک اپنا مضمون لکھ چکے ہوں گے؟
13. ان کی گلی کے لوگوں کو فوجی تربیت کیوں نہ دی جا چکی ہوگی؟	5. وہاں اسے میرا خیال نہیں آیا ہوگا۔
14. کیا اس سال کے آخر تک ہمیں مختلف قرضے واپس نہ کر دیے گئے ہوں گے؟[5]	6. کیا اس نے تمام دن[2] اپنی کتابیں پڑھی ہوں گی؟
15. چین کو اگلے کچھ سالوں میں دنیا کا طاقتور ترین ملک نہ مان لیا گیا ہوگا۔[6]	7. کیا اس جگہ ہم دو سال بعد اپنا مکان تعمیر نہ کر چکے ہوں گے؟[3]
16. ہمیں بین الاقوامی طور پر اگلے پانچ سال میں صنعتی ملک کا درجہ دے دیا گیا ہوگا۔[7]	8. کیا پرسوں تک ہم امتحان کے لیے تیاری مکمل نہ کر چکے ہوں گے؟

3.2.13 The future perfect continuous tense فعل مستقبل مکمل جاری

It shows action that gets completed after continuing for a certain period of time in the future. After "shall," "will," the helping verb "have," then "been" and the continuous verb

are used. In negative sentences, "not" is used after "shall," "will." In questions, "will," "shall" are used before the subject. The question words, "where," "when," "how," "which," "why," are used before "will," "shall."

future perfect continuous tense ایسے عمل کو ظاہر کرتا ہے جو مستقبل میں ایک مدت تک جاری رہنے کے بعد ختم ہو جائے۔ ان جملوں کے آخر میں تا رہا ہوں گا، تی رہی ہوں گی اور تے رہے ہوں گے استعمال ہوتے ہیں۔ shall، will کے بعد امدادی فعل have اور اس کے بعد been اور پھر فعل حال جاری استعمال ہوتا ہے۔ منفی جملوں میں shall، will کے بعد not آتا ہے۔ سوالیہ فقروں میں will، shall فاعل سے پہلے آتے ہیں۔ where، when، how، which، why جیسے سوالیہ الفاظ will، shall سے پہلے آتے ہیں۔

177. In 2015 they *will have been studying* here for three years.	2015ء میں وہ یہاں تین سال تک پڑھتے رہے ہوں گے۔
178. Until their arrival we *shall have been listening* to songs.	ان کے آنے تک ہم گانے سنتے رہے ہوں گے۔
179. *Will* he *have been meeting* them before leaving for Swat?	کیا سوات روانہ ہونے سے پہلے وہ ان سے ملتا رہا ہوگا؟
180. *Where will* the refugees *have been opening up* their shops in the next decade (ten years)?	پناہ گزین کہاں (کن جگہوں پر) اپنی دکانیں اگلے دس سالوں میں کھولتے رہے ہوں گے؟
181. *For how long* (*for how long a time*) *will* your neighbours *have been co-operating* with you in future?	آئندہ کتنے عرصہ تک آپ کے ہمسائے آپ کے ساتھ تعاون کرتے رہے ہوں گے؟

Exercise 22

1. چھٹیاں ختم ہونے تک[1] ہم اپنا گھر کا کام کرتے رہے ہوں گے۔
2. چھ بجے تک ہمارے دوست کرکٹ کھیلتے رہے ہوں گے۔
3. کیا رضیہ کے پہنچنے تک اس کا بھائی انتظار کرتا رہا ہوگا؟
4. کیا کالج کھلنے تک ہم اپنی انگریزی بہتر نہ کرتے رہے ہوں گے؟[2]
5. کیا برسات شروع ہونے تک[3] ہمارے ہمسائے اپنے گھروں کی مرمت نہیں کرتے رہے ہوں گے؟
6. کیا ہمارے ہمسائے اپنے گھروں کی مرمت سردیاں شروع ہونے سے پہلے نہ کراتے رہے ہوں گے؟[4]
7. شادی ہونے تک اسلم اپنے والدین کے ساتھ رہتا رہا ہوگا۔
8. کیا اس گاؤں کے لوگ کئی سال تک اپنے کنوئیں خود نہیں کھودتے رہے ہوں گے؟[5]
9. ملک کے دشمن ہمارے خلاف 2011ء تک کس طرح لڑتے رہے ہوں گے؟
10. وہ پچھلے سال کہاں سے کھیتوں کے لیے کیمیاوی کھاد[6] حاصل کرتے رہے ہوں گے؟
11. فلسطینی عوام اپنی زندگی اتنے مشکل وقت میں کس طرح گزارتے رہے ہوں گے؟
12. کیا مختلف حکومتیں پچھلے کچھ سالوں میں جنگی تیاریاں تیز نہ کرتی رہی ہوں گی؟

3.2.14 Summary of the use of the different tenses مختلف زمانوں کے استعمال کا خلاصہ

182. She lives in a village.	وہ ایک گاؤں میں رہتی ہے۔	188. She had lived in a village.	وہ ایک گاؤں میں رہی تھی۔ (وہ ایک گاؤں میں رہ چکی تھی۔)
183. She is living in a village.	وہ ایک گاؤں میں رہ رہی ہے۔	189. She had been living in a village.	وہ ایک گاؤں میں رہتی رہی تھی۔
184. She has lived in a village.	وہ ایک گاؤں میں رہی ہے۔ (وہ ایک گاؤں میں رہ چکی ہے۔)	190. She will live in a village.	وہ ایک گاؤں میں رہے گی۔
185. She has been living in a village.	وہ ایک گاؤں میں رہتی رہی ہے۔	191. She will be living in a village.	وہ ایک گاؤں میں رہ رہی ہوگی۔
186. She lived in a village.	وہ ایک گاؤں میں رہی۔ (وہ ایک گاؤں میں رہتی تھی۔)	192. She will have lived in a village.	وہ ایک گاؤں میں رہی ہوگی۔
187. She was living in a village.	وہ ایک گاؤں میں رہ رہی تھی۔	193. She will have been living in a village.	وہ ایک گاؤں میں رہتی رہی ہوگی۔

Also note the use of "should, must." "Must" shows compulsion (بندش). must کا استعمال عموماً بندش اور دباؤ ظاہر کرتا ہے۔

194. She should live in a village.	اسے ایک گاؤں میں رہنا چاہیے۔	196. She should have been living in a village.	اسے ایک گاؤں میں رہتے رہنا چاہیے تھا۔
195. She should have lived in a village.	اسے ایک گاؤں میں رہنا چاہیے تھا۔	197. She should be living in a village.	اسے ایک گاؤں میں رہتے رہنا چاہیے۔

Passive voice

198. They are troubled here.	انہیں یہاں تنگ کیا جاتا ہے۔
199. They are being troubled here.	انہیں یہاں تنگ کیا جا رہا ہے۔
200. They have been troubled here.	انہیں یہاں تنگ کیا گیا ہے۔
201. They were troubled here.	انہیں یہاں تنگ کیا گیا۔
202. They were being troubled here.	انہیں یہاں تنگ کیا جا رہا تھا۔
203. They had been troubled here.	انہیں یہاں تنگ کیا جا چکا تھا۔
204. They will be troubled here.	انہیں یہاں تنگ کیا جائے گا۔
205. They will have been troubled here.	انہیں یہاں تنگ کیا جا چکا ہوگا۔
206. They should not be troubled here.	انہیں یہاں تنگ نہیں کیا جانا چاہیے۔

3.3 Regular & irregular verbs با قاعدہ اور بے قاعدہ افعال

The later two forms of the regular verbs are formed by adding "d" or "ed," for example, hate-hated-hated, shout-shouted-shouted. The irregular verbs change internally or their three forms are the same, for example, fly-flew-flown, set-set-set.

با قاعدہ افعال کے بعد کی دونوں شکلیں d یا ed لگانے سے بنتی ہیں مثلاً play-played-played، trade-traded-traded۔ بے قاعدہ افعال اندرونی تبدیلیوں سے بنتے ہیں یا انکی تینوں اشکال ایک ہی ہوتی ہیں۔ مثلاً hit-hit-hit، go-went-gone۔

Present tense	Past tense	Past participle
arise نکلنا	arose	arisen
awake سو کر اٹھنا	awoke	awoken
bear بچہ پیدا کرنا	bore	borne
bear برداشت کرنا، لے جانا	bore	borne
begin شروع کرنا، ہونا	began	begun
bid حکم دینا	bid	bid
bite کاٹنا	bit	bitten
blow ہوا بھرنا، ہوا سے اڑ جانا	blew	blown
break توڑنا	broke	broken
broadcast ریڈیو پر نشر کرنا	broadcast	broadcast
choose چننا	chose	chosen
cling چمٹے رہنا	clung	clung
come آنا	came	come
dig کھودنا	dug	dug
draw نکالنا، کھینچنا، جانا وغیرہ	drew	drawn
drink پینا	drank	drunk
drive گاڑی چلانا	drove	driven
eat کھانا	ate	eaten
fall گرنا	fell	fallen
fight لڑنا	fought	fought
find ڈھونڈنا	found	found
fly اڑنا	flew	flown
forget بھولنا	forgot	forgotten, forgot
hold پکڑنا	held	held
get لینا، حاصل کرنا	got	got (gotten)
give دینا	gave	given
go جانا	went	gone
grind پیسنا	ground	ground
grow بڑھنا، اگنا	grew	grown
hang لٹکنا، لٹکانا	hung	hung
hang پھانسی دینا	hanged	hanged (reg. *v*)
hide چھپانا، چھپنا	hid	hidden

Present tense	Past tense	Past participle
know جاننا	knew	known
lay رکھنا	laid	laid
lie لیٹنا	lay	lain
lie جھوٹ بولنا	lied	lied (regular)
raise اٹھانا	raised	raised (regular)
ride سواری کرنا	rode	ridden
ring گھنٹی بجانا، بجنا	rang	rung
rise اٹھنا	rose	risen
run بھاگنا	ran	run
see دیکھنا	saw	seen
shake ہلانا	shook	shaken
shine چمکنا	shone	shone
sing گانا	sang	sung
sink ڈوبنا	sank	sunk
sit بیٹھنا	sat	sat
slide پھسلنا	slid	slid
spin گھومنا یا گھمانا	span	spun
stand کھڑے ہونا	stood	stood
swing جھولنا یا جھلانا	swung	swung
speak بولنا	spoke	spoken
steal چوری کرنا	stole	stolen
strike مارنا	struck	struck
strive سخت کوشش کرنا	strove	striven
swear قسم کھانا	swore	sworn
take لینا	took	taken
tear پھاڑنا	tore	torn
telecast ٹی وی پر نشر کرنا	telecast	telecast
throw پھینکنا	threw	thrown
wear پہننا	wore	worn
weave بننا	wove	woven
win جیتنا	won	won
write لکھنا	wrote	written

3.4 Use of the tenses in different forms

3.4.1 Positive, interrogative & negative sentences–a review

Positive	Negative	Interrogative
207. He goes to that office. وہ اس دفتر میں جاتا ہے۔	He does not go to that office. وہ اس دفتر میں نہیں جاتا۔	Does he go to that office? کیا وہ اس دفتر میں جاتا ہے؟
208. He went to that office. وہ اس دفتر میں گیا۔	He did not go to that office. وہ اس دفتر میں نہیں گیا۔	Did he go to that office? کیا وہ اس دفتر میں گیا؟

3.4.2 The use of "shall, will & would"

1. **"Shall"** is used with the first person, and **"will"** with the second and third persons.
   first person کے tense کے ساتھ shall جبکہ second and third persons کے tense کے ساتھ will اصل verb کی پہلی form سے پہلے استعمال کیے جاتے ہیں۔

209. I *shall* buy a pen. We *shall* visit that village.	میں قلم خریدوں گا۔ ہم اس گاؤں میں جائیں گے۔
210. She *will* meet me. They *will* not trouble you.	وہ مجھے ملے گی۔ وہ تمہیں تکلیف نہیں دیں گے۔

2. **"Would"** is used for the expression of desire, intention or willingness.
   ہم would کو shall اور will کی جگہ مستقبل کے لیے خواہش، ارادہ یا آمادگی ظاہر کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

211. I *would* like to buy a pen.	میں ایک قلم خریدنا چاہوں گا۔
212. They *would* not trouble you.	وہ آپ کو تنگ کرنے پر راضی نہیں ہوں گے۔

- In American English "will" is used for the first person to show simple future. Modern British English accepts this use at times.

3. For order, promise or threat, **"shall"** is used with the second and third persons.
   مستقبل کے حوالے سے حکم، وعدے یا دھمکی کو ظاہر کرنے کیلئے second and third persons کے ساتھ shall اصل verb کی پہلی form سے پہلے استعمال کیا جاتا ہے۔

213. You *shall* go to the bazaar. (order)	تمہیں بازار جانا ہوگا۔ (حکم)
214. He *shall* write an essay. (order)	اسے ایک مضمون لکھنا پڑے گا۔ (حکم)
215. They *shall* be punished if they do not work. (threat)	اگر انہوں نے کام نہ کیا تو انہیں سزا دی جائیگی۔ (دھمکی)
216. Her request *shall* be accepted. (promise)	اس کی گذارش قبول کی جائے گی۔ (وعدہ)

4. In questions, normally **"shall"** is used with the first person and **"will"** for the second and third persons.
   سوال کرتے وقت عام طور پر first person کے ساتھ shall اور second and third persons کے ساتھ will کا استعمال کیا جاتا ہے۔
   ایسے جملوں میں second and third persons کے ساتھ shall کا استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

217. *Shall* we play the game? (*British English*)	کیا ہم کھیل کھیلیں گے؟
Will we play the game? (*More in American English*)	
(*Second person*) *Will* you have to play the game?	کیا تمہیں کھیل کھیلنا پڑے گا؟
(*Third person*) *Will* he have to play the game?	کیا اسے کھیل کھیلنا پڑے گا؟

5. With the first person, **"will"** is used for willingness or determination.

first person کے ساتھ will آمادگی willingness یا مصمم عزم determination کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

218. I *will* come to your house.	میں تمہارے گھر آؤں گا۔ (آمادگی)
219. We *will* cross the river, however deep it may be.	ہم پہاڑ پر چڑھیں گے خواہ یہ کتنا اونچا ہو۔ (مصمم عزم)

6. **"Would"** is also used for the results of such action as has not taken place.

would ایسے عمل کے نتائج کو ظاہر کرنے کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے جو ابھی وقوع پذیر نہ ہوا ہو۔

220. He *would* be happier in the northern areas.	وہ شمالی علاقہ جات میں خوش رہے گا۔
221. She *would* recover from her illness soon.	وہ بیماری سے جلد صحت یاب ہو جائے گی۔

3.4.3 Also note the use of "will or would" with the subject & "if"

7. When the subject is placed after "if" and "will" after the subject, it indicates the subject's willingness.

جب if کے بعد فاعل آتا ہے اور اسکے بعد will تو فاعل کی مرضی ہونے کا مفہوم ادا ہوتا ہے۔

222. If she *will* (is ready to) marry, he *will* try to build a house.	اگر وہ شادی کرے گی (کرنے کو تیار ہوگی) تو وہ مکان بنانے کی کوشش کرے گا۔
223. If my friend *will* not (is not ready to) give me his book, I *will* buy it myself.	اگر میرا دوست مجھے اپنی کتاب نہیں دے گا (دینے کو تیار نہ ہوگا) تو میں یہ خود خرید لوں گا۔
224. If you *will* (or *would*) kindly lend me your camera, we *will* (or *would*) photograph some friends of ours. (request)	اگر برائے مہربانی تم مجھے اپنا کیمرہ مستعار دے دو گے تو ہم اپنے دوستوں کی تصاویر اتار لیں گے۔

3.5 Review of some rules for the use of verbs

افعال کے استعمال کے کچھ قوائد کا جائزہ

1. The subject in a sentence should agree with the verb. In the present indefinite, the singular noun has the singular verb (that is, with "s") and the plural noun has the plural verb (without "s").

جملہ میں فاعل کے ساتھ فعل کو مطابقت رکھنی چاہیے۔ present indefinite میں واحد اسم کیساتھ واحد فعل یعنی s کے ساتھ اور جمع اسم کیساتھ جمع فعل s کے بغیر استعمال ہوتا ہے۔

225. That person *runs* a shop. She *sings* well.	وہ شخص دُکان کرتا ہے۔ وہ خوب گاتی ہے۔
226. Rabia and Syble *walk* very fast. They *call* you a wise person.	رابعہ اور روبینہ بہت تیز چلتی ہیں۔ وہ تمہیں عقلمند کہتے ہیں۔

Note. A singular verb like "runs" or "sings" is used with a singular subject like "person" or "she." A plural verb like "walk" or "call" is used with a plural subject like "Rabia" and "Syble" and "they."

2. The past tense is generally followed by a past tense in an English sentence. (In Urdu a past tense may be followed by a present tense.)

انگریزی میں عام طور پر past tense کے بعد past tense استعمال ہوتا ہے۔ (اُردو میں ماضی کے بعد present tense آ سکتا ہے۔)

227. Sabiha *said* that she *was* very happy.	صبیحہ نے کہا کہ وہ بہت خوش ہے۔
228. They *decided* they *would play* a match.	انہوں نے فیصلہ کیا کہ وہ میچ کھیلیں گے۔

3. But a past tense may be followed by a present tense when the second part of the sentence expresses a general or universal truth or saying or a regular practice.

لیکن past tense کے بعد present tense آسکتا ہے جب جملہ کا دوسرا حصہ ایک عالمگیری حقیقت یا کہاوت یا لگا تار عمل کو بیان کر رہا ہو۔

229. The teacher *said* that our earth *is* larger than the moon.	استاد نے کہا کہ ہماری زمین چاند سے بڑی ہے۔
230. He *told* me that he *walks* to college alone.	اس نے مجھے بتایا کہ وہ کالج اکیلا پیدل جاتا ہے۔

4. The present or future tense in the first part of the sentence can be followed by any tense according to the sense (meaning) of the sentence.

جملہ کے پہلے حصہ میں present tense یا future tense کے بعد کوئی tense آسکتا ہے، جملہ کے مفہوم کے لحاظ سے۔

231. She *says* that she *was* in Jhelum last year.	وہ کہتی ہے کہ پچھلے سال وہ جہلم میں تھی۔
232. I *shall* tell you what I *was* doing here.	میں تمہیں بتاؤں گا کہ میں یہاں کیا کر رہا تھا۔

5. When something is asked and a question word or a conjunction is used, "that" is not used before the question word or conjunction.

جب سوال پوچھا جا رہا ہو اور درمیان میں سوالیہ لفظ یا حرف ربط استعمال ہو رہا ہو تو سوالیہ لفظ یا حرف ربط سے پہلے that استعمال نہیں کیا جاتا۔

233. He asked me *why* I was sad.	اس نے مجھ سے پوچھا میں کیوں اداس ہوں۔
234. Mehrin asked Ali *whether* (or *if*) he was indisposed.	مہرین نے علی سے پوچھا آیا کہ اسکی طبیعت ناساز ہے۔
235. We asked him *what* he was writing.	ہم نے اس سے پوچھا کہ وہ کیا لکھ رہا ہے۔
236. She inquired of her *if* he had passed the examination.	اُس نے اُس سے دریافت کیا کہ آیا اس نے امتحان پاس کیا ہے۔
237. I do not know *if* (or *whether*) our friend has come here or not.	میں نہیں جانتا آیا کہ ہمارا دوست یہاں آچکا ہے یا نہیں۔

Study these sentences in the direct and indirect speech.

مندرجہ ذیل direct and indirect speech کے فقروں کو بغور پڑھیں اور لکھ کر سمجھیں۔

Note the following sentences in the direct and indirect speech:

Direct	Indirect
238. I said to him, "Why are you going to the station?" میں نے اس سے کہا "تم سٹیشن کیوں جا رہے ہو؟"	I asked him why he was going to the station. میں نے اس سے پوچھا کہ وہ سٹیشن کیوں جا رہا ہے۔
239. He said to me, "Which is the longest road in the city?" اس نے مجھ سے کہا "شہر کی سب سے لمبی سڑک کونسی ہے؟"	He asked me which the longest road in the city was. اس نے مجھ سے پوچھا کہ شہر کی سب سے لمبی سڑک کونسی ہے۔
240. Our teacher says (or asks), "Will the students like to play a match?" ہمارے استاد پوچھتے ہیں "کیا طلباء میچ کھیلنا چاہیں گے؟"	Our teacher asks if (or whether) the students will like to play a match. وہ ہم سے پوچھتے ہیں کہ کیا ہم میچ کھیلنا چاہیں گے۔

6. "That" may or may not be used before "why," "where," "if," "who," etc. when these are followed by a statement.

جب سوال پوچھا نہ جا رہا ہو بلکہ ایک بیان جملہ کے دوسرے حصہ میں آرہا ہو وہاں that استعمال کیا جا سکتا ہے۔(وہاں that نہ بھی استعمال کیا جائے تو قابل قبول ہے۔)
یعنی why، where، if، who وغیرہ سے پہلے یہاں that استعمال ہوسکتا ہے۔

- I told him (that) what he had done was correct. ("that" may or may not be used.)
  She said (that) why people troubled each other was not understandable.
- They remarked (that) if film stars do not overact, films will improve in quality.
  He told me (that) what he had done in the past was pardonable.

Verbs in positive, interrogative and negative sentences. مثبت، منفی اور سوالیہ جملوں میں افعال۔

Positive	She plays tennis. He performed the job.	وہ ٹینس کھیلتی ہے۔ اس نے کام کرلیا۔
Negative	She does not (doesn't) play tennis. He did not (didn't) perform the job.	وہ ٹینس نہیں کھیلتی ہے۔ اس نے کام انجام نہیں دیا۔
Interrogative	Does she play tennis? Doesn't she play tennis? Did he perform the job? Did he not perform the job? Didn't he perform the job?	کیا وہ ٹینس کھیلتی ہے؟ کیا وہ ٹینس نہیں کھیلتی ہے؟ کیا اس نے کام کرلیا؟ کیا اس نے کام نہیں کرلیا؟

3.5.1 The use of the third form of the verb

1. In passive voice sentences, the third form of the verb is used after the helping verb.
passive جملوں میں امدادی فعل کے بعد ہمیشہ اصل verb کی تیسری فورم استعمال ہوتی ہے۔

241. What *is done* cannot *be undone*. Compromise *is sold* in the higher places, we cannot *be bought* or *sold*.	جو ہو چکا وہ واپس نہیں ہو سکتا۔ سمجھوتے اونچے ایوانوں میں بکتے ہیں، ہمیں خریدا یا بیچا نہیں جا سکتا۔
242. We *were called*, *welcomed* and *feted* (*honoured* and *entertained*), and then *disgraced*.	ہمیں بلایا گیا، خوش آمدید کہا گیا اور خاطر مدارات کی گئی اور پھر ذلیل و خوار کیا گیا۔

2. The third form of the verb is used to complete the sentence in the present, past and future tense.
فعل حال، ماضی اور مستقبل مکمل بنانے کے لیے verb کی تیسری فورم استعمال ہوتی ہے۔

243. They *have decided* to complete their mission.	انہوں نے اپنا مشن مکمل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔
244. *Has* he *taken* upon himself to run this business?	کیا اس نے اس کاروبار کو چلانے کا ذمہ اُٹھایا ہے؟
245. I *had* never *seen* such a movie in my life.	میں نے ایسی فلم اپنی زندگی میں کبھی نہیں دیکھی تھی۔
246. I *shall have finished* the work in a day or two from this time.	میں نے اس وقت سے ایک یا دو دن میں کام ختم کرلیا ہوگا۔

3. The third form of the verb is used when it functions like an adjective before a noun.
   - A *spoilt* child cannot easily be reformed. ماضی مکمل کی صفاتی تراکیب میں verb کی تیسری فورم استعمال کی جاتی ہے۔
     A *looted* treasury, a *sunken* ship.
     We visited all the *wounded* soldiers and *fallen* officers. (words in italics functioning as adjectives)

3.5.2 The use of "would, could, might, should, need, dare, avail, enjoy"

1. **would** would کو shall اور will کے ماضی کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے گو اسے shall اور will کی جگہ بھی رکھ سکتے ہیں۔

247. She *said* that she *would* go to Karachi.	اس نے کہا کہ وہ کراچی جائے گی۔

- "said" being in the past tense, "she" is followed by "would" not "will."

248. I *replied* that I *would* play.	میں نے جواب دیا کہ میں کھیلوں گا۔

(a) "would" is used with the verb "like" and with "I" or "we."

249. I *would like* to see this film.	میں یہ فلم دیکھنا چاہوں گا۔
250. We *would like* to invite her to the party.	ہم اسے پارٹی میں مدعو کرنا چاہیں گے۔

(b) **would rather= would prefer to** کی بجائے ۔ ترجیحاً

251. The students *would rather* play than study. 252. She *would rather* stay home.	طلباء پڑھنے کی بجائے کھیلنا ہی چاہیں گے۔ وہ گھر ہی رہنا چاہے گی۔

2. could and would

253. *Could* I enter the room? *Can* I enter the room?	کیا میں کمرے میں داخل ہو سکتا ہوں؟

"could" is polite شائستہ انداز بیان میں

254. *Would* you care to go to the station with me? 255. *Could* you make green tea now? 256. *Could* it be possible to reach the airport in 30 minutes?	کیا تم میرے ساتھ سٹیشن جانا چاہو گے؟ کیا تم اب سبز چائے بنانا پسند کرو گی؟ کیا 30 منٹ میں ہوائی اڈے پر پہنچنا ممکن ہو سکتا ہے۔

3. might might کو may کے ماضی کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے گو اسے may کی جگہ بھی رکھ سکتے ہیں۔

257. They said that they *might* buy a house. 258. She told me that she *might* go to Saudi Arabia. 259. You *might* go(or you may go) if you like.	انہوں نے کہا کہ ہو سکتا ہے کہ وہ مکان خرید لیں۔ اس نے مجھے بتایا کہ ہو سکتا ہے کہ وہ سعودی عرب چلی جائے۔ اگر تم چاہو تو جا سکتے ہو۔

- ("may" is stronger than "might.")

(a) **in polite questions** شائستہ طور پر سوال کرتے ہوئے

260. *Might* I take this book? (Yes, you may.)	کیا میں یہ کتاب لے سکتا ہوں؟ (ہاں! تم لے سکتے ہو۔)

(b) **with words expressing hope, wish or fear** ایسے الفاظ کے ساتھ جن میں خواہش، امید یا خوف کا اظہار ہو

261. They had fears that there *might* be a war.	انہیں خوف تھا کہ جنگ ہو سکتی ہے۔

(c) **with "so that" showing purpose** so that کے ساتھ جب مقصد ظاہر کرنا ہو۔

262. We want a new motorcycle *so that* we *may* reach college on time. 263. She went to the party *so that* she *might* meet old friends.	ہم نئی موٹر سائکل حاصل کرنا چاہتے ہیں تا کہ کالج وقت پر پہنچ سکیں۔ وہ پارٹی میں گئی کہ شاید اس طرح وہ پرانی سہیلیوں سے مل سکے۔

(d) **suggesting how to act or behave** یہ تجویز کرتے ہوئے کہ کیا کرنا ہے اور کس طرح برتاؤ رکھنا ہے۔

264. They *might* sit behind their teachers.	وہ اپنے اساتذہ کے پیچھے بیٹھ سکتے ہیں۔

4. "dare" (جرأت کرنا) **is used in these forms:**

264. He will *dare* to speak before you. 265. He does not *dare* to come here. 266. She *dare* not speak here. 267. He *dared* not (to) speak here. 268. Does she *dare* (to) speak here? 269. How do you *dare* (to) say this?	وہ تمہارے سامنے بولنے کی جرأت کرے گا۔ وہ یہاں آنے کی جرأت نہیں کرتا۔ وہ یہاں بات کرنے کی جرأت نہیں کرسکتی۔ اسے یہاں بات کرنے کی جرأت نہیں ہوئی۔ کیا وہ یہاں بات کرنے کی جرأت کرسکتی ہے؟ تم یہ کہنے کی کس طرح جرأت کر رہے ہو؟

for emphasis زور ڈالنے کیلئے

270. How *dared* you say this? (*or*) How did you *dare* to say this? 271. *Dare* you say this? (*Dare* you...this? is more emphatic. یہ زیادہ زور ڈالتا ہے۔)	آپ کو یہ کہنے کی جرأت کیسے ہوئی؟ جرأت آپ کو یہ کہنے کی کس طرح ہو رہی ہے؟

5. **"avail and enjoy"** are used as transitive verbs, that is; they take objects (reflexive pronouns "myself, himself," etc.) (ان افعال کے بعد مفعول لازماً استعمال ہوتے ہیں۔)

272. You should *avail yourself* of this chance.	تمہیں اس موقعہ سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔
273. Our rulers *availed themselves* of every evil opportunity.	ہمارے حکمرانوں نے ہر ایک شیطانی موقع کا فائدہ اٹھایا۔
274. I *enjoyed myself* at the theatre.	میں نے تھیٹر میں بہت لطف اٹھایا۔
275. Did you really *enjoy yourselves* during the picnic? ("you" as plural)	کیا تم نے پکنک میں واقعی لطف اٹھایا؟ (یا) کیا تم پکنک سے حقیقتاً لطف اندوز ہوئے؟

- **But note:** Your help to her was of no *avail* (*n.*= use). We *enjoy* (*v.*) visiting moonlit parks and gardens in summer.

3.5.3 The use of "has to, have to, must, ought to, need to, used to, would"

has to, have to (must) اور had to اس وقت استعمال کیے جاتے ہیں جب کسی شخص یا اشخاص کیلئے کچھ کرنا ضروری ہو یا جب کسی بیرونی قوت یا دباؤ کے تحت کچھ کرنے کی مجبوری ہو۔ must کو ماضی میں had to کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

1. **tense forms of "must"** *must= has to, have to* in the present and future; *had to*= past form of *must*.
حال و مستقبل میں کچھ لازمی طور پر کرنے کے لیے must یا has to، have to استعمال ہوتے ہیں۔ ماضی میں ضروری طور پر کچھ ہونے کے لیے had to

276. You *must* (have to) go there.	آپ کو وہاں جانا ہے۔ (ضروری طور پر)
277. You will *have to* (must) go there.	آپ کو وہاں جانا پڑے گا۔
278. You *had to* go there.	آپ کو وہاں جانا پڑا۔ (اوپر کے فقرہ کی ماضی کی شکل)
279. Nasim was ill, she felt the doctor *must be* (*had to be*) called.	نسیم بیمار تھی۔ اس نے محسوس کیا کہ ڈاکٹر کو ضرور بلا بھیجا جائے۔
280. In the room was a dangerous insect I *had to* kill.	کمرے میں خطرناک کیڑا تھا جو مجھے مارنا پڑا۔
281. She *had to* write an essay. (No past form with "must")	اسے ایک مضمون لکھنا پڑا۔
282. Does she *have to* write an essay?	کیا اسے ایک مضمون لکھنا پڑ رہا ہے؟
283. Do they *have to* work (*must* they work) here?	کیا ضروری ہے کہ وہ یہاں کام کریں؟
284. Does she *have to* learn cooking the best foods?	کیا ضروری ہے کہ وہ بہترین کھانے پکانے سیکھے؟

2. **Ought to (should)** is used when it is a matter of duty or is just for a person's benefit to do something:
ought to یا should کا استعمال کسی شخص کے فرض کے نبھانے یا فائدہ میں کچھ کرنے کے سلسلے میں ہوتا ہے۔

285. We *ought to* (should= it is good to) read our books.	ہمیں اپنی کتابیں پڑھنی چاہئیں۔
286. We *ought not to* (shouldn't) waste our time.	ہمیں اپنا وقت ضائع نہیں کرنا چاہیے۔
287. She *ought to* eat wholesome food.	اسے صحت بخش خوراک کھانی چاہیے۔
288. *Ought* I (should I) eat fish?	کیا مجھے مچھلی کھانی چاہیے؟
289. *Oughtn't* I (*ought not I*) eat fish?	کیا مجھے مچھلی نہیں کھانی چاہیے؟

3. **Should** is also used about the future for expressing what is possible but what may not happen:

290. If they *should* leave for Africa, who will work in their place?	اگر وہ افریقہ چلے گئے تو ان کی جگہ کون کام کرے گا؟
291. *Should* the big powers use the atom bomb, millions will die.	اگر بڑی طاقتوں نے ایٹم بم استعمال کیا تو لاکھوں مر جائیں گے۔

4. **must–various uses. must** means to be obliged or forced مجبور ہونا **must** is used:

(a) To show urgent need or duty. فوری ضرورت یا کچھ کرنے کا فرض ظاہر کرنے کیلئے۔

292. He *must* go to the doctor as he is ill.	جیسا کہ وہ بیمار ہے اسے ضرور ڈاکٹر کے پاس جانا چاہیے۔
293. They *must* obey their teachers.	انہیں ہر صورت میں اساتذہ کا کہنا ماننا چاہیے۔
294. We *must* not trouble others.	ہمیں دوسروں کو ہرگز تنگ نہیں کرنا چاہیے۔

(b) To show one's certainty (یقین) in some way. کسی بارے میں کسی طرح پختہ یقین میں ہونے کے اظہار کے لیے۔

295. The teacher *must* be angry with you. *Must* you write an essay?	استاد تم سے ضرور خفا ہوگا۔ کیا تمہیں مضمون لازمی لکھنا ہے؟

(c) To show one's strong intention (for example, to do something): اپنا پختہ ارادہ ظاہر کرنے کو (مثلاً کچھ کرنے کے سلسلے میں)۔

296. I *must* learn this subject well.	مجھے یہ مضمون لازماً اچھی طرح یاد کرنا ہے۔
297. We *must* not go there, *must* we?	ہمیں وہاں جانے کی ضرورت نہیں، ضرورت ہے؟ (نہ کرنے کا ارادہ)
298. We *must* cross this river, *mustn't* we?	ہمارے لیے دریا پار کرنا ضروری ہے، ضروری نہیں۔ (سخت ضرورت)

(d) To show what is certain to happen. کچھ یقینی طور پر ہونے کو ظاہر کرنے کے لیے۔

299. We all *must* commit mistakes.	غلطیاں ہم سب سے ضرور سرزد ہوتی ہیں۔
300. Those who lose *must* also win.	جو ہارتے ہیں وہ جیتتے بھی ضرور ہیں۔

(e) To show strong probability (likelihood). بہت قوی امکان ظاہر کرنے کو۔

301. She *must* be tired after studying through the night.	ساری رات مطالعہ کرنے کے بعد وہ لازماً تھک گئی ہوگی۔
302. The bus *must* be late as the road is broken.	بس لیٹ ضرور ہو جائے گی کیونکہ سڑک ٹوٹی ہوئی ہے۔
303. Mother *must* be happy to see you again.	والدہ تمہارے سے مل کر ضرور خوش ہوں گی۔

(f) To show what was necessary or obligatory at a time in the past.
یہ ظاہر کرنے کو کہ ماضی میں کسی وقت کیا کرنا ضروری تھا۔

304. Proper books are a *must* for a student.	مناسب کتابیں ایک طالب علم کیلئے لازمی ہیں۔
305. Good manners are a *must* if we want to be socially acceptable.	اگر ہم معاشرہ میں مقبولیت چاہتے ہیں تو اچھے اطوار کا ہونا لازمی ہے۔

5. **Need not** *or* **do not need** can be used in the present, past and future tenses.
Present: need to اور do not need to کو present، past اور future tenses کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

305. You *need not* do this. (*or*) You *do not have to* do this.	ضروری نہیں کہ تم یہ کرو۔ ضروری نہیں تم یہ کرتے۔

Past:

306. You did not need to do this. (*or*) You did not have to do this.

6. **Need not have done** is used when the sense is: it *was not necessary to do this, but done anyhow.*
need to have done اس وقت استعمال ہوتا ہے جب مطلب ہو: ضروری نہیں تھا کہ یہ کیا جاتا، مگر پھر بھی کیا گیا۔

307. *It was not necessary to do this, but done anyhow.*	اسے کرنا ضروری تو نہیں تھا۔ بہر حال کر لیا گیا۔
308. You *need not have watched* the movie. (Movie= film; the movies= the cinema)	تمہارا فلم دیکھنا ضروری نہیں تھا۔

Future:

309. You will not need to (won't need to) do this. (*or*) You will not have to (won't have to) do this.	تمہیں ایسا کرنا نہیں پڑے گا۔

7. **Used to** has no present form. So it is used to refer to a past practice, habit, etc.:
used to کی کوئی فعل حال کی ترکیب نہیں ہے۔ اس لیے اسے ماضی کے عمل، عادت وغیرہ کو ماضی کے حوالے سے استعمال کیا جاتا ہے۔

310. We *used to* meet here every day. (Now we don't meet.)	ہم یہاں ہر روز ملا کرتے تھے۔
311. *Did* we *use to* meet daily (every day)?	کیا ہم ہر روز ملا کرتے تھے؟
312. *Used* we *to* meet here every day?	کیا ہم ہر روز یہاں ملا کرتے تھے؟
313. They *used to* work together.	وہ اکٹھے کام کیا کرتے تھے۔
314. I *used to* take tea, but now I take milk.	میں چائے پیا کرتا تھا، لیکن اب دودھ پیتا ہوں۔

7. **Would** is used in the past to express a practice or habit. But generally used after "used to" has been utilized in an earlier sentence.

would کو ماضی کے عمل یا عادات کو بیان کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ لیکن اسے اکثر اس وقت استعمال کیا جاتا ہے جب used to پہلے کے جملہ میں استعمال ہو چکا ہو۔

315. They *used to* study together in their childhood. They *would* (≐ *used to*) play hockey after studies.	اپنے بچپن میں وہ اکٹھے پڑھا کرتے تھے۔ وہ پڑھنے کے بعد ہاکی کھیلتے۔
316. We *used to* play near the canal in our village.	گاؤں میں ہم نہر کے نزدیک کھیلا کرتے تھے۔
317. After the play we *would* drink milk and eat fruit.	کھیل کے بعد ہم دودھ پیتے اور پھل کھاتے۔

3.6 Conditional sentences شرطیہ جملے

A conditional sentence is often made up of two parts, that is, the *if-part* and the *main part*.

- If you come, we shall welcome you. ایک شرطیہ جملہ اکثر دو حصوں پر مبنی ہوتا ہے یعنی if-part اور main part پر۔
- "If you come" is the *if-part* and "we shall welcome you" is the *main part*.

318. If you come, we shall welcome you. (*or*) We shall welcome you if you come.	اگر تم آئے تو ہم تمہیں خوش آمدید کہیں گے۔ ہم تمہیں خوش آمدید کہیں گے اگر تم آئے تو۔

3.6.1 Three types of conditional sentences تین قسم کے شرطیہ جملے

In the following sentences verb in the if-part is in the present tense, verb in the main part is in the future tense.

مندرجہ ذیل جملوں میں if-part فعل حال میں ہے تو فعل main part فعل مستقبل میں ہے۔

1.

Open conditional	
319. If she *comes*, we *shall go* with her.	اگر وہ آتی ہے تو ہم اس کے ساتھ جائیں گے۔
320. If she *comes, shall we go* with her?	اگر وہ آتی ہے تو کیا ہم اس کے ساتھ جائیں گے؟
321. If you *read* this book, you *will pass* the examination.	اگر تم یہ کتاب پڑھو گے تو تم امتحان پاس کر لو گے۔

- Here verb in the if-part is in the past tense, verb in the main part is also in the past form.

2.

Unlikely conditional	
322. If they *went* there, they *would* be in trouble.	اگر وہ وہاں گئے تو تکلیف اٹھائیں گے۔
323. They *would be* in trouble if they *went* there.	وہ تکلیف اٹھائیں گے اگر وہاں گئے۔
Would they *be* in trouble if they *went* there?	کیا وہ تکلیف اٹھائیں گے اگر وہاں گئے تو؟
324. If we *met*, we *should talk*.	اگر ہماری ملاقات ہوئی تو ہم گفتگو کریں گے۔

- The condition can or cannot be fulfilled. The tense of the main and if-part should be the same.



3.

Unreal conditional غیر حقیقی شرطیہ	
325. If you *had called* him, he *would have come*. (*or*) *Had you* called him, he *would have* come. [Sentences beginning with "had" not much in use]	آپ نے اسے بلایا ہوتا تو وہ آجاتا۔
Would he *have* come if you *had called* him?	کیا وہ آجاتا اگر آپ نے اسے بلایا ہوتا؟

3.

326. If we *had gone* there, *could* we not *have met* them?	اگر ہم وہاں گئے ہوتے تو کیا ہم ان سے نہیں مل سکتے تھے؟
327. If she *had been* busy, we *could not have met* her.	وہ مصروف ہوتی تو ہم اس سے نہیں مل سکتے تھے۔
328. My friend *might have bought* that diamond ring if he *had been* a multi-millionaire. (*or*) It is possible my friend *would have bought* the diamond ring if ...	ہو سکتا ہے میرے دوست نے وہ ہیرے کی انگوٹھی خرید لی ہوتی اگر وہ کروڑ پتی ہوتا۔

329. If we *had travelled* to Kuwait by plane, we *would have reached* there early.
330. If we *had travelled* to Kuwait by ship, we *would have reached* there quite late.

- Sentence 327: "had been" comes before "busy," an adj. "Been" is used in passive voice or when other parts of speech except the verb are used. See sentence 327 and 333.

331. If we *had been greeted* by our neighbours, we *would have answered* them in great joy.	اگر ہمیں سلام کیا گیا ہوتا، ہمسایوں کی جانب سے تو ہم نے انہیں بہت خوشی سے جواب دیا ہوتا۔
332. The students *might have been promoted* if they *had* passed two of their subjects.	طلباء کو اگلی کلاس میں چڑھا دیا گیا ہوتا اگر وہ دو مضمونوں میں پاس ہو گئے ہوتے۔
333. I must *have been* in a hurry if I *had been* with you.	میں ضرور جلدی میں ہوتا اگر آپ کے ساتھ ہوتا۔
334. If you *are* told about this secret, you *will be* surprised.	اگر آپ کو اس راز کے بارے میں بتا دیا جائے تو آپ حیران ہو جائیں گے۔
335. If I *were* in your place, I *could pass.*	اگر میں آپ کی جگہ ہوتا تو امتحان پاس کر سکتا۔
336. If I *had been* in your place, I *would have passed.*	اگر میں آپ کی جگہ ہوتا تو امتحان میں پاس ہو جاتا۔
337. If X *had been* ill, he *might have failed.*	اگر ایکس بیمار ہوتا تو ہو سکتا ہے کہ وہ فیل ہو جاتا۔
338. If I *had met him,* I *must have talked* to him.	اگر میں اس سے ملتا تو ضرور اس سے بات کرتا۔
339. If they had had a TV, they could have seen this news.	اگر ان کے پاس ٹیلیویژن ہوتا تو وہ اس خبر کو دیکھ سکتے تھے۔
340. If I *had been* with *you*, you *could have been* saved from your enemies.(preposition "with" used)	اگر میں تمہارے ساتھ ہوتا تو تمہیں تمہارے دشمنوں سے بچایا جا سکتا تھا۔
341. *Would* he have come if you had called him?	اگر آپ نے اسے بلایا ہوتا تو کیا وہ آ جاتا؟

- To make a sentence interrogative a slight change in the order of words is required.

342. If you *had called* him, *would* he *have come*?	اگر تم نے اسے بلایا ہوتا تو کیا وہ آ جاتا؟
343. If we *had gone* there, *could* we not *have met* them?	اگر ہم وہاں گئے ہوتے کیا ہم مل سکتے تھے؟
344. If I *were* in your place, *could* I *do* this?	اگر میں تمہاری جگہ ہوتا کیا ایسا کر سکتا تھا؟
345. Could I *have had* a talk with her if I *had met* her?	کیا میں اس سے بات کر سکتا تھا اگر میں اسے ملا ہوتا؟
346. If the Pak-India war *had continued* in 1965, *could* Kashmir *have been annexed* (joined) to Pakistan?	اگر 1965ء میں پاک و ہند جنگ جاری رہتی تو کیا کشمیر کا پاکستان کے ساتھ الحاق ہو جاتا؟

Passive (if-part):

347. If she *had been invited,* the party *would have been more* colourful.	اگر اسے مدعو کیا گیا ہوتا تو پارٹی زیادہ رنگین ہوتی۔
348. Our society *would have been better* if the leaders *had been wise.*	ہمارا معاشرہ بہتر ہوتا اگر لیڈر عقلمند ہوتے۔

Question: *Wouldn't* the party *have been* more colourful if she *had been invited* to the party?

349. If Saghir *had won* the match, he *would have been given* a prize. (...*would* he *have been given* a prize?)	اگر ساغر میچ جیت جاتا اسے انعام دے دیا جاتا۔ اگر ساغر میچ جیت جاتا کیا اسے انعام دے دیا جاتا؟

3.6.2 Other forms of conditional sentences

1. One thing depending on another–use of "unless." ایک بات کا دوسری پر انحصار

350. I shall not pass *unless* you teach me. (*or*) *Unless* you teach me I shall not pass.	میں پاس نہیں ہوں گا جب تک آپ مجھے پڑھائیں گے نہیں۔
351. She will buy the useless watch *unless* you stop her.	وہ بیکار گھڑی خرید لے گی اگر آپ اسے روکیں گے نہیں۔

2. Wish or feeling for the future and past. مستقبل اور ماضی سے متعلق خواہش کا اظہار

Past Tense used for the future (past-future):

352. We *wish* we *could* travel around the world.	اے کاش کہ ہم دنیا کے گرد سفر کر سکتے۔
353. I *wish* I *were* in control of the affairs of the country.	کاش میرے کنٹرول میں ملک کے معاملات آ جائیں۔

Stronger:

354. *Would that* we *could* travel around the world!	اے کاش ہم دنیا کے گرد سفر کر سکتے!
355. *It is high time* they all started living together.	یہ بہترین موقع ہے کہ وہ اکٹھا رہنا شروع کر دیں۔
356. If only our country *had* enough oil!	اگر کہیں ہمارے ملک کے پاس بھی کافی تیل ہوتا!

Past perfect is used for wishes in the past and "were" for wishes in the future:

357. I wish I *had not wasted* my time with them.	اے کاش میں نے اپنا وقت ان کے ساتھ ضائع نہ کیا ہوتا۔
358. *Would that* Pakistan had progressed like South Korea after Independence!	اے کاش پاکستان آزادی کے بعد جنوبی کوریا کی طرح ترقی کرتا۔
359. *If only* the Arabs had lived in unity!	اگر کہیں عرب متحد رہتے!
360. We wish China were a superpower in the 21th century. (wish for the future)	ہماری آرزو ہے کہ چین اکیسویں صدی میں ایک سپر طاقت بن جائے۔
361 We wish China had been a superpower in the 20th century. (wish for the past)	کاش چین بیسویں صدی میں سپر طاقت ہوتا۔

3.7 Hints for the exercises

Exercise 1. 1. v.t. *called,* object *me.* 2. v.t. *paint.* 3. v.i. *sleep.* 4. v.i. *clapped.* 5. v.i. *think.* 6. v.i. *advised,* object *I* in passive voice. 7. v.t. *favours,* v.t. *expected,* o. *we;* v.t. *use.* 8. v.i. *succeeds.* 9. v.t. *tell;* v.i. *pinches.* 10. v.i. *attempt, rise;* v.t. *favour.* 11. v.i. *err, forgive.* 12. v.t. *followed,* object *plans.* 13. v.t. *do, need,* (object *which*). 14. v.i. *left.* 15. v.i. *think, believe, lead.* 16. v.t. *visit,* v.i. *talk.*

Exercise 2. 1. are (helping "leaving"). 2. shall, be. 3. have, are. 4. is. 5. had, was. 6. will, shall. 7. are. 8. was. 9. were. 10. have, been. 11. is, do. 12. did. 13. could, have ("did" is main veb because it functions here in place of coming.) 14. is. 15. cannot.

Exercise 3. 1. can (ability). 2. may (pamission). 3. must not (prohibition). 4. can (permission). 5. can (possibility), cannot (inability). 6. do not have (inability). 7. could (inability). 8. could. 9. may (permission). 10. can (possibility). 11. shall.

Exercise 4. 1. looked (connects "angry" with "commander." 2. became. 3. is. 4. was. 5. appeared. 6. were, smelled (connecting "pleasant" with "all" (pronoun). 7. were. 8. was. 9. appeared. 10. were. 11. is, was (connecting "stadium" and "which." 12. was. 13. should be. 14. could have been. 15. sounds, are. 16. was, meant. 17. grew, were. 18. will be. 19. will be, is. 20. feel, are not.

Exercise 6. 1. go to bed. 2. they all (*or* all of them). 3. really (*or* of course). 4. the common people want Pakistan and India to live in peace. 5. how to drive a car. 6. at home. 7. on time 8. well. 9. during their work.

Exercise 7. 1. interesting. 2. blaming me. 3. are struggling against. 4. taking the examination. امتحان دے رہا ہے 5. giving the boys the examination. امتحان لے رہا ہے۔ 6. our neighbours and I are being told about the new census. 7. war conditions. 8. why are the common people of Pakistan not being given higher education?

Exercise 8. 1. the Middle East. 2. has broken down (or gone out of order). 3. plans. 4. have not been included.

Exercise 9. 1. has it been raining since morning? 2. have been exercising (or taking exercise).

Exercise 10. 1. it has not been raining. 2. have not been corresponding with. 3. has been deceiving. 4. bicycling. 5.have not intended.

Exercise 11. 1. the day before yesterday. 2. did not abuse anybody. 3. did not mislead. 4. did not fulfil your responsibilities. 5. praise a lot. 6. for investigations. 7. the college administration. 8. as a present. 9. shelled.

Exercise 12. 1. do stay in our village. 2. did take steps against terrorism.

Exercise 13. 1. were clapping (their hands) in joy. 2. watching historical places. 3. were not listening to music. 4. riding the motorcycle very carelessly. 5. talking about their problems.

Exercise 14. 1. how were these problems being solved? 2. tourists. 3. that it turned over (*or* overturned *or* capsized). 4. a film was being shown to them. (*or*) they were being shown a film. 5. without any reason. 6. plan...opposed.

Exercise 15. 1. interesting. 2. handkerchiefs. 3. had congratulated you on your glorious success. 4. had expressed my joy. 5. had I not advanced you a loan of four thousand rupees?

Exercise 16. 1. the Middle East. 2. after the meal. 3. asked to go for a walk (...go walking). 4. before the establishment of the city governments. 5. had been ordered. 6. where had anti-aircraft guns been installed?

Exercise 17. 1. philosophy. 2. had not been co-operating. 3. to enhance. 4. several. 5. had been trying to make their country equal in power to America. 6. with effort. 7. listening to the lectures regularly. 8. how have you been drawing. 9. despite (in spite of) the shortage of teachers.

Exercise 18. 1. before the departure of the plane. 2. had been resting (or taking a rest).

Exercise 19. 1. experiences. 2. nor will they admit their faults. 3. in the meeting. 4. will be sent abroad. 5. until when. 6. will be deprived of.

Exercise 20. 1. the Swat Valley. 2. departure.

Exercise 21. 1. by evening...taken off. 2. all day (or all through the day). 3. shall we not have constructed our house...? 4. intentions. 5. will the different loans not have been returned...? 6. will China not have been recognized...? 7. we shall have been given the status of an industrial country internationally.

Exercise 22. 1. until the end of the vacation. 2. improving our English. 3. until the start of the rainy season. 4. would not have been getting their houses repaired. 5. sinking their wells themselves. 6. fertilizers.

Exercise 23. 1. is *or* was. 2. were. 3. is, does, shall (*or* may *or* might). 4. are, are (*or* were, were). 5. does, is (*or* did, is *or* was). 6. is *or* was *or* will be *or* may be. 7. are (*or* were, will be, may be, must be, etc.), was. 8. is (*or* was *or* can be, etc.). 9. did (*or* do *or* will). 10. does (*or* did). 11. were. 12. do. 13. have (*or* did *or* may, etc.) 14. shall (*or* will) have. 15. had.

Chapter 4
Translation Passages–Urdu into English

4.1 Examples

1. ایک شخص پیدل اپنے گاؤں سے شہر جا رہا تھا۔ راستہ میں اس کی ملاقات ایک شخص سے ہوئی جو شہر سے اس کے گاؤں آ رہا تھا۔ شہر سے آنے والے شخص نے اس سے پوچھا ''آپ کے گاؤں میں کس قسم کے لوگ رہتے ہیں؟'' دیہاتی نے کہا: ''میرے گاؤں میں سب قسم کے لوگ رہتے ہیں۔ مگر میرے خیال میں وہاں پر اچھے لوگ برے لوگوں سے زیادہ ہیں۔'' پھر دیہاتی نے بھی شہر والے سے اسی طرح پوچھا: ''اچھا مجھے بتایئے آپ کے شہر میں کس قسم کے لوگ رہتے ہیں؟'' شہر سے آنے والے شخص نے جواب دیا: ''انہیں سمجھنا بہت مشکل ہے۔ اب شہر کے لوگ کافی زیادہ بدل چکے ہیں۔''

A person was walking from his village to the city. On the way, he met a person who was coming from the city to his village. The person coming from the city asked him, "What kind of people live in your village?" The villager said, "All manner of people live in my village. But, in my view, good people there are more in number than bad people." Then the villager also asked the man from the city in the same way, "Well, tell me what kind of people live in your city?" The person coming from the city replied, "It is difficult to understand them. Now the people of the city have changed a great deal."

2. سورج ایک ستارہ ہے، جو دوسرے ستاروں کے مقابلے میں ہم سے قریب ہے۔ قریب ہونے کے باوجود زمین سے اس کا فاصلہ بانوے ملین میل ہے۔ زمین سورج کا سیارہ ہے۔ اس لئے وہ مستقل طور پر سورج کے گرد گھومتی رہتی ہے۔ اگر سورج نہ ہو تو زمین پر کوئی زندہ نہیں رہ سکتا۔ ہم سورج پر ہر طرح سے انحصار کرتے ہیں۔ لہٰذا سائنسدان اس کی حالت کے بارے میں جاننے کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے الگ رصد گاہیں بنائی گئیں ہیں اور انسان کے علم میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔

The sun is a star which is nearest to the earth as compared to other stars. In spite of its nearness, its distance from the earth is ninety-two million miles. The earth is a planet of the sun. So it constantly revolves round the sun. If the sun is not there, no living being on earth can remain alive. We are dependent on the sun in every way. Therefore, scientists go on trying to learn about its condition. For this purpose, separate observatories have been set up, and man's knowledge is increasing day by day.

4.2 Exercises on continuous passages

1. میرے دوست اچھے لوگ ہیں۔ وہ سچ بولتے ہیں[1] اور دوسروں کو تکلیف نہیں دیتے۔ آپ ان سے ملیئے اور ان کی روزمرہ کی[2] زندگی دیکھئے۔ وہ اپنا وقت ضائع نہیں کرتے اور اپنا کام باقاعدگی سے کرتے ہیں۔ وہ فارغ وقت[3] میں کھیلتے ہیں یا کہانیوں کی کتابیں پڑھتے ہیں۔ کالج کے اساتذہ ان سے بہت خوش ہیں۔

1. speak the truth. 2. daily life. 3. free time (or leisure).

2. میں نے بہت دنوں کے بعد ایک معلوماتی[1] فلم دیکھی جس کی میری ایک ہم جماعت نے بہت تعریف کی تھی۔[2] میں نے اس کے بارے میں اخبار میں بھی پڑھا تھا۔ یہ ہمارے چاروں صوبوں کی دیہاتی زندگی کے بارے میں تھی۔ اب تک[3] میں نے قومی زندگی سے متعلق[4] اس سے بہتر فلم نہیں دیکھی۔

1. informative. 2. had praised much. 3. until now (*or* so far). 4. concerning national life.

3. پچھلے سال ہماری کلاس کے کچھ طلباء سوات گئے۔ میں بھی ان کے ساتھ تھا۔ گرمیوں کی وہ شام مجھے کبھی نہیں بھولے گی جب ہم ایک پہاڑی پر چڑھنے لگے تو ہمارے ایک ساتھی کے پیٹ میں سخت درد ہو گیا۔[1] اب واپس جانا مشکل تھا کیونکہ جس جگہ ہم ٹھہرے ہوئے تھے ہمارے ہوٹل سے چار کلومیٹر دور تھی۔ ہم کچھ آگے بڑھے[2] تو ہمیں چشمہ کے پانی کے گرنے کی آواز آئی۔[3] جیسے ہی[4] ہمارے ساتھی نے چشمہ کا پانی پیا اس کے پیٹ کا درد ختم ہو گیا۔[5]

1. he began having a severe stomachache. 2. advanced a little further or farther. 3. heard fountain water falling. 4. as soon as. 5. came to an end.

4. ہمارے کافی مسائل[1] اس وجہ سے ہیں کہ ہم ہمیشہ اپنے آپ کو ٹھیک اور دوسروں کو غلط سمجھتے ہیں۔[2] اسکی وجہ سے ہم اپنی غلطی ماننے کو تیار نہیں ہوتے۔ جب کسی سے جھگڑا ہو تو ہم دوسرے فریق یا پارٹی کی وضاحت سننا پسند نہیں کرتے۔[3] لوگوں پر یہی ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ وہ غلطی پر ہیں۔[4] اس تمام صورتحال[5] کی وجہ جہالت ہی نہیں۔ بیوقوفی اور ناسمجھی بھی ہے۔[6]

1. several of our problems. 2. think ourselves to be right and others to be wrong. 3. do not like to listen to the other party's explanation. 4. try to prove to the people that others are in the wrong. 5. the cause of all this situation. 6. not only illiteracy but also foolishness and thoughtlessness.

5. ہمارے پورے معاشرے کو انصار برنی پر فخر ہے۔[1] غالباً وہ وکالت کے پیشے سے تعلق رکھتے ہیں۔[2] لیکن انہوں نے اپنا بیشتر وقت ان انسانوں کے لئے وقف کر دیا[3] ہے جن کے ساتھ بڑی ناانصافی ہوئی[4] ہے۔ وہ ایسے لوگوں کو فوری قانونی اور مالی امداد فراہم کرتے ہیں[5] جو جیل میں بغیر کسی قصور کے بند ہوں۔[6] وہ اغواء شدہ بچوں اور عورتوں[7] کی خاص مدد کرتے ہیں۔ اب تک انہوں نے ہزاروں لوگوں کو ظلم، قید اور لمبی مصیبت سے بچایا ہے۔[8]

1. our whole society is proud of. 2. probably he belongs to the legal profession. 3. devoted most of his time to. 4. who have suffered great injustice? 5. immediately provides legal and financial (or monetary) help to such people. 6. as are imprisoned without any fault of theirs. 7. kidnapped children and women. 8. has saved thousands of people from cruelty, imprisonment and long suffering.

6. اب وہی حکومت بہترین ہوگی جو ملک میں امن قائم کرنے میں کامیاب ہو۔[1] ہم اس دن کے منتظر[2] ہیں جب خیبر سے کراچی تک ملک کے ہر کونے میں ہر شخص بغیر کسی ڈر کے کسی بھی وقت گھر سے باہر نکل سکے گا۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہر شہری اپنے گھر میں اپنے آپ کو پوری طرح محفوظ سمجھے۔[3] ہم خواہش کرتے ہیں کہ ہر شخص سڑک پر لاکھوں روپوں کے ساتھ ایک جگہ سے دوسری جگہ بغیر کسی خطرے کے جا سکے۔ بینک، دکانیں اور ہر طرح کے تجارتی ادارے[4] محفوظ ہونے چاہئیں۔[5] یقیناً ایک طاقتور اور خوب منظم[6] حکومت ہی لوگوں کی مدد سے دہشت گردوں کا صفایا کر سکتی ہے۔[7]

1. that (or which) succeeds in bringing peace to the country. 2. waiting for the day. 3. every citizen should consider himself perfectly safe in his house. 4. business institutions. 5. should be safe in every way. 6. well-organized. 7. can wipe out terrorists.

7. کمپیوٹر آجکل خلائی سفر،[1] ہوائی سفر،[2] طب، انجینئرنگ، حساب کتاب،[3] چھپائی اور زندگی کے بہت سے دوسرے شعبوں میں استعمال کیا جا رہا ہے۔ یہ غیر معمولی طور پر[4] ہر قسم کی معلومات کو آئندہ استعمال کے لئے محفوظ کر لیتا ہے۔[5] آپ خود اپنے بجلی، پانی اور گیس کے بلوں کی ادائیگی کمپیوٹر کے ذریعے کرتے ہیں۔ ہر مہینے یہ پچھلا ریکارڈ دیکھ کر اور نئے اعداد و شمار حاصل کر کے[6] نئے بل ہمارے لئے مہیا کرتا ہے۔

1. space travel. 2. air travel. 3. accounts. 4. in an extraordinary way. 5. stores for future use. 6. after getting new facts and figures.

8. اکیسویں صدی کے سب سے بڑے مسائل میں سے ایک آبادی پر قابو رکھنے کا ہوگا۔[1] ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ملکوں[2] میں تین بڑے فرق ہیں۔ ترقی یافتہ ممالک کی آبادی تیزی سے نہیں بڑھ رہی ہے۔[3] ان ممالک میں اکثر عام لوگ پڑھے لکھے ہیں۔ اور ان میں سائنس اور ٹیکنولوجی نے بہت ترقی کی ہے۔ نتیجتاً[4] ان ملکوں کے وسائل[5] لوگوں کی ضروریات سے زیادہ ہیں یا ان کی ضروریات کے مطابق[6] ہیں۔ اکثر ترقی پذیر ممالک کی آبادی تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ خود ہمارے ملک کی آبادی ہمارے لئے ایک بڑا مسئلہ بن گئی ہے۔ دوسرا بڑا مسئلہ پانی کی بہم رسانی[7] کا ہے۔ اگر ہم نے نئے بند تعمیر نہ کیے[8] تو کافی مقدار میں زراعت اور ذاتی ضروریات کے لیے پانی مہیا کرنا بہت مشکل ہو جائے گا۔[9]

1. one of the greatest problems will be the control of population. 2. developed (advanced) and developing countries. 3. is not increasing fast. 4. as a result. 5. the resources of these countries. 6. according to their needs. 7. the provision of water. 8. if we do not construct new dams. 9. it will be very difficult to provide water in enough quantity for agriculture and personal needs.

9. یہ واقعہ قائداعظم کی زندگی سے لیا گیا ہے۔[1] 1943ء میں لاہور کے ایک مشہور تاجر کتب بمبئی گئے اور قائداعظم سے کہا کہ وہ آپ کی سوانح عمری لکھوانا چاہتے ہیں۔[2] انہوں نے قائداعظم سے دریافت کیا کہ اس کے لئے وہ کسی موزوں آدمی کا انتخاب کریں۔[3] قائداعظم نے اس کے بارے میں اپنے سیکرٹری مطلوب الحسن سے پوچھا۔ مطلوب الحسن نے قائداعظم کو جواب دیا کہ وہ خود اتنے لمبے عرصے سے آپ کے ساتھ رہتے رہے ہیں اور اس لئے دوسروں سے بہتر سوانح عمری لکھ سکیں گے۔ قائداعظم نے کہا کہ وہ سوانح عمری ضرور لکھیں لیکن اس کے لئے شرط یہ ہوگی[4] کہ انہیں قائداعظم کی ملازمت چھوڑنی پڑے گی۔ قائداعظم نے دلیل پیش کی[5] کہ ان کے ساتھ رہنے کی وجہ سے مطلوب غیر جانبداری سے نہیں لکھ سکیں گے۔[6]

1. has been taken from the Quaid-i-Azam's life. 2. wanted to have his biography written. 3. select a suitable person for this. 4. the condition for it would be 5. advanced the argument. 6. because of being with him he would not be able to write impartially.

10. ہماری تاریخ میں مولانا عبدالستار ایدھی کا نام سنہری حروف میں لکھا جائے گا۔[1] یہ عظیم آدمی[2] قوم کی بے لوث خدمت کر رہا ہے۔[3] وہ اپنے ساتھیوں اور رضا کاروں[4] کے ساتھ مل کر مریضوں اور دکھی انسانوں کو ہر قسم کی امداد فراہم کر رہے ہیں۔[5] جب کبھی لوگوں پر سیلاب، زلزلہ یا بیماری کا حملہ ہوتا ہے۔[6] تو ایدھی ٹرسٹ کے کارکن[7] فوری حرکت میں آجاتے ہیں۔[8] ایدھی ایمبولینس زخمیوں اور بیماروں کو ہسپتال پہنچاتی ہیں۔ جہاں کہیں دہشت گرد[9] لوگوں کو زخمی کرتے ہیں یا مار ڈالتے ہیں مولانا ایدھی کی ٹیم طبی مدد[10] کے لئے پہنچتی ہے۔ مولانا ایدھی کا کام عبادت سے بڑھ کر ہے۔[11]

1. will be written in golden letters? 2. this great man. 3. is serving the nation selflessly (or is doing selfless service to the nation). 4. companions and volunteers. 5. is providing every kind of help to patients and human beings in distress. 6. whenever attacked by a flood, earthquake or illness. 7. members. 8. immediately come into action. 9. Terrorists. 10. for medical aid. 11. Is more than worship.

11. ٹیلیفون موجودہ دور کی اہم ترین ایجادات میں سے ایک ہے۔[1] اب ٹیلیفون پر دور تک بات کرنے کے علاوہ[2] بات کرنے والوں کی تصویر بھی دیکھی جا سکتی ہے۔ جاپان میں اس سلسلے میں کامیاب تجربے کئے گئے ہیں۔[3] فرانس اور دوسرے ترقی یافتہ ملکوں میں تصویری ٹیلیفون کا استعمال شروع ہو چکا ہے۔[4] اب مصنوعی سیاروں کے ذریعے[5] ٹیلیفون پر بات چیت کے علاوہ تصویریں بھی دیکھی جا سکیں گی۔ جب عام لوگ تصویری ٹیلیفون اپنے گھروں میں استعمال کرنے لگیں گے تو یہ ٹیلیویژن کی طرح دلچسپی کا باعث ہوگا۔[6] ہمارے ملک میں تصویری ٹیلیفون کا استعمال محدود حد تک[7] شروع ہو چکا ہے۔

1. is one of the most important inventions of the present age. 2. apart from talking long distances by telephone. 3. successful experiments have been conducted (or performed or carried out) in this connection. 4. in France and other advanced countries the use of the picture telephone has started. 5. through artificial satellites. 6. will cause interest like television. 7. to a limited extent.

12. صحیح اسلامی نظام[1] کیا ہے؟ یہ وہ نظام ہے جس میں ہر شخص ترقی کر سکتا ہے۔ اس میں ہر شخص اپنی قابلیت، ذہانت اور ایمانداری کی بنیاد پر بڑے سے بڑے عہدہ پر پہنچ سکتا ہے۔[2] غریب استاد یا کسان پارلیمینٹ کا ممبر اور ملک کا حاکم بن سکتا ہے۔ کوئی بھی امیر طاقتور آدمی کسی کے ساتھ بے انصافی[3] نہیں کر سکتا۔

1. the right Islamic system. 2. on the basis of his ability, intelligence and honesty can reach the highest post. 3. injustice.

13. ٹیلیویژن، ریڈیو، اخبارات اور جرائد[1] کا ایک بڑا مقصد لوگوں کو سماجی[2]، سیاسی، معاشی[3] اور مذہبی معاملات[4] سے متعلق صحیح معلومات فراہم کرنا ہے۔[5] آج کل افواہیں تیزی سے پھیلتی ہیں۔[6] لوگوں کو آسانی سے گمراہ کیا جا سکتا ہے۔[7]

1. magazines or journals. 2. social. 3. economic. 4. matters. 5. to provide information about. 6. rumours spread fast. 7. can be misled easily.

14. مقبوضہ کشمیر[1] میں آزادی کی جنگ[2] کئی سال سے جاری ہے۔ اس جنگ میں ہزاروں کشمیری شہید ہو چکے ہیں۔[3] کشمیریوں کی یہ تحریک[4] بیسویں صدی کی سب سے بڑی آزادی کی تحریکوں میں سے ہے۔ حریت پسندوں[5] نے یہ ثابت کر دیا ہے[6] کہ آزادی کے جذبہ کو کچلا نہیں جا سکتا۔[7] جس طرح سورج کی روشنی کو مستقل طور پر[8] ایک دیوار یا چھت کے ذریعے ختم نہیں کیا جا سکتا آزادی کی تحریک کو چھپایا نہیں جا سکتا۔ ہندوستان کے لیڈر یہ دعویٰ کرتے[9] ہیں کہ ان کا ملک دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت ہے، آبادی کے لحاظ[10] سے۔ لیکن وہ یہ فراموش کر دیتے ہیں[11] کہ انہوں نے طاقت کے ذریعے کشمیر پر قبضہ[12] کیا ہے۔ وہ کشمیریوں کی مرضی کے خلاف حکومت کر رہے ہیں۔[13]

1. The occupied Kashmir, 2. the freedom war (or the war of liberation). 3. have been martyred. 4. one of the greatest freedom movements of the 20th century. 5. freedom lovers. 6. have proved. 7. that the passion of freedom cannot be crushed. 8. permanently. 9. claim. 10. as regards population. 11. but they disregard. 12. Occupied Kashmir by force. 13. ruling against the will of the Kashmiris.

15. ہمارے ملک کی ترقی کی راہ میں ناخواندگی[1] سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔[2] جب پاکستان وجود میں آیا[3] تو یہاں کے لیڈروں نے اس عزم کا اظہار کیا[4] کہ ملک سے جہالت، غربت اور سماجی برائیوں[5] کا خاتمہ کر دیا جائے گا۔[6] اب اکیسویں صدی[7] کے شروع میں ہمارا ملک ان کی زنجیروں میں بری طرح جکڑا ہوا[8] ہے۔

1. illiteracy. 2. the greatest hindrance. 3. came into being. 4. expressed the determination. 5. social evils. 6. will be brought to an end. 7. at the start of the 21st (twenty-first) century. 8. very badly bound in their chains.

16. بڑے سائنسدانوں نے بہت سال پہلے ہمیں یہ بتایا تھا کہ زمین بتدریج ٹھنڈی ہو رہی ہے[1] اور سورج اپنی گرمی کھو رہا ہے۔[2] اب اکیسویں صدی کے شروع[3] میں زمین پر گرمی بتدریج بڑھ رہی ہے۔ ٹھنڈے علاقوں کا درجہ حرارت بڑھتا جا رہا ہے۔[4] یہ پاکستان، ہندوستان، بنگلہ دیش اور دوسرے ترقی پذیر[5] ملک گرم تر ہو رہے ہیں۔ اس کی بڑی وجہ آبادی اور آلودگی میں اضافہ[6]، کیمیائی اشیاء کا وسیع پیمانے پر استعمال[7]، جوہری دھماکے[8]، جنگلات میں کمی[9] وغیرہ ہیں۔ ہمیں فضا[10] کو صاف رکھنے کی کوشش کرنی چاہیے اور زیادہ سے زیادہ درخت لگانے چاہئیں۔

1. is cooling down gradually (slowly and slowly). 2. losing its heat. 3. at the start of the 21st century. 4. heat is gradually increasing on the earth. 5. developing. 6. increase in population and pollution. 7. use of chemicals on a large (vast) scale. 8. nuclear explosions. 9. decrease in forests. 10. the atmosphere.

17. اب پاکستان جیسے ملکوں کے لئے ضروری ہو گیا ہے کہ وہ جوہری توانائی[1] کا آزادانہ وسیع طور پر استعمال کریں۔[2] جوہری توانائی کا پرامن مقاصد کے لئے استعمال[3] ہر قوم کا حق ہے۔ فرانس، جرمنی اور جاپان جیسے ترقی یافتہ ملک[4] اس کے ذریعہ بجلی پیدا کرتے ہیں اور اپنی ترقی کے لئے اسکا استعمال سمندری اور خلائی تحقیق[5]، زیرِ زمین معدنیات کی تلاش،[6] بیماریوں کے علاج وغیرہ کے لئے کرتے ہیں۔ ہمارے سائنسدانوں کو جوہری توانائی کے جدید استعمال کی پوری کوشش سے تحقیق کرنی چاہیے۔[7] اور حکومت کو ان سائنسدانوں کی حوصلہ افزائی کرنا چاہیے۔[8]

1. nuclear energy. 2. use it independently on a vast scale. 3. use for peaceful purposes. 4. advanced countries. 5. sea and space research. 6. search for underground minerals. 7. should do research for (or research on) modern use of nuclear energy. 8. should encourage.

18. تخریب کاروں کو کچلنے[1] میں عام لوگ بہت مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔[2] سب سے پہلے لوگوں کو ایک دوسرے کے ساتھ پورا تعاون کرنا چاہیے۔[3] اگر کسی کے گھر یا دکان میں تخریب کار داخل ہو جائیں تو باہر لوگوں کو اسکی اطلاع ہونی چاہیے۔[4] یہ کسی الارم یا بجلی کے آلہ یا کسی اور طریقے سے بھی ہو سکتا ہے۔ جیسے ہی لوگوں کو تخریب کاری کا پتہ چلے[5] انہیں پولیس کو اطلاع کرنی چاہیے۔ اور انہیں بڑی تعداد[6] میں متاثرہ گھر یا جگہ[7] کے گرد جمع ہو جانا چاہیے۔[8]

1. in crushing terrorists. 2. the common people can prove to be very useful. 3. should co-operate fully. 4. the people outside should have information about it. 5. as soon as the people come to know about the terrorism. 6. in a large number. 7. affected house or place. 8. should gather around.

19. جدید سائنسی ایجادات[1] انسان پر مثبت اور منفی دونوں اثرات ڈالتی ہیں۔[2] مصنوعی سیاروں[3] کی ایجاد اور خلاء[4] میں ان کا استعمال انسان کے لئے کئی لحاظ سے مفید ثابت ہوا[5] ہے۔ مثلاً ان سیاروں نے خلائی تحقیق[6]، زمین کے اندر معدنیات کی تلاش[7] اور ٹی وی پروگراموں کے دور تک دیکھے جانے میں بہت مدد دی ہے۔[8] دوسری طرف[9] انہوں نے خلاء سے ایٹمی حملوں، میزائلوں کے استعمال[10] اور ملکوں کے اندرونی معاملات میں مداخلت[11] کو بہت آسان بنا دیا ہے۔ مصنوعی سیارے ہر ملک کے اوپر پرواز کر سکتے ہیں۔[12] ان میں بہت حساس آلات[13] نصب ہوتے ہیں[14] جو جاسوسی کا کام بخوبی سر انجام دے سکتے ہیں۔[15] مثلاً ان کیمروں سے کسی بھی ملک کی فوجی تنصیبات[16]، سائنسی تجربہ گاہوں[17]، کارخانوں، وغیرہ کی تصاویر لی جا سکتی ہیں۔

1. the modern scientific inventions. 2. have both positive and negative effects on man. 3. artificialsatellites. 4. space. 5. has proved to be useful in several ways. 6. space research. 7. search for minerals under the surface of the earth (*or* for underground minerals) 8. helped very much in viewing TV programmes at long distance. 9. on the other hand. 10. atomic attacks from space, use of missiles. 11. interference in the internal affairs of countries. 12. can fly over every country. 13. very sensitive instruments. 14. are installed. 15. that can very well spy. 16. military installations. 17. scientific laboratories.

20. سندھ اور کراچی میں لاقانونیت[1] کی ایک بڑی وجہ سماجی ناانصافی[2] ہے۔ ہمیں کوشش کرنی چاہیے کہ عام لوگوں میں مایوسی نہ پیدا ہو۔[3] جب بے روزگار پڑھے لکھے لوگ ڈگریاں لئے سڑکوں پر پھریں[4] تو ان میں سے کچھ ڈاکو بننے کی کوشش کر سکتے ہیں۔[5] جب بہت بڑے زمیندار یا جاگیردار[6] غریب جاہل لوگوں[7] کو لگاتار تکلیفیں دیں[8] تو ان ہی سے کچھ ڈاکو بننے کے بارے میں فیصلہ کر سکتے ہیں۔ حکومت کو چاہیے کہ ان اسباب کو بھی دور کرے[9] جن سے ڈاکو وجود میں آتے ہیں۔[10]

1. lawlessness. 2. social injustice. 3. hopelessness (or despondency) is not created. 4. when joblesspeople roam around the roads with degrees in their hands. 5. some of them can decide to become dacoits. 6. very big landowners or feudal lords. 7. poor illiterate people. 8. troublecontinuously. 9. remove those causes. 10. because of which dacoits come into being.

21. علامہ اقبال ہمارے قومی شاعر، فلسفی اور سیاسی لیڈر[1] تھے۔ انہوں نے سیالکوٹ میں سکول کی تعلیم اور گورنمنٹ کالج لاہور میں اعلیٰ تعلیم حاصل کی۔[2] بعد میں انگلستان کی کیمرج یونیورسٹی اور جرمنی کی میونخ یونیورسٹی میں اپنی تعلیم جاری رکھی۔[3] انہوں نے گورنمنٹ کالج لاہور میں پڑھایا اور وکالت بھی کی۔[4] بطور سیاسی رہنما انہوں نے 1930ء میں الہ آباد میں اپنا مشہور خطبہ دیا۔[5] اس میں انہوں نے مسلمانوں کے لئے علیحدہ وطن کا منصوبہ پیش کیا۔[6] پاکستان واقعتاً ان کی سوچ و فکر کے مطابق ہے۔[7]

1. national poet, philosopher and political leader. 2. got higher education. 3. continued his education in the Cambridge University and the Munich University. 4. also worked as a lawyer. 5. delivered his famous address. 6. presented the plan of a separate motherland (or fatherland) for the Muslims. 7. is, in fact, according to his thought

22. روس میں کمیونزم کی ناکامی کے بعد[1] افغانستان اور پاکستان اکٹھے دوستوں کی طرح رہ سکتے تھے۔[2] اکثر افغان مہاجرین جو ہمارے معزز مہمان[3] تھے واپس اپنے وطن[4] چلے گئے۔ پاکستانیوں کی قدرتی خواہش[5] ہے کہ افغانستان میں ایسے حالات پیدا ہوں[6] کہ وہاں کے تمام رہنے والے امن اور سکون کے ساتھ ترقی کر سکیں۔[7]

1. after the failure of Communism in Russia. 2. could live together like friends. 3. most of the Afghan refugees who were our honourable guests. 4. homeland. 5. natural desire. 6. such conditions may be created. 7. all the inhabitants there may be able to progress in peace and calmness.

23. یہ میری زندگی کا ناقابل فراموش واقعہ[1] ہے۔ میں اپنے کچھ دوستوں کے ساتھ ایک بلند پہاڑی پر چڑھ رہا تھا۔ جب ہم اس کے درمیان میں پہنچے تو میرا پاؤں پھسل[2] گیا کیونکہ اس جگہ کچھ پتھر بے ترتیب حالت میں پڑے تھے۔[3] میں تیزی کے ساتھ نیچے آ رہا تھا۔ مجھے پورا یقین تھا کہ میں چند لمحوں میں زمین پر جا گروں گا۔ اسی وقت میں ایک درخت کی شاخوں پر گر پڑا اور ان میں الجھ گیا۔[4] میں نے اپنے ساتھیوں کو آواز دی اور وہ خوشی سے چلانے لگے۔[5]

1. unforgettable incident. 2. my foot slipped. 3. some stones were lying in an irregular way. 4. got entangled. 5. began crying in joy.

24. حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم[1] نے تمام زندگی سچائی اور انصاف کے لئے جدوجہد کی۔[2] جب آپ جوان ہوئے تو مکہ میں تمام لوگ آپ کی بہت عزت کرتے تھے۔ وہ آپ پر مکمل اعتماد کرتے تھے۔[3] آپ کی دیانتداری کی شہرت حضرت خدیجہ نے بھی سنی۔[4] انہوں نے آپ کو اپنا قیمتی تجارتی سامان دے کر شام بھیجا۔[5] انہوں نے مکمل دیانتداری سے حضرت خدیجہ کا سامان فروخت کیا۔ اس طرح حضرت خدیجہ کو پہلے سے کہیں زیادہ منافع حاصل ہوا۔[6]

1. Hazrat Muhammad (may peace be upon him). 2. struggled for truth and justice. 3. they had complete confidence in him. 4. heard about his fame for honesty. 5. sent him to Syria with her precious merchandise. 6. in this way Hazrat Khadijah earned far more profit than earlier.

25. دہشت گردی[1] بہادری[2] نہیں بلکہ بزدلی[3] ہے۔ ہم سمجھ نہیں سکتے کہ کس طرح ایک انسان کسی بھی وجہ سے عام لوگوں کو بم یا کسی اور ہتھیار سے مار ڈالنے کا فیصلہ کر لیتا ہے۔[4] ہمارے عزیز ملک کے بہت سے بے گناہ شہری[5] بم کے دھماکوں[6] میں ہلاک ہو چکے ہیں۔[7] بہت سال پہلے[8] ہمارے بہت سے ہموطنوں[9] کو ہتھوڑوں سے بے دردی کے ساتھ مار ڈالا گیا تھا۔[10] اسلام میں ایک بے گناہ آدمی کا قتل تمام انسانیت کے قتل کے برابر ہے۔[11] خدا کسی قاتل کو کبھی معاف نہیں کرے گا۔[12]

1. terrorism. 2. bravery. 3. rather it is cowardice. 4. how a person decides to kill common people with a bomb or with any other weapon. 5. many innocent citizens. 6. in bomb explosions. 7. have got killed. 8. many years earlier. 9. many of our countrymen (or compatriots). 10. had been killed mercilessly with hammers. 11. in Islam, the murder of one person is equal to the murder of all humanity. 12. will never pardon any murderer.

26. فلسطین کا مسئلہ[1] بہت حد تک[2] کشمیر کے مسئلہ کی طرح ہے۔ فلسطین پر یہودیوں[3] نے قبضہ کر کے اسرائیل کی ریاست قائم کی[4] اور فلسطینیوں کو نکال باہر کیا یا اقلیت میں تبدیل کر دیا۔[5] ہندوستان نے جموں اور کشمیر پر قبضہ کر لیا اور کشمیریوں کو اپنا غلام بنانے کی کوشش کی۔[6] آزادیٔ فلسطین[7] کے لئے فلسطین کی جنگ آزادی[8] شروع کی گئی۔ کشمیر کی آزادی کے لئے کشمیریوں نے اپنی جدوجہد[9] تقسیم ہند کے فوراً بعد[10] شروع کی جو اب تک جاری ہے۔[11]

1. the Palestine problem. 2. to a large extent. 3. the Jews. 4. established the state of Israel. 5. turned the Palestinians out or turned (changed) them into a minority. 6. occupied Jammu andKashmir and tried to enslave the Kashmiris. 7. the independence of Palestine. 8. the Palestine Freedom War (or war of liberation) was started. 9. struggle. 10. Soon after the Partition of India. 11. which is still continuing.

27. صرف تعلیمی اور معاشرتی نظام کی تبدیلی[1] ہمارے قومی مسائل حل کر سکتی ہے۔[2] آبادی میں تیزی کے ساتھ اضافہ[3] بہت حد تک جہالت کی وجہ[4] سے ہے۔ صنعتی اور زرعی پسماندگی[5] کی بڑی وجہ ہمارے عوام کی جہالت ہے۔ جمہوریت کی ناکامی[6] جاگیرداری نظام کی وجہ سے[7] ہے۔ کیا آپ کو علم ہے کہ ہماری پارلیمنٹ کے بیشتر ارکان بڑے جاگیردار ہیں؟ ہمارے اکثر کسان اور مزدور جاہل ہیں۔ وہ صحیح طور پر ووٹ کا حق استعمال نہیں کر سکتے۔[8] وہ زندگی میں مناسب طور پر ترقی نہیں کر سکتے۔[9] وہ یہ نہیں جانتے کہ وہ کتنے بڑے کام کر سکتے ہیں۔

1. change in the educational and social system. 2. can solve our national problems. 3. rapid increase in population. 4. to a great extent because of illiteracy. 5. agricultural and industrial backwardness. 6. failure of democracy. 7. due to the feudal system. 8. cannot use the right of vote. 9. cannot progress suitably.

28. ہمارے ملک کا سب سے بڑا مسئلہ یہاں کا معاشرتی نظام[1] ہے۔ ایک طرف تو امیر ترین لوگوں کا طبقہ[2] ہے جو ملک کی آبادی کا پانچ فیصد[3] بھی نہیں ہے۔ دوسری طرف کروڑوں عام لوگ ہیں جو بہت غریب ہیں۔ درمیان میں کافی بڑا متوسط طبقہ[4] ہے جو نہ امیر ہے اور نہ غریب۔ زیادہ تر[5] قابل استاد، سائنسدان، وکیل، ڈاکٹر، انجینئر اور مشہور کھلاڑی اور فنکار اسی سے تعلق رکھتے ہیں۔[6] ہماری ذہنی[7] اور تہذیبی ترقی[8] کا دارومدار اسی پر ہے۔[9] ہمیں اس کی قدر کرنی چاہیے۔[10] اور اسے ترقی کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کرنے چاہئیں۔[11]

1. social system. 2. the class of the richest people. 3. five percent. 4. the middle class. 5. mostly. 6. belong to it. 7. intellectual. 8. cultural progress. 9. depends on it. 10. should value it. 11. should provide it, the greatest number of opportunities for progress.

29. یہ پاکستان کے وجود میں آنے سے چند سال پہلے کا واقعہ ہے۔[1] قائداعظم دہلی میں تھے کہ عید آ گئی۔ آپ عید کی نماز پڑھنے دہلی کی مشہور جامعہ مسجد میں گئے۔ ان کے ساتھ مسلم لیگ کے کئی رکن[2] بھی تھے۔ جب عید کی نماز سے فارغ ہوئے[3] تو ایک رکن اٹھے اور رسم کے مطابق[4] مبارک باد دی اور گلے ملنے کی کوشش کی۔[5] قائداعظم نے عید مبارک کا جواب دیا[6] اور کہا کہ انہیں افسوس ہے وہ گلے نہیں مل سکتے۔ انہوں نے اس کی وجہ یہ بتائی کہ وہاں موجود ایک لاکھ مسلمانوں سے گلے نہیں مل سکتے۔ اگر وہ ایک شخص سے گلے ملتے ہیں تو پھر یہ ان کا فرض بن جاتا ہے[7] کہ وہ ان تمام مسلمانوں سے اسی طرح ملیں۔

1. an incident a few years before the creation of Pakistan...(before the coming into being of Pakistan). 2. members. 3. after he had said his Eid prayer. 4. according to ceremony. 5. greeted him and tried to embrace him. 6. answered the greeting. 7. becomes his duty.

30. شہروں میں مزدور اور گاؤں میں کسان تعلیم یافتہ ہونے چاہئیں۔ تب ہی[1] ملک میں اعلیٰ درجہ کی صنعتی اور زرعی ترقی[2] ممکن ہے۔ جس صنعتی اور زرعی انقلاب کی ہمیں ضرورت[3] ہے ضرور آنا چاہیے۔ ہمیں بہترین قسم کی مشینری استعمال کرنی چاہیے۔ لیکن اس بہترین مشینری کو استعمال کرے گا کون؟ جاہل مزدور اور کاریگر[4] سائنس کے بنیادی اصول[5] اور مشینوں کو استعمال کرنے کی ہدایات[6] پڑھ نہیں سکتے۔[7] وہ ہمارے لئے زیادہ کارآمد نہیں۔ جو کاریگر کمپیوٹر کے استعمال کو نہیں سمجھ سکتے آج کل بہت حد تک بے کار ہیں۔[8]

1. only then. 2. industrial and agricultural progress of a high order 3. the industrial and agricultural revolution that we need. 4. illiterate labourers and technicians. 5. the basic principles of science. 6. the directions to operate (or work) machines. 7. cannot understand by reading them. 8. are idle to a great extent.

31. عموماً 1789ء کے انقلاب فرانس[1] کے اس اعلان[2] کو انسانی حقوق کا سب سے پہلا اعلان کہا جاتا ہے۔[3] اس کے الفاظ غور سے سنیں: "تمام انسان آزاد پیدا ہوئے ہیں۔[4] اس لئے سب کے حقوق مساوی ہیں۔ ہر شخص کو تقریر و تحریر کی پیدائشی آزادی حاصل ہے۔[5] ہر انسان اپنے ارادے اور اختیار[6] سے جو کام کرنا چاہے کر سکتا ہے۔ صرف اس کام کی اجازت نہیں ہوگی جس سے دوسروں کو تکلیف یا نقصان پہنچے۔"

1. the French Revolution. 2. declaration. 3. is said to "be the first declaration of human rights." 4. have been born equal. 5. has the freedom of speech and writing by birth. 6. by intention and choice.

32. اکیسویں صدی میں امریکہ کو چین کی طاقت کا چیلنج قبول کرنا ہوگا۔ بے شک آجکل دنیا کی صرف ایک سپر طاقت[1] ہے یعنی امریکہ۔ مگر بہت ممکن[2] ہے کہ سائنسی، معاشی اور دفاعی میدانوں[3] میں چین اپنے سیاسی اور سماجی نظام اور ترقی کی رفتار کی بدولت[4] بہت آگے نکل جائے۔[5] امریکہ کے علاوہ جاپان، کوریا، ہندوستان اور اس علاقہ کے دوسرے ترقی یافتہ اور ترقی پذیر[6] ممالک کو چین کی بڑھتی ہوئی قوت کا سامنا ہوگا۔[7]

1. superpower. 2. is very much possible. 3. in the scientific, economic and defence fields. 4. because of (on account of) her political and social system and rate of progress. 5. may go much beyond. 6. developed and developing. 7. will be facing the increasing power of.

33. یہ کہا جاتا ہے[1] کہ ہمارے ملک میں دشمن کے جاسوس یا ایجنٹ گڑبڑ کے ذمہ دار ہیں۔[2] آپ یہ نہ بھولیے کہ دشمن ہمارے ملک کے خلاف اس کے کچھ لوگوں کی مدد کے بغیر کچھ

نہیں کر سکتا۔ ہمارے ملک میں کچھ میر قاسم اور میر جعفر ہیں[3] اور یہ ہر ملک میں ہوتے ہیں۔ دشمن ان کی ہی مدد سے دہشت گردی پھیلاتا ہے۔[4] اور یہ غدار اپنا کام مکمل کر کے انسانوں کے سمندر میں کود پڑتے ہیں۔[5]

1. it is said. 2. the spies or agents of the enemy are responsible for the disorder. 3. there are some Mir Qasims and Mir Jafars. 4. it is with their help only that the enemy spreads terrorism around. 5. and these traitors jump into the sea of people after finishing their work.

34. آپ سب نے یہ خبر تعجب کے ساتھ پڑھی ہوگی[1] کہ ایک بڑی مچھلی ایک تیراک کو سمندر میں نگل گئی۔[2] مچھیروں نے اس مچھلی کو فوراً ہی پکڑ لیا۔ جب اسکا پیٹ کاٹا تو وہ انسان زندہ باہر نکل آیا۔[3] اسے نہلایا گیا[4] اور نئے کپڑے پہنائے گئے۔[5] پھر اسکی مچھلی کیساتھ تصویر لی گئی۔[6] ایسے واقعات یہ ثابت کرتے ہیں[7] کہ اللہ تعالیٰ کی مرضی ہو[8] تو انسان بڑے سے بڑے خطرہ سے بچ جاتا ہے۔[9]

1. you will have read the news with interest. 2. swallowed a swimmer. 3. came out alive. 4. was bathed. 5. was clothed in new dress. 6. was photographed. 7. prove. 8. if God wills. 9. is safe in the greatest danger.

35. دہشت گردی[1] کے خاتمہ کیلئے حکومت اور عام لوگوں کو مل کر کام کرنا چاہیے۔ دہشت گرد[2] خراب سیاسی اور معاشی حالات کا فائدہ اٹھاتے ہیں۔[3] ان کا مقصد ان حالات کو مزید خراب کرنا[4] اور لوگوں میں حکومت کے خلاف نفرت بڑھانا ہے۔[5] ان کا تعلق دوسرے ملکوں کی خفیہ تنظیموں[6] اور ملک کے اندر خطرناک پارٹیوں سے ہوتا ہے۔ پولیس کا فرض ہے کہ جب بھی[7] اور کہیں بھی[8] اسے دہشت گردوں کا پتہ چلے[9] تو وہ فوری طور پر قدم اٹھائے۔[10] انہیں دہشت گردوں کو زندہ پکڑنے[11] کی ہر ممکن کوشش کرنی چاہیے۔[12]

1. terrorism. 2. Terrorists. 3. take advantage of bad political and economic conditions. 4. to further worsen those conditions. 5. to increase hatred in the people against the government. 6. secret organizations. 7. whenever. 8. wherever. 9. they come to know of terrorists. [*The word "police" is always used in the plural form*] 10. they should immediately take steps. 11. to catch terrorists alive. 12. make every possible effort.

36. ترقی یافتہ[1] ملکوں کے بیشتر لوگ پڑھے لکھے ہوتے ہیں۔ مرد اور عورتیں ساتھ ساتھ زندگی کے مختلف شعبوں میں کام کرتے ہیں۔[2] قابل اور ذہین[3] اشخاص بڑے سے بڑے عہدے[4] کو حاصل کر سکتے ہیں۔ وہ سیاسی پارٹیوں کے ذریعہ پارلیمنٹ کے ممبر،[5] وزیر اور حکمران[6] بن سکتے ہیں۔ ہر وہ کام کر سکتے ہیں جس کے وہ اہل[7] ہوں۔ ان کی مدد حکومت کرتی ہے اگر وہ آگے بڑھنا چاہیں اور ان کے پاس کافی پیسہ نہ ہو۔

1. advanced. 2. work side by side in different fields of life. 3. intelligent. 4. post. 5. members of Parliament. 6. rulers. 7. for which they are fit (which they are fit for).

37. فضا کی آلودگی[1] اکیسویں صدی کا بہت بڑا مسئلہ ہے۔ بیسویں صدی کے وسط سے دنیا اس سے پریشان[2] ہے۔ اس کی وجہ مشینوں کا زیادہ استعمال، آبادی میں زبردست اضافہ[3] اور جنگلات کا کم[4] ہونا ہے۔ انسان نے درخت کاٹ کر خالی جگہ مشینیں لگائیں، گھر بنائے اور فضا کو دھوئیں کے بادلوں سے بھر دیا۔ زمین پر کاروں اور بسوں کے دھوئیں سے اپنی صحت خراب کر لی۔ اب زمین گرم ہو رہی ہے۔ شہروں میں ہوا صاف نہیں رہی ہے۔

1. pollution of the atmosphere. 2. has been worried. 3. tremendous increase in population. 4. decrease in forests.

38. دوستی کی کوئی قیمت نہیں ہوتی۔[1] یہ وہ دولت ہے جو استعمال سے بڑھتی ہے۔[2] دنیا کا کوئی بینک اتنا بڑا نہیں جو اسے رکھ سکے۔ یہ روحانی غذا[3] ہے جو عام غذا سے کئی درجہ بہتر ہے کیونکہ یہ دل کو مطمئن کرتی ہے اور دماغ کو تقویت دیتی ہے۔[4] ایک اچھا دوست عام رشتہ داروں سے کہیں بہتر[5] ہے۔ وہ آپ کا مشکل میں ساتھ دیتا ہے اور اچھے حالات میں آپ کی خوشی میں شریک رہتا ہے۔[6] وہ آپ کی کسی چیز میں دلچسپی نہیں رکھتا۔[7] اس کی سب سے بڑی دلچسپی آپ خود ہیں۔[8]

1. is priceless or invaluable. 2. wealth that increases by use. 3. spiritual food. 4. satisfies the heart and strengthens the mind. 5. far superior to. 6. supports you in difficulty and participates in your joy in good conditions. 7. is not interested in. 8. interest.

39. پاکستان کے کروڑوں لوگوں میں سے ہر ایک کا حق ہے[1] کہ وہ اپنی صلاحیت کے مطابق ترقی کرے۔[2] وہ غریب ہو یا امیر اسے ترقی کے مناسب مواقع ملنے چاہئیں۔ اگر ایک گاؤں کا غریب بچہ قائداعظم یا عبدالقدیر خان کا دماغ رکھتا ہو[3] تو یہ قوم کے فائدہ میں ہے کہ وہ اس کا سیاستدان یا سائنسدان بنے۔ اگر اس بچے کو مزدور یا کسان بنایا جاتا ہے تو قوم کو زبردست نقصان پہنچتا ہے۔[4] ہمارے سماجی نظام کی سب سے بڑی کمزوری[5] یہ ہے کہ ایک خاص طبقہ کے لوگ پارلیمنٹ میں بیٹھ سکتے[6] ہیں یا سب سے بڑے عہدوں تک پہنچ سکتے ہیں۔[7]

1. it is the right of everyone of the crores of people of Pakistan. 2. to progress according to his capacity. 3. possesses the mind of the Quaid-e-Azam or Abdul Qadeer Khan. 4.

the nation suffers tremendous loss. 5. the greatest weakness of our social system. 6. the people of a particular class can sit in parliament. 7. or can reach the highest posts.

40. موجودہ حالات میں[1] سب سے اہم ضرورت[2] پیداوار بڑھانے[3] اور قیمتوں کو کم کرنے کی ہے۔[4] عام آدمی[5] معاشی طور پر بہت پریشان ہے۔[6] اسکی آمدنی اسکے روزمرہ کے اخراجات[7] سے کم ہے۔ کم آمدنی کے پیش نظر[8] روزمرہ استعمال کی چیزوں[9] مثلاً آٹا، چینی، سبزیاں، کپڑے اور جوتوں کی قیمتیں کم ہونی چاہئیں۔ یہ اسی صورت میں ممکن ہے[10] کہ زراعتی اور صنعتی پیداوار میں زبردست اضافہ ہو[11] اور لوگ دن رات محنت کریں۔

1. in the present conditions. 2. the most important need. 3. to increase production. 4. to decrease or bring down prices. 5. the common man. 6. is worried economically. 7. everyday expenses. 8. in view of the meagreness of income. 9. things of daily use. 10. only possible when. 11. there is tremendous increase (use) in agricultural and industrial production.

41. ہر ملک کو ترقی کرنے کے لئے امن کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر بیرونی جنگ جاری ہو[1] تو ترقی رک جاتی ہے۔ اگر اندرونی طور پر[2] ملک میں ہنگامے ہو رہے ہوں[3] تو لوگ پریشان رہتے ہیں۔[4] تجارت، صنعت، سائنس اور تعلیم خوشگوار حالات میں فروغ پاتے ہیں۔[5] یہ بھی درست ہے کہ جنگی تیاریوں کے دوران[6] کئی ایجادات ہوتی ہیں۔[7] لیکن یہ اس وقت ہوتا ہے جب ایک ملک بیرونی خطروں سے مقابلہ کی تیاری کر رہا ہو[8] اور لوگ آپس میں لڑ نہ رہے ہوں۔[9]

1. if a foreign war continues. 2. internally. 3. there are disturbances. 4. people remain worried. 5. thrive (or progress) in pleasant conditions. 6. during war preparations. 7. several inventions are made. 8. when a country is preparing to face foreign dangers. 9. and the people are not fighting with one another.

42. جاوید: رضا آپ کیسے ہیں؟

رضا: ہیلو جاوید۔ میں بالکل ٹھیک ہوں۔ کیا آپ آسٹریلیا سے مستقل طور پر واپس آ گئے ہیں۔[1]

جاوید: مستقل طور پر واپس نہیں آیا ہوں۔ ایک سال بعد گرمیوں کی چھٹیوں میں وطن آنے کا موقع ملا تو آ گیا۔ اب چھٹیاں ختم ہوں گی تو واپس چلا جاؤں گا۔ دل یہیں آپ کے پاس چھوڑ جاؤں گا، جسم لے جاؤں گا۔

رضا: واقعی آپ کو اپنے ملک سے بہت محبت ہے۔ مجھے تعجب ہے[2] کہ آپ نے فیصل آباد کی زراعتی یونیورسٹی میں کیوں اپنی پڑھائی جاری نہیں رکھی۔[3] یہ یونیورسٹی بڑی ہے اور مشہور بھی۔[4]

جاوید: واقعی ہمیں اپنی فیصل آباد کی زراعتی یونیورسٹی پر فخر ہے۔[5] میں آسٹریلیا اپنے علم میں اضافہ کرنے گیا ہوں۔[6] میری ہی طرح[7] آسٹریلیا کے زراعتی ماہرین[8] اور طلباء بھی پاکستان آئیں گے اور ہم سے سیکھیں گے۔

1. have you returned permanently (for good) from Australia? 2. i am surprised. 3. you did not continue your studies at the Faisalabad Agriculture University. 4. is big as well as famous. 5. are proud of. 6. have gone to increase my knowledge. 7. just like me. 8. the Australian agricultural experts.

43. نبیلہ نے پڑھنا شروع کیا تو ٹیلیویژن پر ڈرامہ بھی شروع ہو گیا۔ ڈرامہ کافی دلچسپ[1] تھا۔ اس لئے وہ پڑھائی جاری نہ رکھ سکی[2] اور ٹیلیویژن کے سامنے بیٹھ گئی۔[3] ڈرامہ کے بعد کوئی اور پروگرام شروع ہو گیا اور کوئی دو گھنٹے گزر گئے۔ پھر نبیلہ نے کھانا کھایا اور جلدی ہی سو گئی۔[4] کچھ ہفتے وہ ٹیلیویژن اسی طرح دیکھتی رہی۔[5] اس کی پڑھائی بری طرح متاثر ہوئی۔[6] جب وہ کالج کے دو امتحانوں میں فیل ہو گئی تو اس نے فیصلہ کیا کہ ہماری زندگی تیزی سے گزر رہی ہے۔ ہمیں زیادہ وقت زندگی کو بہتر بنانے میں استعمال کرنا چاہیے۔ امید ہے کہ نبیلہ کامیاب ہو گی۔[7]

1. quite interesting. 2. could not continue studying. 3. sat in front of the TV. 4. went to sleep rather early. 5. went on watching TV like this. 6. her studies suffered badly. 7. it is hoped. 8. will succeed (or will be successful).

44. (Passive) ہمیں اس دفتر میں اپنے فرائض کے بارے میں بتایا گیا ہے۔ ہمیں کہا گیا ہے کہ صبح آٹھ بجے دفتر پہنچیں اور تین بجے تک دفتری کام میں مشغول رہیں۔[1] ہمیں یہ بھی تنبیہ کی گئی ہے[2] کہ خوشامد نہ کریں۔[3] "کیا جب میں آپ سے ملنے آیا تو آپ کو اس دفتر کے مختلف حصے دکھائے جا رہے تھے؟"[4] "جی ہاں۔ اور مجھے دفتر میں کام کرنے والوں سے متعارف کیا جا رہا تھا۔"[5]

1. keep busy with official work. 2. have also been warned. 3. not to flatter. 4. were being shown. 5. was being introduced to.

45. پاکستان میں ٹیلیویژن نے بہت ترقی کی ہے۔ اب ہمارے ٹی وی ڈرامے اچھی فلموں سے پیچھے نہیں ہیں۔ بلکہ یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ بہت سے ٹی وی ڈرامے فلموں سے بھی زیادہ پرکشش[1] ہیں۔ اسی لئے جو لوگ ٹی وی رکھتے ہیں وہ زیادہ سینما نہیں جاتے۔

1. even more attractive.

46. ایک ہوائی سفر[1] کے دوران موسم بہت خراب ہوگیا۔ ہوائی جہاز طوفان کے باعث بری طرح ہل رہا تھا۔[2] اس کے اندر اعلان کیا گیا[3] کہ مسافر کسی بھی حادثے کے لئے تیار ہو جائیں۔[4] ایک خاتون اپنی سیٹ پر بہت بے چین ہوگئی۔[5] میں ان کے پاس بیٹھی تھی۔ میں نے ان سے پوچھا کہ کیا انہیں کسی چیز کی ضرورت ہے۔[6] اس خاتون نے روتے ہوئے اپنا بھاری بٹوہ اپنی کوٹ کی جیب سے نکالا اور کہنے لگیں: "تم اسے دیکھ رہی ہو۔ یہ میری دس سال کی بچت[7] ہے۔ میں نے اتنے لمبے عرصہ تک امریکہ میں نوکری کی ہے۔ جو کچھ بچا وہ ڈالروں کی شکل میں اس بٹوہ میں موجود ہے۔ اگر اس جہاز کو حادثہ پیش آ گیا تو میرے یہ آدھے ملین ڈالر تباہ ہو جائیں گے۔"[8]

1. air journey. 2. was shaking very badly because of the storm. 3. was announced. 4. to get ready for any accident. 5. became (got) very nervous. 6. if (or whether) she needed anything. 7. savings. 8. these half a million dollars of mine will get destroyed.

47. "کیا آپ اس پارک میں بچپن میں آیا کرتے تھے؟"[1] میرے دوست نے مجھ سے کہا: "تم یہ سوال مجھ سے کیوں پوچھ رہے ہو؟ میں یہاں ضرور آیا کرتا تھا"[2] میں نے جواب دیا۔ دوست نے کہا "ایک بوڑھا اور اس کی خوبصورت مگر بوڑھی بیوی ہر دوسرے تیسرے دن[3] آ کر ایک درخت کے نیچے بینچ پر بیٹھ جاتے تھے۔ پھر گھاس کے میدان کے ایک کونے میں عجیب طریقے سے اپنے بازو اوپر نیچے کرتے[4] اور مسکرا کر گاتے تھے۔ اس کے بعد وہ خاموشی سے گھر چلے جاتے۔" دوست نے کہا کہ "وہ خاوند بیوی ایک فرانسیسی تھیٹر میں اداکاری کرتے تھے۔ ریٹائر ہونے کے بعد انہوں نے اس پارک میں آنا شروع کر دیا تھا۔ یہاں وہ کچھ دیر بیٹھتے اور ناچتے اور پھر واپس چلے جاتے تھے۔"

1. did you use to come? 2. did use to come here. 3. every second or third day. 4. sent their arms up and down in a strange way.

48. ایران ہمارا ہمسایہ ملک[1] ہے۔ وہاں کے لوگ ہمارے بھائی ہیں۔ اگر کبھی آپ ایران جائیں[2] تو محسوس کریں گے کہ اہل ایران کو پاکستان سے کتنی محبت ہے۔ میں آپ کو مشورہ دوں گا کہ امتحان کے بعد آپ ایران کی سیر کو آئیں۔[3]

1. neighbouring country. 2. if you ever go to Iran. 3. come to Iran on an excursion.

49. آپ نے مجھ سے کئی[1] اہم سوالات کئے ہیں۔ اچھا[2] مجھے ان میں سے سب سے اہم سوال کا جواب دینے دیجئے جو ہمارے ملک سے متعلق[3] ہے۔ آپ اچھی طرح سے شاید نہیں جانتے[4] کہ پاکستان ایک اسلامی ملک ہے۔ اس کا آئین[5] اسلامی ہے۔ دراصل[6] اس ملک کو خدا نے یہاں کے مسلمانوں کو دیا ہے۔ یہاں کے مسلمانوں کو خدا کو خوش رکھنا چاہیے۔[7] انہیں اسلام کے اصولوں پر چلنا چاہیے۔[8] انہیں یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ اسلام انہیں متحد رکھ سکتا[9] ہے اور طاقتور بنا سکتا ہے۔ انہیں یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ اسلام زندگی کے ہر اہم[11] معاملہ[12] میں ان کی رہنمائی کر سکتا ہے۔[13]

1. several. 2. well, let me answer. 3. concerns our country. 4. perhaps do not know well. 5. constitution. 6. in fact. 7. should keep God pleased. 8. should act on Islamic Principles. 9. can keep them united. 10. important. 11. matter. 12. can guide them.

50. میں اپنے ملک کے تقریباً تمام شہروں میں گیا ہوں۔ میں نے چاروں صوبوں کی شہری زندگی سے کافی واقفیت حاصل کر لی ہے۔[1] پچھلے سال میں ملتان گیا۔ وہاں پر میں تین ہفتے ٹھہرا۔ ملتان کو میں نے کافی بڑا شہر پایا۔[2] میں نے اس شہر میں کئی کپڑے کے کارخانے دیکھے۔ ان کارخانوں میں ہزاروں مزدور کام کر رہے تھے۔ جب میں ملتان کے بازاروں میں گیا تو وہاں میں نے بڑی خوشنما[3] دکانیں دیکھیں۔ ان دکانوں میں ہر قسم کی چیزیں بک رہی تھیں۔[4] میری خواہش تھی کہ میں کچھ چیزیں خرید لوں جو کراچی میں رہنے والوں کے لئے نئی ہوں۔[5] میں یہی سوچتا ہوا شہر کے سب سے بڑے بازار میں سے گزر رہا تھا کہ میں نے ایک دکان میں کچھ رومال[6] لٹکے ہوئے دیکھے۔ دکان والے سے انکے متعلق پوچھا۔ اس نے مجھے بتایا کہ وہ رومال اس جگہ کی عورتوں نے بنائے ہیں۔ میں نے ایسے رومال کبھی نہ دیکھے تھے۔ اس لئے انہیں فوراً خرید لیا۔

1. have got quite familiar with. 2. found it to be quite a big city. 3. attractive. 4. were being sold. 5. which (or that) might be new for those living in Karachi. 6. handkerchiefs.

51. ہم نے فیصلہ کر لیا ہے کہ ہم اپنے ملک کی پوری طرح حفاظت کریں گے۔ اگر کوئی بھی شخص اس کے خلاف کچھ کہے گا تو اسے بتائیں گے کہ یہ ملک اس کا اپنا ملک ہے۔ ہم اسے یہ بھی بتائیں گے کہ اس کے ملک کی ترقی اس کی اپنی ترقی ہے۔ اگر کوئی دوسرا ملک ہمارے ملک پر حملہ کرے گا تو ہم ان کے خلاف لڑیں گے۔ اس کا مقابلہ کرنے میں ہم اپنی بری، بحری اور فضائی افواج[1] کی ہر ممکن مدد کریں گے۔[2] ہم اپنے ملک کی ترقی اور خوشحالی[3] کے لئے سخت محنت کریں گے۔ اسے ہم سائنس، صنعت، زراعت اور تجارت کے میدانوں میں دنیا کے سب سے زیادہ ترقی یافتہ ممالک کے ساتھ ترقی کرتے دیکھنا چاہیں گے۔[4] اپنے ان مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے ہم تعلیم کو عام کریں گے۔[5] تعلیم یافتہ شہری[6] ہی ملک کی ترقی کے لئے مناسب طور پر کام کر سکتے ہیں۔[7]

1. the army, navy and air force. 2. shall help in every possible way. 3. prosperity. 4. shall like to see it making progress (or progressing) along with. 5. shall make education

common. 6. educated citizens. 7. can work in a proper way.

52. ایک طالب علم جس کا نام طارق تھا ایک غریب گھرانے میں پیدا ہوا۔[1] وہ اتنا غریب تھا کہ اپنے سکول کی فیس آسانی سے ادا نہ کر سکتا تھا۔ لیکن اسے پڑھائی کا بہت شوق تھا۔[2] اور وہ ہر قیمت پر[3] اپنی تعلیم مکمل کرنا چاہتا تھا۔ وہ روپیہ کمانے کے لئے اخبار فروش بن گیا۔ اس کے والد نے، جو ایک دفتر میں چپڑاسی[4] تھے، اسے اپنی پرانی سائیکل دے دی۔ طارق صبح سویرے اخباروں کے دفتروں سے اخبار اکٹھے کرتا۔ پھر انہیں کچھ گلیوں میں تقسیم کر دیتا۔ کچھ مہینے تک وہ گھر میں پڑھتا رہا۔[5] پھر اس نے سکول میں پڑھائی شروع کر دی۔ میٹرک میں پاس ہوا تو وظیفہ حاصل کیا۔ کالج میں داخل ہوا تو ایف۔ اے پاس کرنے تک اخبار فروش رہا۔ بی۔ اے میں وہ ایک اخبار کا رپورٹر بن گیا۔ اور بی۔ اے کے بعد اسی اخبار میں سب ایڈیٹر بن گیا۔ آج کل وہ اس ملک کے سب سے کامیاب صحافیوں میں سے ایک ہے۔[6]

1. was born into a poor family. 2. was very fond of studies. 3. all costs. 4. peon. 5. went onstudying. 6. one of the most successful journalists.

53. میں آپ سب پر یہ ثابت کرنے کی کوشش کروں[1] گا کہ خوشی اور غم دونوں زندگی میں ہوتے ہیں۔ دنیا کے امیر ترین شخص کی زندگی بھی غم سے خالی نہیں۔[2] غریب ترین لوگوں کے لئے بھی کوئی نہ کوئی خوشی[3] ہوتی ہے۔ مثلاً ایک بہت امیر شخص بیمار ہو سکتا ہے۔ میں نے کچھ ایسے کروڑ پتی[4] دیکھے ہیں جو ہمیشہ بیمار رہتے ہیں۔ میں نے ان سے ان کی زندگی کے بارے میں تفصیل سے[5] بات کی۔ انہوں نے مجھے بتایا کہ اگر وہ بیمار نہ ہوتے تو ان کے لئے یہ دنیا جنت ہوتی۔[6] انہوں نے مجھے بتایا کہ صحت سب سے بڑی دولت ہے۔ اگر ہم دنیا کو غور سے دیکھیں[7] تو ہمیں احساس ہوگا کہ کامیابی کے ساتھ ناکامی، فتح کے ساتھ شکست اور آرام کے ساتھ تکلیف ساتھ ساتھ پائے جاتے ہیں۔[8] اگر ایسا نہ ہوتا تو دنیا میں انسان کے لئے ایک جیسے ہی حالات رہتے۔

1. try to prove to you. 2. is not free from grief. 3. some joy or another (or some joy or other). 4. multi-millionaires. 5. in detail. 6. if they had not been ill, this world would have been a paradise for them. 7. if we look at the world closely. 8. are found together.

54. 1971ء کی پاکستان اور ہندوستان کی جنگ میں مجھے ایک محاذ جنگ[1] پر جانے کا اتفاق ہوا۔[2] میں نے بہت سے فوجیوں سے جنگ کے بارے میں باتیں کیں۔ میں نے ہر جگہ اپنی فوج کے افسروں اور جوانوں کو پر امید[3] پایا۔ وہ کہہ رہے تھے کہ وہ جنگ ضرور جیت جائیں گے اگر انہیں لڑنے کے پورے موقعے دیئے گئے۔[4] انہوں نے مجھے بتایا کہ تعداد میں دشمن کی فوجیں ان کی فوجوں سے تقریباً پانچ گنا ہیں۔ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں[5] کہ وہ دشمن سے کمزور ہیں۔ انہوں نے 1965ء کی ہندو پاک جنگ کا بھی ذکر کیا[6] اور مجھے بتایا کہ اس وقت بھی انہوں نے ہندوستان کو ایک سبق دیا تھا۔ انہوں نے مجھے پرانے زمانے کے[7] مسلمانوں کے بارے میں بتایا جو اپنے سنہری دور[8] میں تعداد میں اپنے سے کہیں زیادہ دشمن کو شکست دے دیا کرتے تھے۔[9]

1. war front. 2. happened to go. 3. hopeful 4. if they were given full chances of fighting. 5. it did not mean. 6. mentioned. 7. of olden times. 8. golden age. 9. used to defeat the enemy much greater in number than they.

55. میں بچپن میں سکول پیدل جایا کرتا تھا۔ میرا اسکول میرے گھر سے تقریباً پانچ میل دور تھا۔ پیدل چلتے ہوئے مجھے عجیب قسم کی خوشی محسوس ہوتی تھی۔ سکول پہنچ کر مجھے بہت زیادہ اطمینان[1] حاصل ہوتا تھا۔ پھر جب میں کلاس میں بیٹھ کر پڑھائی شروع کرتا تو مجھے اس کی اہمیت[2] کا احساس ہوتا۔ میرے سامنے وہ لمبا فاصلہ ہوتا جسے میں طے کر کے سکول پہنچتا۔[3] میں سوچتا کہ میں نے سکول پہنچنے میں اتنی محنت کی ہے۔ اس لئے مجھے کوشش سے[4] پڑھنا چاہیے۔ پیدل چلنے سے میری صحت بھی بہت اچھی رہتی تھی۔ کئی سال تک میں بیمار نہ ہوا۔[5] سکول کی تعلیم ختم کرنے کے بعد بھی میں نے پیدل چلنا جاری رکھا۔[6] میں آج کل بھی روزانہ سات میل پیدل چلتا ہوں۔ کچھ سال ہوئے اخبارات میں ایک حیران کن خبر چھپی تھی۔[7] یہ روس کے کچھ ان باشندوں کے بارے میں تھی جن کی عمر سو سال سے زیادہ ہے اور جو اب بھی صحت مند ہیں۔ یہ لوگ اپنی زندگی میں ہمیشہ پیدل چلتے رہے۔ اور اب بھی میلوں پیدل چلتے ہیں۔

1. satisfaction. 2. importance. 3. that long distance used to be before me covering which I reached school. 4. with effort. 5. did not fall ill. 6. continued walking. 7. surprising news was published.

56. مستقبل میں دنیا کے ساتھ کیا ہونے والا ہے؟[1] اس سوال پر دنیا کے بہت سے فلسفیوں اور مدبر سیاستدانوں[2] نے غور کیا ہے؟[3] مگر فلسفیوں نے اس سوال پر زیادہ گہرے انداز میں سوچا ہے۔ ان میں سے بہت سے یہ سمجھتے ہیں کہ دنیا کے حالات بد سے بدتر ہوتے جا رہے ہیں۔[4] وہ پوری طرح ناامید ہیں۔ وہ یہ کہتے ہیں کہ جب تک دنیا کے ملک ایک دوسرے کے ساتھ امن سے رہنا نہیں سیکھیں گے حالات بہتر نہیں ہوں گے۔ جب تک آدمی آدمی سے دشمنی ختم نہیں کرے گا معاشرہ بہتر نہیں ہو سکتا۔ جب تک آدمی اپنے آپ کو نہیں سمجھتا معاشرہ دوسروں کو کیسے سمجھ سکتا ہے؟

1. what is going to happen to the world in the future? 2. statesmen. 3. have considered. 4. the conditions in the world are getting (becoming) bad to worse.

57. علامہ اقبال اسلام کے سچے عاشق تھے۔[1] وہ مسلمانوں کو متحد[2] اور مضبوط دیکھنا چاہتے تھے۔ وہ تمام دنیا کے مسلمانوں کو ایک قوم سمجھتے تھے۔[3] لیکن وہ یہ بھی جانتے تھے کہ تمام مسلمانوں کا ایک ملک نہیں بن سکتا۔ اس لئے وہ مسلم ملکوں کے درمیان تعاون[4] کو بھی پسند کرتے تھے۔ علامہ اقبال نے خودی سے متعلق خیالات[5] اپنی نظموں میں

خوبصورتی سے ادا کئے ہیں۔ [6] وہ سمجھتے ہیں کہ ہر انسان زبردست ذاتی صلاحیتیں [7] رکھتا ہے۔ انہیں استعمال کر کے وہ آسمانی بلندیوں [8] تک پہنچ سکتا ہے۔

1. true lover of Islam. 2. united. 3. considered them a nation. 4. co-operation. 5. ideas concerning the self. 6. expressed them beautifully. 7. tremendous personal capacities. 8. can reach heavenly heights.

58. کراچی اب ایک بین الاقوامی [1] شہر ہے۔ یہ پاکستان کا سب سے بڑا شہر ہے۔ آزادی کے بعد اسے ملک کا دارالحکومت بنایا گیا۔ بعد میں اس کی جگہ اسلام آباد کو دارالحکومت بنا دیا گیا۔ مگر اس سے کراچی کی اہمیت کم نہیں ہوئی۔ [2] دراصل ایک بہت جدید اور بڑی بندرگاہ ہونے کی وجہ سے اس پر سارے ملک کی بیرونی تجارت کا دارومدار [3] ہے۔ کراچی کا ہوائی اڈہ ایشیا کے سب سے بڑے ہوائی اڈوں میں سے ایک ہے۔ یہاں سے دنیا کے ہر بڑے ہوائی اڈے کی طرف ہوائی جہاز پرواز کرتے ہیں۔ کراچی کی سڑکیں اور بازار کشادہ [4] ہیں۔ یہاں کے اکثر لوگ بہت مصروف رہتے ہیں۔ کراچی کو اگر آپ رات کے وقت دیکھیں تو آپ محسوس کریں گے کہ شاید یہ کسی ترقی یافتہ [5] ملک کا شہر ہے۔ یہاں بیشتر سڑکیں اور بازار پوری رات روشن [6] رہتے ہیں۔ کبھی کبھی تو ایسا لگتا ہے کہ رات دن میں بدل گئی ہے۔

1. international. 2. its importance did not get reduced. 3. foreign trade depends on (or upon) it. 4. broad. 5. developed (or advanced) country. 6. fully lighted.

59. ''پھر آپ نے احسن کی زندگی کی کہانی سننے کے بعد کیا کہا؟'' میرے دوست نے مجھ سے پوچھا۔ میں نے جواب دیا ''مجھے آپ کی کہانی سن کر بہت افسوس ہوا ہے۔ [1] '''' تو کیا اسے زندگی میں بہت تکلیفیں اٹھانی پڑیں؟'' [2] میرے دوست نے کہا۔ میں نے جواب دیا: ''واقعی احسن کو زندگی کے نشیب و فراز کا سامنا کرنا پڑا۔ [3] تعلیم مکمل کرنے کے بعد اس نے ایک سرکاری محکمہ میں نوکری کر لی۔ [4] کچھ ہی دن بعد اس نے اس دفتر میں دو ملازمین کو رشوت لیتے ہوئے پکڑ لیا [5] اور کی افسران بالا [6] سے شکایت کر دی۔ [7] یہ دو اشخاص بھی اسی محکمہ میں نوکر تھے۔ افسران بالا نے احسن کے ساتھ عجیب رویہ دکھایا۔ [8]

1. have felt very sorry. 2. did he have to face. 3. had to face the ups and downs of life. 4. got employed with a government department. 5. caught two employees taking bribe. 6. higher officials. 7. made a complaint. 8. behaved strangely towards Ahsan.

60. ہم سائنسی دور [1] میں رہ رہے ہیں۔ دنیا کا ہر ایک ملک سائنس میں ترقی کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ [2] انسان [3] نے سائنس کو اچھے مقاصد کے لئے [4] استعمال کیا ہے۔ اس کی مدد سے اس نے بہت سی کارآمد چیزیں بنائی ہیں۔ لیکن انسان نے سائنس کو خراب مقاصد کے لئے بھی استعمال کیا ہے۔ اس کی مدد سے اس نے بہت سے تباہ کن [5] ہتھیار بنائے ہیں۔ ہر ملک چاہتا ہے کہ اس کے پاس جدید ترین ہتھیار [6] ہوں۔

1. the scientific age. 2. trying to progress in science. 3. man. 4. for good purposes. 5. Destructive. 6. The most modern (or the latest).

61. میں اپنے سکول میں ہاکی کھیلا کرتا تھا۔ [1] گرمیوں میں شام کے چھ بجے اور سردیوں میں چار بجے میں اور دوسرے دوست [2] ہاکی کے میدان میں پہنچ جاتے۔ ہم تقریباً ڈیڑھ گھنٹے تک ہاکی کھیلتے۔ کبھی کبھی میں ہاکی کھیلنے نہ جا سکتا۔ مجھے بہت افسوس ہوتا۔ [3] جب تک میں سکول میں رہا [4] باقاعدگی سے ہاکی کھیلتا رہا۔ [5] کالج میں داخل ہونے کے بعد میں اتنی باقاعدگی سے [6] ہاکی نہ کھیل سکا۔

1. used to play hockey. 2. other friends of mine and I. 3. felt very sorry. 4. as long as I remained in school. 5. went on playing hockey regularly. 6. with such regularity.

62. تاریخ میں ہم بہت سی ایسی عورتوں کے بارے میں پڑھ چکے ہیں جنہوں نے دنیا کے لئے بڑے بڑے کام کئے۔ [1] انہوں نے نہ صرف [2] اپنے ملک کے لئے بلکہ [3] اور ملکوں کے لئے بھی سخت محنت کی۔ انہوں نے تمام دنیا کو اپنا ملک سمجھا اور انسانیت [4] کی خدمت کی۔ ایسی عورتوں میں ہیلن کیلر [5] شامل ہیں۔ [6] انہوں نے اندھے لوگوں کے لئے بہت کچھ کیا۔ [7] اندھوں کے پڑھنے اور کام کرنے کو آسان بنایا۔ ہیلن کیلر خود اندھی تھیں۔ ایک دفعہ وہ پاکستان بھی آئیں تھیں۔ ایسی ہی ایک اور خاتون فلورنس نائٹنگیل [8] ہیں۔ جنہوں نے دنیا بھر کی نرسوں اور نرسنگ کے پیشہ کے لئے ناقابل فراموش کارنامے [9] کئے۔

1. performed great deeds. 2. not only. 3. but also for. 4. mankind. 5. helen Keller. 6. is included. 7. a lot. 8. Florence Nightingale. 9. unforgettable deeds.

63. انسان کی قسمت [1] خود اسی کے ہاتھ میں [2] ہے۔ چاہے تو اسے اچھا بنا دے اور چاہے تو برا کر دے۔ انسان اپنی محنت اور کوشش سے زندگی میں اچھا مقام [3] حاصل کر سکتا ہے۔ یہ درست ہے کہ اپنی کوششوں میں وہ بہت دفعہ ناکام بھی ہوتا ہے۔ لیکن اگر وہ ہمت نہ ہارے [4] تو آخر کار کامیاب ہو جاتا ہے۔ اگر کوئی شخص ایک جگہ ناکام ہو جائے تو اسے کسی دوسری جگہ اپنی قسمت آزمائی کرنی چاہیے۔ [5] اگر وہ ایک جگہ سے کہیں اور نہ جائے اور کامیاب نہ ہو تو غلط طور پر سمجھنے لگتا ہے [6] کہ اس کی قسمت خراب ہے۔

1. man's fate. 2. in his own hands. 3. position 4. does not lose heart. 5. should try his luck. 6. thinking wrongly.

64. پاکستانی فلموں کا معیار[1] یقیناً اتنا بلند نہیں جتنا ہونا چاہیے۔ اصل میں تو فلموں کا معیار بیشتر دنیا میں[2] گر رہا ہے۔ لیکن اگر ہم اپنی فلموں کا دوسرے ملکوں کی فلموں سے مقابلہ کریں[3] تو ہمیں ان میں بہت سے نقائص[4] نظر آئیں گے۔ ہمارے ملک کے فلم بنانے والوں[5] کو چاہیے کہ ان نقائص کو دور کریں۔[6] مگر یہ کرتے وقت انہیں غیر ملکی فلموں کی نقل نہیں اتارنی چاہیے۔[7] نقالی سے[8] اچھی فلمیں نہیں بنائی جا سکتیں۔

1. standard. 2. in most of the world. 3. compare with 4. faults. 5. film-makers. 6. remove them. 7. should not copy (or imitate) 8. through imitation.

65. عام طور پر ہم اس وقت بور ہوتے ہیں[1] جب ٹیلی ویژن پر کوئی انتہائی غیر دلچسپ[2] پروگرام دکھایا جا رہا ہو۔[3] پہلے ہم اسے دیکھنے کے علاوہ کچھ اور نہیں کر سکتے تھے۔[4] لیکن اب ڈش انٹینا کی وجہ سے[5] ٹیلی ویژن ریڈیو کی طرح ہو گیا ہے۔ ہم ٹیلی ویژن کا چینل گھما کر جہاں چاہیں وہاں کا پروگرام دیکھ سکتے ہیں۔[6] دل چاہے تو امریکہ کا پروگرام دیکھیں اور دل چاہے تو مسقط، اردن، ترکی یا ایران[7] کے ٹیلی ویژن کا پروگرام دیکھیں۔

1. generally get bored. 2. extremely uninteresting. 3. is being shown. 4. we could not do anything else except to watch it. 5. because of the dish antenna. 6. by changing the channels we can watch the programme of any place we like. 7. if we like, we may watch the programme from America. 8. from Muscat, Jordan, Turkey or Iran.

66. ایک ریستوران کے دروازے پر لکھا تھا۔ ''آپ جو چاہے کھائیں[1] بل آپ کے پوتے ادا کریں گے۔'' ایک صاحب ریستوران گئے، خوب ڈٹ کر کھایا۔[2] پھر ہاتھ دھو کر باہر نکلنے لگے[3] تو مینجر نے بھاری رقم کا بل انہیں تھما دیا۔[4] ان صاحب نے حیران ہو کر پوچھا ''کیسی رقم[5]، بل تو میرا پوتا ادا کرے گا۔'' مینجر نے کہا ''جناب والا یہ اس کھانے کا بل ہے جو آپ کے مرحوم دادا صاحب[6] نے اس ریستوران میں کھایا تھا۔''

1. whatever you may eat. 2. ate to his fill. 3. was leaving. 4. handed him the bill for a big amount. 5. what amount? 6. your late grandfather.

67. یورپ کے تین سیاحوں[1] نے نیویارک کے ایک ہوٹل کی پچیسویں منزل پر کمرہ کرائے پر لیا۔[2] ایک صبح وہ بازار سے کچھ چیزیں خریدنے کے لئے نکلے۔ شام کو وہ اپنی کرائے کی کار میں[3] واپس ہوٹل آ گئے اور اسے پارک کر دیا۔ وہ تینوں بہت تھکے ہوئے تھے۔ جب لفٹ کے قریب گئے تو انہیں پتا چلا کہ بجلی نہیں ہے۔ اب انہیں زینہ کے ذریعہ اوپر چڑھنا پڑا۔[4] بہت کوشش کے بعد اپنے کمرے تک پہنچے تو ایک سیاح نے پوچھا ''کمرے کی چابی کہاں ہے؟'' دوسرے سیاح نے جواب دیا ''چابی تو نیچے کار میں رکھی ہے۔[5] میں اسے لانا بھول گیا ہوں۔''

1. three European tourists. 2. rented a room on the twenty-fifth floor (or storey). 3. in their rented car. 4. they had to climb up the stairs. 5. the key is lying in the car downstairs.

68. مٹی[1] دنیا کے تمام انسانوں کے لئے خاص اہمیت رکھتی ہے۔[2] دنیا کے قریب قریب[3] ساری خوراک کسی نہ کسی طرح[4] مٹی سے ہی حاصل ہوتی ہے۔ یہ تصور ہی نہیں کیا جا سکتا[5] کہ اگر مٹی نہ ہوتی تو اس دنیا کی صورت کیا ہوتی۔[6] مختلف جگہوں کی مٹی کو جانچنے میں طبیعات، کیمیا، علم نباتات اور حیوانات سے بھی کام لیا جاتا ہے۔[7]

1. earth 2. has special importance for. 3. almost. 4. in some way or other. 5. it cannot even be imagined. 6. what the condition of this world would have been if there had been no earth. 7. Physics, Chemistry, Botany and Zoology are also made use of.

69. کراچی کی نسبت لاہور میں[1] اس غبارے کی پرواز[2] قدرے کامیاب[3] رہی۔ غبارہ امریکی غبارہ بازوں[4] نے مینار پاکستان کی شکل میں بنایا تھا۔ اس طرح غبارہ باز لاہور سے کامیاب ہو کر نکلے۔[5] یہ تو سب کچھ ہوا۔ لیکن دوسرا عام غبارہ جب اڑایا گیا[6] تو اترتے وقت اسکا رخ ماڈل ٹاؤن کی طرف ہو گیا۔[7] جن لوگوں نے اس کی نمائش کا انتظام کیا تھا[8] وہ قذافی سٹیڈیم سے نکلے اور لاہور کارپوریشن کے کوڑا کرکٹ والے ٹرکوں میں سے ایک پر سوار ہو گئے۔[9] پھر غبارے کے اترنے کا منظر اور مقام دیکھنے چل دیے۔[10]

1. in Lahore as compared to Karachi. 2. the flight of this balloon. 3. somewhat successful. 4. balloonists. 5. came out successful. 6. when it was blown. 7. while landing it turned in the direction of Model Town. 8. those people who had arranged this exhibition. 9. got on one of the rubbish trucks. 10. started to see the scene and place of landing of the balloon.

70. ہزاروں سال گذرے ایک یونانی[1] نے بہت سی مرغابیوں کے پنجے سے ایک سلاخ باندھی۔[2] پھر اس سلاخ پر سوار ہو کر اس نے چاند پر پہنچنے کی کوشش کی۔ لیکن آج ہم جانتے ہیں کہ زمین اور چاند کے بارے میں اس کا علم بہت کم تھا۔[3] وہ یہ نہیں جانتا تھا کہ زمین سے اوپر جا کر ایک خاص حد[4] پر ہوا ختم ہو جاتی ہے اور بغیر ہوا کے مرغابیاں نہیں اڑ سکتیں۔ وہ یہ بھی نہیں جانتا تھا کہ زمین کی کشش[5] سے باہر نکلنے کے لئے بہت طاقت کی ضرورت ہوتی ہے۔[6] یہ طاقت کروڑوں مرغابیاں بھی پیدا نہیں کر سکتیں۔ اگر وہ اس طرح چاند پر پہنچ بھی جاتا[7] تو وہاں سانس لینے کیلئے آکسیجن موجود نہ ہوتی۔[8]

1. a Greek 2. tied an iron bar to the legs of a lot of wild ducks. 3. his knowledge of the earth and moon was very limited. 4. at a certain limit. 5. Gravity. 6. much power is needed to get out of. 7. even if he had reached the moon thus. 8. Oxygen would not have been there to breathe.

71. دنیا کے سمندروں میں خوراک کے ذخائر بہت وسیع ہیں۔[1] ہم ان میں سے اگر بیس ملین ٹن ذخائر سالانہ استعمال کریں تب بھی یہ ذخائر لاکھوں برس تک ختم نہیں ہوں گے۔ ہم 40 ملین ٹن مچھلی اگر ہر سال استعمال کریں تب بھی مچھلیوں کی تعداد میں کوئی زیادہ کمی واقع نہیں ہوگی۔[2] ساحل سمندر پر رہنے والے لوگ عام طور پر اپنی غذا سمندر ہی سے حاصل کرتے ہیں۔ آپ اس وقت کے بارے میں سوچیں جب خشکی پر انسانوں کی تعداد حد سے زیادہ ہو جائے گی۔ اس وقت ہوسکتا ہے کہ ہم اپنا ٹھکانہ[3] سمندروں کو بنالیں جو ہمیں خشکی سے تین گنا زیادہ رقبہ فراہم کریں گے۔[4] سمندر ہماری ضرورتیں بھی پوری کریں گے۔[5]

1. the deposits of food are very vast. 2. the number of fish will not reduce much. 3. refuge. 4. will provide us an area three times more than the land. 5. will fulfil all our needs.

72. قائداعظم محمد علی جناح پر تمام قوم کو فخر ہے۔[1] وہ ہمارے سب سے بڑے سیاسی رہنما تھے۔[2] تقسیم ہند سے کافی پہلے[3] انہوں نے کانگرس میں رہ کر آزادی ہند کے لئے سخت کوشش کی۔[4] لیکن وہ سمجھ گئے[5] کہ کانگرس ہندوستان میں ہندو راج چاہتی ہے۔[6] پھر وہ مسلم لیگ میں شامل ہو گئے۔ 1940ء میں انہوں نے ہندوستان کی تقسیم کا مطالبہ انگریز حکومت کے سامنے پیش کردیا۔[7]

1. the whole nation is proud of. 2. greatest political leader. 3. much before the Partition of India. 4. while remaining in Congress, he tried hard for the independence of India. 5. realized. 6. that the Congress wanted Hindu rule. 7. presented the demand to.

73. قائد ملت لیاقت علی خان بہت خوبیوں کے مالک تھے۔[1] ہر کام کو دیانتداری اور کوشش سے کرنے کے عادی تھے۔[2] قائداعظم لیاقت علی خان کی قابلیت اور تجربہ کی بہت قدر کرتے تھے۔[3] جب 14 اگست 1947ء کو پاکستان وجود میں آیا[4] تو وہ اس کے پہلے وزیراعظم بنے۔ جب 11 ستمبر 1948ء کو قائداعظم نے وفات پائی تو قائد ملت نے اعلان کیا۔[5] کہ وہ قوم کے لئے زندگی کے اخری لمحوں تک محنت کرتے رہیں گے۔

1. was a man of many qualities. 2. was used to (was in the habit of) doing everything honestly and with effort. 3. valued very much his ability and experience. 4. came into existence. 5. declared. That he would continue working. 6. till the last moments of his life.

74. ایبٹ آباد کی سڑکیں آپ کو یورپ کے حسین ترین مقامات کی یاد دلاتی ہیں۔[1] اگر آپ کچھ عرصہ تک وہاں ٹھہریں گے تو آپ کی صحت بہتر ہو جائے گی۔ آپ کو وہاں کے لوگ بھی پسند آئیں گے کیونکہ وہ بڑے مہمان نواز[2] ہیں۔ وہ دوسرے شہروں سے آنے والوں کا خیر مقدم کرتے ہیں[3] اور ان کی ہر طرح کی رہنمائی بھی کرتے ہیں۔[4] دراصل یہ تو تمام صوبہ سرحد کے لئے سچ ہے۔[5]

1. remind you of. 2. hospitable. 3. welcome. 4. guide them. 5. in fact it is true of the whole of the NWFP.

75. سکاٹ لینڈ کے لوگ کافی زندہ دل[1] ہوتے ہیں۔ اور ان کی باتیں دلچسپ ہوتی[2] ہیں۔ وہ آپ کو ایک معمولی فقرہ سے تمام دن کے لئے خوش کر دیتے ہیں۔ یہ واقعہ سکاٹ لینڈ کے ایک چھوٹے شہر سے متعلق ہے۔[3] ایک بوڑھا آدمی بس سٹینڈ پر لکڑی کے بکس کے اوپر بیٹھا بس کا انتظار کر رہا تھا۔ اس کے قریب ایک کار آ کر رکی۔ ڈرائیور نے اس سے پوچھا کہ اسے کہاں جانا ہے۔ بوڑھے نے کہا کہ وہ دس کلومیٹر دور اپنے گھر جانا چاہتا ہے جو اسی سڑک پر ہے۔ ڈرائیور نے اسے کار میں بیٹھ جانے کی دعوت دی۔ بوڑھے نے لکڑی کے بکس کو اٹھانے کی کوشش کی لیکن اسے نہ اٹھا سکا۔ ڈرائیور نے نیچے اتر کر بکس کو اٹھایا اور وہ اسے سامان کی جگہ رکھنے لگا۔[4] بوڑھے نے اسے روک دیا اور کہا کہ اس طرح کار کا وزن بڑھ جائے گا اور وہ اسے اپنی گود میں رکھ لے گا۔[5]

1. lively. 2. their talk is interesting. 3. concerns a small city. 4. was going to put it in the boot (*or* trunk). 5. will just put it in his lap.

76. ایک سمندری جہاز غرق ہوا[1] تو صرف چار آدمی کسی طرح جان بچا کر حفاظتی کشتی میں پہنچ سکے۔[2] ان میں ایک تو جہاز کا کپتان تھا۔ ایک جرمن ایک فرانسیسی اور ایک پولش[3] تھا۔ اس چھوٹی سی حفاظتی کشتی میں صرف تین آدمیوں کی گنجائش تھی۔[4] اس کے ڈوب جانے کا اندیشہ تھا۔[5] کپتان نے کہا "تم سب میرے لئے یکساں ہو۔[6] لیکن مجبوری[7] ہے۔ کشتی میں صرف تین آدمی ہی رہ سکتے ہیں۔ اس لئے تم تینوں میں سے ایک کو کشتی چھوڑنا ہوگی۔[8] میں تم سے ایک سوال پوچھتا ہوں جو جواب نہ دے سکا اسے کشتی خالی کرنا ہوگی"[9] یہ تجویز تینوں مسافروں نے تسلیم کرلی۔

1. when a ship sank. 2. somehow saved themselves and reached the lifeboat. 3. a Pole. 4. had the capacity of. 5. it was in danger of sinking. 6. are the same to me. 7.

compulsion. 8. will have to leave. 9. vacate.

77. بالی وڈ کا ایک ڈائریکٹر بہت کھاتا تھا۔ ایک بار وہ ایک ایسی ضیافت[1] میں موجود تھا جہاں کھانا زیادہ نہ فراہم کیا گیا۔[2] ضیافت کے آخر میں مہمانوں کو کافی پیش کی گئی۔[3] میزبان نے ڈائریکٹر سے کہا "مجھے امید ہے آپ جلدی یہاں دوبارہ کھانے پر تشریف لائیں گے۔" "کیوں نہیں" ڈائریکٹر نے فوراً جواب دیا "میں ابھی سے دوبارہ کھانا شروع کر دیتا ہوں۔"

1. feast. 2. much food was not provided. 3. coffee was served at the end of.

78. آجکل آپ بڑے شہروں میں جدھر نکل جائیں[1] اپنے گرد بہت بلند عمارتیں[2] پائیں گے۔ ایک صاحب کراچی آ کر ایک بہت بلند عمارت کی منزلیں گننے کی کوشش کر رہے تھے کہ سر سے ٹوپی گر پڑی۔ انہوں نے دوبارہ ٹوپی سر پر رکھی اور چل دیئے۔ مغربی ممالک میں آپ اس سے بھی بلند بہت بلند عمارتیں[3] پائیں گے۔ اتنی اونچی عمارتوں کو تعمیر کرنا جدید فن تعمیر کی وجہ سے ممکن ہو سکا۔[4] انہیں اس طرح سے تعمیر کیا جاتا ہے کہ ان کی بنیادیں[5] ان کا وزن سہار سکیں۔[6]

1. whichever way you may go. 2. very tall buildings. 3. still taller buildings, skyscrapers. 4. modern architecture. 5. foundations. 6. may stand their weight.

79. ایک دفعہ اسلام آباد میں میری ملاقات ایک غیر ملکی[1] سے ہوئی۔ اس نے پاکستانی لباس پہن رکھا تھا اور وہ اردو بولنے کی کوشش کر رہا تھا۔ اس نے مجھ سے ایک سکول کے بارے میں پوچھا جہاں وہ اپنے بچوں کو داخل کرانا چاہتا تھا۔[2] میں نے اسے اس سکول کے بارے میں تمام معلومات فراہم کر دی[3] کیونکہ میرے کچھ رشتہ داروں نے وہاں پڑھا تھا۔ میں نے اس سے پوچھا کہ وہ پاکستان میں کیا کر رہا ہے۔ اس نے کہا کہ وہ ایک سفارت خانہ میں ملازم ہے[4] اور حال ہی میں پاکستان آیا ہے۔ لیکن یہاں آنے سے پہلے[5] اس نے اردو بولنی اور لکھنی سیکھی تھی۔

1. foreigner 2. wanted to have his children admitted. 3. provided him all the information 4. was employed with an embassy. 5. had recently come.

80. فقیر سید وحید الدین کے ایک عزیز[1] کو کتے پالنے کا بہت شوق تھا۔[2] ایک دن فقیر صاحب اپنے عزیز کی موٹر میں بیٹھ کر علامہ اقبال سے ملنے آئے اور پالتو کتوں[3] کو بھی ساتھ لیتے آئے۔ خود تو علامہ صاحب کے قریب جا بیٹھے لیکن کتوں کو موٹر میں چھوڑ گئے۔ کچھ دیر بعد علامہ صاحب کی چھوٹی بچی منیزہ بھاگی ہوئی آئی اور کہنے لگی۔ "ابا جان موٹر میں کتے آئے ہیں۔" علامہ صاحب نے ان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا[4] "نہیں بیٹی۔ یہ تو آدمی ہیں۔"

1. a relative 2. was very fond of keeping dogs. 3. pet dogs. 4. said pointing to them.

81. ہمیں یہ سن کر تعجب ہوا[1] کہ جاپان لوہا اور فولاد درآمد کرتا ہے۔[2] اس کے باوجود[3] یہ چھوٹا سا ملک دنیا کی بہترین مشینری بناتا ہے۔ تیس پینتیس سال پہلے تک[4] یورپ اور امریکہ میں بہترین کاریں بنتی تھیں۔ جرمنی کے ریڈیو، سوئٹزرلینڈ کی گھڑیاں اور انگلستان کا کپڑا دنیا کے ہر کونے میں پسند کئے جاتے تھے۔ جنگ عظیم دوئم کے بعد جاپان نے سائنسی اور صنعتی میدانوں میں ترقی کرنی شروع کر دی اور دس بارہ سال میں جرمنی انگلستان اور دوسرے ترقی یافتہ ملکوں سے آگے نکل گیا۔[5] اب یہ ملک اعلیٰ درجہ کی گھڑیاں، ریڈیو، ٹیلیویژن، موٹر سائیکلیں، کاریں، کمپیوٹر کا سامان[6] وغیرہ برآمد[7] کرتا ہے۔ امریکہ اور برطانیہ جیسے ملک اس کی معاشی قوت سے ڈرتے ہیں۔[8] ان کی صنعتی مصنوعات[9] جاپانی مصنوعات کا آسانی سے مقابلہ نہیں کر سکتیں۔[10]

1. were surprised to hear. 2. imports. 3. in spite of it (or despite it). 4. until thirty or thirty-five years ago. 5. went beyond other advanced countries. 6. computer equipment 7. exports. 8. afraid of its economic power. 9. industrial products. 10. cannot easily compete with.

82. ایران کے بادشاہ نے دنیا کے بہترین ہتھیار حاصل کئے اور ایک زبردست فوج بنائی۔ اس نے عام لوگوں کو فوجی تربیت دی۔ اس نے یہ سب کچھ اسلیئے کیا تاکہ ایران اپنے چھوٹے پڑوسی ملکوں سے زیادہ طاقتور رہے۔[1] اس نے اپنے خاندان کیلئے ملک کی دولت کو استعمال کیا۔ اپنے مخالفین کو قید کیا اور سخت سزائیں دیں۔ نتیجہ کے طور پر[2] عام لوگ اس کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے۔

1. so that Iran might remain more powerful than her small neighbouring countries or small neighbours. 2. as a result.

83. جب ہم سے ٹکٹ دکھانے کو کہا گیا تو ہمیں ٹکٹ کہیں نہ ملے۔ میں اور میرے دو دوست[1] آرام سے اپنی سیٹوں پر بیٹھے سکول کے زمانے کی باتیں کر رہے تھے کہ سفید کپڑوں میں ٹکٹ چیکر نمودار ہوا۔[2] "جناب ٹکٹ ایک چھوٹے سے تھیلے میں تھے۔ اور تھیلا قلی[3] کے ہاتھ میں تھا" میں نے چیکر سے کہا۔ چیکر ناراض ہو گیا اور اس نے کہا کہ اسے تو صرف ٹکٹ چاہئیں اور وہ قلیوں کے بارے میں کچھ نہیں سننا چاہتا۔ میرے دوست نے سیٹ کے نیچے اور اوپر چاروں طرف تھیلے کو ڈھونڈا۔[4] آخرکار ہم سمجھ گئے کہ تھیلا پچھلے سٹیشن پر قلی کے پاس ہی رہ گیا ہے۔ چیکر نے کہا کہ ہمیں دوبارہ ٹکٹ خرید لینے چاہئیں۔ لیکن جب ہم نے اپنی جیبوں میں ہاتھ ڈالے تو ہمارے پاس بہت کم پیسے تھے۔

1. two friends of mine and I. 2. appeared. 3. porter 4. searched for.

84. الیکٹرانکس کی بدولت[1] اب ٹیلی ویژن سینما ہال کا لطف دے گا۔[2] بہت سے سائنسدان کوشش کر رہے ہیں کہ ٹیلی ویژن سکرین سینما ہال کی سکرین کی طرح ہو جائے۔ وہ یہ چاہتے ہیں کہ سینما کی طرح ہم ٹیلی ویژن پر ہر چیز کو واضح طور پر دیکھ سکیں۔ کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ ٹیلی ویژن کا سائز بہت بڑا ہو گا یا اس کی سکرین سینما کی سکرین جتنی ہو گی؟ ٹی وی کے اندر الیکٹرونک

تبدیلیاں کی جائیں گی۔[3] اس طرح ٹی وی پر تصاویر نئے انداز[4] سے دکھائی جائیں گی۔ اور یہ بہت بڑی لگیں گی۔" آپ یہ کیوں کہہ رہے ہیں جناب؟ یہ کارنامہ ہو چکا ہے۔"[5]

1. because of electronics. 2. will entertain. 3. electronic changes will be made. 4. in a new way. 5. this deed has been accomplished.

85. حال ہی میں لندن میں ٹریفک کا ایک حادثہ پیش آیا۔[1] برطانیہ کے ایک سابق[2] وزیراعظم مسٹر ہیتھ اپنی کار میں پارلیمنٹ جا رہے تھے۔ ملکہ مادر[3] اپنی عالیشان کار میں ایک دعوت میں شریک ہونے جا رہی تھی۔ ٹریفک پولیس نے مسٹر ہیتھ کی کار کو پانچ منٹ تک روکے رکھا۔ لیکن اس نے ملکہ مادر کی کار کو فوراً آگے جانے دیا۔ اس واقع سے برطانوی عوام بہت ناخوش ہیں۔ وہ برابری کو زندگی کے ہر میدان میں پسند کرتے ہیں۔

1. an incident happened (or occurred) 2. former. 3. Mother queen.

86. براعظم افریقہ میں آبادی کے لحاظ سے[1] نائیجیریا سب سے بڑا ملک ہے۔ اس کا رقبہ تین سو چھپن ہزار مربع میل ہے اور آبادی سو ملین ہے۔ یہ ملک زبردست قدرتی وسائل[2] رکھتا ہے۔ آپ سن کر حیران ہوں گے کہ یہاں کئی قسم کے آم ہوتے ہیں جنہیں افریقی جنگلی پھل تصور کرتے ہیں۔[3] ناریل ہر طرف نظر آتا ہے اور ایک محبوب پھل ہے۔ تیل قومی آمدنی کا اہم ذریعہ ہے۔[4] نائجیریا کے دارالخلافہ لیگوس[5] میں ٹریفک اتنی زیادہ ہے کہ کاریں بڑی سڑکوں پر تیز نہیں چل سکتیں۔ ٹریفک کی صورتحال تہران جیسی ہے اور یہ شہر تہران کی طرح بہت مہنگا ہے۔ آپ کو دوسرے درجہ کے ہوٹل میں ٹھہرنے کیلئے کافی پیسے درکار ہوں گے۔[6] ویسے اگر آپ کو اپنا کوئی ہموطن[7] مل جائے اور وہ مہمان نواز[8] بھی ہو تو آپ اس کے پاس ٹھہر سکتے ہیں اور اپنے پیسے بچا سکتے ہیں۔

1. from the population point of view. 2. tremendous natural resources. 3. consider (or take) them as wild fruit. 4. important source of national income. 5. Lagos. 6. will need enough money. 7. countryman. 8. hospitable.

87. امریکہ اور یورپ میں کاروں کی دوڑ بہت مقبول[1] ہے۔ اس میں مختلف ممالک کی اعلیٰ تعلیم یافتہ[2] اور امیر افراد حصہ لیتے ہیں۔ یہ فٹ بال، ٹیبل ٹینس اور دوسرے پیشہ وارانہ کھیلوں کی طرح پسند کی جاتی ہے۔ یہ بہت مہنگا کھیل ہے اور اس میں کامیابی کے مواقع بہت کم ہیں۔[3] آپ نے سپورٹس کاروں کی دوڑ سینما یا ٹی وی کی سکرین پر کبھی نہ کبھی دیکھی ہوگی۔[4] اس میں جیتنے کیلئے ایسی کار کی ضرورت ہوتی ہے جو زیادہ بھاری نہ ہو اور جس کا انجن بہت طاقتور ہو۔ کئی سو کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار پر دوڑتے ہوئے اس کے انجن کو گرم نہیں ہونا چاہیے۔[5] اسے چلانے کے لئے خاص مہارت[6] کی ضرورت ہے۔ یہ مہارت کسی اچھی تربیت گاہ[7] میں داخلہ لینے کے بعد ہی حاصل کی جا سکتی ہے۔[8]

1. popular 2. highly educated 3. there are few chances of success. 4. would have seen at some time or other. 5. should not get hot. 6. special skill. 7. training institute. 8. can only be got after getting admitted to.

88. ایک روسی خلاباز[1] نے اخبار نویسوں کو بتایا کہ خلائی جہاز کے روشندان سے زمین کو دیکھنا ایک پر مسرت منظر[2] تھا۔ اس نے جلد ہی دریاؤں، جھیلوں[3] اور پہاڑوں کو پہچان لیا۔[4] اس نے کہا "جب ہم برازیل کے اوپر پرواز کر رہے تھے میں نے اچانک ایک باریک ربن دیکھا اور میں فوراً سمجھ گیا کہ وہ ایک بڑی سڑک ہے۔ میں نے اس پر دوڑتی ہوئی[5] ایک بس دیکھی۔ میں یہ بھی بتا سکتا ہوں کہ اس کا رنگ نیلا تھا۔ میں نے محسوس کیا کہ ننگی آنکھ سے[6] اس قدر دور کی چیزوں[7] کو نہیں دیکھا جا سکتا۔ اس کے باوجود[8] میں نے انہیں دیکھا۔" لمبی خلائی پروازوں کے دوران[9] بہت سے خلابازوں نے یہ محسوس کیا کہ پہلے دنوں میں[10] وہ کم چیزوں کے بارے میں اور پرواز کرنے کے آخر میں[11] زیادہ چیزوں کے بارے میں بتا سکتے ہیں۔ ایک خلاباز نے سمندر میں چلتے جہازوں کو بندرگاہ تک پہنچتے دیکھا۔ دوسرے موقعہ پر[12] اس نے ایک ریل دیکھی جو پل کے قریب آ رہی تھی۔

1. Russian spaceman (or astronaut). 2. enjoyable sight. 3. lakes. 4. recognized. 5. running along it. 6. with the naked eye. 7. so much distant things. 8. in spite of it (or despite it). 9. during long space flights. 10. in the early days. 11. at the end of the flight. 12. on another occasion.

89. رسول پاک ﷺ[1] کی زندگی انتہائی سادہ تھی۔ آپ نے جس چیز میں بھی ہاتھ ڈالا[2] کامیابی نے آپ کے قدم چومے۔[3] تجارت سے لے کر حکمرانی تک ہر شعبہ حیات[4] میں آپ مکمل طور پر کامیاب رہے۔ رسالت مآب پوری دنیا کی عظیم ترین ہستی تھے۔[5] تیرہ سو سال قبل ہی آپ نے جمہوریت کی بنیادیں رکھ دیں تھیں۔[6]

1. The Holy Prophet (peace be upon him–PBUH). 2. whatever he took upon himself. 3. success came to him. 4. in every field of life. 5. was the greatest personality. 6. had laid down the foundations of democracy.

90. ریلوے کی عالمی تاریخ حادثات سے خالی نہیں۔[1] دنیا کے سات عجائبات کی طرح ریل کے سات خوفناک حادثات دنیا میں مشہور ہیں۔ ریل کی حادثاتی تاریخ[2] کے اوراق صوبہ بہار، ٹوکیو، سنگاپور اور جنوبی ہندوستان تک بکھرے ہوئے ہیں۔[3] بھارت کا ایک حادثہ اتنا شدید تھا کہ ریلوے منسٹر لال بہادر شاستری کو استعفیٰ دینا پڑا۔[4] اس کے علاوہ انہیں عوام سے معافی بھی مانگنا پڑی۔[5]

1. the world history of the railways is not free from accidents. 2. history of accidents. 3. are spread up to. 4. had to resign. 5. apart from (or besides) this he had to beg the people's pardon.

91. مئی کا مہینہ آیا اور گرمی بڑھی۔[1] جوں جوں گرمی بڑھتی جاتی ہے[2] بے چینی زیادہ ہوتی جاتی ہے۔[3] پیاس بجھانے کے[4] بہت سے قدرتی طریقے ہیں۔ مگر ہم مغرب کی نقل کرنے میں کسی شعبے میں[5] دوسروں سے پیچھے نہیں رہنا چاہتے۔ مشروبات کے معاملے میں[6] بھی مغرب والوں کی نقل کرنے پر فخر محسوس کرتے ہیں۔[7] بیرونی ملکوں کے مشروبات بنانے والے ہماری اس کمزوری کو اچھی طرح جان چکے ہیں۔

1. the heat increased (became more). 2. as the heat increases, restlessness goes on. 3. the more the heat, the more the thirst. 4. to quench the thirst. 5. in any field. 6. in the case of beverages. 7. feel proud of imitating (or copying) the westerners.

92. پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان ایک ہزار میل کا فاصلہ ہے۔ مگر ان دونوں ملکوں کے لوگ ایک دوسرے کے بہت قریب ہیں۔ ان کے دلوں کے درمیان اصل میں کوئی فاصلہ نہیں۔ وہ دل سے ایک ہی[1] مذہب کو مانتے ہیں۔[2] انہوں نے اسلام کی بنیاد پر[3] ایک ملک حاصل کیا تھا۔ انہوں نے ملک کو حاصل کرنے میں اکٹھے جدوجہد کی تھی۔[4] پاکستان کی تحریک[5] بہت حد تک[6] بنگال میں شروع ہوئی تھی۔ بنگال کے مسلمان قائداعظم کو اپنا اتنا ہی بڑا لیڈر تسلیم کرتے تھے[7] جتنا کہ غیر منقسم ہندوستان کے دوسرے صوبوں کے مسلمان۔[8]

1. from the heart. 2. believe in the same religion. 3. on the basis of. 4. had struggled together. 5. the Pakistan movement. 6. to a great extent. 7. recognized him as a great leader. 8. as much as the Muslims of the other provinces of undivided India did.

93. حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم[1] (سلام آپ پر اور آپ کی آل پر) تبلیغ کے لئے طائف گئے۔ آپؐ نے طائف کے لوگوں کو اللہ کا پیغام پہنچایا۔[2] انہوں نے اس پیغام کو ماننے سے انکار کر دیا۔ طائف کے لوگوں نے آپ پر پتھر پھینکے۔ آپ کا سارا جسم زخمی ہو گیا۔[3] آپؐ طائف سے باہر نکل آئے۔ وہاں ایک یہودی[4] کا باغ تھا۔ اس باغ کے ملازم نے آپ کو دیکھا تو وہ آپ کو باغ کے اندر لے گیا۔ پینے کے لئے پانی دیا۔ آپؐ نے کچھ دیر وہاں آرام کیا۔ پھر واپس مکہ کو روانہ ہو گئے۔

1. may peace be upon him and his descendants. 2. conveyed. 3. all his body got injured. 4. Jew.

94. کچھ نقادوں کی رائے میں[1] امریکہ کو جاپان پر ایٹم بموں کا استعمال نہیں کرنا چاہیے تھا۔[2] ان کے خیال میں جاپان کے خلاف جنگ کو طول دینا چاہیے تھا[3] یا اس کے خلاف فوجوں کی تعداد[4] میں اضافہ کر دینا چاہیے تھا۔ اور جب جرمنی ہار ہی رہا تھا تو جاپان کتنے لمبے عرصے تک جنگ جاری رکھ سکتا تھا؟[5] دوسرے ایٹم بم کے استعمال کی تو قطعاً ضرورت نہ تھی۔[6]

1. in the opinion of some critics. 2. should not have used the atom bombs. 3. the war should have been prolonged. 4. or the number of the troops fighting against her. 5. how long could Japan have continued the war? 6. there was absolutely no need to use the second atom bomb.

95. ہم نے اڑن طشتریوں[1] کے بارے میں سنا ہے۔ کچھ لوگوں کے خیال میں وہ ایک حقیقت ہیں۔[2] کچھ لوگ سمجھتے ہیں کہ وہ محض ایک خیال ہیں۔[3] اس سلسلے میں[4] بیس فیصد امریکی عورتیں یہ دعویٰ کر چکی ہیں[5] کہ انہوں نے ان کا مشاہدہ کیا ہے۔[6] ایک بڑے امریکی شہر کینساس[7] کے لوگوں نے ایک اڑن طشتری کو دیکھا تھا۔ یہ بڑے جہاز کی طرح لگتی تھی۔[8] ایک دوسرے شہر میں ایک شخص نے ایک اڑن طشتری کو اپنے باغ میں نصف شب اترتے دیکھا۔[9] وہ 35 فٹ لمبی اور 10 یا 12 فٹ چوڑی تھی۔ اور وہ ایک کار کی طرح ٹھہری ہوئی تھی۔ اس میں کھڑکیوں کی ایک قطار[10] تھی۔ اندر سے روشن تھی۔ جیسے ہی وہ اس کے قریب پہنچا وہ فضا میں بلند ہو گئی۔ بہت جلد وہ آسمان کی تاریکیوں میں گم ہو گئی۔"[11]

1. flying saucers. 2. are a fact. 3. are only an idea. 4. in this connection. 5. have claimed. 6. have observed. 7. Kansas. 8. looked like a big plane. 9. saw a flying saucer landing in his garden at midnight. 10. a rows of windows. 11. disappeared in the darkness of the sky.

96. کمال صاحب میرے عزیز ترین دوستوں میں سے ہیں۔[1] وہ بہت امیر ہیں اور ہوائی جہاز سے سفر کرتے ہیں۔ کچھ مرتبہ وہ مجھے اپنے خرچ پر ہانگ کانگ اور بنکاک لے جا چکے ہیں۔ ایک دن انہوں نے مجھ سے جاپان چلنے کو کہا۔ میں نے ان سے پوچھا کہ وہ وہاں کیا کریں گے۔ انہوں نے جواب دیا کہ وہاں سے وہ اپنے کپڑے کے کارخانے کے لئے مشینیں خریدیں گے۔ میں جاپان جانے سے انکار نہ کر سکا[2] کیونکہ مجھے اس خوبصورت ملک کو دیکھنے کی بہت عرصہ سے خواہش تھی۔[3] ہم دونوں جاپان گئے اور مشینیں خریدیں۔ کمال صاحب نے پاکستان پہنچنے پر مجھے بتایا کہ وہ اپنے کارخانہ کی آمدنی سے غریب طالب علموں کے لئے ایک کالج قائم کرنے کے بارے میں سنجیدگی سے سوچ رہے ہیں۔[4]

1. one of my dearest friends. 2. could not refuse to go to Japan. 3. had long desired to see this beautiful country. 4. was thinking seriously to set up (or establish) a college for poor students.

97. شیخ سعدی کہتے ہیں کہ ایک دفعہ ان کے پاس جوتے نہ تھے۔ جوتے خریدنے کے لئے پیسے نہ تھے۔ وہ اپنی بے بسی کے بارے میں سوچتے ہوئے[1] ایک مسجد میں بیٹھ گئے۔ وہاں انہوں نے ایک ایسے شخص کو دیکھا جو پاؤں نہ رکھتا تھا۔ انہوں نے اسی سے ایک سبق سیکھ لیا۔ انہوں نے خدا کا شکر ادا کیا کہ کم سے کم وہ پاؤں تو رکھتے ہیں۔ پیسہ حاصل کیا جا سکتا ہے لیکن ہاتھ پیر جو خدا نے دیئے ہیں دوبارہ حاصل نہیں کئے جا سکتے۔[2]

1. thinking about his helplessness. 2. cannot be got again.

98. کیا آپ نے کبھی کھلونوں کی صنعت کے بارے میں سوچا ہے؟ آجکل جاپان، برطانیہ، جرمنی، فرانس اور دوسرے ترقی یافتہ ملکوں میں اعلیٰ معیار کے کھلونے بنائے جا رہے ہیں۔[1] باہر کے ملکوں میں کھلونوں کی دکانیں[2] بڑوں کے لئے بھی اتنی ہی پر کشش ہیں جتنی کہ بچوں کے لئے۔[3] وہاں آپ کو بچوں کے لئے موٹر کاریں، ہوائی جہاز، بجلی کا پٹر، جہاز اور کشتیاں، گڑیاں اور کھیلنے کے لئے بے شمار[4] دوسرے کھلونے مختلف رنگوں میں ملیں گے۔ میں نے ایک بولتی ہوئی گڑیا دیکھی جو بچوں کو کہانیاں سناتی تھی۔ بٹن دبایئے اور کہانی شروع ہو جاتی ہے۔ دوبارہ بٹن دبایئے۔ گڑیا بولنا بند کر دیتی ہے۔ پاکستان میں یقیناً پہلے سے بہتر کھلونے بنائے جا رہے ہیں۔ لیکن ابھی اسے ترقی کی بہت ضرورت ہے۔[5]

1. toys of a high standard are being produced. 2. toy shops. 3. as much attractive for grown-ups as for children. 4. numerous. 5. needs to progress much.

99. بس کا سفر ہوائی سفر سے کہیں زیادہ دلچسپ[1] اور معلومات افزا[2] ہوتا ہے۔ بس میں بیٹھ کر آپ باہر ہر چیز کو نزدیک سے دیکھ سکتے ہیں۔ جب بس کسی شہر میں ایک دو گھنٹوں کے لئے ٹھہرتی ہے تو آپ اس میں سے آسانی کے ساتھ وہاں کی دکانوں اور بازاروں تک جا سکتے ہیں۔ اول تو ہوائی جہاز کہیں ٹھہرتا نہیں۔ اور اگر راستے میں ٹھہرے بھی تو آپ ہوائی اڈہ سے باہر آسانی سے نہیں جا سکتے۔ آجکل ہوائی جہاز میں سفر کرنا کافی تکلیف دہ ہے۔ جب آپ اس میں سوار ہونے ہوائی اڈہ پر پہنچتے ہیں تو آپ کی اور آپ کے سامان کی مکمل تلاشی لی جاتی ہے۔[3] ہوائی اڈہ پر کام کرنے والے یہ یقین کر لینا چاہتے ہیں کہ آپ بم، پستول یا کوئی اور خطرناک ہتھیار ساتھ نہیں لے جا رہے ہیں۔[4]

1. far more interesting. 2. informative. 3. you and your baggage are searched thoroughly. 4. want to make sure that you are not carrying a bomb, pistol or any other dangerous weapon.

100. مغربی ممالک میں بہت سے ایسے لوگ ہیں جو وہاں کی ترقی سے تھک چکے ہیں۔[1] وہ تیز رفتار کاروں، بسوں اور جہازوں کو دل سے پسند نہیں کرتے۔[2] وہ تجارت اور صنعت کی مشینی زندگی سے کہیں دور چلے جانا چاہتے ہیں۔ کچھ تو ایک تھیلا اور بیرونی کرنسی لیکر مشرق کی طرف سکون کی تلاش میں چل دیتے ہیں۔ ایسے یورپین اور امریکی آپکو افریقہ اور ایشیا میں کئی ملکوں میں ملیں گے۔

1. have got tiered of. 2. do not like from the heart.

101. ہم اگلے ماہ کے وسط تک اپنے امتحان کی تیاری مکمل کر چکے ہونگے۔[1] ہمارے بڑے بھائی کو انکی پہلی تنخواہ بھی مل چکی ہوگی۔[2] انہوں نے وعدہ کیا تھا کہ اگر ہم اپنی کتابیں اچھی طرح پڑھ لیں تو وہ ہمیں اپنے ساتھ دو تین دن کیلئے گاؤں لے جائیں گے۔ انکے خیال میں امتحان دینے سے پہلے[3] دماغ کو آرام دینا کافی فائدہ مند[4] ہوتا ہے۔ اور پھر امتحان اگلے ماہ کے آخر میں شروع ہوگا۔ ایک دو دن جنگل میں شکار کھیلیں گے۔ گاؤں کی کھلی فضا میں لطف اندوز ہوں گے۔[5] اور واپس آ کر اپنے کورس کا اعادہ کریں گے۔[6]

1. shall have completed our preparation for the examination by the middle of the next month. 2. will have got 3. before taking the examination. (To give the examination= امتحان لینا). 4. quite beneficial. 5. Shall enjoy ourselves in the open village atmosphere. 6. on returning shall review our course.

102. ہم شام کے وقت ایک پرانی بس میں کوئٹہ سے روانہ ہوئے۔ یہ بس طفطان کی جانب سست رفتاری سے جا رہی تھی۔ راستہ میں جو واقعہ ہمیں پیش آیا وہ یہاں لکھ رہا ہوں۔ جب یہ بس ریت کے میدان میں ایک شکستہ[1] سڑک پر پہنچی تو اس کا ایک ٹائر پھٹ گیا۔[2] مسافروں نے اپنی تشویش کا اظہار کیا[3] کیونکہ کچھ کے ساتھ چھوٹے بچے تھے جنہیں بہت ٹھنڈ لگ رہی تھی۔ ڈرائیور نے کلینر سے مشورہ کر کے بس کے اوپر سے فالتو ٹائر نیچے اتارا۔ لیکن اس میں ہوا بہت کم تھی۔ اس ٹائر کو انہوں نے پھٹے ہوئے ٹائر کی جگہ لگا دیا۔ بس پھر چل دی اور ہم اطمینان سے سو گئے۔[4] بس کوئی دس کلومیٹر گئی ہوگی کہ اس ٹائر کی ہوا بالکل نکل گئی۔[5] اور بس بالکل ساکت ہو گئی۔[6]

1. broken. 2. burst. 3. expressed their anxiety. 4. went to sleep in satisfaction. 5. deflated completely. 6. came to a standstill.

103. آج کل وہ ملک ترقی یافتہ سمجھا جاتا ہے[1] جو صنعتی اور سائنسی طور پر بہت ترقی کر چکا ہو، جو دوسرے ملکوں پر انحصار نہ کرتا ہو[2] اور جو اپنی آزادی کو طاقت سے برقرار رکھ سکتا ہو۔[3] ایسا ملک بڑے ہتھیار خود بناتا ہے اور اپنی حفاظت کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔[4] ایسے ملک کی قومی آمدنی کافی ہوتی ہے[5] اور اس کے عوام عام طور پر خوشحال[6] ہوتے ہیں۔ لیکن کوئی بھی ملک جو ترقی پذیر[7] ہو آسانی کے ساتھ ترقی یافتہ نہیں بن سکتا۔ اس کے عوام کو مناسب طور پر ترقی کرنے کیلئے بہت محنت کرنا پڑتی ہے۔ سب سے پہلے تو انہیں آزادی کا مفہوم[8] سمجھنا پڑتا ہے۔ دوسرے[9] انہیں اپنے معاشرہ اور ملک کی ترقی کے لئے موجودہ دنیا کے تقاضوں کے مطابق کام کرنا پڑتا ہے۔[10] دوسرے ترقی یافتہ ممالک مثلاً امریکہ، برطانیہ، فرانس، روس اور چین کی مثالیں ہمارے سامنے ہیں۔ ان میں سے کوئی بھی ایسا ملک نہیں جس کے لوگوں نے اپنے ملک کی ترقی کے لئے رات دن محنت نہ کی ہو اور اس کے قدرتی ذرائع[11] کو بہترین طریقوں سے قومی مفاد میں[12] استعمال نہ کیا ہو۔

1. is considered developed. 2. that does not depend upon other countries. 3. can maintain its independence with its own power. 4. has the capacity to defend itself (= has defence capability). 5. national income is enough. 6. prosperous. 7. developing. 8. sense. 9. secondly. 10. according to the requirements of the present-day world. 11. natural resources. 12. in national interest.

104. 16 اکتوبر 1951ء کو قائد ملت کراچی سے راولپنڈی کے لئے روانہ ہوئے۔ اُن کے رفقائے کار[1] بھی ان کے ساتھ تھے۔ وہ لیاقت باغ راولپنڈی میں مسلم لیگ کے ایک جلسہ سے خطاب کرنے والے تھے۔[2] حسب عادت[3] وہ ٹھیک مقررہ وقت پہ جلسہ گاہ میں پہنچ گئے۔ وہ تقریر کرنے کے لئے اٹھے۔ انہوں نے "برادران اسلام" کہا۔[4] اس وقت ایک غدار[5] نے آپ کو گولی ماردی۔ آپ وہیں سٹیج پر گر گئے۔ اس وقت بھی[6] وہ پاکستان کے بارے میں فکر مند[7] تھے۔

1. close companions. 2. was going to address a public meeting. 3. as was his habit. 4. spoke the words "Brothren of Islam." 5. a traitor. 6. even at that time. 7. worried about.

105. سوال یہ پیدا ہوتا ہے[1] کہ عراق اور دوسرے دولت مند مشرق وسطیٰ کے اسلامی ممالک[2] نے تعلیم، سائنس اور ٹیکنالوجی میں زبردست ترقی کیوں نہیں کی۔ دنیا کے بیشتر تیل کے ذخائر رکھنے کے باوجود[4] انہوں نے عام لوگوں کی صحیح ترقی کے لئے ٹھوس اقدامات نہیں کیے۔[5] انہوں نے جمہوری نظام کو فروغ نہیں دیا۔[6] وہ یہ سمجھ نہ پائے[7] کہ محض بلند عمارتیں بنانے، ہوائی اڈے تعمیر کرنے اور عیش و آرام کا سامان مہیا کرنے سے اقوام ترقی نہیں کر سکتیں۔[8]

1. the question arises. 2. Iraq and the other rich Islamic countries of the Middle East. 3. Why did they not make tremendous progress? (*or*) Why did they not progress tremendously? 4. In spite of possessing most of the world's oil reserves. 5. did not take concrete steps for the progress of the common people. 6. did not promote the democratic system. 7. did not come to understand. 8. by mere raising tall building structures, constructing airports and making luxury goods available nations cannot progress.

Translate the following sentences into idiomatic Urdu:

1. ہم پانچ سال سے اس مضمون کو سمجھنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ کیا آپ اس مضمون کے بارے میں میری رہنمائی کر سکتے ہیں؟ (Can you guide me...)
2. ہم نے اپنے ملک کے شمالی علاقوں[1] میں کئی بار قیام کیا ہے۔ مجھے وہاں کی صاف فضا[2] بہت پسند ہے۔ (1. the northern areas. 2. clean atmosphere.)
3. کیا زندگی سے آپ نے کوئی سبق سیکھا ہے؟ عقلمند لوگ زندگی کے ہر نئے موڑ پر کچھ نئی معلومات حاصل کرتے ہیں۔ (on every new turn)
4. بارش ہوتے ہوتے رک گئی۔ آسمان پر میں نے کچھ چمکدار سیاہ بادل دیکھے تو سوچا کہ بارش پھر شروع ہو جائے گی۔ (It was just going to rain that it stopped.)
5. کمپیوٹر ہمارے زمانے کی بہترین ایجاد ہے۔ اس ایجاد نے ہماری زندگیوں کو خوشنما انداز سے متاثر کیا ہے۔ (has affected...pleasantly)
6. جب ہم نے یہ سنا کہ ہمارا لیڈر بیمار ہے تو ہم نے اس کے پاس پہنچنے کا فوراً فیصلہ کیا۔
7. ملک کے ہر ایک حصہ میں ہمارے دوست موجود ہیں اور ہم ان سے وقتاً فوقتاً ملتے رہتے ہیں۔ (at times or from time to time.)
8. اگر آپ زندگی میں کامیاب ہونا چاہتے ہیں تو ایمانداری کے ساتھ محنت کریں اور اپنا مقصد حاصل کرنے کی پوری کوشش کریں۔
9. کچھ ہی لمحوں میں ہوائی جہاز ہماری نگاہ سے اوجھل ہو گیا اور ہم اسکے مسافروں کے بارے میں دیر تک سوچتے رہے۔ (in just a few moments)
10. مغربی ممالک کی ترقی کو دیکھیں پھر اپنی حالت کے بارے میں سوچیں۔ کیا آپ نہیں چاہتے کہ آپ بھی ان کی طرح ترقی کریں؟
11. جب بھی آپ یہاں آتے ہیں مجھے آپ کو دیکھ کر بہت خوشی ہوتی ہے۔ پھر آپ کب آئیں گے؟
12. جب جنگ شروع ہونے لگتی ہے ملک کا ہر شہری کسی محفوظ جگہ کی تلاش شروع کر دیتا ہے۔ لیکن موجودہ جنگ میں کوئی جگہ بھی خطروں سے دور نہیں ہوتی۔
13. ہمیں ایٹم کو اپنی ترقی کے لئے استعمال کرنا چاہیے۔ کب وہ وقت آئے گا جب ہم ایٹمی بجلی گھروں سے سستی بجلی وسیع پیمانے پر پیدا کر سکیں گے؟ (on a large scale)
14. کیا آپ روزانہ کالج پیدل جاتے ہیں؟ اگر آپ چاہیں تو میرے ساتھ موٹر سائیکل پر کالج جا سکتے ہیں۔
15. آپ صحیح سوچتے ہیں کہ زرعی ترقی[1] کے لئے ایک مضبوط صنعت[2] کا ہونا ضروری ہے۔ (1. agricultural progress. 2. strong industry.)
16. کیا امریکہ نے بغیر کسی مناسب وجہ کے عراق پر حملہ کیا تھا؟ دنیا کے مختلف لیڈر اس بارے میں کیا خیالات رکھتے ہیں؟
17. دوسروں کو دھوکہ مت دیں۔ جھوٹ مت بولیں۔ کسی کو گالی مت دیں۔ کسی کو مت گمراہ کریں۔ کبھی جلدی غصہ میں نہ آئیں۔
18. صنعتی ترقی کے لئے ضروری ہے کہ ملک کے عام لوگ تعلیمیافتہ اور محنتی ہوں۔ کیا آپ اس بارے میں مجھ سے متفق ہیں؟
19. اگر آپ چاہتے ہیں کہ لوگ اپ کی عزت کریں تو آپ کو دوسروں کی عزت کرنی چاہیے۔ ہمیں اپنے اخلاق کو سنوارنا چاہیے۔ (improve our character.)
20. کائنات کو ہم آسانی کے ساتھ کب سمجھ سکتے ہیں؟ آپ کو کائنات کے بارے میں علم حاصل کرنا چاہیے۔ اس سلسلے میں میں آپ کی کافی مدد کر سکتا ہوں۔ (the universe.)
21. دنیا کے مختلف ملکوں کو جنگی تیاریاں ختم کر دینی چاہیں۔ انہیں تمام مسائل کو بات چیت کے ذریعے حل کر لینا چاہیے۔ (through negotiations.)

Chapter 5
Correction of Errors—a marathon treatment

Note. Study the second chapter on sentence structure in "Simple Grammar" for Class XI and the first two chapters in this book. Do the exercises in these chapters thoroughly. Your basic need is the ability to write English sentences correctly. Use a standard dictionary regularly to learn meanings of words and expressions.

''سمپل گریمر'' برائے کلاس XI کے دوسرے باب اور اس کتاب کے پہلے دو بابوں کا مطالعہ کریں۔ ان بابوں میں دی گئی مشقوں کو مکمل طور پر کریں۔ آپ کی بنیادی ضرورت انگریزی کے جملے صحیح طور پر لکھنے کی ہے۔ ایک معیاری ڈکشنری کا الفاظ اور کلمات یاد کرنے کے لیے باقاعدگی سے استعمال کریں۔

The parts of speech, the articles, words and idiom are the basis of correction of errors.

اجزائے کلام، الفاظ اور محاورہ اغلاط کی تصحیح کی بنیاد ہیں۔

5.1 The parts of speech & the articles اجزائے کلام، حرف تعریف و حرف تنکیر

Sentences in English are made from the following parts of speech and articles:

انگریزی میں جملے مندرجہ ذیل اجزائے کلام اور حرف تعریف و حرف تنکیر سے تشکیل پاتے ہیں۔

1. **The noun** اسم

   It is the name of a person, place or thing or it shows a quality, action, idea, etc.

   اسم ایسا لفظ ہے جو کسی شخص، جگہ یا چیز کا نام ہو یا کسی خاصیت، عمل وغیرہ کو ظاہر کرے۔

2. **The pronoun** اسم ضمیر

   It is used for a noun to avoid repetition (of the noun). اسم ضمیر ایسا لفظ ہے جو تکرار سے بچنے کیلئے اسم کی جگہ استعمال ہوتا ہے۔

3. **The adjective** اسم صفت

   It is a word which qualifies or tells about a noun or a pronoun.

   اسم صفت ایسا لفظ ہے جو کسی دوسرے اسم کی تعریف کرے یا اسکی خاصیت بیان کرے۔

4. **The verb** فعل

   It is a word which shows the action of a person or thing or their condition.

   فعل ایسا لفظ ہے جو کسی چیز یا شخص کے عمل یا حالت کو ظاہر کرے یا جس میں کسی عمل یا حالت کا ہونا پایا جائے۔

5. **The preposition** حرف اضافت یا حرف جار

   It is a word which shows the relation of a noun or a pronoun to another word.

   حرف اضافت یا حرف ربط ایسا لفظ ہے جو کسی اسم یا ضمیر کا دوسرے لفظ کے ساتھ تعلق ظاہر کرے۔

6. **The conjunction** حرف عطف

   It is a word which connects two words, phrases or clauses.

   حرف عطف ایسا لفظ ہے جو دو الفاظ، جزو جملوں وغیرہ کو آپس میں ملائے۔

7. **The adverb** متعلق فعل

   It is a word which qualifies or tells about a verb, adjective or the adverb itself.

   متعلق فعل ایسا لفظ ہے جو کسی فعل، اسم صفت یا کسی دوسرے متعلق فعل کی کیفیت یا خاصیت کو ظاہر کرے۔

8. **The interjection** حرف فجائیہ

   It is a word or sound which indicates human feelings or passions.

   حرف فجائیہ ایسا حرف یا آواز ہے جو انسانی احساسات یا جذبات کے اظہار کیلئے استعمال ہو۔

9. **The articles** حرف تعریف و حرف تنکیر

   These are "the" and "a" or "an." یہ the اور a یا an ہیں۔ انہیں زیادہ تر اسم کے ساتھ مختلف حالتوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

   First of all, attend to the structure of the sentence. سب سے پہلے جملے کی ساخت پر دھیان دیں۔

5.2 The basic word order (الفاظ کی بنیادی ترتیب)—word arrangement

Subject + فاعل	Verb + فعل	Object مفعول
1. Usman	read	the book.
2. Hafsa	wrote	a letter.
3. Rabia	ate	an apple.
4. Salman	plays	cricket.
5. You	drink	milk.

Article	Adjective	Subject	Verb	Object
6. A	fearless	soldier	attacked	the *enemy*.
7. An	able	doctor	suggested	this *medicine*.
8. An	old	beggar	knocked	at the *door*.
9. The	naughty	girl	teases	the *teacher*.
10. The	angry	teacher	fined	the *student*.

1. The adjective can be used after the noun too (in a sentence). adjective اسم کے بعد بھی استعمال ہو سکتا ہے۔
   - The beggar who knocked at the door was very *old*.
2. We generally place the adverb after the verb. اگر فقرے میں adverb ہو تو اسے عموماً verb کے بعد لکھتے ہیں۔

Subject	Verb	Adverb
11. He	walks	slowly.
12. She	talks	beautifully.
13. The leader	spoke	wonderfully.
14. The soldiers	marched	tirelessly.
15. We	travelled	carefully.

3. If the sentence has an object, we generally place the adverb after it.
   اگر فقرے میں object بھی ہو تو پھر adverb کو عموماً object کے بعد لکھتے ہیں۔

Subject	Verb	Object	Adverb
16. She	wrote	a letter	today.
17. We	bought	ornaments	carefully.
18. Akbar	attends	his classes	regularly.
19. Shama	meets	me	daily.

4. We usually use adverbs in this order: (i) adverb of place (ii) adverb of time (iii) adverb of manner.
   جملوں میں عموماً adverb of place، adverb of manner اور adverb of time کی ترتیب میں استعمال کیا جاتا ہے۔

Subject	Verb	Object	Adv. Place	Adv. Manner	Adv. Time
20. Sana	answered	the question	in the class	clearly	just now.
21. The boy	made	a picture	on the board	beautifully	in the 1st period.
22. The soldiers	fought	the battle	around the city	bravely	yesterday.
23. Ahsan	delivered	the speech	in the hall	effectively	last month.

Incorrect	Correct
24. I bought in the *morning* a book.	I bought a book in the *morning* (adv. of time).
25. The beggar *slowly* opened the door.	The beggar opened the door *slowly* (adv. of manner).
26. Why you are *late*?	Why are you *late* (adv. of time)?
27. She did *very well* the paintings.	She did the paintings *very well* (adv. of manner).
28. She answered *clearly* every question.	She answered every question *clearly* (adv. of manner).
29. Please *every day* dust the room.	Please dust the room *every day* (adv. of time).

5. Adverbs of frequency which answer "how often" are used before the verb.
adverbs of frequencey جو "کتنی بار" کا جواب دیں "فعل" سے پہلے استعمال ہوتے ہیں۔
   - always, generally, ever, never, seldom, often, etc.

30. I like *always* warm milk.	I *always* like warm milk.
31. He is seen *often* in this village.	He is *often* seen in this village.
32. Barking dogs bite *seldom*.	Barking dogs *seldom* bite.

5.3 Errors in the use of the articles

1. When a word starts with a letter which gives a vowel sound, it takes "an" before it, otherwise "a."
جب کوئی لفظ ایسے حرف سے شروع ہو جو vowel sound دیتا ہو تو اس سے پہلے an لگاتے ہیں، ورنہ a۔
   - This is *an* egg. She bought *an* inkpot. This is *a* table. She gave me *a* pen.
2. The letters not producing the vowel sound take "a" before them.
ایسے حروف جو vowel sound نہیں دیتے ان سے پہلے an کی بجائے a استعمال ہوتا ہے۔
   - ...*a* university. I bought *a* ewe (*yoo*-female sheep). a one-kilometre race, a European
   - The "u" in "university" does not give the vowel sound of "u." "Ewe" is pronounced "yoo," "one" is pronounced "wun" and "European" is pronounced "yoor´u-pee´un."(*a*, *e* *i* *o*, *u* are vowels and the other letters are consonants.)
university کا لفظ u کی اصل آواز سے شروع نہیں ہوتا۔ one کا تلفظ wun ہے۔ European کا تلفظ yoor´u-pee´un ہے۔
اس لئے ان تمام حروف سے پہلے an نہیں لگتا بلکہ a استعمال ہوتا ہے۔(vowels ہیں a، e، i، o، u اور باقی حروف consonants ہیں۔)
3. The words which start with consonants take "a" before them. But the consonants produce vowel sounds, "an" is used in place of "a."
ان حروف سے پہلے a لگتا ہے جو consonants سے شروع ہوں لیکن اگر consonants اصل vowels کی آواز دیتے ہوں تو a کی بجائے an استعمال ہوگا۔
   - She is *a* doctor. I stayed there for half *an* hour. (not the sound of "h" in "hour.")

Incorrect	Correct
33. Sana is *an* B.A.	Sana is *a* B.A. (the sound of "b")
34. Bobi is *a* M.A.	Bobi is *an* M.A. (the sound of "em")
35. Do not make an noise.	Do not make a noise. (*or*) Do not make noise.

4. We use "a" or "an" with an adjective in the first degree if a noun comes after the adjective.
adjective کی پہلی ڈگری کے ساتھ a یا an استعمال کرتے ہیں اگر adjective کے بعد noun آتا ہو۔

36. He is honest.	He is *an* honest man.
37. She is able.	She is *an* able woman.
38. Rani is honourable.	Rani is *an* honourable officer.
39. Karim is efficient (کارگزار).	Karim is *an* efficient worker.

5. At times when we report two or more facts about a thing or person, we use "a" or "an" only once.
بعض اوقات کسی ایک ہی چیز یا شخص کے بارے میں دو یا زیادہ باتیں بیان کی جاتی ہیں، لیکن a یا an ایک ہی دفعہ استعمال ہوتا ہے۔

40. Allama Iqbal is a poet and *a* philosopher.	Allam Iqbal is a poet and philosopher. ایک ہی شخص شاعر اور فلوسفر ہے۔
41. This is a white and *a* black cow.	This is a white and black cow. ایک ہی گائے سفید اور کالی بھی ہے۔
42. Zahida is a mother and *a* teacher.	Zahida is a mother and teacher. ایک ہی عورت ماں بھی ہے اور ٹیچر بھی۔

6. A collective number also takes "a" or "an." collective number سے پہلے بھی a یا an استعمال ہوتا ہے۔
   - a hundred, a dozen
7. A proper noun is generalized by using "a" or "an."
proper noun کو generalize کرنے کیلئے a یا an استعمال ہوتا ہے۔
   - He is *a* Hercules. (that is, strong and brave like him) وہ ایک ہرکیلیز ہے۔(یعنی ہرکیلیز کی طرح طاقتور اور بہادر)
   He is *an* Einstein (*iin´steen*). (able in science like Einstein) وہ اک آئنس ٹین ہے (سائنس میں اس کی طرح قابل)
8. Some phrases take "a" *or* "an." کچھ phrases سے پہلے بھی a، an استعمال ہوتا ہے۔
   - *a* little knowledge, *a* great many.

5.3.1 The definite article: when used — definite article یعنی the کا صحیح استعمال

We use "the" in the following cases: the مندرجہ ذیل صورتوں میں استعمال کرتے ہیں:

1. When a common noun is used two or more times in the same context.
جب کسی common noun کا ذکر دو یا دو سے زیادہ دفعہ آئے۔
   - There was *a* king. *The* king ruled over a large country with might and main. *The* country suffered greatly when *the* king fell ill.
2. Before the names of rivers, seas or oceans, gulfs, mountains, etc.
دریاؤں، سمندروں، خلیجوں rivers، seas، gulfs وغیرہ کے ناموں سے پہلے۔
   - *The* Indus دریائے سندھ, *the* Panama Canal (connecting *the* Pacific and *the* Caribbean), *the* Mississippi (a river of the central US), *the* Nile (*niil*) دریائے نیل, *the* Congo (an African river), *The* Arabian Sea بحیرہ عرب, *the* Pacific Ocean بحرالکاہل, *the* Atlantic بحراوقیانوس, *the* Arctic بحرمنجمد شمالی, *The* Persian Gulf خلیج فارس, *the* Bay of Bengal (*ben-gol´*) خلیج بنگال, *the* Bosphorus (*bos´pur-us*) Straits آبنائے باسفورس
3. Before the names of groups of islands and mountain ranges. جزیروں کے مجموعوں اور پہاڑی سلسلوں سے پہلے
   - *The* Hebrides سکوٹ لینڈ میں جزیروں کا مجموعہ, *the* Himalayas (*hi-maal´uz*) ہمالیہ کا سلسلہ
4. Before the names of ships. بحری جہازوں کے ناموں سے پہلے۔
   - *The* Tipu, *the* Safina-e-Hajjaj, *the* Titanic (British navel ship), *the* Eisenhower (*ii´zun-hou´ur*) (American ship)
5. Before the names of newspapers and magazines or journals. اخباروں اور رسالوں کے ناموں سے پہلے۔
6. Before the names of newspapers and magazines or journals. اخباروں اور رسالوں کے ناموں سے پہلے۔
   - *The* News, *the* Nation, *the* Times, *the* Reader's Digest
7. Before the names of directions. سمتوں کے ناموں سے پہلے۔
   - *The* east, *the* west, *the* south, *the* north, *the* north-east

8. Before the names of holy books. مقدس کتابوں کے ناموں سے پہلے۔
   - *The* Holy Quran, *the* Bible, *the* Gita, *the* Torah (*tor'u*) تورات۔یہودیوں کی مقدس کتاب
9. Before the names of deserts, plains and winds. صحراؤں،میدانوں اور ہواؤں کے ناموں سے پہلے۔
   - *The* Gobi Desert, *the* Sahara, *the* West Wind
10. Before the names of trains. ٹرینوں کے ناموں سے پہلے۔
    - *The* Tezgam, *the* Shaheen, *the* Shalimar
11. Before the names of the objects in the nature universe which are unique.
    - *The* moon, *the* sun, *the* earth, *the* ocean, *the* sky کائنات میں پائی جانے والی ایسی اشیاء جو اپنی مثال آپ ہیں۔
12. But those heavenly bodies which are not connected with out lives do not take "the" before them.
    لیکن جو اجرام فلکی دور ہماری زندگی سے الگ واقع ہیں ان سے پہلے the نہیں لگاتے۔
    - Mars, Jupiter and Venus are planets in our solar system. مریخ،مشتری اور زہرہ ہمارے نظامِ شمسی کے سیارے ہیں۔
13. Before the names of famous buildings. مشہور عمارات کے ناموں سے پہلے۔
    - *The* Leaning Tower of Pisa, *the* Red Fort, *the* Taj Mahal, *the* Badshahi Mosque, *the* Pyramids
14. Before the names of nations and religious sects (فرقے). قوموں اور مذہبی فرقوں کے ناموں سے پہلے۔
    - *The* Muslims, *the* Christians, *the* Hindus, *the* Sikhs, *the* Buddhists, *the* Red Indians
15. We do not generally use "a" and "an" before material and abstract nouns. But we use "the" to particularize them. material noun اور abstract noun سے پہلے a اور an بالعموم نہیں لگاتے۔اگر مخصوص کیا جائے تو the لگاتے ہیں۔
    - Wisdom is *a* gift of God.
      The wisdom of Soloman is famous. (حضرت سلیمان کی عقل کو مخصوص کیا گیا ہے۔)
    - Honesty is *the* best policy. (ایمانداری۔عام sense میں)
      The honesty of this religious man is out of question. (particular person)
    - Cotton is used to make cloth. (common cotton)
      The cotton produced in our country is used for making fine cloth. (particular cloth)
    - Beauty needs no ornaments. (عام)
      The beauty of Helen was matchless. (of a particular person)
16. Before the third (superlative) degree of the adjective.
    - This is *the* tallest building in the city. adjective کی تیسری ڈگری superlative degree سے پہلے۔
      She is *the* most intelligent girl I have ever seen.
17. Before famous historical events. مشہور تاریخی واقعات سے پہلے۔
    - *The* Battle of Panipat, *the* Indian War of Independence, *the* Secend World War, *The* French Revolution, *the* Coronation (تخت پوشی) of Queen Elizabeth II.
18. Before the names of institutions and countries. اداروں اور ممالک کے مختلف ناموں سے پہلے۔
    - *The* UK, *the* USA, *the* Wapda, *the* Ptv, *the* PIA, etc.
19. Before "same" or "whole" and after "both" and "all." same اور whole سے پہلے اور both اور all کے بعد۔
    - Is it *the* same book that I had given you? *The* whole class is absent today.
      All *the* boys are playing. Both *the* girls are weeping.

20. Before the adjectives of the second (comparative) degree when they depend on each other.
دوسرے درجہ کے اسمائے صفت سے پہلے (adjectives in the comparative degree) جب دو ایک دوسرے پر انحصار کریں۔

- *The* higher you go, *the* cooler it is. جتنا اوپر جاؤ گے اتنی ہی ٹھنڈک بڑھے گی۔
  The more you earn, *the* more you want. جتنا زیادہ کماؤ گے اتنا ہی اور چاہو گے۔

21. Before the name of a single bird, animal, vegetable, fruit, etc. to make it represent its whole class.
جب واحد پرندہ، جانور، سبزی، پھل وغیرہ اپنی تمام نسل یا جنس کی نمائندگی کرے گا تو اس سے پہلے the استعمال کیا جائے گا۔

- *The* mango is liked by all. *The* dog is a faithful animal. تمام کتے وفادار ہوتے ہیں۔
  The lion eats meat. *The* banana grows in Karachi and Sindh.
  The cuckoo does not make a nest. *The* carrot contains several vitamins.

22. But "the" will not be used before "man" and "woman" when they represent the whole human race. لیکن جب انسان کے بارے میں بطور نسل بات کی جائے تو the کا استعمال نہیں ہوتا۔

- *Man* is mortal. انسان فانی ہے۔
  Woman is as wise an *man*. عورت اتنی ہی عقل مند ہوتی ہے جتنا کہ آدمی۔

23. When a proper noun is presented in the form of a common noun.
جب کسی proper noun کو common noun بنا کر پیش کیا جائے۔

- Waris Shah is *the* Shakespeare of Punjabi. Agha Hasher is *the* Kalidas of Urdu drama. Faisalabad is *the* Manchester of Pakistan. Rukhsana is *the* Nur Jehan of our class. She is *the* Lady Diana of their circle.

5.3.2 The definite article: when used & when not

Note. In the following cases, "the" will not be used: نوٹ۔ مندرجہ ذیل صورتوں میں the استعمال نہیں ہوگا۔

1. Normally, "the" is not used before a proper noun. عام طور پر proper noun سے پہلے the استعمال نہیں کرتے۔
   - *Anwar* is my best friend. I*slamabad* is the capital of *Pakistan*.
2. Before the names of languages. زبانوں کے ناموں سے پہلے the استعمال نہیں کرتے۔
   - *Persian* (Farsi) is spoken in most Iran. He speaks *English*.
3. Before some participle nouns, for example swimming, riding, reading, dancing, etc.
   کچھ participle nouns مثلاً swimming، riding، reading، dancing وغیرہ سے پہلے۔

Incorrect	Correct
43. *The* swimming is not easy.	Swimming is not easy.
44. *The* riding is a not common now.	Riding is not common now.

4. Before heaven, hell and heavenly bodies far away and not affecting our life like Venus, Mars, etc.
   heaven، hell اور اجرام فلکی جو بہت دور ہیں اور ہماری زندگی پر اثر انداز نہیں ہوتے مثلاً Venus، Mars وغیرہ۔

45. Noble persons go to the heaven.	Noble persons go to heaven.
46. Evil people go *the* hell.	Evil people go to hell.

- Note: At one time, *the* heavens make the earth hot,' at another time, they send rain to make it pleasant. (the heavens = the sky)

5. Before plural nouns. But we use "the" before them when we particularize them.
   plural nouns کے ساتھ the نہیں لگاتے۔ لیکن اگر مخصوص کیا جائے تو لگاتے ہیں۔

47. Birds you like to see are here.	*The* birds you like to see are here.
48. Houses of our friends are in *the* next street.	*The* houses of our friends are in the next street.

6. Before the names of days and months. ہفتے کے دنوں اور مہینوں کے ناموں سے پہلے the نہیں لگاتے۔

49. It is *the* Friday today.	It is Friday today.
50. *The* June is hot.	June is hot.

7. Before the names of common nouns while addressing them.
common nouns کے ساتھ مخاطب ہوتے وقت بھی the نہیں لگاتے۔

51. *The* boys, be attentive.	Boys, be attentive.
52. *The* ladies and gentleman, lend me your ears.	Ladies and gentleman, lend me your ears.

5.3.3 Mixed solved examples of the articles

Incorrect	Correct
53. Sun sets in west.	*The* sun sets in *the* west.
54. The soldier lost *the* arm in a battle.	The soldier lost *an* arm in a battle.
55. Set *a* clock back, it *goes fast*.	Set *the* clock back, it *gains time*.
56. I cannot refuse such offer.	I cannot refuse such *an* offer.
57. What beautiful flower this is!	What *a* beautiful flower this is!
58. The inspector and headmaster were present.	The inspector and *the* headmaster were present.
59. Every day is not *the* Sunday.	Every day is not Sunday.
60. *The* Christmas comes but once a year.	Christmas comes but once a year.
61. Naveed is *the* member of our dramatic society.	Naveed is *a* member of our dramatic society.
62. I have said morning prayer.	I have said *the* morning prayer.
63. I have *a* work to do.	I have work to do.
64. I keep bad boys at *an* arm's length.	I keep bad boys at arm's length.
65. Do not lose *the* heart, you will pass.	Do not lose heart, you will pass.
66. Many a *girls were* in the debating hall.	Many a *girl* was in the debating hall.
67. She knows *the* French, but she can't speak it.	She knows French, but she can't speak it.
68. *The* jealousy is an evil passion.	Jealousy is an evil passion.
69. I want to buy few things.	I want to buy *a* few things.
70. *The* science is not opposed to *the* religion.	Science is not opposed to religion.
71. Thames flows through London.	*The* Thames flows through London.
72. I advise you to love *the* God.	I advise you to love God.
73. I shall buy pen and pencil.	I shall buy *a* pen and *a* pencil.
74. Moon has appeared.	*The* moon has appeared.
75. *The* lions roar and *the* horses neigh.	Lions roar and horses neigh.
76. *The* iron is hard and *the* silk is soft.	Iron is hard and silk is soft.
77. *The* mathematics is difficult subject.	Mathematics is *a* difficult subject.
78. *The* Hindus worship idols.	Hindus worship idols.
79. *The* Urdu is a widely spoken language in Pakistan.	Urdu is a widely spoken language in Pakistan.
80. We like *the* honesty.	We like honesty.
81. She was appointed *a* lecturer in a college.	She was appointed lecturer in a college.
82. *The* students, workers, farmers, listen to me.	Students, workers, farmers, listen to me.
83. Follies of wise enemy should not be laughed at.	*The* follies of *a* wise enemy should not be laughed at.
84. Do rulers of eastern countries have right aims?	Do *the* rulers of eastern countries have *the* right aims?
85. We can never accept *the* defeat in *the* poverty.	We can never accept defeat in poverty.

5.3.4 Exercise on the articles

Exercise 1

Correct the following sentences by putting the right articles where required:

1. He is __ honourable man.
2. __ Quran is a sacred (holy) book of __ Muslims.
3. We started late in __ afternoon.
4. I want to study in __ Far East.
5. I have been ill for __ last two days.
6. Bees get honey from __ flowers.
7. __ evening by __ fire in __ winter is better than __ visit to __ cinema.
8. __ Mount Everest is __ highest mountain peak in __ world.
9. England is only a part of __ United Kingdom; __ other parts are __ Scotland, __ Wales and __ Ireland.
10. You won't find __ house like __ one you are occupying at present.

5.4 Errors in the use of nouns

1. The following nouns are used in the plural form. But some like "shoe" point to one of the two in a pair. مندرجہ ذیل nouns جمع کی میں استعمال ہوتے ہیں۔ لیکن کچھ اسم مثلاً shoe کو ایک کی طرف اشارہ کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔
   - My left *shoe* is broken. Your left sock is different in colour from your right one.

give oneself airs	اپنی حیثیت اصلیت سے زیادہ دکھانا	glasses	عینک	politics	سیاست
alms	خیرات	goods	اشیاء	proceeds	بکری کی وصولی
arrears	بقایا رقم	grounds	سبب یا اسباب	regards	احترام
ashes	راکھ	manners	اطوار	riches	دولت
assets	اثاثہ	means	ذریعہ	scissors	قینچی
brothren	کسی گروہ کے افراد	measles	خسرہ کا مرض	shoes	جوتے
cards	تاش	minutes	کارروائی کا خلاصہ	socks	مردانہ جرابیں
cares	پریشانیاں	morals	اخلاق، سیرت	spirits	حوصلہ
congratulations	مبارک باد	mumps	گلہڑے کا مرض	stockings	زنانہ جرابیں
customs	محصول درآمد و برآمد	news	خبر یا خبریں	summons (plural-summonses)	عدالت کا بلاوہ
eatables	کھانے کی اشیاء اکثر جمع میں	nowadays	آج کل		
express fears about	خدشات ظاہر کرنا	innings	کرکٹ کی اننگ	tidings-news (old-fashioned)	
as follows	جیسا کہ نیچے درج ہے	issue orders	حکم یا احکام صادر کرنا	trousers	پتلون
forces	افواج	take pains	مشکل اٹھانا	wages	مزدوری
make friends	دوست بنانا	the pictures	سینما	in other words	دوسرے لفظوں میں

2. The following nouns are the same in the singular as well as plural form.
   مندرجہ ذیل الفاظ کے واحد اور جمع ایک ہی ہوتے ہیں۔
   - cannon (توپ یا توپیں), means (ذریعہ یا ذرائع), sheep, deer, swine (سور), cod, salmon, trout (سمندری مچھلیوں کی اقسام), counsel (advice; lawyer in a case) Just now I saw many *swine* in the field... five *cod*. Their wise *counsel* saved me. She engaged two *counsel* for her case.
3. The following nouns look plural but singular in use. مندرجہ ذیل الفاظ دیکھنے میں جمع لگتے ہیں لیکن استعمال میں واحد ہوتے ہیں۔
   - gallows (پھانسی), news, innings, mechanics, mathematics, physics, economics, politics, etc.

4. The following nouns look singular but are plural in use. مندرجہ ذیل الفاظ اگرچہ دیکھنے میں واحد ہیں لیکن جمع میں استعمال ہوتے ہیں۔
   - people, cattle, police, public, poultry (مرغیاں/بطخیں وغیرہ) "Peoples" means nations or races (قومیں یا نسلیں).

5. Some words can be the same in the singular as well as the plural form.
   کچھ الفاظ واحد اور جمع میں استعمال ہو سکتے ہیں۔
   - It is a proper *means* (ذریعہ) of solving the problem. مسئلہ کو حل کرنے کا یہ مناسب ذریعہ ہے۔
     Our *means* do not permit us to buy a car. ہماری آمدنی اجازت نہیں دیتی کہ کار خریدیں۔
     He is a man of *means*. وہ دولت مند شخص ہے۔

6. Some nouns can be used in the singular and the plural form and some in the singular form only. مندرجہ ذیل nouns یا تو واحد اور جمع دونوں میں استعمال ہو سکتے ہیں یا صرف واحد ہیں۔

work (generally used in the singular) **works** (in building)–engineering works, roadworks, etc. **the works**= machinery or the moving parts of a machine	Here I have *work* (or some items of *work*) to do. We have seen the building *works* of the company. *The works* of an expensive watch are difficult to repair.
advice (usually used in the singular) **advices** (official notes about business transactions)	She gave me useful *advice* in the matter. Our company has mailed the *advices* to your firm.
hair (*sing.* on the human head) **hairs** (growing from the skin of people and animals, of a brush, etc.) جب کھال میں سے نکلتے ہوئے بالوں کا ذکر ہو تو اُن کی جمع ہوتی ہے۔	Her *hair is* golden. I see some *hairs* in the milk. The black *hairs* of the cat are shining like her eyes in the light.
poetry (used in the singular)	The *poetry* of Ghalib and Iqbal has deep meaning.
scenery (used in the singular). It also means "landscape."	Did you enjoy the *scenery* of Swat? Beautiful hills and mountains make up the Kashmir *landscape*.
information (used in the singular)	This newspaper gives us useful *information*.
stationery (used in the singular)	*Stationery* is needed in this office.
wheat (used in the singular)	Do you have *wheat* in your store?
rice (used in the singular)	*Rice* needs a lot of water for its growth.
furniture (used in the singular)	I am going to Chiniot to buy walnut اخروٹ کا *furniture*.
grass–uncountable–for example, blades of grass **grass**–countable, a particular kind of grass— grasses.	Walking on *grass* without shoes is healthful. Which *grasses* will you plant around the paths?

7. The following nouns have been changed into plural by replacing "i" with "e" before "s" at the end.
   مندرجہ ذیل الفاظ کی جمع غور سے دیکھیں۔ واحد کے آخر میں s سے پہلے i کو e میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔

Singular		Plural
analysis	تجزیہ	anlyses
axis	محور	axes
crisis	بحران	crises

Singular		Plural
hypothesis	مفروضہ	hypotheses
oasis	نخلستان	oases
thesis	مقالہ	theses

8. Note the plurals of the following foreign nouns carefully.
مندرجہ ذیل الفاظ کی جمع غور سے دیکھیں۔

criterion	معیار	criteria	index	فہرست	indices, indexes
curriculum	نصاب	curricula	medium	ذریعہ	media
datum	مواد	data	phenomenon	مظہر	phenomena
focus	نقطہ ماسکہ	foci, focuses	radius	نصف قطر	radii
formula	کلیہ	formulae, formulas	stratum	طبقہ	strata

9. If a numeral is used before a noun and both are used as an adjective, the noun will be in the singular. But if "of" is used after the numeral, the noun will be in the plural.
اگر ایک اسم سے پہلے ہندسہ آئے اور دونوں اسم صفت کے طور پر استعمال ہوں تو اسم واحد میں رہے گا۔ لیکن اگر ہندسہ کے بعد of استعمال ہو تو اسم جمع میں ہوگا۔

- 13-foot long fish, 50-metre high building, 2-kilometre deep ocean; hundreds of people, millions of soldiers, dozens of animals, scores of players ("score" earlier meant twenty: *here* a lot of), many heads of cattle.

10. The following nouns have one meaning in the singular and another in the plural.
مندرجہ ذیل اسماء واحد میں ایک معنی رکھتے ہیں اور جمع میں دوسرے۔

air	ہوا	airs	شیخی	iron (*n*)	لوہا	irons-fetters	بیڑیاں
copper	تانبا (ایک دھات)	coppers	تانبے کے بنے سکے	people	لوگ	peoples-nations	قومیں
damage (*v.*)(*n.*)	نقصان، نقصان پہنچانا	damages	نقصان کی تلافی، ہرجانہ	physic medicine	طب	physics	فزکس، طبیعات
force	طاقت، قوت	forces	فوجیں	respect (*v.*)	تعظیم	respects-polite messages	آداب
good	اچھا	goods	اشیاء، چیزیں	ruin (*v.*)	تباہ کرنا	ruins	کھنڈرات

5.4.1 Solved examples of nouns & related words

Incorrect	Correct
86. He is one of the best *teacher* in this college.	He is one of the best *teachers* in this college.
87. Nine miles *are* a long distance.	Nine miles *is a* long distance.
88. There is no *place* on this bench.	There is no *room* on this bench.
89. He has received a *summon* from the court.	She has received a *summons* from the court. (plural *summonses*)
90. I shall go to London for higher *study*.	I shall go to London for higher *studies*.
91. I have bought a new *spectacle*.	I have bought new *spectacles/glasses*.
92. We should not hate *poors*.	We should not hate *the poor*. (or *poor people*)
93. The *sceneries* of Switzerland....	The *scenery* of Switzerland....
94. They won the cricket match by an *inning*.	They won the cricket match by *an innings*.
95. We want some *sheeps* for sacrifice.	We want some *sheep* for sacrifice.
96. His *hairs are* black.	His *hair is* black.
97. The *hair* on his arm is not black.	The *hairs* on his arm are not black.
98. I like *fruits* very much.	I like *fruit* very much.
99. His *shirt's colour* is white.	The *colour of his shirt* is white.
100. The *table's leg* is broken.	A leg of *the table* is broken.
101. He gave me a *ten rupees* note.	He gave me a *ten-rupee* note.
103. I bought *four dozens* eggs.	I bought *four dozen* eggs.

104. She has *hundred* of books.	She has *hundreds* of books.
105. We shall go to Kaghan in the summer *vacations*.	We shall go to Kaghan in the summer *vacation*.
106. Politics *are* not easy.	Politics *is* not easy.
107. Her weight is less than seven *stones*.	Her weight is less than seven *stone*.
108. "The Best-Loved Poems" *are* interesting book.	"The Best-Loved Poems" *is an* interesting book.
109. Five miles *are* not a long distance.	Five miles *is* not a long distance.
110. I received ten *thousands* rupees from him.	I received ten *thousand* rupees from him.
111. *Fishes are* not sold here.	*Fish is* not sold here.
112. We have many kinds of *fish* in this pool.	We have many kinds of *fishes* in this pool.
113. This house is built of *bricks* and *stones*.	This house is built of *brick* and *stone*.
114. She *did* many *mischiefs* in the class.	She committed many *acts of mischief* in the class. (*or*) She *did much* mischief in the class.
115. He bought new *furnitures*.	He bought new *furniture*.
116. Have you learnt these *poetries*?	Have you learnt these *poems*?
117. Please put your *sign* here.	Please put your *signature* here.
118. This is a *blotting*.	This is *blotting-paper*.
119. Mumps *are* an ordinary disease.	Mumps *is* an ordinary disease.
120. The police *is* investigating the case.	The police *are* investigating the case.
121. His *analysis are* often very fair.	His *analyses are* often very fair.
122. *Cattles* are sitting under the tree.	*Cattle* are sitting under the tree.
123. She did *many works* in her house.	She did *much* (or *a lot of*) *work* in her house. (*or many pieces of work*)
124. What *are* the latest news?	What *is* the latest news?
125. Mathematics (*or* statistics *or* electronics *or* physics, etc.) *are* not so easy.	Mathematics (*or* statistics, *or* electronics, etc.) *is* not so easy.
126. Karim made *friend* with me.	Karim made *friends* with me.
127. We saw a number of *student* in the hall.	We saw a number of *students* in the hall.
128. Our teacher takes great *pain* teaching us.	Our teacher takes great *pains* teaching us. (That is, teaches us with great effort.)
129. The black *trouser* (or *pant*) *is* expensive.	The black *trousers* (or *pants*) *are* expensive. [We can say *a pair or more of trousers* or *pants*.]
130. We bought *the* milk from the market.	We brought milk (or some milk) from the market.

11. "The" is placed before the names of oceans, mountains, ships, newspapers, etc.

the کو سمندروں، پہاڑوں، جہازوں، اخباروں وغیرہ کے ناموں سے پہلے رکھتے ہیں۔

131. The ships of our country have entered Indian Ocean.	The ships of our country have entered *the* Indian Ocean.
132. "Evening Post" is an English newspaper.	*The* "Evening Post" is an English newspaper.

12. When the title of a book or movie is itself a proper noun, it does not take "the" before it.

جب کتاب، فلم وغیرہ کا نام خود اسم خاص ہو تو the نہیں لگاتے۔

- I have read *Ivanhoe*. Have you seen the movie, *Rustam and Sohrab*?

133. Students of our college are very gentle.	*The* students of our college are very gentle.
134. Where is chair (which or that) I need?	Where is *the chair* (which or that) I need?
135. *The* brave people succeed in life.	Brave people succeed in life. (*or*) *The* brave...
136. I like *the* honest people.	I like honest people. (*or*) I like *the* honest.
137. They met *player* on the road.	They met *a* player on the road.
138. I shall buy pen and pencil.	I shall buy *a* pen and *a* pencil.
139. He is *idiot* boy.	He is *an idiotic* boy.
140. More costly the computer, faster it is.	*The* more costly the computer, *the* faster it is.
141. Harder you work, better will be the result.	*The* harder your work, *the* better will be the result.
142. She is ablest girl here.	She is *the* ablest girl here.
143. We met great many people at the party.	We met *a* great many people at the party.
144. Did you attend marriage of your friend?	Did you attend *the* marriage of your friend?

5.5 Errors in the use of pronouns

A pronoun is a word used in place of a noun. pronoun ایسا لفظ ہے جو noun کی جگہ استعمال ہوتا ہے۔

1. The following table of personal pronouns is very important.
personal pronouns کی مندرجہ ذیل table بہت اہم ہے۔

Person	Subjective Case فاعلی		Objective Case مفعولی	Possessive Case اپنا	Reflexive Case خود
1st Person	I	(singular)	me	my, mine	myself
	we	(plural)	us	our, ours	ourselves
2nd Person	you	(singular)	you	your, yours	yourself
	you	(plural)	you	your, yours	yourselves
	he	(singular)	him	his	himself
3rd Person	she	(singular)	her	her, hers	herself
	it	(singular)	it	its	itself
	they	(plural)	them	their, theirs	themselves

2. The following pronouns must take nouns after them—after "my, our, your, her, their, etc."
مندرجہ ذیل pronouns کے بعد nouns کا آنا ضروری ہے۔ my، our، your، her، their وغیرہ کے بعد۔

145. This is my book. This is *my*.	This is my book. *This is mine.*

3. The following pronouns have three forms. مندرجہ ذیل pronouns کی تین اشکال ہیں۔

First Person	Second Person	Third Person
I, me, myself, we, us, ourselves	you, yourself, yourselves, thou, thyself	he, himself, she herself, they, them, themselves, it, itself

4. The three personal pronouns (out of "I, we, you, he, she, it, etc."), will be used in the following order: اگر تینوں persons کے pronouns یعنی I، we، you، he، she، it وغیرہ اکٹھے آ جائیں تو ترتیب یہ ہوگی۔
   - You, he and I will go to Murree.

2nd Person + 3rd Person +1st Person

2nd Person	3rd Person	1st Person
146. *You*,	*he* and	*I* shall go to Muree.
147. *You*,	Sabiha and	we have been invited to the party.

5. If the persons are involved in something bad, the order in the sentence will be:
اگر کوئی غلط کام ہو تو ترتیب 1st Person + 2nd Person + 3rd Person ہوگی۔

148. *I*, *you* and *he* will try to report falsely (غلط رپورٹ کرنے کی کوشش کریں گے) against him.
149. *I*, *you and Aslam* will lie (جھوٹ بولیں گے) about this matter.

6. Relative pronouns are used in place of nouns or refer to them. Interrogative pronouns are placed at the start of questions. اسمائے ضمیر اسماء کی جگہ یا ان کی طرف اشارہ کرنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ سوالیہ اسمائے ضمیر سوالوں کے شروع میں آتے ہیں۔

Relative Pronouns اسمائے ضمیر	Interrogative Pronouns اسمائے ضمیر سوالیہ
whom (The person *whom* they sent has come.) جس	who (*Who* is at the door?) کون (انسان کیلئے)
whose (I know the those *whose* exam has begun.) جس کا	whom (*Whom* do you want to meet?) کسے
which (She knows *which* house is her friend's.) جو	whose (*Whose* book is this?) کس کا یا کس کی
that (I feel *that* the weather will change.) کہ	which (*Which* pen is the best one?) انسان اور چیزوں کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ کونسی / کونسا
who (All those *who* want to go may leave.) جو (انسان)	what (*What* is the meaning of this word?) کیا
what (I cannot say *what* they all want me to do.) جو	where (*Where* does he work?) کہاں
Whom the gods love die young. جو	whoever (*Whoever* says this?)—for stress کسی نے بھی
whoever, whichever, whatever, whichsoever You can have *whichever* book you want from here.	whichever (*Whichever* house we buy?)—for stress کوئی بھی

7. The following demonstrative pronouns are used to point out.
مندرجہ ذیل demonstrative pronouns ہیں جو نشاندہی کرنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

- this, these, that, those, such, etc.

8. The following are indefinite pronouns as they are used with regard to anyone and everyone.
مندرجہ ذیل indefinite pronouns ہیں کیونکہ ان کا استعمال عمومی ہے۔

- one, ones, none, someone, nobody, some, all, etc.

9. "Each other" and "one another" are reciprocal pronouns (one acting on the other). In modern English, they are used for two things or persons or more.
each other اور one another کو reciprocal pronouns کہتے ہیں۔ انہیں جدید انگریزی میں دو یا زیادہ چیزوں یا انسانوں کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

- The two boys help *each other*. The four friends help *one another*. (or *each other*)

10. "Latter" and "former" are explained in the first chapter. They can easily be used as pronouns.
former اور latter کا استعمال پہلے باب میں واضح کیا گیا ہے۔ انہیں بطور pronouns آسانی کے ساتھ استعمال کیا جا سکتا ہے۔

- A and B help one another. The *former* (پہلا) is my friend and the *latter* (بعد کا) is my neighbour.

But note: The *later* parts of the book are really interesting. کتاب کے بعد کے حصے واقعی دلچسپ ہیں۔

11. The following words and numerical figures are called indefinite pronouns.
مندرجہ ذیل الفاظ اور حسابی اعداد indefinite pronouns کہلاتے ہیں۔

no سے شروع ہونے والے الفاظ	every سے شروع ہونے والے الفاظ	some سے شروع ہونے والے الفاظ	any سے شروع ہونے والے الفاظ
nobody	everybody	somebody	anybody
no one	everyone	someone	anyone
nothing	everything	something	anything

(a) "Each, all, either, neither, both, none, many, etc." are pronouns of the above kind.
ان کے علاوہ each، all، either، neither، both، none، many وغیرہ بھی اسی قسم کے pronouns ہیں۔

(b) The words starting with "any," "some" and "no" will take a singular verb.
اوپر دیئے گئے no اور any، some سے شروع ہونے والے تمام الفاظ کے بعد واحد verb استعمال ہوتا ہے۔

(c) Plural verbs are used in sentences which start with "some, none (short form of no one)."
some، none (یہ لفظ no one کا مخفف ہے) کے بعد فقرے کے مطابق واحد یا جمع verbs آسکتے ہیں۔

(d) "Each" is used where it is a matter between two or more than two, but in separate situations.
each وہاں استعمال ہوتا ہے جہاں دو یا دو سے زیادہ لیکن اکیلا اکیلے کی بات ہو۔

(e) "Every" is used where it is a matter of more than two, but in a collective way.
every وہاں استعمال ہوتا ہے جہاں دو سے زیادہ لیکن سب کی مجموعی طور پر بات ہو۔

(f) "Neither (of the two negatively)" and "either (of the two positively)" take a singular verb after them. neither (دونوں میں سے کوئی نہیں) اور either (دونوں میں سے ہر ایک یا دونوں) کے بعد بھی واحد verb استعمال ہوتا ہے۔

12. Difference between "little" and "few." — few اور little کا فرق

little مقدار میں بہت ہی کم (منفی مفہوم)	150. I can't make even a single cup of tea with this *little* milk.
a little مقدار میں کچھ	151. I can make only one cup of tea because there is a *little* milk in the pot.
	152. A *little* learning is a dangerous thing;
	153. Drink deep or taste not the Pierian spring. (Alexander Pope)
the little وہ جو تھوڑا بہت ہے	154. I cannot make tea because *the little* milk in the jug has gone bad.
few تعداد میں بہت ہی کم (منفی مفہوم)	155. I shall not teach today because there are *few* students in the class.
a few تعداد میں چند یا کچھ	156. We have *a few* useful tools to repair our motorcycle.
the few وہ کچھ	157. Where are *the few* friends that you had in this city?

13. "What" and "how," exclamatory pronouns, are used for the expression of emotion.
how اور what کو exclamatory pronouns بھی کہتے ہیں کیونکہ یہ جذبے کے اظہار کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔

158. What a beautiful flower it is!	کتنا خوبصورت پھول ہے یہ!
159. How intelligent the little girl is!	کتنی ذہین چھوٹی لڑکی ہے یہ!
160. How high the tower is!	کتنا بلند مینار ہے یہ!
161. What! He, still here!	ہائیں! وہ ابھی تک یہیں ہے۔
162. *Wow!* Look at her blue and black Kashmiri shawl!	ذرا دیکھو تو اس کی نیلی اور کالی کشمیری شال! (متاثر ہوتے ہوئے یا حیران)

14. While comparing two persons the pronoun used later will be the same as the subject. Thus the sentence can be written completely.
دو اشخاص کا مقابلہ کرتے وقت بعد کا pronoun وہی استعمال ہوگا جو جملے میں subject کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ اس طرح جملہ مکمل لکھا جا سکتا ہے۔

Incorrect (in old English)	**Correct**
163. She is wiser than *me*.	She is wiser than *I* (am).
164. They know this better than *me*.	They know this better than *I* [do].
165. She was more lucky than *them*.	She was more lucky (luckier) than *they* [were].
166. Sabir is more abler than *us*.	Sabir is abler than *we* (are).

But in modern English the use of "me," "them," "us," etc. is correct in the left-hand column.

15. While pointing to one person or more we use "they, she, etc."
ایک شخص یا زیادہ کی طرف اشارہ کرتے وقت ہم they، she وغیرہ استعمال کرتے ہیں۔

167. It is *her*.	It is *she*.
It is *us*.	It is *we*.
It is *them*.	It is *they*.
It is *him*.	It is *he*.
It is *me*.	It is *I*.
It is *them* whom I want to see.	It is *they* whom I want to see.

16. Relative pronouns show connection or relation. "Who, that, whose, whom" are used for persons. "Which" and "that" are used for lifeless things, animals, etc. "What" is used for some fact or thing.

relative pronouns وہ ہیں جو تعلق ظاہر کرتے ہیں۔ who، that، whose، whom کو اشخاص کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ which اور that کو غیر جاندار چیزوں، جانوروں وغیرہ کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ what کو کسی بات یا چیز کے لئے۔

168. Where is the person *which* you wanted to see?	Where is the person *whom* (or *that*) you wanted to see?
170. The books *whom* you need are here.	The books *which* (or *that*) you need are here.
171. *Who* do you want to see?	*Whom* do you want to see?
172. This is *car* whose brakes are out of order.	This is *the* car whose brakes are out of order.
173. The girl is my sister who is sitting in the car.	The girl, sitting in *the* car, is my sister.
174. Those *which* the gods love die young.	Those *whom* the gods love die young.
175. *Which* you told me about her is wrong	*What* you have told me about her is wrong.
176. *Which* cannot be cured must be endured (suffered).	*What* cannot be cured must be endured.
177. The persons *which* come here should be satisfied.	The persons *who* come here should be satisfied.
178. *Who* did you meet at the airport?	*Whom* did you meet at the airport?

17. "Neither" and "either" are used for two persons or things and "none" for more than two. "Is, was, were, etc." is used with reference to its nearest noun or subject in the singular or plural.

neither اور either کو دو اشخاص یا چیزوں کے لئے اور none کو دو سے زیادہ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ helping verb، is، were وغیرہ واحد یا جمع میں اسکے نزدیک ترین اسم یا subject کے مطابق استعمال ہوگا۔

179. I didn't go, and she didn't *neither*.	I didn't go, and she didn't *either*. [Also note: I didn't go, *nor did she*.]
180. We met *none* of these two persons.	We met *neither* of these two persons.
